3052578

حُسَیْنٌ مِنِّی وَاَنَا مِنَ الْحُسَیْنِ

الحمد للہ علی احسانہ کہ درین اوان سعادت اقتران مجبوعۂ تضمین و سلام در مناقب و مصائب
جناب معصومین علیہم السلام کہ سمن اختتامش از موسوشن زاد سبیل آخرت پیداست

از نتایج افکار بلاغت شعار قدوۃ الابرار امیر والا تبار سردار ذوالاقتدار فخر دیار و امصار عدل گستر
سلمہٗ آفسر شیر قیصر خان بہادر نقادۂ دودمان مرتضوی سید اولاد حسین صاحب رضوی سی آئی ای

مطبع نامی منشی نول کشور واقع لکھنؤ مئین حسن خوبی چھپی

اعلان حق تصنیف اس کتاب کا از جانب مصنف ممدوح بحق نولکشور پریس محفوظ و محدود ہے

اطلاع - اِس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اِس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین اُنمین بعض کتب فقہ وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

نام کتاب	قیمت
کتب فقہ وغیرہ اُردو	
دیوان نوحہ جات حیدر مع مناجات جلد اول مصنفۂ آغا حیدر علی بیگ۔	۴/
براہین غم - جلد اول مصنفۂ سید مرزا صاحب متخلص بہ تعشق جسمین باعیات و مراثی ہین مطبوعۂ غیر۔	۸/
کلیات مراثی - ورباعیات وسلام ازمرزا سلامت علی متخلص بہ دبیر کامل دو جلدین۔	۱۱/
(جلد اول) جلی قلم دو مصرعہ کاغذ سفید	۸/

نام کتاب	قیمت
کلیات مراثی - جلد دوم متوسط قلم سہ مصرعہ۔	۱۱/
کلیات مراثی - ورباعیات وسلام ازمیر ببر علی صاحب متخلص بہ انیس کامل چار جلدین۔	۲۶/
(جلد اول) کاغذ حنائی۔	۸/
(جلد دوم) کاغذ سفید وحنائی۔	۱۵/
(جلد سوم) کاغذ سفید۔	۱۱/
(جلد چہارم) کاغذ سفید۔	۱۲/
احکام الائمہ - از حاجی حسن علی۔	۴/

حسین منی وانا من حسین

الحمد للہ علی احسانہ کہ درین اوان سعادت اقتران مجموعۂ تضمین وسلام در مناقب ومصائب
جناب معصومین علیہم السلام کہ سن انتظامش از سوسوش زاد سبیل آخرت پیداست

از نتایج افکار بلاغت شعار قدوۃ الابرار امیر الاتبار سردار ذوالاقتدار فخر دیار وامصار عدل گستر
شلمنٹ آفسر شیر قیصر خان بہادر نقاوۃ دودمان مرتضوی سید اولاد حسین صاحب رضوی سی آئی ای

مطبع نامی منشی نول شور واقع لکھنؤ مین حسن خوبی چھپی

اعلان - حق تصنیف اس کتاب کا از جانب مصنف ممدوح بحق نولکشور پریس محفوظ و محدود ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سپاس و حمد بیقیاس مر واورے را سزد کہ پیروان جادۂ تسلیم و رضا را بہ خلعت
صبر و شکیبائی مخلع نمودہ۔ و جان نثاران مسلک رنج و بلا را بخطاب و بشر الصابرین
مخاطب فرمودہ۔ تعالی اللہ شانہٗ۔ و درود نامحدود بر سید المرسلین و خاتم النبیین
کہ جناب اقدس باری ذات والا صفات او را باعث تکوین ہیجدہ ہزار عالم
گردانید۔ و آن امام الانبیا برائے شفاعت ماگنہگاران قرۃ العینین خود را
فدیۂ رب العالمین ساختہ پیروان آل عبا را از نار جہنم رہانید۔ و صلوٰۃ این موہبت
عظمی ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن صلوٰ علیہ و آلہ۔ صلوٰۃ متواترہ و سلام متکاثرہ
علی اخیہ و وصیہ و خلیفتہ و ابن عمہ غالب علی کل غالب علی ابن ابی طالب
علیہ السلام و بر آل اطہار آن سید ابرار و اوصیاء آن پیشوائے اخیار باد

الی یوم التناد۔ پس ازین بندہ گنہگار راجی مغفرت رب غفار حقیر کونین اولاد حسین
رضوی المشہدی المتخلص بہ مداح ابن المرحوم والمغفور سید ثابت علی
مرحوم ڈپٹی مجسٹریٹ ساکن قصبہ پہرسر راج بھرت پور بہ خدمت رہروان
طریقۂ جناب سید خیر الانام و پیروان ائمہ الطاہرین علیہم السلام و غزادارا ن
مظلوم کربلا و ماتمیان جناب خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا عرض می نماید
کہ عمدہ ترین اعمال بعد صوم و صلوٰۃ محبت آل رسول الثقلین و غزادارے
جناب حسنین علیہم السلام ست و براین مقال حدیث من بکیٰ او ابکیٰ علی الحسین
وجبت لہ الجنۃ دال ست۔ لاریب گریہ در مصائب خاصگان رب الارباب
دلیل محبت ست و سامان گریہ و بکا خواندن و ذکر روایات مصیبت۔ از ابتدائے
سن شعور اکثر اوقات حقیر بمطالعہ کتب مصائب و مراثی صرف میگردید و روایات
علو مدارج مداحان و ذاکران سرکار جناب سید ابرار میدید۔ یکایک جوشی
در طبیعتم پیدا شد کہ خود را نیز در صف نعال ذاکرین و مداحان ائمہ طاہرین علیہم السلام داخل
کردہ توشۂ آخرت بدست آرم پس ابتدا بہ تحریر سلام و تضمین غم آگین نمودم
حتی کہ مقدار آنہا معتدبہ شد مگر بہ اوراق پریشان جا بجا پراگندہ و بی ترتیب
حتی کہ وقت ضرورت دستیابی ہم مشکل تر بود۔ پس نظر برین پریشانی اوراق
کردہ لخت جگر نور بصر سعید زمن سید آل حسن اطال اللہ عمرہ از من اجازتے
برائے یکجا کردن این ذخیرۂ عقبیٰ خواست و بہ ترتیب آن پرداخت بہ اعانت

دیگر اعزا و احباب علی الخصوص سید باسط علی صاحب و سید اعجاز حسین صاحب و ذاکرین جناب خامس آل عبا میر عباس علی صاحب و شیخ رضا حسین صاحب و نور چشم سید آل حسنین صانه الله عن کل شین که ایشان کوششے بلیغ نموده شریک ثواب شدند - و نیز بسا حضرات و اعزا و احباب بکمال قدردانی و محبت که اسماء مبارک شان از ضمیمهٔ این کتاب ظاهر ست بترسیل تقریظ و قطعات تاریخ باعث تحریک طبع شدند. پس امتثالاً لامر حقیر این مجموعه را بتاریخی نام فرو نگذارده زاد سبیل آخرت موسوم کرده بخدمت بابرکت مومنین و عزاداران ائمه طاهرین علیهم السلام هدیه می آرد - رجاکه بر سهو و نسیانم قلم عفو کشند و این ذرهٔ بے مقدار را بدعاء خیر یاد فرمایند ٭

قطعه تاریخ تصنیف از مصنف

چون مرتب گشت از مداح عاصی این بیاض
تا بود در روز محشر توشه بهر مغفرت

فکر او چون کرد بهر سال گفتش ها تفے
هست سال هجریش - زاد سبیل آخرت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الف

سرکار ذوالجلال ہی سرکار مصطفے	۱	سب انبیا ہین لمعہ انوار مصطفے
اللہ ری قدر و منزلت صاحب براق	۲	روح الامین ہین غاشیہ بردار مصطفے
محروم کوئی آکے وہان سے پھرا نہین	۳	حاجت روائے خلق ہی دربار مصطفے
خدام روضہ رتبہ مین رضوان سے ہین سوا	۴	افضل ملائکہ سے ہین زوار مصطفے
واللیل اذا سجی کی ہی تفسیر زلف پاک	۵	محراب کعبہ ابروے خمدار مصطفے
ہین ہون مدینہ علم کا حیدر ہی اسکا در	۶	لاریب یہ خبر ہی زاخبار مصطفے
یارو حسین مجھ سے ہی اور مین حسین سے	۷	ثابت ہی بارہا تھی یہ گفتار مصطفے
امت نے خوب قدر حسین غریب کی	۸	آزار جسکا صاف تھا آزار مصطفے
نذر رسول گوہر اشک عزا کرد	۹	ہدیہ یہی ہی قابل سرکار مصطفے

دشت بلا مین باغیونکے ظلم و جور سے ۱۰ بے آب خشک ہوگیا گلزار مصطفے
ہین واقفِ رموزِ خدا جسطرح رسول ۱۱ حیدر یونہین ہین محرمِ اسرار مصطفے
ہم کیون نہ روئین ماتمِ سبطِ رسول مین ۱۲ خونبار جب ہون چشمِ گہربار مصطفے
پانی دیا نہ لختِ دلِ فاطمہ کو آہ ۱۳ امت نے کی یہ دعوتِ دلدار مصطفے
کہتے تھے مصطفے مین تصدق حسینؑ پر ۱۴ اِسنے اُٹھایا بارِ گرانبار مصطفے
امت کے واسطے کیا نور نظر فدا ۱۵ کِس مرتبہ ہی بخشش و اثیار مصطفے
سُنکر تباہی جسم سبطِ مصطفے ۱۶ مغموم کِس طرح نہ ہون غمخوار مصطفے
اکبر سے بانو کہتی تھی واری تمہارے بعد ۱۷ دیکھینگے کس کو طالب دیدار مصطفے
کرتے ہین سیر خلد کی عباس بھی یونہین ۱۸ طیار جس طرح سے علمدار مصطفے
جیسا ستایا امتِ بدخو نے شاہ کو ۱۹ ایسا کبھی ستاتے نہ اغیار مصطفے
روئینگے جو حسینؑ پہ اُنکا ہونہین شفیع ۲۰ اہلِ عزا سے ہی یہی اقرار مصطفے

۲۱ مدّاح مجھکو خواہشِ ظل ہما نہین
بس ہی ملے جو سایۂ دیوار مصطفے

کب سلامی لکھ سکون مین عزّ و شان مرتضیٰ ۱ جب خدا و مصطفے ہون ترجمان مرتضیٰ
نائب خیر الورا ہی واقف اسرارِ غیب ۲ ہی کلیدِ رمز حق گویا زبان مرتضیٰ
پیروی حیدر کی ہی بیشک صراط مستقیم ۳ اہی خوشا قسمت تمہاری پیروان مرتضیٰ
روضہ پر نورِ شیرِ حق کا اللہ رے شرف ۴ بوسہ گاہ عرشیان ہی آستان مرتضیٰ

سرو سان ہی قمریون کا نعرہ کو بلند ۵ کٹ گیا جس روز سے سرو روان مرتضیٰ

تا بہ چہلم رات دن لاش شہ مظلوم پر ۶ شیر کے نعرونمین تھی آہ و فغان مرتضیٰ

عرش کو تھا زلزلہ گاہ زمین تھراتی تھی ۷ گھوڑے سے جسدم گرا روح روان مرتضیٰ

حملہ در بیخوف فوج کین ہوئی شبیر پر ۸ بے نشان جب ہوگیا نین نشان مرتضیٰ

قبر جد پر رو کے زینب نے کہا یا مصطفے ۹ کاٹ ڈالا باغیون نے بوستان مرتضیٰ

کہتے تھے ہنس ہنس کے کوفی آج ہمکو عید ہی ۱۰ سر برہنہ قید مین ہین دختران مرتضیٰ

بھر کے کوزے برلب کوثر یہ غلمان کہتے تھے ۱۱ کربلا کے پیاسے ہین سب میہمان مرتضیٰ

فوج اعدا خوف سے سب درہم و برہم ہوئی ۱۲ زمین پہونچا جس گھڑی نام و نشان مرتضیٰ

زینب و کلثوم ہون بلوہ مین جسدم سر کھلے ۱۳ خاک کیون سر پر نہ ڈالین دودمان مرتضیٰ

قلب پر ماہ مبین کے ہی اسی ماتم کا داغ ۱۴ خاک اور خون سے بھرے سب مہ نشان مرتضیٰ

نوحہ کرتی خلد سے میدانیتن یون آئی بتول ۱۵ بیفکن کس جا ہی تو اے جان جان مرتضیٰ

حشر کا دن تھا مدینہ مین کہ جب داخل ہوا ۱۶ کاروان سالار ہن وہ کاروان مرتضیٰ

ساقی کوثر تو ہوئے ذات شبیر کبریا ۱۷ ہی غضب پانی کو ترسین دلبران مرتضیٰ

مدح حیدر سے نہین مداح ہی رطب اللسان ۱۷ سدرہ پر روح الامین ہی مدح خوان مرتضیٰ

۱۸ حشر مین مداح حب و بغض کا پائینگے پھل
دوستان مرتضیٰ و دشمنان مرتضیٰ

سلام اُس پہ جو سر دے کے سربلند ہوا ۱ چڑھا جو نیزے پہ سر مرتبہ دوچند ہوا

سلامی نیزے پہ جب شہ کا سر بلند ہوا	۲	حرم مین شیون و ماتم کا غل دو چند ہوا
خدا نے کر دیا راہب کو صاحب اولاد	۳	حسین کا جو ہین دست دعا بلند ہوا
ہزارون دیکھین دو اسیرون پر جے نسخے	۴	ہمین تو صرف خاک شفا پسند ہوا
اُٹھاتے لاش کو شہ کس طرح کہ تینون سے	۵	جدا جدا تن قاسم کا بند بند ہوا
اُٹھیگا حشر مین لاریب وہ ہی خندان رو	۶	غم حسین مین دل جسکا دردمند ہوا
لکھا یزید کو حاکم نے یہ مدینہ سے	۷	مطیع ہونا ترا شہ کو ناپسند ہوا
فلک یہ ظلم نہین ہی تو کہتے ہین اسے کیا	۸	رسول زادیون پر آب نہر بند ہوا
لکھا ہی خون شہ دین مین ٹوٹکر فی الفور	۹	روانہ سمت مدینہ کے اک پرند ہوا
کیے ہزار نصائح عمر کو سرور نے	۱۰	شقی کو ایک بھی لیکن نہ سودمند ہوا
حُر آیا لشکر حق مین تو پوچھا زینب نے	۱۱	یہ کون جھک کے در شہ پہ سربلند ہوا
کہا یہ شہ نے وہی حُر ہی جس نے روکا تھا	۱۲	پھر آج فضل خدا سے وہ ارجمند ہوا
ہوئی جو آمد عباس صف شکن مشہور	۱۳	عدو کا خوف سے لرزہ مین بند بند ہوا
نہم کو پوچھا جو زینب نے کیا ہوا مولا	۱۴	کہا امام نے اب باب صلح بند ہوا
بنا دین کی ثبات و قیام کی خاطر	۱۵	سر اپنا دینا ہی شبیر کو پسند ہوا
ندا یہ تھی سر شہ کی کہ بے نیاز ہی شکر	۱۶	نثار راہ مین تیری نیاز مند ہوا
حرم مین غلغلۂ نالہ و فغان اُٹھا	۱۷	نمود خالی جو شبیر کا سمند ہوا
۱۸	ازل سے آج تلک دل مین غور کر مداح	

جو خاکسار ہوا وہ ہی سربلند ہوا

سلام لکھ غمِ شہ مین وہ لاجواب نیا	۱	کہ جس سے دودِ جگر کا اُٹھے سحاب نیا
لحد مین ہو نہ سلامی کو اضطراب نیا	۲	مکان ہو کا ہو وہ یا ابوتراب نیا
یزید تخت نشین اور قید بنت امیر	۳	عجب دیکھو زمانے کا انقلاب نیا
خناد و سمہ کہان تھا بروز عاشورہ	۴	امام عصر نے خون سے کیا خضاب نیا
کہا عمر سے یہ حُر نے کہ ہوگا قابل دید	ق۵	مرا ثواب نیا اور ترا عذاب نیا
تو یہ سمجھ لے مین بہکانے مین نہ آؤنگا	۶	دکھا نہ دولتِ دنیا کا تو سراب نیا
مین صاف کہتا ہون شہ پر کیا جو پانی بند	۷	یہ حکم تیرا ہی اے خانمان خراب نیا
یہ عید قتل شہ دین تھی اہل کوفہ کو	۸	لباس پہنے تھا ہر ایک شیخ و شاب نیا
جو دیکھتا تھا سر شہ کو رو کے کہتا تھا	۹	بلند برسر نیزہ ہی آفتاب نیا
جو آیا حر تو یہ زینب نے پوچھا سرور سے	۱۰	یہ کون آکے ہوا آج بہرہ یاب نیا
جو پوچھا ہند نے نام و نسب تو بولے حرم	۱۱	غریب و بیکس و قیدی ہی اب خطاب نیا
عجیب حال سے دربار مین حرم پہونچے	۱۲	سرون کے بالون سے چہرون پہ تھا نقاب نیا
کیا حسین نے رخصت کہن بہن سے طلب	۱۳	لباس لائین جو زینب جگر کباب نیا
کہا یہ نانی سے صغرا نے صبح عاشورہ	ق۱۴	نظر پڑا مجھے سونے مین ایک خواب نیا
کنار نہر مین پیاسے تمام خویش و عزیز	۱۵	ہی اس سے دل کو قلق اور پیچ و تاب نیا
کہا سکینہ نے خلقت ہی نہر سے سیراب	۱۶	عجب ہی کس لیے ہم پر ہی قحط آب نیا

تمام لشکر اعدا کو ہو گیا سکتا ۱۷ جو دیکھا شہ کے برادر کا رعب و دابدبا نیا
پسر سے متین کر کر یہ کہتی تھی بانو ۱۸ ملاؤ خاک مین واری نہ یہ شباب نیا

۱۹ یقین ہی حشر مین مداح شہ کے صدقے سے
ملیگا قصرِ جنان تجھکو بے حساب نیا

ای سلامی جبتلک تو ذاکر مولا نہ تھا ۱ مرتبہ معراج کا منبر پہ یون پایا نہ تھا
ای سلامی شہ سا کوئی بیکس و تنہا نہ تھا ۲ بھانجے باقی نہ تھے بھائی نہ تھا بیٹا نہ تھا
شہ کو گھوڑے پر چڑھایا زینب بیکس نے ہائے ۳ تھام لیتا جو رکاب شہ کوئی اتنا نہ تھا
سایۂ نور خدا تھی احمد مرسل کی ذات ۴ اسلیے دنیا مین جسم پاک کا سایہ نہ تھا
ہاتھ سے حبل المتین دین کو چھوڑا اسطرح ۵ گویا اکملت لکم حکم خدا آیا نہ تھا
کیون نہ عاقل پیروی مرتضی کرتے قبول ۶ یہ وہ رستہ ہی کہ جسمین تا ابد کھٹکا نہ تھا
معذرت کی حر نے جب رد کا تھا مین نے راہ کو ۷ اسطرح پیش آئینگے اعدا یہ مین سمجھا نہ تھا
بولی زینب کیون اٹھائے نہر سے مولا خیام ۸ مہر مین کیا فاطمہ زہرا کے یہ دریا نہ تھا
شہ نے فرمایا یہ کلمہ گو ہین سب جد کے مرے ۹ اپنی راحت کے لیے انسے مجھے لڑنا نہ تھا
خوب ثابت ہی کہ قبل از قتل شاہ کربلا ۱۰ خون کے اشکون سے چرخ نیلگون رویا نہ تھا
تھا مقدر ریگ صحرا سے ہو لاشہ کا خوط ۱۱ اسلیے کافور جنت شاہ کا حصہ نہ تھا
ہاتھ جب سرور کے کاٹے لاش سے آئی ندا ۱۲ بیوفا جمال مین اتنا تجھے سمجھا نہ تھا
باد کردی عدو کو نیست مثل قوم عاد ۱۳ پر شہ مظلوم کو منظور یہ حاشا نہ تھا

تڑپے مثلِ ماہی بے آب اطفالِ حسین ۱۴ حیف ہے اے ابر کیون اُس روز تو برسا نہ تھا
تھے مدد کیواسطے جن و ملائک فوج فوج ۱۵ بیکس و بے یار ابن فاطمہ زہرا نہ تھا
کہتے تھے اعدا سے شہ سبط نبی ہون ظالمو ۱۶ حشر مین پھر یہ نہ کہنا ہم نے پہچانا نہ تھا
لیکر زلفین پکڑ کر نہر پر معصومون کو ۱۷ رحم دل مین حارثِ بیدرد کے اصلا نہ تھا
ایک دن وہ تھا کہ جسم زیبِ شہ تھا رخت خلد ۱۸ ایکدن یہ تھا کہ لاشہ کو کفن پیدا نہ تھا
شہ کو مسلم نے لکھا کوفہ سے یون وقتِ اخیر ۱۹ کوفیونکو اسقدر بد عہد مین سمجھا نہ تھا
چاہتے گر شاہ تو خیمہ مین آکے بہتی نہر ۲۰ حکم سے شبیر کے باہر کوئی دریا نہ تھا
جیسے تڑپے پانی کو اطفالِ ابن بوتراب ۲۱ کوئی ترسا بھی کبھی پانی کو یون ترسا نہ تھا
کہتی تھی قوم اسد جبتک نہ شہ مدفون ہوے ۲۲ کون سی شب تھی کہ جسمین شیر کا نعرہ نہ تھا
کوفیو شامی جو تھے مقتول سب گاڑے گئے ۲۳ سید بیکس کا کوئی گاڑنے والا نہ تھا
لاش اصغر کو دکھا کر کہتے تھے اعدا سے شاہ ۲۴ ق ناقۂ صالح سے کم ہرگز مرا بچہ نہ تھا
تیر سے بیشیر کو مارا عبث اے ظالمو ۲۵ صاف کہدیتے اگر پانی تمھین دینا نہ تھا
دیکھتے تھے مرتبے کو اپنے انصارِ حسینؑ ۲۶ کربلا سے تا بہ جنت ایک بھی پردہ نہ تھا
صبر پر شبیر کے کہتے تھے یون جن و ملک ۲۷ تھا بہت ایوب بھی صابر مگر ایسا نہ تھا
اسطرح دربار مین ظالم کے آئے اہلبیت ۲۸ چادرین سر پر نہ تھین برقع نہ تھا پردہ نہ تھا
دیکھکر سر زانوے سر ور پہ یہ حُر نے کہا ۲۹ اوج وہ مجھکو ملا جتنا مرا رتبہ نہ تھا
شمر نے مارا طمانچہ جب یتیم شہ کو ہاے ۳۰ کانپا یون عرشِ برین جیسا کبھی کانپا نہ تھا

کہتے تھے اہل وطن مجمع تھا لاکھونکا وہان ۳۱ دوست آل مصطفے کا اُنمین کوئی کیا نہ تھا
بولے عابد اک فقط حُر تھا وہ صدقے ہو گیا ۳۲ اور کوئی ایسا نہ تھا جو خون کا پیاسا نہ تھا
دوش پر عباس کے مشک و علم کو دیکھکر ۳۳ بولے شہ یہ مرتبہ جعفر نے بھی پایا نہ تھا
آتی ہی بندی مدینہ کے تماشہ کو چلو ۳۴ کون گھر تھا شام مین جسمین کہ یہ چرچا نہ تھا
دیکے مرنے کی رضا اکبر کو بولے شاہدین ۳۵ اِس سے بہتر پاس میرے اور کوئی فدیہ نہ تھا
ہو اگر مقبول تو بندہ نوازی ہی تری ۳۶ سب کرم تیرا ہی یارب حوصلہ میرا نہ تھا
شہ کے ماتمدار ہنس ہنسکر کہینگے روز حشر ۳۷ آج روئیگا وہی جو شاہ پر رویا نہ تھا

۳۸ رہگئے تھے جتنے سرور پر تصدق کے لیے
ایک بھی مداح اُن مین طالب دنیا نہ تھا

روتے محب ہین کھولے ہوے سر جدا جدا ۱ ماتم ہی شہ کا مجرئی گھر گھر جدا جدا
باطن مین ایک نور ہین ناطق حدیث ہی ۲ ظاہر مین گو ہین احمد و حیدر جدا جدا
گھوڑے سے جبکہ راکب دوش نبی گرا ۳ بارہ شقی بڑھے لیے خنجر جدا جدا
صغرا یہ کہتی تھی شب عاشور خواب مین ۴ دیکھے ہین خواب مین مہ و اختر جدا جدا
بصرہ سے شہر کوفہ سے موصل سے شام سے ۵ بھیجے یزید نحس نے لشکر جدا جدا
بولا عمر سے حُر تو یزیدی حسینی مین ۶ ہی میرا تیرا آج سے رہبر جدا جدا
یان امتیاز اہل دول چاہین جو کرین ۷ ہونگے نہ واں فقیر و تونگر جدا جدا
زینب نے بیٹیون سے کہا جاتے ہو رہین ساتھ ۸ پر لڑنا فوج شام سے ہو کر جدا جدا

آمد ہی کربلا کے جو پیاسون کی خلد مین	۹	حورون نے بھر کے رکھے ہین ساغر جدا جدا
اکبر سے مان نے یون شب عاشور کو کہا	۱۰	پھرتے ہو مجھ سے کیون مرے دلبر جدا جدا
انصار جو ہوے تھے تصدق حسینؑ پر	۱۱	روئے ہر اک کی لاش پہ سرور جدا جدا
دیکھا جو نور چہرۂ اکبر کا فوج نے	۱۲	پڑھنے لگے درود ستمگر جدا جدا

	۱۳	مداح اپنی حفظ شفاعت کے واسطے ہین جوشنین اکبر و اصغر جدا جدا

مجرئی کہتے تھے صغرا کس گھڑی جانا ہوا	۱	پھر نہ گھر مین قبلۂ حاجات کا آنا ہوا
برکتِ شبیر یہ ہی اور وہ شومی یزید	۲	دشت مین بستی ہوئی اور شہر ویرانہ ہوا
کہتی تھی بانو فراقِ اصغرِ بے شیر مین	۳	تم گئے ایسی گھڑی گھر مین نہ پھر آنا ہوا
مشک دانتون سے سنبھالی اُس گھڑی عباس نے	۴	ٹکڑے تیغ ظلم سے جسدم ہر اک شانہ ہوا
سر کھلا زینبؑ کا جب سوئے مدینہ کی ندا	۵	یہ سلوک امت کا ہمسے آج اے نانا ہوا
قاسمِ رزقِ جہان تھا باپ جسکا اے فلک	۶	تین دن تک بند اُس پر آب اور دانا ہوا
نام روشن حشر تک اپنا وہ بیشک کر گیا	۷	کربلا مین جو چراغِ دین کا پروانہ ہوا
ہو گیا جب جان و دل سے شاہ کے اوپر فدا	۸	رونقِ بزم عزا تب حر کا افسانہ ہوا
رونق آغوش زہرا دھوپ مین تھا اے فلک	۹	واسطے سفاک کے تیار خسخانہ ہوا
پا یا مرقد لاشۂ شبیر نے اُسوقت آہ	۱۰	شام سے جب عابد بیمار کا آنا ہوا

	۱۱	ہی ارادہ قصد پھر اپنا نہ ہوگا سوے ہند

روضۂ شبیر پر مداح گرجانا ہوا

مجرئی کعبہ مین جسدم ہوے حیدر پیدا	۱	غُل ہوا علم نبوت کا ہوا در پیدا
ہوتا پیدا نہ اگر نور رسول الثقلین	۲	مہر ہوتا نہ قمر ہوتا نہ اختر پیدا
تہنیت کے لیے ہفتاد ہزار آئے ملک	۳	گھر مین حیدر کے ہوے جسگھڑی سرور پیدا
جبکہ منظور ہوا حق کو ظہور عالم	۴	پہلے ہر شی سے کیا نور پیمبر پیدا
ٹوٹی لڑنے مین جو صمصام شہ قلعہ شکن	۵	حکم خالق سے ہوئی تیغ دو پیکر پیدا
کہا عباس نے ہون شامیو مین اُسکا پسر	۶	واسطے جسکے ہوئی تیغ دو پیکر پیدا
اشک ریزان ہو جو نیسان نے غراے شہ مین	۷	تا ابد بطن صدف سے ہو نہ گوہر پیدا
دیکھکر صورت زینب کو نبی نے یہ کہا	۸	ہوئی غمخوار گھرانے کی یہ دختر پیدا
جبکہ پیدا ہوے عباس تو سرور نے کہا	۹	بھائی میرا یہ ہوا ثانی جعفر پیدا
دیکھنا معجزۂ سبط رسول عربی	۱۰	جسم مس کرنے سے فرش کے ہو پر پیدا
حجت حق سے نہین رہتی ہی دنیا خالی	۱۱	ایک کے بعد ہوا دوسرا پیمبر پیدا
قائم آل عبا ہی یہی کہتے تھے حسن	۱۲	جب ہوا خلق مین ہمنام پیمبر پیدا
لوگ آتے تھے پیمبر کی زیارت کے لیے	۱۳	گھر مین شبیر کے جیسے ہوے اکبر پیدا
تیر جب پیاس مین گردن پہ لگا اصغر کے	۱۴	حشر کا شور تھا اُسدم لب کوثر پیدا
قدرت حق ہی کہ وقاص کا ہو سعد پسر	۱۵	سعد کا ہووے پسر خلق سے بدتر پیدا
سامنے تخت ستمگار کے آئے جو حرم	۱۶	ہو گیا محفل سفاک مین محشر پیدا

جیسی پیدا نہوئی خلق مین زینب سی بہن ۱۷ نہ ہوا ویسا ہی سرور سا برادر پیدا
جیسے دنیا مین ہوئی زینب و شاہ مظلوم ۱۸ ایسے ہوئینگے بہن اور نہ برادر پیدا
کہتے تھے شاہ مجھے وعدہ وفائی ہی ضرور ۱۹ نذر خالق کو ہوا ہی یہ مرا سر پیدا
لاش پر بھائی کے سرور نے کہا رو رو کر ۲۰ با وفا تجھسا نہ ہو دیگا برادر پیدا
غلغلہ تھا زہق الباطل جاء الحق کا ۲۱ جب ہوا گیارھوان فرزند پیمبر پیدا
وقت رخصت کہا شبیر سے یہ زینب نے ۲۲ کاشکے ہوتی نہ دنیا مین یہ خواہر پیدا
بخشش امت عاصی کا نہ ہوتا سامان ۲۳ خلق مین ہوتین نہ گر فاطمہ اطہر پیدا
خلق مین جیسے ہوئی حیدر روزہر انجدا ۲۴ ایسی بی بی نہ ہوئی اور نہ شوہر پیدا
واسطے فاطمہ کے ہوتا نہ کف حق ہی گواہ ۲۵ ہوتے دنیا مین نہ گر حیدر صفدر پیدا
حشر مین سایہ عزاداروں پہ کرنیکے لیے ۲۶ ہوویگی فاطمہ معصومہ کی چادر پیدا

۲۰ ہمنوا طوطی سدرہ کا ہی مداح علی
طائر فکر نے ایسے کیے شہپر پیدا

مجرئی جو ماتم آل عبا کرتا رہا ۱ حق یہ ہی وہ حق محبت کا ادا کرتا رہا
جو غم شبیر مین آہ و بکا کرتا رہا ۲ حق یہ ہی وہ حق محبت کا ادا کرتا رہا
جو ثنائے بادشاہ کربلا کرتا رہا ۳ حق یہ ہی وہ حق محبت کا ادا کرتا رہا
مجرئی جب حشر مین پوچھینگے کیا کرتا رہا ۴ مین کہونگا ماتم آل عبا کرتا رہا
حال سرور اور قاتل کا ہی قابل غور کے ۵ یہ دعا کرتے رہے اور وہ جفا کرتا رہا

رخصت عباس کا لکھا ہی راوی نے یہ حال	۷	شہ ابا کرتے رہے وہ التجا کرتا رہا
دیر تک حُر اور ابن سعد مین تھی گفتگو	۸	وہ تو سمجھاتا رہا اور یہ ابا کرتا رہا
گو دوہائی حق کی سب اہل حرم دیتے رہے	۸	لشکر سفاک لیکن بے روا کرتا رہا
بوند پانی کی یعنون نے ندی شبیر کو	۹	گو سوالِ آب وہ بحر سخا کرتا رہا
کیا شقاوت تھی نہ آیا ایک مرتد راہ پر	۱۰	آخری دم تک ہدایت رہنما کرتا رہا
شاہ بیکس گو کہ فرماتے تھے تحسین مرحبا	۱۱	دست بستہ حُر مگر عذرِ خطا کرتا رہا
دن کو ہوتا تھا کبھی فاقہ تو گاہے رات کو	۱۲	اِس قدر اثیار شاہِ کربلا کرتا رہا
جبتلک باقی رہے خویش و عزیزان حسینؑ	۱۳	باری باری ایک اِک سر کو فدا کرتا رہا
حیف ہی لیکن نہ نکلا کوئی ناصر بعد ظہر	۱۴	گو کہ ہلمن ناصر بیکس ندا کرتا رہا
ظلم عابد پر ہزارون اشقیا کرتے رہے	۱۵	پر زبان سے وہ سدا شکرِ خدا کرتا رہا
مومنو سوچو تو کیا تھا حوصلہ شبیر کا	۱۶	تھی قضا سر پر مگر سجدہ ادا کرتا رہا
جبتلک مدفون نہ لاشہ شاہ بیکس کا ہوا	۱۷	لاش پر اک شیر راتون کو بکا کرتا رہا
سینہ و سر پیٹتے اپنا رہے اہل وطن	۱۸	قاصد صغرا بیان کربلا کرتا رہا
کیا قسی القلب تھا شمر ستمگر الامان	۱۹	فاطمہ چلایا کی یہ سر جدا کرتا رہا
حیف ہی تھا دانہ پانی بند اسکی آل پر	۲۰	جو مدد بیکس یتیمون کی سدا کرتا رہا
ایک کی تو لاش لائے دوسرے کو دی رضا	۲۱	ظہر تک بس یہ ہی سبط مصطفےٰ کرتا رہا
حشر کے دن بالیقین بشاش و خوش ہوویگا وہ	۲۲	جو یہان پر ماتم شاہِ ہدا کرتا رہا

شہ کو خبر آقا نہ عباس دلاور نے کہا ۲۳ پاس شہ کا اسقدر وہ باوفا کرتا رہا
زینب دلگیر نے ہرگز نہ دی رنکی رضا ۲۴ التجا کیا کیا شبیہ مصطفے کرتا رہا
رحم مسلم کے نہ بچون پر کیا حارث نے ہا ۲۵ التجا کرتی رہی وہ یہ جفا کرتا رہا
حیف ہی اُسکے حرم ہون خانہ زندانیون قید ۲۶ رحم کھاکر جو اسیرون کو رہا کرتا رہا
سم سے نو اور تیغ سے معصوم دو مارے گئے ۲۷ ہر گھڑی تازہ ستم چرخ دوتا کرتا رہا
ایسے فاسق کی بھلا کیا کرتے بیعت ہو شایین ۲۸ تا روا کو جو لعین ہر دم روا کرتا رہا
آیا کہنے مین نہ اُسکے دلبر ام البنین ۲۹ گو بہت سے مکر شمر پُر دغا کرتا رہا
بارِ الہا ہی یہ تیری ہی رحیمی کا سبب ۳۰ مین خطا کرتا رہا اور تو عطا کرتا رہا
ماتم شبیر دنیا مین ازل سے ہی بپا ۳۱ جو بھی گذرا وہ گریہ اور بکا کرتا رہا
قوت بازوے سرور داخل دریا ہوا ۳۲ دور سے ہان ہان گروہِ اشقیا کرتا رہا
قید خانہ سے گئے جب ہند حاکم سے کہا ۳۳ مکر مجھ سے آجتک تو بیحیا کرتا رہا
رہگئے تنہا پیمبر جبکہ جنگ بدر مین ۳۴ دشمنون کو دور شیر کبریا کرتا رہا
حسب مہینون سے مقدم اِس مہینہ کو کیا ۳۵ یہ زمانہ عزت ماہ عزا کرتا رہا
راہب ناشاد کو بیٹے عطا ہوتے رہے ۳۶ فاطمہ کا لاڈلا جبتک دعا کرتا رہا
کاتبِ اعمال لکھتے ہی رہے اعمال خیر ۳۷ ذکر سرور مین رقم مین مرثیہ کرتا رہا
ہو سکی قربانیِ دلبر نہ آنکھین کھولکر ق ۳۸ گو خلیل اللہ دل مین حوصلہ کرتا رہا
حوصلہ یہ تھا شہ دین کا مگر اے مومنو ۳۹ شکریہ کرتے رہے اکبر قضا کرتا رہا

آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھا کربلا کے پیاسون نے	۴۰	نذر اُنکو خضر گو آب بقا کرتا رہا	
روک لی عباس نے جبتک نہ تیغ خونفشان	۴۱	الامان ہر دم گروہِ اشقیا کرتا رہا	
حشر کے دن دیکھیگا لاریب اپنا وہ عروج	۴۲	جو درِ شبیر پر قد کو دوتا کرتا رہا	
	۴۳	حشر مین مداح ہی جاگیر اُسکی باغ خلد جو بپاشہ کی یہان بزم عزا کرتا رہا	

امام انبیا ختم رسالت رہنما پایا	۱	خدا کا شکر ہمنے مصطفے سا پیشوا پایا	
جناب آمنہ کہتی ہین جب پیدا ہوے حضرت	۲	ہر اک سو گھر مین مین نے جلوۂ نور خدا پایا	
بہت سے مرغ رنگین پر نظر آئے مجھے ہر سو	۳	مبارکباد کا جنکی زبان پر چہچہا پایا	
ہی کیا غم کشتی امت کو پھر طوفان محشر کا	۴	حبیب کبریا سا باخدا جب ناخدا پایا	
فقط اک آنکھ کا پردہ رہا تھا درمیان باقی	۵	حجاب قدس مین جا پائی قرب کبریا پایا	
مسیحائی ملی عیسی کو برکت سے اُسی دم کے	۶	اُنھین کی دستگیری تھی جو موسی نے عصا پایا	
ہمیشہ چتر کے بدلے تھا سر پر ابر کا سایہ	۷	کسی نے اور بھی یہ سایۂ لطف خدا پایا	
گرے سب لات و عزی منہ کے بل طاقون سے کعبہ کے	۸	تعال اللہ کہا حضرت نے رعب حق نما پایا	
سر گردون مہ کامل ہوا یکدست دو ٹکڑے	۹	جو انگشت شہادت کا اشارا ایک ذرا پایا	
خلیل و آدم و موسی و عیسی سب نبی گدرے	۱۰	کسی نے بھی خطاب شافع روز جزا پایا	
گئے نعلین پہنے عرش پر معراج کی شب کو	۱۱	یہ کس نے پایۂ اعزاز حضرت کے سوا پایا	
بتاؤ امت عاصی کو کیا مشکل رہی باقی	۱۲	نبی سا شافع اور حیدر سا جب مشکل کشا پایا	

۱۳	ملے مداح کو محشر مین شاہا سایہ دامن کا یہان گر سایۂ بال ہما پایا تو کیا پایا	

ای سلامی شاہ کا گردن کٹانا دیکھنا	۱	اور نہ جز شکر خدا لب کا ہلانا دیکھنا
جب کھلا زینب کا سر سوئے مدینہ کی ندا	۲	ظلم امت کا نیا یہ ہم پہ نانا دیکھنا
کہتے تھے زینب سے سرور جائیو جب تم وطن	۳	نیل بازو کے نہ صغرا کو دکھانا دیکھنا
شمر سے کہتے تھے شہ سر کاٹ لے راضی ہون مین	۴	سر کھلے لیکن نہ زینب کو پھرانا دیکھنا
مان نے قاسم سے کہا جاتے تو ہو میدان کو تم	۵	پر نہ خونین بھرنا یہ جوڑا شہانہ دیکھنا
جور کی اپنے قسم ہی تجکو ای چرخ دوتا	۶	حلق اصغر دیکھنا اور تیر کھانا دیکھنا
کر کے منھ سوے نجف رو رو کے زینب نے کہا	۷	ظلم کی رسی مین بابا میرا شانہ دیکھنا
عرض کی صغرا نے اتبو رہتی ہون مجبوریان	۸	پر نہ مجکو بھولنا بابا بلانا دیکھنا
کہتی تھی بانو سے صغرا جبتلک پہونچون مین	۹	دودھ اصغر کا نہ کوفہ مین بڑھانا دیکھنا

۱۰	حشر مین مداح ذکر شاہ بیکس کا صلا حضرت زہرا کا خالق سے دلانا دیکھنا	

مجرئی ہون مین شاہ کے در کا	۱	رتبہ کیا میرے آگے قیصر کا
خوف برزخ کا ہی نہ محشر کا	۲	فضل گر ہم پہ ہی پیمبر کا
ہوگا دامان فاطمہ سر پر	۳	خوف کیا آفتاب محشر کا
ہونگے تحت لوا سے خیبر وا	۴	خوف کیا آفتاب محشر کا

ملی ہر وقت خدمتِ حیدر ۵ کیا ہی بخت رسا تھا قنبر کا
کہا اکبر نے اُس کا پوتا ہون ۶ در اکھاڑا تھا جس نے خیبر کا
زلزلہ فوج اشقیا مین ہوا ۷ حال ابتر جو دیکھا اختر کا
شاہدِ زور دستِ حیدر ہی ۸ حال روح الامین کے پر کا
بنگیا دشت وادی ایمن ۹ نور پھیلا یہ روے اکبر کا
دھویا اک لخت نامۂ عصیان ۱۰ ہی یہ احسان دیدۂ تر کا
رات دن ابتداے فطرت سے ۱۱ منتظر ہون اخیر رہبر کا
فرق ارزق کا ہوگیا ٹکڑے ۱۲ کام آیا نہ خود خود سر کا
حرکہان زانوے حسین کہان ۱۳ یہ کرشمہ تھا سب مقدر کا
ہوئی مغرب سے مہر کو رجعت ۱۴ رتبہ یہ پیش حق تھا حیدر کا
خادم مرتضی تو ہین قنبر ۱۵ دل سے مین ہون غلام قنبر کا
کیا ہی ثابت قدم تھے شہ کے رفیق ۱۶ پانون پیچھے نہ ایک کا سر کا
عرش پر ہی علی کی جو تصویر ۱۷ رُخ ہی اُس سمت مہر انور کا
روضۂ شاہ مین جگہ پائی ۱۸ بخت یاور ہوا جو تھپر کا
فرق ارزق پہ تیغ قاسم سے ۱۹ تھا پتا خود کاسۂ مغفر کا
ہمکو خاک ابوتراب ہی بس ۲۰ فرش ہم کیا کرین مشجر کا
عنبرین دشت ہوگیا سارا ۲۱ جب پڑا عکس زلف اکبر کا

شان مین آیا آیۂ تطہیر ۲۲ مرتبہ تھا یہ آل اطہر کا
حرز بہکا عمرو کے کہنے سے ۲۳ نہ چلا کچھ فسون فسون گر کا
آگے نان جوین حیدر کے ۲۴ مرتبہ کچھ نہین مزعفر کا
رہے بیزار مال و زر سے مدام ۲۵ تھا طریقہ بہی ابا ذر کا
پڑتا تھا جس جگہ علی کا قدم ۲۶ موم ہوتا تھا جرم پتھر کا
قبر حیدر پہ روشنی کرنا ۲۷ کام ہی روز مہر انور کا
اشک شبنم سے رات بھر رونا ۲۸ کام ہر شب ہی چشم اختر کا
ہوتا کس طرح سایۂ احمد ۲۹ جسم اطہر تھا سایہ داور کا
ٹکڑے ہوتے تھے دو برابر کے ۳۰ معجزہ تھا یہ ضرب حیدر کا
فوج کفار ہو گئی درہم ۳۱ بیٹا آیا جو رن مین صفدر کا
بولے عباس ہون مین اُسکا پسر ۳۲ کلہ چیرا تھا جس نے اژدر کا
زور بازو پہ اُسکے شاہد ہی ۳۳ باب خیبر کا بند بر بر کا
ہی عدالت پہ اُسکے ایک گواہ ۳۴ فیصلہ باز اور کبوتر کا
حیف کی جا ہی آجنک نہ ہوا ۳۵ وصل سرور کے جسم اور سر کا
بولی زینب ہوے شہید امام ۳۶ گھوڑا جب خالی آیا سرور کا
ہووے پامال لاشۂ شبیر ۳۷ حکم جس دم ہوا ستمگر کا
شیر آکر ہوا محافظ لاش ۳۸ پھر گیا منہ تمام لشکر کا

دیکھکر چوب بید اور لب شاہ	۳۹	رنگ بدلا علی کی دختر کا
کہا حاکم سے ڈر خدا کے شقی	۴۰	یاد کر عرصہ روز محشر کا
ایسے سن مین ہوے شہید افسوس	۴۱	دودھ بڑھنے نہ پایا اصغر کا
ہر گھڑی تھا زبان پہ سورۂ کہف	۴۲	معجزہ تھا یہ شاہ کے سر کا
ہوا اہل حرم مین حشر بپا	۴۳	لاشہ آیا جو ابن شبر کا
پھری بلوہ مین بے نوا زینب	۴۴	یہ تتمہ تھا شہ کے محضر کا
فاش ہو جاتا پردۂ امت	۴۵	سر نہ کھلتا جو شہ کی خواہر کا
حیف اُس خیمہ مین در آئے عدو	۴۶	تھا فلک کو بھی پاس جس گھر کا
تھی قیامت مدینہ مین برپا	۴۷	قاصد آیا جو شہ کی دختر کا
مین نکیرین کا یہ دونگا جواب	۴۸	نام کیا پوچھتے ہو رہبر کا
دیکھو میرے سرہانے ہی یہ کون	۴۹	شیر حق کا وصی پیمبر کا
روز عاشورہ دوپہر جو ڈھلی	۵۰	خاتمہ ہو گیا بہتر کا
دوپہر ڈھلتے ہی ہزار افسوس	۵۱	خاتمہ ہو گیا بہتر کا
ہوتا دانہ نہ اک زمین سے عیان	۵۲	قطرہ گرتا جو خون اصغر کا
کھا کے غش اونٹ سے گری زینب	۵۳	لاشہ دیکھا جو شاہ بے سر کا
کہا حر نے عمر سے اے اظلم	۵۴	رہی کا جو یا ہی تو مین کوثر کا
تو سمجھتا ہی کیا اُسے محتاج	۵۵	جو کہ مالک ہی بحر کا بر کا

تاجنان کچھ نہین جہان کھٹکا ۵۶ راستہ ہو وہ میرے رہبر کا
اہل بیت نبی کا تو ہو عدو ۵۷ اور مین خانہ زاد حیدر کا
شاہ کہتے تھے سوچ تو ای شمر ۵۸ ارے مین کون ہون پیمبر کا
آب دریا کی کیا اُسے پروا ۵۹ جو کہ مالک ہو حوض کوثر کا
ہوئی برپا نہ کیون قیامت ہائے ۶۰ سر کھلا جب کہ بنت حیدر کا
پہلے سرور پہ تم فدا ہونا ۶۱ حکم بیٹون کو تھا یہ مادر کا
فوج روبہ مین پڑ گئی ہل چل ۶۲ آیا رن مین جو شیر حیدر کا
پائی سقائی بازوے شہ نے ۶۳ مرتبہ یہ کہان تھا جعفر کا
معرکہ یاد آگیا سب کو ۶۴ روز عاشور جنگ خیبر کا
ہند اپنے محل مین تھی بیچین ۶۵ نوحہ سُن سُن کے شہ کی دختر کا
کر دیے بیٹے بھائی پر صدقے ۶۶ حوصلہ تھا یہ شہ کی خواہر کا
روک لی شہ نے ذوالفقار علی ۶۷ دھیان آیا جو شرط مخفر کا
جو پھرا در سے آل اطہر کے ۶۸ ہو گیا بالیقین وہ در در کا
پسر سعد ناری حُر نوری ۶۹ لکھا مٹتا نہین مقدر کا
ہو طواف حرم سے افزون تر ۷۰ طوف شہ کے ضریح اطہر کا
کہتے تھے شاہ میرا خشک گلا ۷۱ ہو طلبگار آب خنجر کا
زندہ جسوقت تک رہے سجاد ۷۲ نہ تھما اشک دیدۂ تر کا

دیکھکر قدر اشک اہل عزا	۷۳	گھٹ گیا رتبہ آب گوہر کا
روئی زینب نہ بیٹون کے غم مین	۷۴	پاس اتنا کیا برادر کا
پیچھے اونٹون پہ سر کھلے نکلے حرم	۷۵	آگے سر نیزہ پر تھا سرور کا
بعد مرنیکے کاٹے دست حسینؑ	۷۶	ظلم تازہ تھا یہ ستمگر کا
رو رو کہتی تھی رات دن زینب	۷۷	ہائے سہرہ نہ دیکھا اکبر کا
ظہر کے بعد ہائے واویلا	۷۸	کوئی حامی رہا نہ سرور کا
کہا جبریل سے یہ سرور نے	۷۹	سایہ سر پر جو دیکھا شبپر کا
آپ کے لطف کا نہین یہ وقت	۸۰	امتحان ہی حسین مضطر کا
آپ تشریف سدرہ پر لیجائین	۸۱	کافی سایہ ہی ذات داور کا
رحم آیا نہ کچھ یتیمون پر	۸۲	قلب حارث بنا تھا پتھر کا
کبھی خیمہ مین گاہ تھی در پر	۸۳	حال تھا یہ سکینہ شش در کا
ہی یہ خون حسین کی تاثیر	۸۴	سرخ رنگ ہی جو چرخ اخضر کا
برکت ذکر آل احمد سے	۸۵	اوج تو دیکھو میرے منبر کا
پست ہی اسکے ایک پایہ سے	۸۶	تخت بلقیس اور سکندر کا
گئی فریادی جس گھڑی زینب	۸۷	روضہ ہلنے لگا پیمبر کا
تھا یہ نوحہ حسین قتل ہوے	۸۸	کوئی وارث رہا نہ اس گھر کا
نہ کیا پاس آپ کا نانا	۸۹	کاٹا امت نے سر برادر کا

پیش کرتی ہون مین وہ عمامہ ۹۰ خون حسین بھرا ہی سرور کا
کرکے مجھکو تباہ ای مولا ۹۱ پورا مقصد ہوا ستمگر کا
ہی روایت بروز عاشورہ ۹۲ شیر روتا ہی ایک پتھر کا
آنا صغرا کے گھر پہ خونین تر ۹۳ حال مشہور ہی کبوتر کا
دی اجازت نہ شہ نے لڑنیکی ۹۴ شکر آیا جو رن مین زعفر کا
کہا زینب نے مین ہون ننگے سر ۹۵ لاشہ شب کو اٹھا تھا مادر کا
بام پر ایک روز تھی زینب ق ۹۶ گوشہ سر کا جو سر کی چادر کا
نکلا ہرگز نہ چرخ پر خورشید ۹۷ پاس تھا یہ علی کی دختر کا

۹۸ ہوا مداح سبط پیغمبر
اوج دیکھے کوئی اس احقر کا

ای سلامی عشرۂ ماہ عزا جاتا رہا ۱ غم رہا پر موسم آہ و بکا جاتا رہا
کتنے تھے اہل مدینہ سن کے حال قتل شاہ ۲ بے پدر بچون کا جو تھا آسرا جاتا رہا
کی نہ حرمت کچھ بھی آل مصطفے کی حیف ہی ۳ ظالمون کے دل سے پاس مصطفے جاتا رہا
سلسلہ تھا خیمہ سے رن تک یہ تا قتل امام ۴ ایک کے بعد اک جری ہر سو غا جاتا رہا
حیف ہی پر بعد قتل اکبر گلگون قبا ۵ شاہ تنہا رہ گئے یہ سلسلہ جاتا رہا
مر گئے جب قاسم و عباس و اکبر سے شاد ۶ سیج تو یہ ہی زیست کا اپنے مزا جاتا رہا
چار بیٹے سامنے چورنگ جب زمین ہوے ۷ ارزق شامی کا سارا حوصلہ جاتا رہا

حال قتل سرور دین سُنکے یہ بولا یزید ۸ آج میری سلطنت کا دغدغہ جاتا رہا
لاش پر عباس کی کہتے تھے یہ سلطان دین ۹ زور بازو کا مرے یا مرتضی جاتا رہا
سامنے زہرا و احمد کے کیا سرور کو قتل ۱۰ شمر کے دل سے یہ خوفِ کبریا جاتا رہا
ہوکے نادم مرگرا قدمون پہ جنبش نے کہا ۱۱ فاطمہ خوشنود ہین پہلا گلا جاتا رہا
سُنکے قتل سید مظلوم و بیکس کی خبر ۱۲ کہتی تھی صغرا مرا شوق شفا جاتا رہا
لکھتا ہی راوی نہ جبتک شاہ دین مدفون ہوے ۱۳ عرش پر ہر شب کو نعرہ شیر کا جاتا رہا

۱۴ حیف ہی مداح کیون تم اب تلک بیٹھے رہے
قافلہ ہر روز سوے کربلا جاتا رہا

بیتاب ہوا مجرئی دل شاہ زمن کا ۱ غربت مین خیال آیا جو یاران وطن کا
ہی ورد زبان نام حسین اور حسن کا ۲ حقدار سلامی ہونمین جنت کے چمن کا
مداح سلامی ہونمین اُس تشنہ دہن کا ۳ مختار کیا حق نے جسے نہر لبن کا
مختار ہی جو مجرئی جنت کے چمن کا ۴ مداح یہ ناچیز ہی اُس شاہ زمن کا
ممنون ازل سے ہونمین اِسوجہ حسن کا ۵ مداح ہوا بادشہ قلعہ شکن کا
مرقد مین مرے پھر گئے فوراً ہی فرشتے ۶ اشکون سے جو تر پایا ہر اک تار کفن کا
لب بند فصیحان عرب کے ہوے یکلخت ۷ بلبل جو چہکنے لگا زہرا کے چمن کا
غش ہوکے گری جھولے پہ بے شیر کے بانو ۸ مُنھ خشک نظر آیا جو اُس غنچہ دہن کا
ہاتھون سے لپیٹے ہوے تھی دامن قبا ۹ کُبرا کو نہ تھا شرم سے یارا جو سخن کا

داخل جو ہوے کرب و بلا مین کہا شہ نے	۱۰	اب سامنا ہر دن ہی نئے رنج و محن کا
پایا سر سلطان زمن خون مین سب تر	۱۱	سر پوش سکینہ نے اُٹھایا جو لگن کا
جسوقت سنا رن مین کہ مارے گئے نوشاہ	۱۲	فق ہو گیا منہ حجلہ مین قاسم کی دولہن کا
بھائی پہ تصدق کیے کس شوق سے بیٹے	۱۳	یہ حوصلہ تھا سید بیکس کی بہن کا
روضہ مین پیمبر کے قیامت ہوئی برپا	۱۴	زینب نے دکھایا جو وہان داغ رسن کا
جب قید مصیبت سے پھرے چھوٹکے سجاد	۱۵	تب وصل ہوا شاہ زمن کے سر و تن کا
مرنے پہ جدا لاشۂ سرور کے ہوے ہاتھ	۱۶	یہ ظلم نیا دیکھنا اس چرخ کہن کا
پوشاک جنان جسکے لیے خلد سے آئی	۱۷	افسوس وہی شاہ تھا محتاج کفن کا
شہ لا نہ سکے لاشۂ تو شاہ حرم مین	۱۸	پرزے تھا جراحت سے جو ہر عضو بدن کا
شہ نے کہا مقتل کی زمین ہی بھٹی بیشک	۱۹	شبدیز رکا جب کہ شہنشاہ زمن کا
سو یا نہ شب قتل ذرا شام کا لشکر	۲۰	یہ رعب تھا دو لاکھ پہ ہفتاد و تن کا
سرور نے کہا لاشۂ اکبر پہ کہ اُٹھو	۲۱	خط لایا ہی قاصد تری مشتاق بہن کا
سو سکتا نہ تھا گھر مین کوئی بعد پیمبر	۲۲	اِس طرح بپا شور تھا زہرا کے محن کا

۲۳	مداح ہی یہ اوج کے الطاف کا ثمرہ ہی اوج پہ پایہ جو مرے لطف سخن کا	

مرقد ہی زمین پر جو شہ قلعہ شکن کا	۱	اِس واسطے سر خم ہی اور چرخ کہن کا
مشتاق ہی دل طوف در شاہ زمن کا	۲	کیون بلبل شیدا کو نہو عشق چمن کا

ضد کی جو پیمبر سے حسین ابن علی نے ۳ اللہ نے خود بھیجد یا بچہ ہرن کا
دیکھے جو بہا اشک غم سبط نبی کے ۴ نظرون مین رہا رتبہ نہ کچھ درعدن کا
ثابت ہی کہ دو چیزون کا حیدر کو رہا شوق ۵ اک نان جوین دوسرا پوشاک حسن کا
زلف علی اکبر کو مین تشبیہ دون کس سے ۶ ہی مین خطا گر کہون نافہ ہر ختن کا
اکبر سے یہ ہنگام سفر کہتی تھی صغرا ق ۷ مین صدقے خیال آپ رکھین چھوٹی بہن کا
تم کوفہ سے آکر مجھے لے جائیو بھیا ۸ گر قصد کرین دیر مین شبیر وطن کا
عبداللہ عباس نے شہ سے کہا مولا ۹ کوفہ سے تو بہتر ہی کرو قصد یمن کا
مرنے پہ شہ دین کے موالی ہوے تیار ۱۰ گردون پہ نمودار ہوا سورج کی کرن کا
تم سارے عزیزون سے فدا ہو جیو پہلے ۱۱ ارشاد تھا بیٹون کو یہ سرور کی بہن کا
شہ کہتے تھے پہلے نہ فدا ہون علی اکبر ۱۲ ہرگز نہین یہ طور مروت کے چلن کا
سرور کو عمل کرنا وصیت پہ تھا ورنہ ۱۳ کیا وقت تھا وان شادی فرزند حسن کا
لکھا ہی پس از قتل شہ بیکس و تنہا ۱۴ سفاکون نے سب لوٹ لیا رخت بدن کا
اس مرتبہ تاراج کیا اہل حرم کو ۱۵ رنڈ سالہ بچا ہاے نہ اک شب کی دولھن کا
جب بید سے داشاہ کے ظالم نے کیے لب ق ۱۶ منہ سرخ ہوا طیش سے حضرت کی بہن کا
جھنجھلا کے کیا دور چھڑی کرا بھی لب سے ۱۷ ورنہ نہ پتا ہوگا ترا فی سر و تن کا
کرتی ہون شکایت ترے ظلمون کی خدا سے ۱۸ ہی غیظ مرا غصہ شہ قلعہ شکن کا
یہ سنتے ہی دہشت سے تو غش ہو گیا ظالم ۱۹ نزدیک حرم آگیا سر شاہ زمن کا

کچھ کہ نہین سکتی تھی رد وطن تھرم سے لیکن	۲۰	تھامے ہوے دامن تھی کھڑی ابن حسن کا
زہرا کی رد امانگ کے کفنایا بہن کو	۲۱	طالب ہوا سجاد نہ حاکم سے کفن کا
یون گھیرے تھی ہنقتاد دو تن کو پہ شام	۲۲	ہوتا ہی اثر چاند پہ جس طرح گہن کا
مین کیا کہون جو آل نبی مین ہوا کہرام	۲۳	جب ذکر کیا شاہ نے ملبوس کہن کا
زینب سے کہا ہند نے تم بنت علی ہو	۲۴	چھپتا ہی کہین طور بھی زہرا کے چلن کا
ثابت ہی کہ سجاد نہ پی سکتے تھے پانی	۲۵	دھیان آتا تھا جب بادشہ تشنہ دہن کا

۲۶

مداح تمنا ہی یہی روز ازل سے
پیوند ہون مین خاک در شاہ زمن کا

جز ید اللہ مین ون ہاتھ مین دامان کسکا	۱	ہوے ممنون جہان بندہ احسان کسکا
اشک ماتم کا خریدار خدا تیرا جہان	۲	اب بتا رتبہ ہی بر تر در غلطان کسکا
روح زہرا نے کہا شمر سے یہ رو رو کر	۳	تو گلا کاٹتا ہی سوچ بد ایمان کسکا
شہ نے فرمایا سکینہ سے نہ رو کو ہم کو	۴	حکم تقدیر مین ہی زور مری جان کسکا
ڈیوڑھی پر دیکھتا جو فاطمہ کو پوچھتا تھا	۵	راستہ دیکھتی ہو شہ رو حیران کسکا
کہا شبیر نے پانی جو نہین دیتے ہو	۶	ہی خطا وار کہو اصغر نادان کسکا
ماتم شاہ مین لاریب ہی خون اسکا جگر	۷	ورنہ رکھتا ہی الم لعل بدخشان کسکا
پوچھا زعفر نے یہ ہمراہیون سے مقتل مین	۸	مجکو بتلاؤ قلم ہی یہ گلستان کسکا
کہا نصرانیہ نے دیکھ کے لاش اصغر کی	۹	یا خدا خاک پہ ہی یہ مہ تابان کسکا

گر ہین ملک غزا دار و نکے یہ باغ جنان	۱۰	پھر کہو حصہ ہی یہ روضۂ رضوان کسکا
شہ نے فرمایا تعجب ہی کیا پانی بند	۱۱	سوچو تو کوفیو مین پیاسا ہون مہمان کسکا
پیاسے تجھے شہ نہ پیا گھوڑے نے بھی آبِ فرات	۱۲	پاس اسد رجہ بجلا کرتے ہین حیوان کسکا
سچ بتا ہم کو فلک قبر چمستان نبی	۱۳	خشک سب ہو گیا بے آب گلستان کسکا
بڑہ گیا خانۂ کعبہ سے بھی جسکا رتبہ	۱۴	جز حسینؑ ابن علی اور ہی ایوان کسکا
کہا عباس نے اعدا سے مخاطب ہو کر	۱۵	جانتے ہو کہ مین ہون شیر نیستان کسکا
فخر سے کہتے ہین اکثر یہی جبریل امین	۱۶	کسکا دربان ہون مین اور طفل دبستان کسکا
جب برآمد ہوے اکبر تو کہا اعدا نے	۱۷	نکلا خیمہ سے یہ اک مہر درخشان کسکا
غم سرور مین نہین روتی جو سوتون سے زمین	۱۸	پھر یہ ہی زیر زمین دیدۂ گریان کسکا
	۱۹	ہو کے مداح ترا عقدہ کشائی کے لیے پکڑون دامن مین بھلا یا شہ مردان کسکا

جسطرح ہمتاے ذات مصطفےٰ ممکن نہ تھا	۱	مجرئی صابر کوئی شبیر سا ممکن نہ تھا
حکم احمد سے علی شیر سے بلوائے گئے	۲	باب خیبر توڑنا آنکے سوا ممکن نہ تھا
ہاتھ کھولے دیو کے حکم نبی سے آپنے	۳	دوسرے سے ہونا اس عقدہ کا وا ممکن نہ تھا
پنجتنؑ کو حضرت آدم نہ گر لاتے شفیع	۴	حق یہ ہی انکا حصول مدعا ممکن نہ تھا
کام تھا واللہ یہ شیر خدا کا مومنو	۵	فرش احمد پر جو سوتا دوسرا ممکن نہ تھا
عالم ارواح مین ہوتے نہ گر ہادی علیؑ		روح کو دیتا جواب کبریا ممکن نہ تھا

شہ ہین تنہا روضۂ احمد پہ کر دیتی خبر	۷	تجھ سے کیا اتنا بھی اے بادِ صبا ممکن نہ تھا
پردۂ امت اگر ہوتا نہ منظورِ نظر	۸	چھین لیتا کوئی زینب کی ردا ممکن نہ تھا
شہ کا پانی مانگنا اتمامِ حجت تھا فقط	۹	مالک تسنیم کرتا التجا ممکن نہ تھا
کربلا مین ہوتے اُسدم گر شہ دلدل سوار	۱۰	کاٹ لیتا شمر سرور کا گلا ممکن نہ تھا
گر نہ کرتے صبر زین العابدین مثلِ حسینؑ	۱۱	خیمون مین در آتی فوج اشقیا ممکن نہ تھا
صبر جو شہ نے کیا دشتِ بلا مین مونسو	۱۲	حضرت ایوب سے بھی مطلقاً ممکن نہ تھا
کس طرح عباس پھر جاتے بھلا شبیر سے	۱۳	کعبہ سے برگشتہ ہو قبلہ نما ممکن نہ تھا
جاتے کیونکر چھوڑ کر شبیر کو یار و رفیق	۱۴	وعدۂ روزِ ازل کا توڑنا ممکن نہ تھا
لاش پر اکبر کے شہ بولے رضینا بالقضا	۱۵	جز حسین ابن علی یہ حوصلہ ممکن نہ تھا
سر کٹانا گھر لٹانا اور پھر اس شان سے	۱۶	جز تمہارے یا شہید کربلا ممکن نہ تھا
پانی چلو سے گرا کر شہ نے اعدا سے کہا	۱۷	چاہتا گر مین تو پینا کچھ بھی نا ممکن نہ تھا
پر مجھے عباس کی تشنہ دہانی یاد ہے	۱۸	بھولنا کیونکر کہ جسکا بھولنا ممکن نہ تھا
اُمت احمد نے جو شہ پر کیے جور و ستم	۱۹	دوسرے فرقون سے یہ طرزِ جفا ممکن نہ تھا
کہتے ہین ایوب رو کر یا حسین ابن علی	۲۰	صبر یہ تو مجھ سے بھی روحی فدا ممکن نہ تھا
تھی سنانی شاہ بیکس کی سنانی اُسکو آہ	۲۱	ورنہ فاصد سے بیان ماجرا ممکن نہ تھا

	گر توجہ اوج کی ہوتی نہ اُس مداح پر	
۲۲	یون کلام با صفا طبع رسا ممکن نہ تھا	

اسی مجرئی کرتی تھی بیان بانوے دلگیر		صغرا کو لکھون کیا
حلق شہ مضطر پہ چلی ظلم کی شمشیر	۱	صغرا کو لکھون کیا
دن بیاہ کے قاسم سو جنگاہ سدھارے		اکبر گئے مارے
اور اصغر معصوم کی گردن پہ لگا تیر	۲	صغرا کو لکھون کیا
زینب کے بھی بیٹون نے دیا دافع جدائی		جان اپنی گنوائی
انصار بھی سرور کے ہوے سب تہ شمشیر	۳	صغرا کو لکھون کیا
عباس نے بھی صدقے کیے بیٹے برادر		شبیر کے اوپر
بیدست ہی خود نہر پہ وہ عاشق شبیر	۴	صغرا کو لکھون کیا
اکبر کو جو لکھا ہی مین کس طرح دکھاؤن		کیا اسکو سناؤن
ریتی پہ پڑا سوتا ہی وہ فدیۂ شبیر	۵	صغرا کو لکھون کیا
کہہ لاشۂ اکبر پہ کیے آکے یہ نالے		اے گیسودن والے
آغشتہ بخون خاک پہ ہی زلف گرہ گیر	۶	صغرا کو لکھون کیا
شہ کے تن بے سر پہ وہ رکھکر خط بیمار		باحالت ناچار
ہر دم یہی رہ رہ کے غرض کرتی تھی تقریر	۷	صغرا کو لکھون کیا
وارث موے گھر لٹ گیا بلوہ مین ہون دردی		بے مقنعہ و چادر
ہی عابد بیمار کے بھی پاؤن مین زنجیر	۸	صغرا کو لکھون کیا
اک روز وہ تھا لائے تھے گھر مین مجھے شبیر		باعزت و توقیر

یا آج مین بلوہ مین ہون باحالت تغیر	۹	صغرا کو لکھون کیا
سب قید مین ہین اہل حرم کھولے ہوے سر		بے مقنعہ و چادر
کی ظالمون نے آل پیمبر کی یہ تحقیر	۱۰	صغرا کو لکھون کیا
زینب سے کبھی کہتی تھی باگریہ وزاری		دکھ درد کی ماری
بتلاو مجھے تم شہ مظلوم کی ہمشیر	۱۱	صغرا کو لکھون کیا
مداح کیا قاصد ناچار کو رخصت		یہ کہہ کے بہ رقت
احوال مرا کچھ نہین اب قابل تحریر	۱۲	صغرا کو لکھون کیا

بحرئی کہتے تھے شہ نذر خدا سر دونگا	۱	ایک سر کیا مرا فدیہ مین بہتّر دونگا
بھانجے بھائی پسر خویش و عزیز و انصار	۲	جتنے ہمراہ ہین اِن سب کو فدا کر دونگا
پردہ امت کا رہے حشر کے دن اُس کے لیے	۳	مین سر زینب و کلثوم کی چادر دونگا
گر خوشی خالق اکبر کی ہو اِسمین واللہ	۴	نذر خلاق جہان مین علی اصغر دونگا
آئی اُسوقت یہ آواز خدائے دو جہان	۵	یہ صلہ تجکو مین اے سبط پیمبر دونگا
تم جو سر دوگے مجھے نذر تو اے ابن علی	۶	اوج معراج ترے سر کو سنان پر دونگا
حشر تو ہونے دے پھر دیکھیو اے جان رسول	۷	تجکو اُس روز مین مختار محشر دونگا
جسکو تو چاہیو جو دیجیو مختار ہے تو	۸	تیرے ہی قبضہ مین مین جنت و کوثر دونگا
تیرے ماتم مین مرے عاشق و شیدا شبیر	۹	رخت کعبہ کا ابد تک مین سیہ کر دونگا
تعزیہ دارون کو تیرے جگر ختم رسول	۱۰	ایک آنسو کے عوض خانہ گوہر دونگا

قبر کو تیرے عزادارون کے ای ابن علی	۱۱	باغ جنت کی فضا تا دم محشر دونگا
جو زیارت کو تری آئیگا عصیان اُسکے	۱۲	اپنی عزت کی قسم ہی مین بجل کر دونگا
حشر کے روز صلہ تیری عزاداری کا	۱۳	حوصلے سے بھی عزادارون کے باہر دونگا
راہ مین روضہ کے تیرے جو مرینگے زائر	۱۴	سو زیارت کا ثواب اُنکو مقرر دونگا
اور کیا کیا کہون ای عاشق شیدا میرے	۱۵	جو جو تو مانگیگا لاریب سراسر دونگا
حر کی تھی عرض شہا رو کا تھا بن نے تم کو	۱۶	سب سے اب پہلے مین جان تیرے قدم پر دونگا
پیاسون کو کرب و بلا کی یہ تھی حیدر کی صدا	۱۷	آؤ مین ساغر کوثر تمھین بھر بھر دونگا
شاہ فرماتے تھے عباس سے سب ہی منظور	۱۸	پر نہ مرنے کی رضا جان برادر دونگا
کہتے تھے حضرت عباس کہ سر ہی کیا چیز	۱۹	نذر شہ دونگا پسر اور برادر دونگا
شاہ فرماتے تھے جو چاہو کرو ظلم و ستم	۲۰	مین دعا امت جد کو بہ خنجر دونگا
	۲۱	ہوگا سر عرش پہ اُس روز مرا ای مداح اُسکو جس دن در شبیر پہ مین دھر دونگا

خلق مین جب قائم آلِ عبا پیدا ہوا	۱	ہر طرف سے نعرۂ صل علی پیدا ہوا
نیمۂ شعبان کی شب ہی افضل شبہائے قدر	۲	ہی اسی شب مین یہ نور کبریا پیدا ہوا
جب ہوے پیدا ہوئی آواز ناقوسون کی بند	۳	بتکدون مین کافرون کے زلزلہ پیدا ہوا
سب شیاطین دُور سے جاکر کوہ و دریا مین چھپے	۴	جبکہ جار الحق کا ہر سو غلغلہ پیدا ہوا
چرخ چارم پر یہ خوش ہو ہو کے کہتے تھے مسیح	۵	منتظر جسکا تھا مین وہ مقتدا پیدا ہوا

دیکھے باہم تہنیت کہتے تھے یہ حور و ملک ۶ نورِ چشمِ مصطفےٰ و مرتضےٰ پیدا ہوا

ہوگیا پرنور عالم جسکے نورِ پاک سے ۷ آج وہ بدرالدجیٰ شمس الضحیٰ پیدا ہوا

مطلع دیوانِ عالم ہی رسولِ حق کی ذات ۸ مقطع اُس دیوان کا یہ بابُ الہدیٰ پیدا ہوا

ہی قیام عرصۂ عالم اُسی کی ذات سے ۹ قائمِ آلِ جناب مصطفےٰ پیدا ہوا

کہتی ہین حضرت حکیمہ تھے نہ کچھ آثارِ حمل ۱۰ رہ گئی حیران مین جب یہ باخدا پیدا ہوا

دیکھکر حیرت مین مجھکو بولے یہ مجھسے حسن ۱۱ آپ کو کیون ای پھوپھی یہ وسوسہ پیدا ہوا

کیا نہین آگاہی تمکو آمنہ کے حال سے ۱۲ بطن سے جنکے رسولِ کبریا پیدا ہوا

دیتے تھے کاہن خبر پر کچھ نہ تھے آثارِ حمل ۱۳ اُس گھڑی تک جس گھڑی خیرالورا پیدا ہوا

پرتو انوارِ پیغمبر ہی ذات اوصیا ۱۴ کیا عجب جو اِسطرح یہ دلربا پیدا ہوا

ہی رقم پہلے جھکا سر سجدۂ معبود کو ۱۵ بطنِ مادر سے جو ہین وہ پیشوا پیدا ہوا

خاتمِ ختمِ امامت کا نشان تھا کتف پر ۱۶ جس گھڑی وہ ہادیِ ہر دوسرا پیدا ہوا

دی امام عسکری کو یہ حکیمہ نے خبر ۱۷ ہو مبارک صاحبِ تاج و لوا پیدا ہوا

کہتی ہین رجس مین رجس سے چہرہ کے غش کر گئی ۱۸ ہوتے ہی پیدا یہ پہلا معجزہ پیدا ہوا

جب حسن گودی مین لیکر نکلے اُس دلبند کو ۱۹ ہر طرف سے نعرۂ روحی فدا پیدا ہوا

مقتدی ہونگے عیسیٰ جب کریگا یہ ظہور ۲۰ ایسا عالی قدر ایسا ذوالعلا پیدا ہوا

عالمانِ دین کا جو غیبت مین ہوئیگا معین ۲۱ ایسا ہادیِ حق نما رہنما پیدا ہوا

بعد ذاتِ پاکِ احمد چاردہ معصوم ہین ۲۲ یہ ابوالقاسم محمد دوسرا پیدا ہوا

ذکرِ ولادتِ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

ذکرِ ولادتِ حضرت امام محمد مہدی صاحب الزمان علیہ السلام

تا قیامت جسکا سکہ ہوگا جاری دہر مین	۲۳	ایسا حاکم ایسا شاہ دوسرا پیدا ہوا
جو کہ لیگا دشمنان دین سے پورا انتقام	۲۴	جانشین وہ سید مظلوم کا پیدا ہوا
فیض جسکا ہوگا ظاہر گو وہ خود ظاہر نہو	۲۵	عرصۂ عالم مین ایسا رہنما پیدا ہوا
ہی حدیث مصطفےٰ مین جو سفینہ کا بیان	۲۶	یہ امام عصر اُسکا ناخدا پیدا ہوا
جد ہین ختم الانبیا ان پر امامت ہی تمام	۲۷	ہی بجا کہنا کہ ختم الاوصیا پیدا ہوا
اوصیا مین ہی محمدؐ کی صفات انبیا	۲۸	خضر آلِ مصطفےٰ یہ باصفا پیدا ہوا
یا امام عصر جلدی اب تو فرماؤ ظہور	۲۹	ہی محبون کے دلون مین ولولا پیدا ہوا

		حل مشکل کی تجھے مداح ہی ناحق کو فکر
۳۰		لے امام عصر وہ مشکلکشا پیدا ہوا

(ردیف ب)

کیا سلامی افضل و اعلی ہی شان بوتراب	۱	حامل وحی خدا ہی پاسبان بوتراب
سب زمینون سے نہ کیون ہو ذی شرف ارض نجف	۲	سجدہ گاہ عرشیان ہی آستان بوتراب
دوش پر ختم رسل کے جب ہوئے پائے مرتضیٰ	۳	عرش سے بالا نہو پھر کیون مکان بوتراب
جب مکان مرتضیٰ ثابت ہوا بالائے عرش	۴	کونسی اب جا ہی بہر آسمان بوتراب
منقبت پڑھتا ہی اسدم مدح خوان شیر حق	۵	اب ہمہ تن گوش ہون سب دوستان بوتراب
سایۂ نور خدا ہی ذات ختم المرسلین	۶	شبہ ذات مصطفےٰ ہی جسم و جان بوتراب
حکم حق حکم نبی حکم نبی حکم علے	۷	ہی کلید راز حق گویا زبان بوتراب

سر سے مشغول شبانی دشت مین ہون آ کے شیر ۸ حکم اُنکو دین اگر یہ گلہ بان بوتراب
سوے تھے جس شب کو صدر مصطفے کے زیر سر ۹ روح اور میکال تھے دو پاسبان بوتراب
ہاتھ مین تھا آپ کے خیبر کا در مثل سپر ۱۰ قوت اللہ تھی تاب و توان بوتراب
کرتے تھے خود فاقہ پر فاقہ امیر المومنین ۱۱ پر نہین رہتے تھے بھوکے میہمان بوتراب
کیا کوئی سمجھے علی کے مرتبون کو مومنو ۱۲ جب خدا و مصطفے ہون ترجمان بوتراب
قاسم رزق جہان ہین حق کیجانب سے حضور ۱۳ سب ولیم ارض ہی یہ ایک خوان بوتراب
ایک ناوک جسکو مارا راہی دوزخ ہوا ۱۴ بیخطا تھے بیگمان تیر کمان بوتراب
فرق کچھ چھوٹے بڑون مین اس گھر انیکے نہین ۱۵ ایک قدرت رکھتے ہین طفل و جوان بوتراب
اہی زہے قسمت تمہاری ساکن کوفے نجف ۱۶ ہر گھڑی پیش نظر ہی بوستان بوتراب
نازیہ جتنا کرین زیبا ہی اُنکو بالیقین ۱۷ منزلت رکھتے ہین ایسی زائران بوتراب
کیا مقدر ہی کہ استقبال کرتے ہین ملک ۱۸ جب پہونچتے ہین نجف مین طالبان بوتراب
گو ہین مخدوم ملائک خادمان شیر حق ۱۹ خادم زوار ہین پر خادمان بوتراب
خیبر و خندق شب ہجرت حنین و جنگ بدر ۲۰ معرکے یہ تھے برائے امتحان بوتراب
نام ہی قرآن مین جسکا صراط المستقیم ۲۱ راہ وہ حیدر کی ہی اہی پیروان بوتراب
حب حیدر کا صلہ ہی کوثر و باغ جنان ۲۲ قابل قہر خدا ہین دشمنان بوتراب
حج آخر سے پھرے جسوقت ختم المرسلین ۲۳ آیہ بلغ ہوا نازل بہ شان بوتراب
جا کے ممبر پر ہوے رطب اللسان یون مصطفے ۲۴ قبضۂ قدرت مین ہی جسکے کہ جان بوتراب

حکم یہ دیتا ہی مجھکو کردون مین اظہار سب	۲۵	مثل ہارون کے ہی جو قدر روشان بوترابؑ
یعنے مین مولا ہون جنکا اُنکا مولی ہی علی	۲۶	گوش دل سے سن لین اِسکو ہمرہان بوترابؑ
اِسپہ واجب ہی عمل ہم سب کو رکھنا دلسے یاد	۲۷	بعد میرے جب ملے تمکو زمان بوترابؑ
	۲۸	جسطرح مداح ہی تو منقبت خوان علی طوطی سدرہ یون ہی ہی مدح خوان بوترابؑ

طفلی مین خلد کا تھا جسے پیرہن نصیب	۱	مرنے پہ تھا نہ اُسکو سلامی کفن نصیب
پہنے ہون جسنے عید مین حلے بہشت کے	۲	کیا قہر ہی نہوا اُسے گور و کفن نصیب
کِس وقت آہ نکلے تھے سرور مدینہ سے	۳	آنا ہوا نہ پھر اُنھین سوئے وطن نصیب
اکبر ہوے تو شاہ کو خواہر نے دی خبر	۴	بیٹا ہوا شبیہ رسول زمن نصیب
رکھتے تھے پانون دوش رسول کریم پر	۵	رکھتے تھے کیا بلند شہ بت شکن نصیب
شہ نے کہا سکینہ کو پہلے پلایو	۶	پانی جو میرے بعد ہو تم کو بہن نصیب
عاشق تھی جیسی بھائی کی زینب جگر فگار	۷	ہو گی کسی نہ بھائی کو ایسی بہن نصیب
بولی یہ ہند دیکھ کے کبرا کو ہی غضب	۸	رنڈسالہ بھی ہوا نہ تجھے ایسی وطن نصیب
کہتی تھی بنت فاطمہ جب سے سنبھالا ہوش	۹	کیا کیا ہوے نہین مجھے رنج و محن نصیب
نانا کو روئے فاطمہ کو اور باپ کو	۱۰	اِسپر ہوا یہ داغ حسین و حسن نصیب
عابد نے طوق ظلم پہنکر کہا کہ شکر	۱۱	دادا کا آج مجکو ہوا ہی چلن نصیب
شبیر نے یہ کہتی تھی مرے مہمان ہون شاہ دین	۱۲	ہو گا یہ کس گھڑی مجھے چرخ کہن نصیب

کیا انقلاب دہر ہی سر پیٹو مومنو	۱۳	بازو ے بنت فاطمہ کو ہو رسن نصیب
عباس کہتے تھے مین اُلٹ دون صفین ابھی	۱۴ ق	ہی مجکو قوت شہ خیبر شکن نصیب
اعدا ہین کتنے فوج ہی کیا اور عمر وہی کیا	۱۵	گر ہو اجازت شہ تشنہ دہن نصیب
	۱۶	مداح کب پہونچتے ہین روضہ پہ شاہ کے بلبل کو دیکھین ہوتا ہی کس دن چمن نصیب
کیون نہ سب انجم سے ہو رتبہ مین برتر آفتاب	۱	مجرئی ہی خادم درگاہ حیدر آفتاب
تھا چراغ صبح سے اُس روز کمتر آفتاب	۲ سطع ثانی	کربلا مین جمع تھے جس دن بہتر آفتاب
شاہ نے عباس سے فرمایا ہون تیار سب	۳	ہو برآمد جس گھڑی جان برادر آفتاب
شہ نے فرمایا سمجھ لینا کہ مین بے سر ہوا	۴	جب گہن مین دیکھنا آجاے خواہر آفتاب
بعد قتل شہ یہ تھی شب کو سکینہ کی دعا	۵	اب نہ پھر دنیا مین دیکھے شہ کی دختر آفتاب
شہ نے فرمایا زوال مہر زہرا ہی قریب	۶	آیا جب بالاے زین سر کے برابر آفتاب
قبۂ حیدر تلک بیشک پہونچنا ہی محال	۷	وہ ہی کیا پیدا کرے گر لاکھ شہپر آفتاب
صبح کو شہ قتل ہونگے شب کو کہتے تھے حرم	۸	یا الٰہی اب نہ نکلے تا بہ محشر آفتاب
کہتے ہین گرمی تھی ایسی روز قتل شاہ دین	۹	گرم ہوگا جسطرح سے روز محشر آفتاب
ایسے تھے تاریک گھر مین قید اطفال حسین	۱۰	چاند آتا تھا نظر شب بھر نہ دن بھر آفتاب
رعب سے انصار شہ کے تھرتھرایا مہر چرخ	۱۱	برج سے خیمہ کے نکلے جب بہتر آفتاب
لکھا ہی چادر جو سر کی زینب معصومہ کی	۱۲	دو گھڑی چمکا نہ مشرق سے نکلکر آفتاب

سید مظلوم سا صابر کوئی گذرا نہین	۱۳	دیکھے روز ازل سے اپنا دفتر آفتاب
روضۂ شاہِ نجف سے ملگیا اِسکا پتا	۱۴	روشنی کرنیکو وان رہتا ہی شب بھر آفتاب
برج بارہ اور بارہ ہین ہمارے رہنما	۱۵	یہ تو بارہ ہین قمر ذات پیمبر آفتاب
جیمۂ آل پیمبر دیکھے ہین جتنے ہوے	۱۶	سوز غم سے کیون نہ ہوئے رشک مجمر آفتاب
ہی یقیناً آسمان پر جبکہ تصویر علی	۱۷	رخ کرے سوے زمین سو چو کیونکر آفتاب
دل مین اُسکے ہی بلاشک ماتم سرور کا داغ	۱۸	اور کچھ دھبہ نہین جرم قمر پر آفتاب
اب تلک جاتی نہین اُسکے بدن کی تھرتھری	۱۹	ڈر گیا ہی دیکھکر تیغ دو پیکر آفتاب
تا نماز عصر سے فارغ ہون مولا وقت پر	۲۰	دیکھو مغرب سے پھرا اللہ اکبر آفتاب
یون در حیدر پہ خادم کہتے ہین ہر صبح گا	۲۱	ہی در دولت پہ حاضر بندہ پرور آفتاب
کرتے گر شاہ زمان واسد زورہ بھی عتاب	۲۲	خاک کر دیتا جلا کر سارا لشکر آفتاب
روز عاشورہ اگر پاتا اجازت شاہ کی	۲۳	چتر زر اپنا لگاتا سن کے سر پر آفتاب

سایۂ دامان زہرا ہی اِنھین مداح بس
مومنون کا کیا کریگا روز محشر آفتاب

(ردیف پ)

ہی مجرئی کا در دشہ قل کفی ہین آپ	۱	یا مرتضی علی مرے حاجت روا ہین آپ
ہین اَک نور احمد و حیدر خدا گواہ	۲	شمس الضحی رسول ہین بدر الدجی ہین آپ
برتر نہ ہو رسولون سے کیون ذات مصطفے	۳	لاریب فیہ باعث ارض و سما ہین آپ

کہتا تھا حر کہ ہون تو خطا وار مین بہت	۴	پر بخشدیجیے صاحب جود و سخا ہین آپ
کہتا تھا شمر نحس مین کرتا ہون گرچہ قتل	۵	پر جانتا ہون سبط نبیؐ بیخطا ہین آپ
عباس نے یہ عرض کی مولا ہی آرزو	۶	مین آپ پر فدا ہون کہ حق پر فدا ہین آپ
سوے نجف ندا تھی یہ زینب کی یا علی	۷	بازو کو میرے کھویے مشکلکشا ہین آپ
صغرا نے لکھا شہ کو مریض فراق ہون	۸	جلد آیئے کہ میرے مرض کی دوا ہین آپ
عباس رن کو جب چلے فرمایا شاہ نے	۹	غصہ نہ آیئے دلبر خیبر کشا ہین آپ
عابد سے شاہ نے کہا یہ وقت الوداع	۱۰	کشتی آل پاک کے اب ناخدا ہین آپ
سر رکھ کے ہند بولی یہ زینب کے پانون پر	۱۱ ق	نور نگاہ حضرت خیر النسا ہین آپ
حضرت کا عز و جاہ ہی عالم پہ آشکار	۱۲	کیا نقص ہی جو آج اسیر بلا ہین آپ
نعلین پہنے جو گئے عرش عظیم پر	۱۳	اُنکے نواسے بنت شہ ہل اتی ہین آپ
سرور سے آکے زعفر جن نے یہ عرض کی	۱۴ ق	صد حیف آج بیکس و بے آشنا ہین آپ
لشکر غلام لایا ہی صدقے کے واسطے	۱۵	اذن و غا عطا ہو کہ حاجت روا ہین آپ
مایوس در سے آپ کے کوئی پھرا نہین	۱۶	ابر کرم ہین فلزم فیض سخا ہین آپ
حضرت نے جب نہ مانا تو زعفر نے عرض کی	۱۷	مجبور ہون کہ تابع حکم قضا ہین آپ
پاس ادب سے ہوتا ہون ان قدمون سے مین دور	۱۸	واقف مرے خلوص سے شاہ ہدا ہین آپ
محشر کے روز یاد رہے حاضری مری	۱۹	مختار کارخانۂ رب علا ہین آپ
مداح کو شہا نہین کچھ خوف حشر کا	۲۰	

سبطِ نبی ہین شافعِ روزِ جزا ہین آپ

(ردیف ت)

گھیرے رہے جو شہ کو ستمگر تمام رات	۱	مجرائی سجدہ مین رہے سرور تمام رات
سوئی سلامی شہ کی نہ دختر تمام رات	۲	ڈھونڈھا کی زانوے شہِ بے پر تمام رات
شب خون کا تھا جو خوف خیامِ امام پر	۳	پھرتے رہے حسین کے یاور تمام رات
بھائی کے پاس جاتی تھی گہ اپنے خیمہ مین	۴	مضطر تھی ایسی زینبِ مضطر تمام رات
کہتے تھے جان مامون پہ تم کیجیو فدا	۵	سمجھایا کی یہ بیٹون کو مادر تمام رات
دو دن سے دودھ تھا نہ جو بے شیر کو ملا	۶	بیتاب جھولے مین رہا اصغر تمام رات
کہتی تھی بانو بیٹے سے آرام کچھ کرو	۷	سوئے نہین ہوا ہی علی اکبر تمام رات
کل صبح صدقے سر قدم شاہ پر کرون	۸	کہتا رہا یہ شہ کا برادر تمام رات
یارب پناہ دے مرے بھائی کو قتل سے	۹	تھی ملتجی یہ شاہ کی خواہر تمام رات
مصروف گریہ خوف سے تھے خیمہ مین حرم	۱۰	وان جشن مین تھی فوجِ ستمگر تمام رات
دل مین سما گیا تھا جو کچھ خوفِ کبریا	۱۱	سویا نہ ڈر سے حُرِ دلاور تمام رات
آیا نہ کوئی خیمہ کی خندق کے آس پاس	۱۲	گونجا کیے علی کے غضنفر تمام رات
خیمہ مین یا تو روتے رہے شاہ کے حرم	۱۳	مرقد مین نعرہ زن رہے حیدر تمام رات
پیاسا جو کربلا مین تھا لشکر حسین کا	۱۴	حوروں کا نوحہ تھا لبِ کوثر تمام رات
باہر تھے صرف سجدۂ معبود سب رفیق	۱۵	کاٹی حرم نے خیمہ مین رو کر تمام رات

ہر ایک کہتا تھا کہ خدا پہلے ہو نگا مین	۱۶	جھگڑا کیے یہ شاہ کے یاور تمام رات	
معلوم تھا کہ صبح یہ ہو جائیگا شہید	۱۷	مان دیکھتی رہی رخ اکبر تمام رات	
مداح مقتل شہ مظلوم کی زمین جھاڑا کین آپ بنتِ پیمبر تمام رات	۱۸		

(ردیف ث)

مجرئی کہتے تھے شہ مجھکو ستاتے ہو عبث	۱	ظالمون فاطمہ زہرا کو رولاتے ہو عبث	
راکبِ دوش پیمبر ہون مجھے جانتے ہو	۲	خاک پر گھوڑے سے کیون مجھکو گراتے ہو عبث	
قتل سے میرے نہ زر پاؤ گے نہ جاہ و حشم	۳	غافلو دولت ایمان کو لٹاتے ہو عبث	
جانتے ہو مجھے ہون شمع مزارِ احمد	۴	صرصرِ ظلم سے کیون مجھکو بجھاتے ہو عبث	
جب گرے گھوڑے سے سرور تو یہ فرماتے تھے	۵	چور ہون تیغون سے کیون تیر لگاتے ہو عبث	
شمر کہتا تھا یہ سرور سے مخاطب ہو کر	۶	ہم نہین سنتے ہین یہ کسکو سناتے ہو عبث	
کس لیے بیعت حاکم سے ہی اتنا انکار	۷	تھوڑی سی بات پہ یہ صدمے اٹھاتے ہو عبث	
شہ نے فرمایا مین بیعت کرون ممکن نہین	۸	ذکر اس بات کا پھر بیچ مین لاتے ہو عبث	
کہتی تھی زینب غمدیدہ علی اکبر سے	۹	مین نہین مانتے کی مجھکو مناتے ہو عبث	
کب یہ ممکن ہی کہ مین تمسے کہون جاؤ نکو	۱۰	ہاتھ کیون جوڑتے ہو سر کو جھکاتے ہو عبث	
پانی جب پایا تو کہتی تھی سکینہ رو کر	۱۱	بے چچا مین نہین پینے کی پلاتے ہو عبث	
کہتی تھی بنت علی ظالمون سے سو چو تو	۱۲	مسند ختم رسل ہی یہ جلاتے ہو عبث	

زانوے شہ پہ دیکھ کے سر کہتا تھا یہ حسن	۱۲ ق	اللہ اکبر ایسا مرا مرتبہ ہی آج
زانوے پاک ابن علی میرا تکیہ ہی	۱۳	رومال زہرا میرے گلے سے بندھا ہی آج
حوریں کھڑی ہین سامنے ساغر لیے ہوے	۱۴	قصرِ جنان مین میرا وہ بستر لگا ہی آج
چرچہ ہی کوبہ کو یہی ہر سمت شام مین	۱۵	دربار مین حسینون کا داخلا ہی آج
حکم خدا سے ہوگی منادی بروزِ حشر	۱۶	ناجی ہی وہ علی کے جو زیرِ لوا ہی آج
کیا گردشِ زمانہ ہی دیکھو تو مومنو	۱۷	صد حیف قیدِ دخترِ مشکلکشا ہی آج
زینب کا تھا یہ نوحہ نہین ایک بھی رفیق	۱۸	بے یار ابن بادشہِ لافتا ہی آج
امت کو میرے نانا کی تو بخشدے کریم	۱۹	خنجر کے نیچے شہ کی یہ حق سے دعا ہی آج
لاریب ہنستی ہوئیگی کل حشر مین وہ چشم	۲۰	ماتم مین جو حسین کے صاحب عزا ہی آج
	۲۱	مداح کا تمہارے شہنشاہ کربلا جو مدعا تھا پہلے وہی مدعا ہی آج
ہی خاص جسکے سر کے لیے ہل اتی کا تاج	۱	نعلین اسکی کیون نہ ہون شاہ و گدا کا تاج
خیبر مین سرفرازی حیدر یہ حق نے کی	۲	جبریل لائے انکے لیے لافتا کا تاج
مثل رسول پاک مبرا ہو جسکی ذات	۳	زیبا اسیکے فرق پہ ہی مصطفے کا تاج
جنت مین ڈھونڈھ ڈھونڈھ کے لیجائینگے ملک	۴	جنکے سرون پہ ہوگا علی کے ولا کا تاج
کیون سر سے اپنے پھینکین نہ مندیل جبرئیل	۵	مسجد مین تر ہو خون سے جب مرتضی کا تاج
کہتے تھے شاہ اسکا نواسہ ہون ظالمو	۶	نعلین جسکی ہین سرِ عرشِ علی کا تاج

روز الست دیکھ کے شستد رہین و حین	۷	جب شہ نے سر پہ رکھ لیا رنج و بلا کا تاج
لکھا ہی بعد قتل شہ آسمان سریر	۸	خولی نے لوٹا خامس آل عبا کا تاج
شان رسول پھر گئی لشکر کی آنکھ مین	۹	چمکا جو رن مین اکبر گلگون قبا کا تاج
بھکانے شمر آیا تو عباس نے کہا	۱۰	ظالم تو آج پہنے ہی مکر و دغا کا تاج
نعلین شاہ تاج ہین عباس کے لیے	۱۱	مین چاہتا نہین جو ہو بال ہما کا تاج
کہتے تھے شاہ شامیو کچھ تو کرو ادب	۱۲	یہ سر پہ پیسے دیکھو ہی خیر الورا کا تاج
غش آیا انبیا کو فلک تھر تھرا گئے	۱۳	جس دم گرا زمین پہ وہ عرش علی کا تاج
کہتا تھا حر عمر سے کہ خلعت ہی تیرا خوب	۱۴	یا سایہ حسین مین لطف خدا کا تاج
شہ کہتے تھے وہ بیعت سفاک کیا کرے	۱۵	جد جسکا انبیا کا پدر اوصیا کا تاج
پاکر خبر شہادت سرور کی خلد مین	۱۶	سر سے گرا زمین پہ خیر النسا کا تاج
سر نذر حق کیا جو شہ مشرقین نے	۱۷	حق نے دیا شفاعت روز جزا کا تاج
کبرا کا تھا بیان کہ ای چرخ روز عقد	۱۸	سر سے مرے اٹھا لیا مجھ بے ردا کا تاج
۱۹	مداح بس ہی خاک در ابن بوتراب درکار تخت جم ہی نہ چین و خطا کا تاج	

ردیف چ

مجرائی ہیچ ہی یہ ہوس کیمیا ہی ہیچ	۱	جز آرزوے خاک در مرتضی ہی ہیچ
اشک عزاے سید بیکس کے سامنے	۲	دیکھو بہ چشم غور در بے بہا ہی ہیچ

انصار شاہ کہتے تھے بعد آپ کے شہا	۳	دنیا ہی ہیچ راحت دار فنا ہی ہیچ
تھی عرض شاہ حق سے کہ میری نگاہ مین	۴	جو کچھ ہی تو ہی اور ترے ماسوا ہی ہیچ
کہتا تھا ابن سعد سے حر میرے سامنے	۵	دنیا کا عز و جاہ ترا بے حیا ہی ہیچ
صغرا نے لکھا شربت دیدار کے سوا	۶	میرے مرض کو یا ابتا ہر دوا ہی ہیچ
کہتے ہین خضر یون صفت خاک پاک مین	۷	خاک شفا کے سامنے آب بقا ہی ہیچ
رو رو کے شاہ کہتے تھے اکبر کی لاش پر	۸	جینا تمہارے بعد مرے مہ لقا ہیچ ہیچ
صوم و صلات و عمرہ و حج و زکات و ورع	۹	بے حب آل پاک رسول خدا ہی ہیچ
بہکانے شمر آیا تو عباس نے کہا	۱۰	تف بر تیری بانی جور و جفا ہی ہیچ
مال و منال و سلطنت میر شام بھی	۱۱	پیش غلام خامس آل عبا ہی ہیچ

مداح کے عقیدہ مین تاثیر ہر عمل
ہے آپ کی ولا کے شہ کربلا ہی ہیچ

مجرئی یون شاہ کی تصویر کھینچ	۱	حلق اقدس پر خط شمشیر کھینچ
بوالہوس خاک شفا ہوتے ہوے	۲	تو نہ ہار منت اکسیر کھینچ
سبزی و سرخی حنا سے بے قلم	۳	یون شبیہ شہر و سپہر کھینچ
ایک مین سبزی ہو سرخی ایک مین	۴	یون شبیہ شہر و سپہر کھینچ
تھی شب عاشور حر کی التجا	۵	حق کی جانب مالک تقدیر کھینچ
کھینچ یون تصویر عباس و علم	۶	مشک کھینچ اور اسکے اوپر تیر کھینچ

یاد کرکے زاری اہل حرم	۸	تو بھی اے دل نالۂ شب گیر کھینچ
کہتے تھے رہ گیر یہ سجاد سے		خار تو تلوون سے اے دلگیر کھینچ
بولی زینب دختر زہرا ہو نہین	۹	میری چادر کو نہ اے بے پیر کھینچ
شمر سے بانی سکینہ نے کہا	۱۰	ورنہ میرے ظالم بے پیر کھینچ
کہتے تھے حضرت مین رکنے کا نہین	۱۱	میرے دامن کو نہ اے شمشیر کھینچ
راہ مین عابد سے کہتے تھے عدو	۱۲	جلد جلد اونٹون کو اے دلگیر کھینچ
بولی بانو غش مین ہو عابد مرا	۱۳	شمر بستر سے نہ بے تقصیر کھینچ
از برائے انتقام خون شاہ	۱۴	قائم آل عبا شمشیر کھینچ

	۱۵	روضۂ شہ کی طرف مداح کو اے دعا، مسیح کی تاثیر کھینچ

ردیف ح

ہزارون کھائے زمین چرخ نے ٹھوکر کی طرح	۱	ملیگا ایک نہ صابر شہ زمان کی طرح
خدا کی راہ مین کس شوق سے کیے قربان	۲	جنھین حسین نے پالا تھا برمین جانکی طرح
خیام شاہ مین در آئے اہل جفا	۳	جہان پہ رہتے تھے جبریل پاسبانکی طرح
حرم تھے اونٹون پہ بے مقنعہ و ردا سوار	۴	مہار تھامے تھے سجاد ساربان کی طرح
گئے فرات پہ لیکن پیا نہ قطرۂ آب	۵	غیور رہو گا نہ سقائے تشنگان کی طرح
ملی پناہ نہ اصغر کو تیر اظلم سے	۶	چھپایا گوشہ مین گو شاہ نے کمان کی طرح

حسین کہتے تھے دورِ جہانمین آج تلک	۷	لٹا نہ باغ کوئی میرے بوستان کی طرح
جو لڑنے ماہ بنی ہاشم آیا میدان مین	۸	سپاہ شام کی بدلی پھٹی کتا نکی طرح
کہا یہ حُر نے دمِ نزع شہ سے اے مولا	۹ ق	یہ کون روتا ہی پہلو مین میری مانکی طرح
جواب مین کہا شہ نے یہ روتی ہین زہرا	۱۰	عزیز رکھتی ہین تجھکو وہ میری جانکی طرح
جو کربلا مین مواہی وہ زندۂ جاوید	۱۱	حیات ملتی ہی وان تا ابد جنانکی طرح
چڑھے جو پشت پیمبر پہ عید کو شبیر	۱۲	تھے گیسوان نبی ہاتھ مین عنانکی طرح
لپٹ کے لاشۂ اکبر سے غش ہوے مولا	۱۳	تڑپتا پایا جو ند بوج نیم جان کی طرح
ملی حبیب کو جسوقت رخصت میدان	۱۴	وہ آئے معرکۂ جنگ مین جوانکی طرح
کہا یہ شمر سے عباس نے کہ اے مردود	۱۵ ق	ترا یہ کلمہ جگر پر لگا سنان کی طرح
مین چھوڑون واسطے دنیا کے ساتھ اس شہ کا	۱۶	عزیز رکھتا ہی جو مجھکو اپنی جان کی طرح

۱۷	ہمین تمازتِ محشر کا خوف کیا مداح ردا بتول کی ہوئیگی سائبان کی طرح

مجرائی کیا ہی گریہ نہین ہی ستم صریح	۱	زندان شام مین ہین نبی کے حرم صریح
پردہ سے شاہ نے دیا سائل کو جب دلا	۲	احسان کرتے ہین کہین اہل کرم صریح
بیعت نہین مین کرتے کا فاسق کی بالیقین	۳	فرماتے تھے عمر سے یہ شاہِ امم صریح
کہتے تھے شاہ تم پہ ولا جسکی فرض ہی	۴	مصداق اُسکا شامیو سوچو ہین ہم صریح
حُر نے کہا یہ بھائی سے چل جلد شہ کے پاس	۵	جنت لٹا رہے ہین امام امم صریح

راضی رضاے حق پہ رہے سید امام	۶	کیا کیا دیے عدو نے نہ رنج والم صریح
بالی سکینہ کہتی تھی اب کون اُٹھائیگا	۷	مثل حسین یہ مرے ناز و نعم صریح
کہتا تھا شمر وعدۂ عقبیٰ پہ چھوڑے کون	۸	اِسکو جو آج ملتا ہی جاہ و حشم صریح
کیا قہر ہی کہ پردہ مین سنیان کی ہو آل	۹	اور دربدر پھرین حرم محترم صریح
کیسا غضب ہی کاٹا گیا شمر حلق شاہ	۱۰	آیا کیے نظر اُسے خیر الامم صریح
سجاد بیگناہ ہی سنتا تھا اِسکو کون	۱۱	زنجیر کا یہ نعرہ تھا گوہر قدم صریح
افسوس پیاسے رہگئے بچے امام کے	۱۲	اور موجین مارتا رہا دریا بہم صریح
۱۳	مداح جو جو آل نبی پر ہوے ستم عاجز ہی اُسکے لکھنے سے میرا قلم صریح	

(ردیف خ)

کیون مجرئی پہ ہو نہ طعام اور آب تلخ	۱	جب شہ سوال آب کا پائین جواب تلخ
صغرا نے لکھا شاہ کو فرقت مین آپکی	۲	ہی زندگی مجھے شہ گردون جناب تلخ
یاد آئے جبکہ تشنگی شاہ تشنہ لب	۳	کیونکر نہ مومنین پہ ہو شہد ناب تلخ
اِس مرتبہ مین سوختہ دل غم مین مومنین	۴	ہین اشک اِنکے جیسے کہ اشکِ کباب تلخ
مُنھ ڈالا اسپ نے نہ آبِ فرات مین	۵	بے شہ کے پانی پینے کو سمجھا دو آب تلخ
کہتا تھا حر عمر سے کہ شہ کے سوال پر	۶	تیرا جواب مین نے سنا نا صواب تلخ
آگاہ ہو کہ دولتِ دنیا دو روزہ ہی	۷	سب نعمتین یہ ہوینگی روز حساب تلخ

مین جاتا ہون حسین کیجانب کو شک نہین	۸	مجھکو گوارا ہوگا نہ ہرگز عذاب تلخ
عباس بولے شمر سے مین آؤن اُس طرف	۹	کیا گفتگو ہی تیری یہ خانہ خراب تلخ
اکبر سے بانو کہتی تھی خواہش ہی مرنے کی	۱۰	مان واری کیون ہی آپکو ایسا شباب تلخ
کہتا تھا شمر رات کو روئین نہ اہلبیت	۱۱	نوحہ سے اِنکے ہوتا ہی حاکم کا خواب تلخ
سر جب کھلا تو کہتی تھے رو رو کے یون حرم	۱۲	اک لمحہ زندگی ہی ہمین بے نقاب تلخ

مداح پیروی علی مین ہین فائدے	۱۳	
ظاہر مین گو یہ ہوئے مثال گلاب تلخ		

ردیف دال

اللہ کا دربار ہی دربار محمدؐ	۱	جبریل ہی اک خادم سرکار محمدؐ
جو حکم پیمبر ہی وہی حکم خدا ہی	۲	جو وحی خدا ہی وہی گفتار محمدؐ
جسطرح سے واقف تھے نبی راز خدا سے	۳	تھے شیر خدا واقف اسرار محمدؐ
یوسف کے تو دیدار کا عالم تھا طلبگار	۴	یوسف تھے مگر طالب دیدار محمدؐ
واللیل کی تفسیر ہی گیسوے معنبر	۵	والشمس کا مقصود ہی رخسار محمدؐ
بسم اللہ قرآن ہی جبین شہ لولاک	۶	محراب حرم ابروے خمدار محمدؐ
ہین بوسہ گہ حور و ملک آپکی نعلین	۷	اور تاج سر عرش ہی دستار محمدؐ
ذات آپکی ہی مطلع انوار الٰہی	۸	ہین سارے نبی لمعہ انوار محمدؐ
فرزند کو اپنے کیا امت پہ تصدق	۹	اے صل علی بخشش و ایثار محمدؐ

سوئے شبِ ہجرت کو علی فرشِ نبی پر ۱۰ یہ عاشقِ جانباز ہی غمخوارِ محمدؐ
کیون لشکرِ اسلام ظفریاب نہوتا ۱۱ منصور من اللہ تھے انصارِ محمدؐ
جبریل جلو دار نبی تھے شبِ معراج ۱۲ میکال تھے اک غاشیہ بردارِ محمدؐ

۱۳ کیون وجد مین آئین نہ محبانِ حسنؑ کے تری نظم
مداح ہی تو بلبلِ گلزارِ محمدؐ

ہوتا نہین اس چرخ کا مجرائی ستم بند ۱ زندان مین ہوے شیرِ الٰہی کے حرم بند
اے جورِ فلک بند کیا پانی تو شہ پر ۲ اور بہرِ حسنؑ تونے کیا کوزہ مین سم بند
ثابت ہی کہ شربت دیا قاتل کو علی نے ۳ دشمن پہ بھی اِنکا نہ ہوا دستِ کرم بند
انصار و عزیزانِ شہ دین تھے بہتر ۴ اور فوجِ عدو جمع اودھر لاکھ قلم بند
کہتی تھی سکینہ کہ گلا کھول دو بھائی ۵ رسی سے گلا چھلتا ہی اور ہوتا ہی دم بند
اکبرؑ نے کہا نہر سے اُٹھینگے جو خیمے ۶ پانی ابھی کر دینگے عدو شاہِ امم بند
ان اشکون سے دھو جاتے ہین سب نامۂ عصیان ۷ رونا نہ ہو اس بزم مین اے دیدۂ نم بند
رنج والم و ارمحن سب ہین دو روزہ ۸ پر حشر تلک ہوگا نہ شبیرؑ کا غم بند
ہین شیرِ خدا نعرہ کنان کنجِ لحد مین ۹ زندان مین ہوے جیسے غزالانِ حرم بند
فریاد تھی زینب کی مدد کیجیے بابا ۱۰ اس خانۂ تاریک مین کب تک رہین ہم بند

۱۱ مداح ندا حشر مین دیگا یہ منادی
حیدرؑ کے محبون پہ نہین باغِ ارم بند

سالک مسلکِ تسلیم و رضا ہی عابد	۱	مجرئی قید ہی پر عقدہ کشا ہی عابد
طوق گردن مین ہی اور پاؤن مین دوہری زنجیر	۲	شکر ہی لب پہ یہ راضی برضا ہی عابد
کہا زینب نے یہ حاکم سے نہ کر قتل اِسے	۳	لنگرِ زورقِ امت بہ خدا ہی عابد
گو کہ تکلیف بہت دیتے ہین اظلم اُسکو	۴	پھر بھی اُنکے لیے مصروف دعا ہی عابد
راہ مین کوچہ مین دربار مین اور زندان مین	۵	غل ہی زنجیر کا بے جرم و خطا ہی عابد
کہا قاصد نے یہ صغرا سے ہوا کنبہ شہید	۶	ساتھ عشرت کے گرفتار بلا ہی عابد
کرکے منہ سوئے نجف کہتی تھی رو کر بانو	۷	یا علی سخت مصیبت مین پھنسا ہی عابد
جلد پوتے کی کرو عقدہ کشائی مولا	۸	تپ سے رنجور ہی محتاج دوا ہی عابد
کہتی تھی بنت علی ظالمون خالق سے ڈرو	۹	کانٹے ہین راہ مین اور برہنہ پا ہی عابد
آدم و نوح سے یعقوب سے اور یوسف سے	۱۰	رونے والونمین غرض سب سے سوا ہی عابد
جو زیارت کو گیا آپ کے اُسنے دیکھا	۱۱	عید کے روز بھی مصروف بکا ہی عابد
کرکے عابد کو وصیت یہ کہا سرور نے	۱۲	اب مرے بعد امام دوسرا ہی عابد
حکم جو اِسکا ہی وہ حکم خدا ہی بیشک	۱۳	واقفِ رازِ رسول دوسرا ہی عابد
باپ ہی آٹھ اماموں کا بحکم خالق	۱۴	مخزن و کانِ امامت بہ خدا ہی عابد
بارھوین ماہ محرم کو بہ حکم حشام	۱۵	مثلِ غم کشتۂ الماس دغا ہی عابد

حجرِ اسود ہوا جسکے لیے گویا مداح	۱۴
وہ امام دو جہان راہنما ہی عابد	

اے آنکہ فرق ادبہ درِ مرتضیٰ رسید	۱	آن را کلاہ فخر بر اوجِ سما رسید
ہر گہ سوارِ دوشِ نبی شد سوارِ خشم	۲	اول بپائے بوسیٔ سرورِ قفا رسید
در ماتمِ حسین گریبان کنید چاک	۳	عریان کنید فرق کہ ماہِ عزا رسید
با دخزان و ربیع دران موسمِ بہار	۴	در گلشنِ جنابِ رسولِ خدا رسید
در شہرِ شام جمعِ تماشائیان شدند	۵	چون سر برہنہ دخترِ خیر النسا رسید
غلطان بخاک یافت رفیقانِ شاہ را	۶	چون قاصدِ مریضہ بہ کرب و بلا رسید
سوئے پدر بدید ہمان لحظہ داد جان	۷	بر گردنِ صغیر چو تیرِ قضا رسید
از اسپ چون جدا شدہ فرزندِ مرتضیٰ	۸	خنجر گرفتہ شمرِ لعین بر قفا رسید
مسلم بگفت عرض بکن پیشِ شاہِ دین	۹	از اہلِ کوفہ انچہ بمن ای صبا رسید
از فرطِ لطف شاہ بہ آغوشِ خود گرفت	۱۰	وانگہ کہ دست بستہ حرِ باوفا رسید
از دستِ شامیان جفا پیشہ بد شعار	۱۱	بینند دوستان کہ بہ سرورِ چہا رسید
از غم فتادہ زلزلہ در قبرِ فاطمہ	۱۲	از قید چون رہا شدہ زین العبا رسید
مداح را چہ غم بود از روزِ رستخیز ہر گہ بدامنِ مشکلکشا رسید	۱۳	

ردیف ذال

بعد سرور جو ہوے آل پیمبر ماخوذ	۱	مجرئی کیا لکھون جسطرح تجھے مضطر ماخوذ
لاش شہ سے کہا زینب نے کرے کیونکر دفن	۲	فوج سفاک مین مولا ہی یہ خواہر ماخوذ

انقلاب ایسا زمانے مین ہوا تھا نہ کبھی ۳ فوج روباہ مین ہی دخترِ حیدر ماخوذ

کہتا تھا حاکمِ اظلم مجھے چین آتا نہین ۴ رات بھر نیند اور آتی ہے مین رو کر ماخوذ

کہتے تھے شامی نہین دیکھے کبھی ایسے اسیر ۵ قید مین رہتے تھے گو پہلے بھی اکثر ماخوذ

آئے اعجاز سے مقتل مین پے دفنِ حسین ۶ گو کہ زندان مین تھے عابدِ مضطر ماخوذ

کر کے منہ سوے نجف کہتی تھی رو کر زینب ؑ آپکا کنبہ ہی یا حیدرِ صفدر ماخوذ

مشکل آسان کرو آکے یدالله ہو تم ۸ قید سے تمنے تو چھڑوائے ہین اکثر ماخوذ

حکم حاکم نے دیا لائیو دربار مین بعد ۹ سر کھلے پہلے پھرین شہر مین در در ماخوذ

مومنو صبر یہ تھا حصہ اولادِ رسول ۱۰ جھک گئے سجدہ کو زنجیر پہنکر ماخوذ

بیبیان سر کھلے تھین اونٹون کے اوپر اسوار ۱۱ ساربان اونٹون کا تھا عابدِ بے پر ماخوذ

کون دفنا تا بھلا لاشۂ بے سر کو آہ ۱۲ مان گرفتار پھوپھی قید برادر ماخوذ

تازیانون کے ستم تھے تو کبھی سیلی کے ۱۳ چین پاتے تھے نہ جلادون سے دم بھر ماخوذ

کہتی تھی خانۂ زندان مین یہ رو کر بانو ۱۴ دیکھیے چھوٹتے ہین قید سے کیونکر ماخوذ

لاش اکبر پہ کہا بانو نے چادر بھی نہین ۱۵ کس طرح تمکو کفن دے کہ ہی مادر ماخوذ

معرکہ حشر کا اسدن تھا مدینہ مین عیان ۱۶ جب سنا کوفہ مین ہین آلِ پیمبر ماخوذ

دیکھتا تھا جو وہی پیٹ کے سر کہتا تھا ۱۷ حیف اک تازہ وطن بھی ہی کھلے سر ماخوذ

دیکھکر بچون کو اور بیٹون کو کہتے تھے سب ۱۸ آج ہی دیکھے ہین ہمنے مہ و اختر ماخوذ

خوف عقبیٰ نہین مداح کسی کے دل مین

فکر دنیا مین ہین یون شاہ و قلندر ماخوذ

کیا ہو نان خشک حیدر سے لذیذ	۱	ہو سلامی جو مزعفر سے لذیذ
آرد جو پھانک کر بولے علی	۲	یہ تو ہو قند مکرر سے لذیذ
کہتے ہین راوی طعام میہمان	۳	تھا طعام خاص شپر سے لذیذ
جسکو تھا اقرار حب مرتضےٰ	۴	ہو وہ پانی حکم داور سے لذیذ
شہ نے چوسی تھی زبان مصطفےٰ	۵	جو تھی بیشک شہد و شکر سے لذیذ
کہتے تھے انصار آب تیغ تیز	۶	ہمکو ہو یہ شیر مادر سے لذیذ
حر یہ بولا آب دریا ای عمر	۷	سچ بتا ہو آب کوثر سے لذیذ
خوان سرور کا مجھے نان و نمک	۸	ہو ترے حلوائے خوشتر سے لذیذ
کہتے تھے حیدر کہ ہمکو نان جو	۹	ہو طعام خوان قیصر سے لذیذ
آب پیکان پی کے اصغر نے کہا	۱۰	ہو یہ مجھکو شیر مادر سے لذیذ
کہتے تھے شامی کہ شہ کی گفتگو	۱۱	ہو بلاشک شیر و شکر سے لذیذ
شہ نے فرمایا کہ راہ حق مین پیاس	۱۲	ہو مجھے آب مقطر سے لذیذ
۱۳	سچ یہ ہو مداح کوئی اور ذکر کب ہو ذکر مدح حیدر سے لذیذ	

(ردیف ر)

صبر کس درجہ کیا تھا سختی کفار پر	۱	ختم ہو حق رسالت احمد مختار پر

جو حق جو حق اگر ہوے سب داخل دینِ رسول ۲ خیر ظاہر ہوگئی جب فرقۂ اشرار پر
کیون نہو تا شکرِ اسلام ہر جا فتحیاب ۳ سایۂ فضلِ خدا تھا آپ کے انصار پر
رحمۃ للعالمین ہی کون حضرت کے سوا ۴ جو کرے لطف و کرم امت کے حال زار پر
سر کٹایا گھر لٹایا کر دیے بیٹے فدا ۵ تجھے حسین ابنِ علی ثابت قدم اقرار پر
فرق جو تھا احمد و موسیٰ مین بتین دیکھ لو ۶ انکو لینے گھر پہ آئے وہ گئے کہسار پر
اسقدر نزدیکی حضرت تھی منظورِ خدا ۷ یان ادب تھا اور وان اصرار تھا اصرار پر

نی بھروسہ ہی عمل کا اور نہین کچھ کارِ خیر
تکیہ ہی مداح کا مولا تری سرکار پر

کسکے مداح ہون ہم ذاکر سرور ہوکر ۱ جائین کس در پہ گدا اے حیدر ہوکر
خلد ملنے کے لیے حب علیؑ ہی درکار ۲ قصرِ جنت مین نہین پائینگے قیصر ہوکر
اللہ اللہ خوشا اوج ثناخوانِ حسینؑ ۳ زیرِ پا تختِ سلیمان کا ہی ممبر ہوکر
دیکھکر قدر دُرِ اشک عزاے شبیر ۴ آب نیسان کو پشیمانی ہی گوہر ہوکر
بولی حاکم سے یہ زینب ہی غلط تیرا خیال ۵ مین ڈرون حیدرِ کرار کی دختر ہوکر
پسرِ سعد سے شہ بولے ہی اصرار عبث ۶ پیر و غول ہون مین خلق کا رہبر ہوکر
وعدہ اک خالقِ اکبر سے تھا اک شیریں سے ۷ کیا مولا نے وفا دونون کو بے سر ہوکر
کہتے تھے جن و ملک اسمین ہی کچھ رمز خدا ۸ شہ جو ہین تشنہ دہن مالکِ کوثر ہوکر
بیٹیان صاحبِ تطہیر کی اے پیرِ فلک ۹ پھرین بازارون مین بے مقنعہ و چادر ہوکر

کہا اکبر سے یہ بانو نے کر دو تم انصاف ۱۰ دون رضا مرنیکی مین آپ کو مادر ہو کر
جب چڑھا سینۂ شبیر پہ شمر سفاک ۱۱ نکلے خیمہ سے حرم شش در و مضطر ہو کر
تیر سہ شعبہ جو گردن پہ لگا اصغر کے ۱۲ رہگئے سبط نبی صدمہ سے شش در ہو کر
دیکھے شبر نے سر تاج شفاعت پایا ۱۳ ملی سرداری محشر انھین بے سر ہو کر
شہ نے زعفر سے کہا سوچ یہ کب ممکن ہی ۱۴ مین مدد لون خلف ساقی کوثر ہو کر
ڈر ہی کیا حشر کا سرور کے غزادارونکو ۱۵ شاہ بخشائینگے خود شافع محشر ہو کر
سر شہ ہاتھون پہ اور دوش پہ لاش اصغر ۱۶ حشر مین فاطمہ یون آئینگی مضطر ہو کر
شمر عباس سے کہتا تھا تعجب ہی مجھے ۱۷ آب سقائی کرین ثانی جعفر ہو کر
آپ یان آئین تو موجود ہین سب جاہ و حشم ۱۸ جان دیتے ہین عبث جانب سرور ہو کر
ہی یہان خلعت و جاگیر و حکومت حاصل ۱۹ وان کفن تک بھی نہین ملنے کا بے سر ہو کر
کہا عباس نے للکار کے چپ ای مردود ۲۰ تیری یہ بات لگی سینہ پہ نشتر ہو کر
مین پھرون سبط رسول دوسرا بد خو سے ۲۱ چھوڑ دون حیدر صفدر کو مین قنبر ہو کر
حشر کے روز بہت اُسکو ندامت ہوگی ۲۲ مدح حیدر نہ لکھی جس نے سخنور ہو کر
دیکھے فدیہ علی اکبر کو ہوے شاہ خلیل ۲۳ خود ذبیح رہِ خالق ہوے بے سر ہو کر

۲۴ آرزو ایک یہ باقی ہی فقط ای مداح
در سرور پہ رہون خادم سرور ہو کر

سلامی سر پے تسلیم خم کر ۱ مودب ہو کے حال شہ رقم کر

سلامی سر کو آنکھون کو قدم کر	۲	سفر سوے درِ شاہِ امم کر
سلامی مدحت حیدر رقم کر	۳	نہ وصف جام کرنے ذکر جم کر
رو کا خنجر گلے پہ بوے سرور	۴	قفا سے سر مرا ظالم قلم کر
ارے یہ بوسہ گاہ احمدی ہی	۵	خدا سے ڈر نہ اے اظلم ستم کر
اگر ہی زشتیِ اعمال دھونا	۶	غم سرور مین ہر دم چشم نم کر
جو چاہے سرخروی محشر مین اٹھنا	۷	سیہ پوشی مین تقلید حرم کر
کہا زینب سے لے چادر نہ اے شمر	۸	سوا اِسکے جو تو چاہے ستم کر
کہا مسلم کے بیٹون نے کہ حارث	۹	ہمین تو بیچ لے زلفین قلم کر
نہ کر تو قتل ہمکو اے جفاکار	۱۰	یتیمی پر ہماری یہ کرم کر
کہا خولی سے زینب نے یہ رو کر	۱۱	ستم بچون پہ اے سفاک کم کر
کہا حر نے ہی دل پژمردہ مولا	۱۲	مجھے سرسبز اے ابرِ کرم کر
اگر منظور ہی خوشنودی حق	۱۳	ہر اک دم سرور بیکس کا غم کر
ہدایت کی بہت سی شہ نے انکو	۱۴	جو آئے سامنے کفار جسم کر
جو آیا لوٹنے کو بولی زینب	۱۵	عمر کچھ حرمت اہل حرم کر
اگر دنیا مین جنت دیکھتے ہو	۱۶	طواف روضۂ شاہ امم کر
۱۷	دعا مداح کی ہی یہ خدایا عزادارون کا گھر باغِ ارم کر	

ردیف ز

اُنپر سلام جنکو نہ تھی شہ سے جان عزیز	۱	اُنکو ہراکے لال سے نہ کیا خانمان عزیز
رکھتے تھے اُنکو جان سے شہ انس و جان عزیز	۲	جنکو ہوئی نہ سرور عالم سے جان عزیز
حر کہتا تھا عمر سے کہ اوبحس ابن سعد	۳	رے تجکو اور ہی مجھے باغ جنان عزیز
زینب نے عرض کی مرے بیٹونکو مرنے دو	۴	رکھتے ہین آپ گر مجھے شاہ زمان عزیز
کہتے تھے شاہ راہ مین خالق کے لاکلام	۵	اکبر نہ پیارا مجکو ہی نے بے زبان عزیز
نسبت نہین خلیل کو سرور سے بیگمان	۶	تھی اُنکے پاس فدیہ کو اتنی کہان عزیز
سجاد بولے مسلک حق پر جو چلتے ہین	۷	زنجیر اُنکو پیاری ہی طوق گران عزیز
در وادیانہ کوفیون نے شہ کو جام آب	۸	کہتے ہین میزبان کو ہی میہمان عزیز
کہتے تھے شاہ بہر رضامندی خدا	۹	لخت جگر سے ہی مجھے زخم سنان عزیز
گر دیکھ پاتے روے شبیہ رسول حق	۱۰	یوسف کو اتنا رکھتے نہ کنعانیان عزیز
ناوک فگن سے بولا عمر جلد کر شہید	۱۱	شبیر کو زیادہ ہی یہ بے زبان عزیز
مشکل تھی رستگاری ہماری بروز حشر	۱۲	گر جان اپنی کرتے نہ شہ انس و جان عزیز
خدمت تھی جبرئیل کو جھولا جھولانیکی	۱۳	اتنے تھے حق کو سرور تشنہ دہان عزیز
کیا صبر تھا کہ کرتے تھے شہ شکر کبریا	۱۴	گر کر زمین پہ ہوتا تھا جسد طپان عزیز
انصار شاہ کہتے تھے الحق حسین سے	۱۵	اولاد ہی نہ پیاری نہ روح روان عزیز
کہتی تھی روح فاطمہ بزم حسین مین	۱۶	مثل عزیز مجھکو ہی ہر نوحہ خوان عزیز

بستے ہین جو جوارِ رواقِ امام مین	۱۷	کوثر کی اُنکو چاہ نہ باغِ جنان عزیز	
	۱۸	مداح ہی یہ برکتِ ذکرِ شہ زمن جو سامعین کو ہی ترا طرزِ بیان عزیز	
مجرائی کیون نہ ہم کرین آہ و بکا ہنوز	۱	پیشِ نظر ہی معرکۂ کربلا ہنوز	
روتے ہین رات دن غمِ سرورِ انبیا	۲	مرقد مین نعرہ زن ہین رسولِ خدا ہنوز	
سر پر ہی فاطمہ کے ابھی چادرِ سیاہ	۳	بدلا نہین بتول نے رختِ عزا ہنوز	
ہی روضۂ علی مین تو ماتم حسینؑ کا	۴	غمگین ہین نوح و آدم و شیرِ خدا ہنوز	
ہی خانۂ خدا ابھی عزا خانۂ حسین	۵	کالا لباسِ کعبہ کا ہی بر ملا ہنوز	
روضہ مین شہ کے فاطمہ کے رونیکی صدا	۶	سنتے ہین خادمانِ شہ کربلا ہنوز	
روتا ہی ابرِ تشنگیِ شاہِ تشنہ پر	۷	اِس غم سے ہی زمین کو بھی زلزلہ ہنوز	
زینب جو بے ردا پھری بازارِ شام مین	۸	اِس غم سے سر کو کھولے ہین خیر النسا ہنوز	
ہی ہی حسینِ کشتۂ بیداد اشقیا	۹	دشت و جبل سے ہی یہی ہر دم صدا ہنوز	
کہتی تھی لاشِ شاہ کرے کون ہم کو دفن	۱۰	زندانِ شام مین ہی مرادِ دلربا ہنوز	
غش فاطمہ کو آگیا قاصد کو دیکھکر	۱۱	کہنے بھی کچھ نہ پایا تھا وہ ماجرا ہنوز	
صغرا کا تھا بیان کہ مجرم بھی آگیا	۱۲	گھر کو پھرے نہ ہا شہ دوسرا ہنوز	
صغرا نے لکھا پانچ مہینے گذر گئے	۱۳	جاری رہی مریض کی مولا دوا ہنوز	
شب کو نہ نیند آتی ہی نہ دن کو چین ہی	۱۴	بے آب کے نہین ہی امید شفا ہنوز	

آپ آؤ یا بلاؤ مجھے یا شہ زمن	۱۵	ہی آپ سے کنیز کی یہ التجا ہنوز
کہتی تھی بانو دیر ہوئی یا شہ زمن	۱۶	رن سے پھرا نہ اکبر گلگون قبا ہنوز
حُر سے کہا امام نے دعوت مین کیا کرون	۱۷	بچہ ہین تین دن سے مرے بےغذا ہنوز
قاسم کو راست آئی نہ مہندی عیاہ کی	۱۸	دل میرا خون ہی کہتا ہی برگ حنا ہنوز
مقبول زیر قبۂ شبیر ہی دعا	۱۹	ہی زائرون پہ شہ کے یہ لطف و عطا ہنوز
حق نے دیا ہی تربت سرور کو یہ اثر	۲۰	جس سے مریض پاتے ہین بالکل شفا ہنوز
	۲۱	پاکر معین آپ سا یا شاہ حیف ہی مداح کو ملا نہ دُرِ مدعا ہنوز

ردیف س

چل ای سلامی روضۂ شاہِ زمن کے پاس	۱	لازم ہی آشیانۂ بلبل چمن کے پاس
کیا لیکے جائین نذر کو ہم نیچتن کے پاس	۲	جز مدح اور کچھ نہین اہلِ سخن کے پاس
تشبیہ لکھی یہ لب و دندان شاہ کی	۳	در عدن جڑے ہین عقیق یمن کے پاس
خالق نے بھیجے حُلّۂ جنت بروز عید	۴	پوشاکِ نو نہ تھی جو حسین و حسن کے پاس
ہٹ کی جو شہ نے بچۂ آہو کے واسطے	۵	حکم خدا یہ پہونچا ختن مین ہرن کے پاس
رونے نہ پائے دلبر زہرا شتاب جا	۶	بچہ کو اپنے لیکے رسول زمن کے پاس
آکر فشار پاس سے مومن کے ہٹ گیا	۷	دیکھے جو قبر خاک شفا کے کفن کے پاس
بیٹون کو پیش کرکے یہ زینب نے عرض کی	۸	صدقہ کو اور کچھ نہین بھیا بہن کے پاس

حوروں نے دشتِ قتل کے پیاسوں کے واسطے ۹ بھر بھر کے جام رکھے تھے نہر لبن کے پاس
کس پیار سے سکینہ نے دامن پکڑ لیا ۱۰ آئی جو نیگ مانگنے ابن حسن کے پاس
خویش و رفیق کہتے تھے ہیں خالی ہاتھ ہم ۱۱ اک نقد جان ہے صدقے کو ستر دو تن کے پاس
عاشور کی تھا شب سے یہ حُر جری کا قول ۱۲ ق جاؤنگا کل میں دلبر خیبر شکن کے پاس
ناجی وہی ہیں جو کہ ہیں پیرو حسین کے ۱۳ مفتاح باب خلد ہے تشنہ دہن کے پاس
خیمہ میں اک قیامت کبرا ہوئی بپا ۱۴ رخصت کو وہ وطا جس گھڑی آیا وطن کے پاس
کیا معجزہ ہے بند تھی آواز ناؤ نے ۱۵ پہونچے حرم یزید کی جب انجمن کے پاس
دیکھا سکینہ نے جو سر شاہ طشت میں ۱۶ منہ رکھکے منہ پہ ہوگئی بیہیں لگن کے پاس
کیا صبر تھا کہ دیکھتے ہی سجدہ کو جھکی ۱۷ شہ لائے لاش بیٹوں کی جسدم بہن کے پاس
کہتی تھی بانو اتنی تو اکبر کی ہوتی عمر ۱۸ سبزہ جو دیکھ لیتی میں چاہ ذقن کے پاس
اہل مدینہ لینے گئے سر کو پیٹتے ۱۹ پہونچا حرم کا قافلہ جسدم وطن کے پاس
اک تیر مارا ظالم بیدین نے ہونٹ پر ۲۰ پانی نہ لانے پائے تھے مولا دہن کے پاس
اِک شور آہ و نالہ تھا ہر سو مدینہ میں ۲۱ زینب جو آئی قبر رسول زمن کے پاس
مضطر لحد میں سید مسموم ہو گئے ۲۲ کبرا گئی جو قبر جناب حسن کے پاس
محضر پہ قتل شہ کے کیے سب نے دستخط ۲۳ آئے جو لیکے روح امین بیچتن کے پاس
مشکیزہ لیکے پہونچے جو عباس نہر پر ۲۴ ڈر سے نہ کوئی آتا تھا اُس صف شکن کے پاس
کیا عشق تھا کہ ہر گھڑی عباس باوفا ۲۵ رہتے تھے مثل سایہ امام زمن کے پاس

زینب کا تھا یہ قول مین ہوش سے مطمئن	۲۶	عباس جبتلک ہی شہ بیوطن کے پاس
کیا کیا ہوے ستم نہ محمد کی آل پر	۲۷	پر حرفِ شکوہ آنے نہ پایا دہن کے پاس
پہچانا فاطمہ نے نہ ماں کو نہ بہنون کو	۲۸	آئے حرم جو فاطمۂ خستہ تن کے پاس
مارا جو تیر گردن اصغر پہ بے خطا	۲۹	مجمع تھا اہلِ شام کا نادک فگن کے پاس
قاصد جو آیا لاشۂ اکبر سے بولے شاہ	۳۰	جاتے نہین ہو لینے کو بیٹا بہن کے پاس
لکھا ہی روزِ قتل سے تا روزِ دفن شاہ	۳۱	آتا تھا شیرِ لاش شہ خستہ تن کے پاس
	۳۲	مداح کو نصیب ہو طوف ضریح پاک پہونچے یہ عرضداشت شہ ذوالمنن کے پاس

ردیف ش

گاڑی گئی نہ سبط رسول زمن کی لاش	۱	مجرائی بیکفن رہی تشنہ دہن کی لاش
تھا بیچ مین تو لاشۂ سلطان بحر و بر	۲	تھین گرد و پیش شاہ کے ستر و تن کی لاش
زینب کا تھا یہ نوحہ شب و روز قید مین	۳	یا بو تراب خاک پہ ہی بیوطن کی لاش
جز لاشہاے یاور و انصار شاہ دین	۴	دفنائی اہلِ شام نے ہر پرفتن کی لاش
ریتی پہ با وغش ہوئی سر پیٹ پیٹ کر	۵	دیکھی جو زیر زین اصغر غنچہ دہن کی لاش
سایہ کنان تھے لاش پہ سرور کی سب طیور	۶	تھی دھوپ مین جو دلبر خیبر شکن کی لاش
عباس کو تھی شرم جو پانی نہ لانے سے	۷	لائے نہ شاہ خیمہ مین اصغ شکن کی لاش
بیوون مین اک قیامت کبرا ہوئی بپا	۸	آئی جو گھر مین اکبر گل پیرہن کی لاش

تھا وقت دفن نوحہ یہ کبرا کا لاش پر	۹	ہی ہی اُٹھائی تمنے نہ دو طھاؤ طھن کی لاش
پامال ایسے ہو گئے تھے شہ نہ لا سکے	۱۰	خیمہ مین رن سے قاسم ابن حسن کی لاش
دستِ جناب فاطمہ اُسدم ہوے بلند	۱۱	مرقد مین جب اُتاری شہ بیکفن کی لاش
۱۲	مداح اربعین کو عابد نے دفن کی آکر ہر ایک کشتۂ رنج و محن کی لاش	

ردیف ص

مجرائی شاہ کے لیے رنج و بلا تھے خاص	۱	اور رنج کو ازل سے شہ کربلا تھے خاص
تھے خدمت حسین مین گو اور بھی ملک	۲	پر لو ریو نہ حامل وحی خدا تھے خاص
بھیجے خدا نے گو کہ عموماً بہت نبی	۳	خاتم کے مرتبہ کو مگر مصطفےٰ تھے خاص
عمار اور بوذر و سلمان فارسی	۴	یہ یاوران حضرت مشکلکشا تھے خاص
ممکن تھا کس سے کرتا جو خیبر کے در کو وا	۵	اس کام کے لیے شہ خیبر کشا تھے خاص
اکبر کا تھا رجز مری دادی تھی فاطمہ	۶	دادا ہمارے بادشہ لافتا تھے خاص
آتا تھا شیر جو کہ شہ دین کی لاش پر	۷	ثابت ہوا ہی یہ کہ وہ شیر خدا تھے خاص
سرور کا صبر دیکھ کے ایوب کہتے تھے	۸	اس مرتبہ کو آپ ہی روحی فدا تھے خاص
پچپن رفیق و یار تھے اور سترہ عزیز	۹	اتنے ہی جان نثار شہ کربلا تھے خاص
ثابت ہی جتنے شاہ نے مارے تھے اہل شام	۱۰	اُتنے ہی زخم جسم امام ہدا تھے خاص
آئے تھے یون تو شاہ کے ہمراہ سیکڑون	۱۱	عاشور کو جو رہ گئے وہ باوفا تھے خاص

اکملت دینکم جو ہی ارشاد کبریا	۱۲	مقصود اسکا بادشہ اہل اتی کہے خاص
شش ماہہ بچہ ہو ہدف تیر اسی فلک	۱۳	پوشیدہ تجھ مین کب سے یہ جور و جفا تھے خاص
روتے تھے شاہ دین کو حرم یون تو روز و شب	۱۴	سجاد صرف گریہ و آہ و بکا تھے خاص
حر بھائی اور ایک پسر اور اک غلام	۱۵	لاکھون مین اتنے شیفتۂ کبریا تھے خاص
کہتے ہین آنسو دھوئینگے اب زشتی عمل	۱۶	ہم انتظار مین ترے ماہ غزا تھے خاص
پہلے نثار سب سے ہون میرے ہی دلربا	۱۷	زینب کے ورد کلمے یہ صبح و مسا تھے خاص
	۱۸	اظہار کر چکا ہی یہ مداح بارہا جو جو کہ یا امام مرے مدعا تھے خاص

ردیف ض

سرور کی جو غرض ہو وہ تقدیر کی غرض	۱	مجرائی کیا عزیز ہی شبیر کی غرض
عکس رخ علی و پیمبر نے بخشا نور	۲	جب مہر و ماہ کو ہوئی تنویر کی غرض
بیٹون کو پیش کر کے یہ زینب نے عرض کی	۳	صدقہ قبول ہو یہ ہی ہمشیر کی غرض
سجاد بیگناہ ہی سن لے تمام خلق	۴	الحق یہی تھی نالۂ زنجیر کی غرض
آل نبی کا نام نہ رہجاے دہر مین	۵	دل سے یہی تھی حاکم بے پیر کی غرض
رہجاے حق نہ درہم و برہم ہو دین حق	۶	بیعت نہ کرنے سے تھی یہ شبیر کی غرض
بچہ کو تیر مارا ستمگر نے بے خطا	۷	ظاہر نہونے پائی تھی بے شیر کی غرض
شہ پر نثار کرتے جو پھر ہمکو ملتی جان	۸	تھی کشتگان نیزہ و شمشیر کی غرض

گھوڑا رکا تو شہ نے کہا ہو یہین مقام	۹	تھی یان تلک ہی آنے سے شبیر کی غرض
شہ بولے بیکفن رہو نہین بے نقاب تم	۱۰	زینب ازل سے ہی یہی تقدیر کی غرض
	۱۱	مداح کو فیون نے کیے بے رداحرم کیا خوب سمجھے آیۂ تطہیر کی غرض

رکھتے ہین کیمیا سے نہ اکسیر سے غرض	۱	ہی ہمکو خاک مرقد شبیر سے غرض
نظرون سے اُنکے باغ جنان ہی گرا ہوا	۲	جنکو ہی روضۂ شہ دلگیر سے غرض
سب پر شرف ہو آل محمد کا آشکار	۳	تھی یہ نزول آیۂ تطہیر سے غرض
آدم نے نام پنجتن پاک ضم کیے	۴	منظور تھی دعا مین جو تاثیر سے غرض
آپ آئین یا بلائین مجھے شاہ اپنے پاس	۵	ظاہر تھی فاطمہ کی یہ تحریر سے غرض
عباس بولے شمر سے سمجھا مین ای شقی	۶ ق	جو کچھ ہی اس گھڑی تری تدبیر سے غرض
کیون چھوڑے دامن شہ بیکس وہ ہاتھ سے	۷	ہوئے نہ جسکو دولت و جاگیر سے غرض
بس ہی مجھے غلامی ابن ابو تراب	۸	دنیاے زشت کی نہین توقیر سے غرض
کہتے تھے شامی ہمکو کسی سے نہین ہی جنگ	۹	اپنی تو ہی فقط سر شبیر سے غرض
کہتا تھا ابن سعد سے حُر آرزو مری	۱۰ ق	باغ جنان ہی اور تجھے جاگیر سے غرض
سُن ای یزیدی کہتا ہون تجھ سے مین صاف صاف	۱۱	مجھکو نہین ہی حاکم بے پیر سے غرض
کوفہ مین بے رداُنھین پھروایا در بدر	۱۲	ظالم کی تھی جو بیبون کی تحقیر سے غرض
۱۳	مداح پاؤن رتبہ زداری حسین	

بس اِس سے بڑھ کے کچھ نہین توقیر سے غرض

ردیف ط

مجرئی فاطمہ نے پایا جو شبیر کا خط	۱	چوم کر آنکھون پہ رکھا شہ دلگیر کا خط
طالب بیعت حاکم ہوا سرور سے ولید	۲	پایا سفاک نے جب حاکم بے پیر کا خط
کہتے ہین گردن سجاد مین تا وقت اخیر	۳	مثل قمری تھا عیان طوق گلوگیر کا خط
آپ یان آئین تو بیعت کو ہین ہم سب تیار	۴	کوفیون نے یہ لکھا شاہ کو تزویر کا خط
گھر مین اکدم کا ٹھہرنا ہوا دشوار اُسے	۵	جب مسیب کو ملا حضرت شبیر کا خط
بہوین دکھلاتی تھین جعفر کو وطن مین رو کر	۶	شانون پر رسی کا اور پانون پہ زنجیر کا خط
شاہ فرماتے تھے زینب سے کرو صبر بہن	۷	مٹ نہین سکتا ہی خواہر مری تقدیر کا خط
کہتے تھے دل مین نبی کسکو فضیلت دون مین	۸	خوب جب دیکھ چکے شبر و شبیر کا خط
شہ نے قاتل سے کہا ذبح قفا سے مجھے کر	۹	حلق پر میرے نہین پڑنیکا شمشیر کا خط
رکھکے خط فاطمہ کا لاش علی اکبر پر	۱۰	شاہ کہتے تھے پڑھو آیا ہی ہمشیر کا خط
لاولد راہب خستہ کو ملے سات پسر	۱۱	خواہش شہ پہ بدل ہوگیا تقدیر کا خط
	۱۲	شہ کی مداحی کے صدقے مین یقیناً مداح ہاتھ آئیگا ترے خلد کی جاگیر کا خط

ردیف ظ

نہ آب مین ہی سلامی نہ وہ طعام مین حظ	۱	جو مومنین کو ہی ماتم امام مین حظ

یہ وقت نزع کہا حر نے کہ نہین سکتا	۲	ملا جو خدمت شبیر تشنہ کام مین حظ
عزیز و آمد ماہ عزا جو ہی نزدیک	۳	ہی مومنین کو کیا کیا نہ اہتمام مین حظ
غضب ہی قتل سے سبط رسول اکرم کے	۴	عجب طرح کا ہی اک اک کو فوج شام مین حظ
شہید کہتے ہین جو تشنگی مین پایا مزا	۵	نہین ہی ہمکو وہ نہر لبن کے جام مین حظ
ہر ایک لحظہ ہی پیش نظر ضریح علی	۶	یہ مومنین کو ہی وادی السلام مین حظ
حسین کہتے تھے رکھتا ہون حشر پر موقوف	۷	نہین ہی آج کے دن کچھ بھی انتقام مین حظ
بیان عابد مضطر کو سنکے بولا یزید	۸	علی کے مثل ہی ہیار کے کلام مین حظ
کہا یہ شمر سے زینب نے اے لعین تجھکو	۹	ملیگا کیا ہمین لیجاکے ازدحام مین حظ
وہ پانون تخت سلیمان پہ بھی نہین رکھتے	۱۰	ملا قعود مین ہی جنکو اور قیام مین حظ
جو پا برہنہ تھے عابد تو راہ کوفہ مین	۱۱	تھا پاے بوس سے خارونکو گام گام مین حظ
	۱۲	جو مجھ سے پوچھو تو مداح وہ جنان مین کہان جو مومنون کو ہی قرب شہ انام مین حظ

ردیف ع

مجھ سے کیا گو نہین ابھی ماہ عزا شروع	۱	پر ہر طرف ہی نالہ آہ و بکا شروع
ذاکر کرے جو ذکر شہ کربلا شروع	۲	لازم ہی مومنین کرین آہ و بکا شروع
ممبر پہ جب ہو مدحت آل عبا شروع	۳	واجب ہی سامعین کرین صل علی شروع
عاشور کو ہوے ہین اگرچہ شہید آپ	۴	شعبان سے تھا ظلم کا پر سلسلا شروع

اُس دن تھا نور پنجتن پاک پیش حق	۵	ارض و سما کی بھی نہ ہوئی تھی بنا شروع
پیدا ہوے ہین جب سے یہ خاصان کبریا	۶	تیرا ستم تب ہی سے ہی چرخ دوتا شروع
مس کرنے سے حسین کے فطرس کو پر ملے	۷	حضرت کی ہی شروع سے لطف و عطا شروع
مجلس مین پیتے ہین ملک سر کو کھو لکر	۸	ہوتا ہی جبکہ ذکر شہ کربلا شروع
اعدا نے آکے نہر سے خیمے اُٹھا دیے	۹	تاریخ دوسری سے ہوئی یہ جفا شروع
زہرا کرینگی سایہ دامن مجون پر	۱۰	جسوقت ہوگی گرمی روز جزا شروع
کہتے تھے شامی درہم و برہم ابھی ہو فوج	۱۱	سلطان تشنہ لب جو کرین بد دعا شروع
منبر پہ جا کے پھینکا عمامہ کو خاک پر	۱۲	پھر نامہ بر نے شہ کا کیا ماجرا شروع
کی ابتدا قبول مین روح حسین نے	۱۳	خالق نے کی جو قسمت رنج و بلا شروع
کہتے تھے شاہ جنگ کو یان سے کوئی نہ جاے	۱۴	جبتک کرین لڑائی نہ اہل جفا شروع
رخصت کو رنگی پہلے بڑھے شہ کے بھانجے	۱۵	لشکر مین شہ کے جب ہوئی رن کی رضا شروع
اکبر سے بانو کہتی تھی رن کا کرو نہ قصد	۱۶	میٹھا برس ہی تمکو ابھی دلربا شروع
اک تیر پھینک کر یہ کہا ابن سعد نے	۱۷	کرتا ہون شہ سے جنگ کا مین سلسلہ شروع
بعد از نماز عصر دیا شمر نے یہ حکم	۱۸	ہو پائمالی شہدا بر ملا شروع
عباس نے کی عرض جو حکم حضور ہو	۱۹	ادنی غلام شہ کرے جا کر وغا شروع
مداح اشک دھوینگے سب زشتی عمل ہوگا حساب تیرا جو روز جزا شروع	۲۰	

ردیف غ

مجرائی کیون نہ پھٹ کے گرا آسمان دریغ	۱	جسدم گرا زمین پہ امام زمان دریغ
اہل حرم مین شور قیامت ہوا بپا	۲	لائے لعین جب باندھنے کو رسیمان دریغ
پانی ملا تو باد مین اصغر کی بولی ماں	۳	پاؤن تمھین کہان سے مرے تشنہ دہان دریغ
مقتل مین لاش کی سم اسپان سے پائمال	۴	اعدا کو تھا نہ پاس شہ انس و جان دریغ
اکبر کی لاش پر تھے یہ بنت علی کے بین	۵	ناشاد و نامراد مرے نوجوان دریغ
حالت حرم کی دیکھ کے بازار شام مین	۶	کہتے تھے سر کو پیٹ کے پیر و جوان دریغ
اصغر کو تیر مارا جو ظالم نے بے خطا	۷	چلائے فرط حزن سے تیر و کمان دریغ
تنہا جو آئے رن مین سلیمان کربلا	۸	جلا دو لاکھون پہونچے لیے برچھیان دریغ
ہر سمت تھا مدینہ مین اک شور و احسین	۹	پہونچا وہان جو لوٹا ہوا کاروان دریغ
ذی شب کو تھا چراغ نہ کچھ دن مین روشنی	۱۰	زندان تیرہ مین تھین بنی زادیان دریغ
نوحہ تھا فاطمہ کا یہ مقتل مین روز و شب	۱۱	کیا لوٹا باغیون نے مرا بوستان دریغ
سجاد بولے غم نہین کچھ اپنی قید کا	۱۲	پر بے ردا ہین فاطمہ کی بیٹیان دریغ
یہ رسم ہے کہان کی بتائے کوئی مجھے	۱۳	پانی ملے نہ اسکو جو ہو میہمان دریغ
کیون چرخ ضرب بید ہوا ان سے کے ہوتون پر	۱۴	جو حمد مین خدا کے ہین در فشان دریغ
جو شاہ اک فقیر کو دے اونٹون کی قطار	۱۵	مداح اسکا پوتا بنے ساربان دریغ

ردیف ف

ہین وہی مرتبۂ آلِ عبا سے واقف	۱	مجرئی جو کہ ہین احکام خدا سے واقف
لاکھ تکلیف ہو راحت وہ سمجھتے ہین اُسے	۲	جو کہ ہین مرحلۂ صبر و رضا سے واقف
حُر نے فرمایا ابن سعد سے اے خانہ خراب	۳	کیا نہین تو پسرِ شیرِ خدا سے واقف
جد نبی باپ علی فاطمہ ماں ہی اُسکی	۴	بھائی اُسکا ہی حسن راز خدا سے واقف
ایسے ذیجاہ سے تو جان کے لڑتا ہی عبث	۵	کیا نہین فاطمہ کے تیرِ دعا سے واقف
مین نہین لڑنے کا سرور سے کہے دیتا ہون	۶	ہو نہین ولبندِ شہ قلعہ کشا سے واقف
کیون نہ روئین غمِ سرور مین سدا صورتِ ابر	۷	جو کہ سجاد کی ہین آہ و بکا سے واقف
ہین نبی اور علی واقفِ ذاتِ احدی	۸	ہین خدا اور نبی شیرِ خدا سے واقف
ارض کعبہ کو ہوا غبطۂ شرف پر اُسکے	۹	جب ہوے منزلتِ کرب و بلا سے واقف
شمر بہکانے کو آیا تو یہ بولے عباس	۱۰	دور ہو مین ہون ترے مکر و دغا سے واقف
تجھکو معلوم ہو کیا مرتبۂ ابن علی	۱۱	اُس سے واقف ہی وہی جو ہی خدا سے واقف
چھوڑ دے دامنِ شبیر ہی ایسا عباس	۱۲	تو نہین قاعدۂ مہر و وفا سے واقف
حر سے شہ نے کہا کیا تیری مدارات کرون	۱۳	تین دن سے نہین مین آب و غذا سے واقف
حکم حر کو دیا حاکم نے کہ روکے وہ راہ	۱۴	جب ہوا مدِ شاہ شہدا سے واقف
جب چلے مرنے کو سرور تو کہا عابد نے	۱۵	آؤ کر دین تمھین اسرارِ خدا سے واقف
کس طرح روکتی قاسم کو دلہن جاتے وقت	۱۶	جانتے سب ہین جو ہین طرزِ حیا سے واقف

اُنکی نظر و یمن نہین ابر و آب بقا	۱۷	جو کہ ہین مرتبہ خاکِ شفا سے واقف
دل لگاتے نہین وہ دارِ فنا مین اپنا	۱۸	جو کہ ہین کجروی چرخِ دوتا سے واقف
کہا از رق سے یہ قاسم نے کہ تو اے مردود	۱۹ ق	ہی مرے باپ سے دادا سے چچا سے واقف
مجھے کم سن نہ سمجھ سامنے آ میرے شقی	۲۰	ابھی ہو جائیگا تو زورِ خدا سے واقف
روئے ہین ماتم سرور مین رسولان سلف	۲۱	جب ہوے معرکۂ کرب و بلا سے واقف
	۲۲	بخشدے واسطے حسنین کے اے رب غفور تو ہی مداح کے ہر جرم و خطا سے واقف

ردیف ق

وصف جو مجرئی ہین شاہ زمان کے لائق	۱	ہین وہ اللہ و پیمبر کے بیان کے لائق
مین کہان اور کہان وصف حسین ابن علی	۲	دعوی مدح نہین میری زبان کے لائق
ہو جو آغوش مین زہرا و پیمبر کی پلا	۳	اُسکا سر نیزۂ خولی کی سنان کے لائق
کہتا تھا حُر مین کہان اور کہان یہ اعزاز	۴	جو کبھی تھا نہ مرے وہم و گمان کے لائق
چھوڑا جب جاہ و حشم طبل و علم دولت و زر	۵	تب ہوا حُر جری سبز جنان کے لائق
جو کیا حرملہ نے اصغر بے شیر سے وار	۶	تھی مدارات یہی تشنہ دہان کے لائق
خیر رضا جوئی حق اور نہ کچھ تھا مقصود	۷	جو کیا تھا یہ شہنشاہِ زمان کے لائق
ہو ریاضت سے پیمبر کی جو سرسبز چمن	۸	حیف ہی ہوے وہ یون جور خزان کے لائق
رو کے کہتی تھی سکینہ کہ بہن پر دم ہی	۹	پانی لادے کوئی مجھ سوختہ جان کے لائق

قاصد فاطمہ نے آکے وطن مین یہ کہا	۱۰	حالت شہ نہین و اسر بیان کے لائق
اِسطرح سخت مصیبت مین پھنسے تھے شبیر	۱۱	جو کہ تکلیف نہ تھی وہم و گمان کے لائق
سر کھلے بلوہ مین در در پھری بنت حیدر	۱۲	کیون فلک اُسکے یہ تھا عزت و شان کے لائق
حیف ہی لاشۂ قاسم ہو سمون سے پامال	۱۳	سینہ اکبر کا ہو ظالم کے سنان کے لائق
کہا زینب نے کرو رحم بہت ہی بیمار	۱۴	حلق سجاد نہین طوق گران کے لائق

ہی ترا فضل جو مداح بھی ہوئے زائر
مین نے مانا کہ نہین ہی یہ وہان کے لائق

رویف ک

سلامی چل در شاہِ زمان تک	۱	وہی ہی راستہ سیدھا جنان تک
سلامی کر بکا اِس غم مین یان تک	۲	صدا نوحہ کی جاے آسمان تک
کہا انصار نے اے سبط احمد	۳	نہین پیاری ترے قدموں سے جان تک
نہین جائز کسی ماتم مین نوحہ	۴	روا ہی پر غم شہ مین فغان تک
رجز شہ کا تھا مین اُسکا ہون دلبند	۵	گیا جو اپنے گھر سے لامکان تک
عدو اُس گھر مین در انہ در آئے	۶	ملک پہونچے نہ جسکے آستان تک
ہوا پانی کا ایسا قحط سر پر	۷	رہا دو روز پیاسا بیزبان تک
ہر اک سے پوچھتی تھی یہ سکینہ	۸	چچا لے آئے ہین پانی کہان تک
نہ آیا حرملہ کے دل مین کچھ رحم	۹	یہ کیا کرتا ہی چلائی کمان تک

جب آئے سامنے لشکر کے مولا	۱۰	جھکے شہ کی سلامی کو نشان تک
ستایا کسقدر اعدا نے لیکن	۱۱	دعاے بد نہ لائے شہ زبان تک
دیا اک قطرہ پانی کا نہ افسوس	۱۲	دکھائی بیزبان نے گو زبان تک
سکینہ قید مین روتی تھی ایسی	۱۳	نہ سو سکتے تھے شب بھر پاسبان تک
کہا سرور نے ہم ایسے ہین محتاج	۱۴	رہا پیاسا ہمارا میہمان تک
کہا حُر نے بجُل ہو ویگی تقصیر	۱۵	پہونچ جاؤنگا جب ہین قید روان تک
قدم پر رکھدیا مولی کے سر کو	۱۶	جو پہونچے شاہ حُر نیم جان تک
کہا حر نے ملا وہ رتبہ مجھکو	۱۷	نہ پہونچا تھا جہان میرا گمان تک
عدو نے یان تلک لوٹا حرم کو	۱۸	سکینہ کی نہ چھوڑین بالیان تک
وصیت شہ نے کی عابد سے رو کر	۱۹	پہن لینا جو لائین بیڑیان تک
پڑی یون فرق پر ازرق کی شمشیر	۲۰	کہ مغفر کا نکہ پہونچی میان تک
گرے گھوڑے سے جسدم شاہ بیکس	۲۱	گئی آواز ماتم آسمان تک
ہوے پامال رن مین ایسے قاسم	۲۲	ہوے تھے ٹکڑے ٹکڑے استخوان تک
کہا شہ نے سکینہ سے نہ رونا	۲۳	اگر ظالم لگائین سیلیان تک
حرم کے اسقدر جکڑے تھے بازو	۲۴	کہ خونین تر ہوے تھے ریسمان تک
جو تھے بے خانمان آل پیمبر	۲۵	پرندون نے بھی چھوڑے آشیان تک

۲۶	شہا مداح کو بلوا لو جلدی

توقف اے مرے مولا کہان تک

ردیف گ

نیلا ہو کس طرح سے نہ چرخ دوتا کا رنگ	۱	ہی یہ لباس ماتم آل عبا کا رنگ
بہر حسن جنان مین ہی قصر زمردی	۲	ہی لال قصر بادشہ کربلا کا رنگ
سرور ہوے جو قتل تو گہنا یا آفتاب	۳	تاریک و تیرہ ہو گیا اُسدم ہوا کا رنگ
لکھا ہی روز قتل امام فلک اساس	۴	تھا مقتل حسین مین بالکل حنا کا رنگ
حسنین کا ہی ظاہر و باطن مین اُسکو عشق	۵	تو ام ہی سبز و سرخ اسی سے حنا کا رنگ
حر آکے داخل صف اسلام ہو گیا	۶	بدلا جو دیکھا صبح کو فوج جفا کا رنگ
عباس حملہ ور ہوے جس وقت فوج پر	۷	رعب جری سے فق ہوا اہل خطا کا رنگ
جو دیکھتا تھا ہیبت عباس کہتا تھا	۸	بس تھا یہی شجاعت شیر خدا کا رنگ
سمجھی یہ ام سلمہ ہوے قتل شاہ دین	۹	شیشہ مین سرخ پایا جو خاک شفا کا رنگ
قاسم کے ہاتھ خون بھرے دکھلا کے بولی ہان	۱۰	ناشاد و نامراد کی دیکھو حنا کا رنگ
بہکانے آیا شمر جو عباس کے قرین	۱۱ ق	غصہ سے سرخ ہو گیا اُس باوفا کا رنگ
فرمایا دور ہو مرے آگے سے اوشقی	۱۲	جچتے کا یان نہین ترے مکر و دغا کا رنگ
دیکھا جو غیظ دلبر غمگین کبریا	۱۳	دہشت سے زرد ہو گیا اُس بیحیا کا رنگ
عاشور کو یہ کہتی تھی نانی سے فاطمہ	۱۴	بدلا ہی آج کس لیے ارض و سما کا رنگ
عاشور کو تھی تابش خورشید اسقدر	۱۵	تانبے کی طرح سرخ تھا دشت بلا کا رنگ

اکبر نے بانو سے کہا زخمی نہین ہون مین	۱۶	ہی خون غم سے سرخ یہ میری قبا کا رنگ
اہی مین نثار گیسو اکبر کے سامنے	۱۷	کافور شرم سے ہوا مشک خطا کا رنگ
تاثیر ہی یہ ماتم شاہ شہید کی	۱۸	کالا ہی رخت خانۂ رب علا کا رنگ
بھائی کے لب پہ دیکھ کے چوب یزید کو	۱۹	غصہ سے بدلا بنت شہ لافتا کا رنگ
تاثیر زہر کی ہوئی آخر کو اس قدر	۲۰	لکھا ہی سبز ہوگیا سب مجتبی کا رنگ
قربان سہم ناوک اکبر کہ جنگ مین	۲۱	پران مثال تیر تھا اہل خطا کا رنگ
پیدا افق سے صبح شہادت ہوئی جو مین	۲۲	فرط قلق سے فق ہوا آل عبا کا رنگ
مداح خاک پاک کے رتبون کے سامنے جمتا نہین ہی نظر و نمین آب بقا کا رنگ	۲۳	

ردیف لام

مجرائی تھا جس شاہ کا بستر پر جبریل	۱	خون مین اُسی سرور کے ہوا تر پر جبریل
خاصان خدا ظل خدا مین ہین ہمیشہ	۲	تھا سایہ فگن لاشۂ شہ پر پر جبریل
یہ مرتبہ آل محمد تھا جہان مین	۳	ہر روز تھا جاروب کش در پر جبریل
دیکھا شہ بیکس کو جو تیرون سے مشبک	۴	خود اپنے بدن پر ہوے نشتر پر جبریل
یہ محو تھے شہ بولے کہ سایہ نہین در کا	۵	پہونچا جو قریب سر سرور پر جبریل
اُس خیمہ مین در آئے لعین حیف ہی بیخوف	۶	جس جا تھا نہ اُڑ کر کبھی پہونچا پر جبریل
کیا خوف تھا فی الفور سمٹ جاتے تھے ڈر سے	۷	جب دیکھتے تھے تیغ دو پیکر پر جبریل

۸	خورشید قیامت سے بچا لینے کو مداح ہو دیگا عزادارون کے سر پر جبرئیل	

یہ ظلم سلامی نہین تحریر کے قابل	۱	اصغر کا گلا اور ہدف تیر کے قابل
اللہ نے گھر اپنے ہی حیدر کو اُتارا	۲	پایا نہ مکان جب کوئی توقیر کے قابل
جب واسطہ آلِ نبی ہوگیا شامل	۳	فی الفور دعا ہوگئی تاثیر کے قابل
سردار جوانان جنان خاصہ داور	۴	القاب یہ ہین شبّر و شبیر کے قابل
نورِ رخ سبطین کا گر عکس نہ پڑتا	۵	قرصین فلک ہوتے نہ تنویر کے قابل
ضم دوستی آلِ عبا کو کیا اُس مین	۶	جب طینت مومن ہوئی تخمیر کے قابل
صغرا نے لکھا شربت دیدار عزیزان	۷	مولا یہ دوا ہو مری تبخیر کے قابل
پانی دیا دور و زر نہ فرزند نبی کو	۸	کیا یہ ہی مدارات تھی شبیر کے قابل
کیون گوہر غلطان سے نہ بہتر ہون دُر اشک	۹	موتی ہین یہ نذر شہ دلگیر کے قابل
فخریہ یہ کہتی تھی زمین کرب و بلا کی	۱۰	ہی زر سے یہ دعوی مرا تحریر کے قابل
آغوش سے زہرا کے جو ہم رتبہ نہ ہوتے	۱۱	کرتا نہ خدا مرقد شبیر کے قابل
حُر کہتا تھا سر صدقے کروں شہ کے قدم پر	۱۲	ہی نذر یہی حضرت شبیر کے قابل
قاصد نے کہا آکے مدینہ مین یہ سب سے	۱۳	حال شہ بیکس نہین تقریر کے قابل
بچون کے گھڑکنے پہ یہ فرماتی تھین بانو	۱۴	اے شمر یہ حاشا نہین تعزیر کے قابل
انصاف کر اے جور فلک اپنے ہی دل مین	۱۵	تھا شہ کا گلا شمر کی شمشیر کے قابل

تھا عقدہ کشا خلق مین جسکا جدِ امجد	۱۶	ہو اُسکا گلا طوق گلوگیر کے قابل
لاریب ہی ثابت نہین شکِ اسمین کسی کو	۱۷	تھے آلِ عبا خلق مین توقیر کے قابل
پر حیف ہی اعدا نے پس از قتلِ شہ دین	۱۸	کس مرتبہ سمجھا اُنھین تحقیر کے قابل
ای کربِ وبلا تیری یہ توقیر نہوتی	۱۹	ہوتی نہ اگر مدفنِ شبیر کے قابل
شہ سوے فلک دیکھ کے کہتے تھے دریغا	۲۰	شش ماہہ تھا کب ناوکِ بے پیر کے قابل
زینب پھری بے مقنعہ و چادر سرِ بازار	۲۱	ہرگز یہ نہ تھا شاہ کی ہمشیر کے قابل
سجاد کی وہ سوجی ہوئی پنڈلیان ای چرخ	۲۲	کس طرح ہوئین ظلم کی زنجیر کے قابل
کیا مرحمت شاہ شہیدان ہی مین قربان مداح ہی فردوس کی جاگیر کے قابل	۲۳	

ردیف میم

ای مجرئی جو روضۂ سرور پہ جائین ہم	۱	گل کی طرح نہ جامے مین پھولے سمائین ہم
جائین جو کربلا کو تو پھر کر نہ آئین ہم	۲	مجرائی کر رہے ہین یہ حق سے دعائین ہم
کرتے ہین رات دن یہ خدا سے دعائین ہم	۳	پھر طواف روضۂ شبیر جائین ہم
مرقد کا جب چراغ ہو داغ غمِ حسین	۴	کیون لو نہ شمع مرقدِ نبوی سے لگائین ہم
انصار شاہ کہتے تھے ہین زندگی سے سیر	۵	ہی آرزو کہ برچھیان سینہ پہ کھائین ہم
کہتے تھے یون ملک کہ ہمین فخر کی ہی جا	۶	اہلِ عزا کے فرش کو گر پر بچھائین ہم
سب کچھ نثار کر دیا امت کے واسطے	۷	یا شاہ کربلا ترے قربان جائین ہم

اصغر چلے جو رن کو تو دیور جی پہ بولی ماں ۸ لو آؤ واری آخری لے لین بلائین ہم
کہتے تھے شامی ہو بیگا روشن ہمارا نام ۹ شمع مزار بنت نبی گر بجھائین ہم
کہتے تھے شاہ کوفیو تنہا نہ جانسا ۱۰ آئین ابھی ملک جو مدد کو بلائین ہم
کہتا تھا شمر حکم اگر دے امیر شام ۱۱ کعبہ گرائین اور کلیسا بنائین ہم
مان نے کہا ہی مرنیکی اکبر تمھین خوشی ۱۲ دل چاہتا ہی پیارے کو دولھا بنائین ہم
اکبر نے کی یہ عرض کہ شادی ہی بس یہی ۱۳ شہ پر فدا ہون خون مین اپنے نہائین ہم
عباس نے یہ عرض کی جو حکم ہو حضور ۱۴ دریا سے پانی بہر سکینہ لے آئین ہم
کہتے تھے کوفی باندھی ہی اس بات پر کمر ۱۵ مرقد مین آج بنت نبی کو رُلائین ہم
حاکم کو لکھا عرضی مین یہ ابن سعد نے ۱۶ اہل حرم کو شام مین کس وقت لائین ہم
حُر نے کہا یہ بھائی سے اب قصد ہی یہی ۱۷ شہ پر نثار ہو کے خطا بخشوائین ہم
کہتے تھے اہل شام یہ ہی آرزو ے دل ۱۸ اہل حرم کو سر کھلے در در پھرائین ہم
آئی جو حاضری کہا زینب نے حیف ہی ۱۹ بھوکے شہید بھائی ہون اور کھانا کھائین ہم
زینب سر حسین سے کہتی تھی یا امام ۲۰ ق سر وا ہی کس طرح سر دربار جائین ہم
عبرت کا ہی مقام خدا سے دعا کرو ۲۱ پھٹ جائے اب زمین تو اسمین سمائین ہم
زینب دعائین دیتی تھی اکبر کو ہر گھڑی ۲۲ ق خالق وہ دن کرے تمھین دولھا بنائین ہم
کہتے تھے وہ یہ ہی خط تقدیر مین لکھا ۲۳ ناشاد و نامراد زمانے سے جائین ہم
عابد سے یون حرم نے کہا بعد دفن شاہ ۲۴ شرم آتی ہی مدینہ کو کس منھ سے جائین ہم

۲۵	مداح کی ہی عرض مدد کیجیے شہا جز تیرے لیکے جائین کہان التجائین ہم

لے زاد راہ کہ وقت سفر نہین معلوم	۱	تو آج زندہ ہی کل کی خبر نہین معلوم
اِس اشک غم کی تجھے کیا خبر نہین معلوم	۲	یہ ہونگے حشر مین رشک گہر نہین معلوم
یہ دل سے کہتی تھی صغرا مین خط کہان بھیجون	۳	یہان سے شاہ سدھارے کدھر نہین معلوم
یہ شب کو کہتی تھی مسلم کی بیٹی جائین کدھر	۴	نصیب ہو کہ نہ ہو راہبر نہین معلوم
تلاش لاشۂ اکبر مین کہتے تھے سرور	۵	کہان گرے مجھے جان پدر نہین معلوم
کہا یہ حُر نے تو لڑتا ہی سبط احمد سے	۶	حسین کا تجھے رتبہ عمر نہین معلوم (عمر بن سعد ۱۲)
کہا یہ حُر نے تو لڑتا ہی سبط احمد سے	۷	حسین کون ہی تجکو عمر نہین معلوم
بتول کہتی تھی میرے بھرے ہوے گھر کو	۸	یہ کسکی لگ گئی ہی ہی نظر نہین معلوم
ہلال فاطمہ رن مین گرا تعجب ہی	۹	گرے نہ کس لیے شمس و قمر نہین معلوم
کہا بتول نے کاٹے مرے چمن کے نہال	۱۰	عدو کو ظلم کا ثمرہ مگر نہین معلوم
غریب و مالک تطہیر ہوئین ننگے سر	۱۱	کسی کو حال قضا و قدر نہین معلوم
سکینہ کہتی تھی زندان ہی ایسا تیرہ و تار	۱۲	کب آہ ہوتی ہی شام و سحر نہین معلوم
جو دیکھا نیزے پہ قاسم کا سر تو بولی ہند	۱۳	کہان ہی اِسکی دُلھن نوحہ گر نہین معلوم
چھپا جو نظرون سے مہتاب فاطمہ زہرا	۱۴	نہان کیون ہوے شمس و قمر نہین معلوم
عدو سے کہتی تھی فضہ لگاؤ آگ نہ تم	۱۵	یہ ناریو ہی پیمبر کا گھر نہین معلوم

۱۶	پناہ غیر سے کیون چاہے شاہ کا مداح ایسے وصی پیمبر کا در نہین معلوم	

وصف شہ انام کرین کس زبان سے ہم	۱	مضمون وحی لائین سلامی کہان سے ہم
حُر نے کہا یہ بھائی سے چلتے ہی دیکھنا	۲	لیتے ہین باغ خلد شہ انس و جان سے ہم
دکھلا کے بیزبان کو اعدا سے بولے شاہ	۳	صرف سوال آب ہین اسکی زبان سے ہم
کہتے تھے کوفی آب و غذا ملنا ہے محال	۴	دعوت کرینگے شاہ کی تیغ و سنان سے ہم
انصار شاہ کہتے تھے اے سرور زمان	۵	حاضر ہین صدقے ہونیکو سب مال و جان سے ہم
زینب کے بیٹون نے کہا مادر سے شاد و شاد	۶	لائے رضائے جنگ امام زمان سے ہم
انصار بولے شہ نے جو گھر جانے کو کہا	۷	اُٹھینگے تا بہ حشر نہ اس آستان سے ہم
جب روئین سر کو پیٹ کے مرقد مین فاطمہ	۸	خاموش کسطرح رہین آہ و فغان سے ہم
وقت وداع شاہ نے حسرت سے یہ کہا	۹	صد حیف چھوٹے قبر رسول زمان سے ہم
کہتے تھے شاہ حر کی مدارات کچھ نہ کی	۱۰	شرمندہ حیف آج رہے میہمان سے ہم

۱۱	مداح صحن مرقد شہ مین ملے جو جا بدلین نہ اُسکو تختۂ باغ جنان سے ہم	

اُٹھینگے حشر تک بھی نہ اس آستان سے ہم	۱	رکھتے ہین عشق سرور کون و مکان سے ہم
ہون تا کہ خاکروب در پاک مصطفے	۲	ہجرت کا قصد رکھتے ہین ہندوستان سے ہم
افضل ہو جب ہر ایک سے ذات رسول حق	۳	تشبیہ کے لیے کسے لائین کہان سے ہم

قرآن مین جسکا وصف لکھے خود خدائے پاک	۴	سوچو تو مدح اُسکی کرین کس زبان سے ہم
ہر وقت نذر ذات محمدؐ کرو درود	۵	کرتے ہین التماس یہ پیر و جوان سے ہم
محبوب اور حبیب مین پردہ تھا جو راز	۶	عاجز ہی عقل شرح کرین کس زبان سے ہم
جب ہی شفیع ذات محمد تو شک نہین	۷	محروم رہنے کے نہین باغ جنان سے ہم
دے ایک جام بادۂ عشق رسول حق	۸	کچھ اور چاہتے نہین پیر مغان سے ہم
مجموعۂ حدوث و قدم ہی نبی کی ذات	۹	تحقیق کر چکے ہین ہر ایک نکتہ دان سے ہم
ہی آل مصطفے پہ خدا کشتی نجات	۱۰	کہتے ہین یہ حدیث شہ انس و جان سے ہم
حاصل ہو ہمکو طوف ضریح شہ نجف	۱۱	ہین ملتجی یہ خالق ہر دو جہان سے ہم
۱۲	مداح جاے فخر ہی مدح رسول مین ہین ہم صغیر طوطی سدرہ مکان سے ہم	

ردیف نون

یہ مانگتا ہون خدا سے دعا محرم مین	۱	کہ دیکھون قبر شہ کربلا محرم مین
سلامی کیون نہ کرین ہم بکا محرم مین	۲	ہوئی ہی سرور دین پر جفا محرم مین
ہوے جو وارد کرب و بلا محرم مین	۳	سلامی شاہ پہ نرغہ ہوا محرم مین
عزیز و فیض ہی یہ ابن شاہ مردان کا	۴	کہ محو ہوتے ہین جرم و خطا محرم مین
جنان کو رشک ہی ہر لحظہ دشت ماریہ پر	۵	نبی کے پھولون سے ایسا بسا محرم مین
اِسی مہینہ مین پیاسے حسین قتل ہوے	۶	نہ کس طرح سے ہو جوش بکا محرم مین

ثبوت ہوتا ہی باجون سے اہل ماتم کے ۷ ہی بزم ماتم شہ جا بجا محرم مین

بنا وہ دشت بلا رشک وادی ایمن ۸ ہوے حسین جو رونق فزا محرم مین

وہ سب ہین مورد الطاف فاطمہ زہرا ۹ جو رکھتے شاہ کا ہین تعزیہ محرم مین

تباہ دشت بلا مین ہوئی رسول کی آل ۱۰ ستون کعبۂ ایمان گرا محرم مین

اسیر رنج و تعب ہی رسول کا کنبہ ۱۱ نہ ذکر عیش و طرب ہو دلا محرم مین

اسی الم مین طپان ہی ہمیشہ مہر مبین ۱۲ کہ شہ کا خیمہ اطہر جلا محرم مین

غضب ہی تخت خلافت پہ ہو یزید شقی ۱۳ اسیر ظلم ہو آل عبا محرم مین

اگرچہ واجب عینی ہی شہ کا غم ہر ماہ ۱۴ مگر یہ خاص ہی فصل بکا محرم مین

اگرچہ ماہ محرم مین تھی غزا ممنوع ۱۵ لڑے حسین سے اہل جفا محرم مین

سیاہ پوش ہی ہر وقت خانۂ داور ۱۶ سیاہ چاہیے رخت عزا محرم مین

نبی کی قبر مطہر پہ حشر تھا برپا ۱۷ کبوتر آیا جو خون سے بھرا محرم مین

کہا یہ صغرا نے دو عید مین ہو گئین نانی ۱۸ یقین ہی آئین امام ہدا محرم مین

عزاے شہ مین جو آنکھون سے ٹپکا قطرۂ اشک ۱۹ بنا وہ رشک درِ بے بہا محرم مین

غضب ہی قتل ہوے شہ ہوے اسیر حرم ۲۰ گلا امام زمان کا بندھا محرم مین

غم حسین مین تو رات دن تھے روتے حرم ۲۱ مگر زیادہ تھی آہ و بکا محرم مین

نہ سر کھلے رہین کیون غم مین عاشقان حسین ۲۲ برہنہ سر ہین رسول خدا محرم مین

یہ ہین کرتی تھی ہر وقت زینب غمگین ۲۳ سفر حسین کا پورا ہوا محرم مین

نہ پٹیین کس لیے سر پیردان آل عبا	۲۴	لٹی حسین کی دولت سرا محرم مین
جگر خراش مجنون کو ہی یہ نشتر غم	۲۵	چلے تھے کانٹون پہ زین العبا محرم مین
بدلنا پہلو بھی بیمار کو ہوا مشکل	۲۶	یہ ضعف فاطمہ صغرا بڑھا محرم مین
مجبور رہتی نہ باقی جو ذات عابد کی	۲۷	ضرور ہوتی قیامت بپا محرم مین

	۲۸	الٰہی ہوے یہ مداح زایر شہ دین فریح تھام کے ہی یہ دعا محرم مین

احمد کی سلامی کی سند پائے ہوئے ہین	۱	پر زشتی اعمال سے شرمائے ہوئے ہین
پاکر درجنت پہ کہیگا ہمین رضوان	۲	آئے دو یہ شبیر کے بھجوائے ہوئے ہین
افسوس ہی بن پانی کے میدانِ بلا مین	۳	پھول احمد مختار کے مرجھائے ہوئے ہین
فضہ نے کہا بانو سے آتے نہین سرور	۴	اصغر جو ہوئے قتل تو شرمائے ہوئے ہین
بانو سے کہا شاہ نے زندہ تو ہین اکبر	۵	پر زخم سنان سینہ پہ وہ کھائے ہوئے ہین
حر نے کہا آنے کے نہین راہ پہ ظالم	۶	یہ شمر سے ابلیس کے بہکائے ہوئے ہین
بیٹون کو فدا کرنے کو جو لائی ہی زینب	۷	گردن شہ دین شرم سے نہوڑائے ہوئے ہین
منظور اعانت نہین کرتے شہ بیکس	۸	امداد کو گو جن و ملک آئے ہوئے ہین
بلوہ مین جو سر پر ہی نہین مقنع و چادر	۹	چہرون پہ حرم بانون کو بکھرائے ہوئے ہین
زندان مین ملے ہند کو یون اہل حرم ہاے	۱۰	چادر نہین سر زانو پہ نہوڑائے ہوئے ہین
بانو نے کہا خیر ہو اکبر کی خدایا	۱۱	کیون سبط نبی اس گھڑی گھبرائے ہوئے ہین

انصار شہ بیکس و بے یار کے رن مین	۱۲ ق	چہرے تپش مہر سے سونلائے ہوے ہین
مُنہ خشک ہی گو پیاس سے پر شکر ہی لب پر	۱۳	اور بہر دعا ہاتھ وہ پھیلائے ہوے ہین
کہتے ہین عطا ہمکو شہادت کا ہو خلعت	۱۴	گھر سے اسی دولت کے لیے آئے ہوے ہین

۱۵

مداح عزاداردن کی جاگیر ہی جنت
داغ غم سرور کی سند پائے ہوے ہین

مُنہ اہی سلامی کعبۂ دین سے پھرا کون	۱	یعنے در حسین پہ جاکر پھر آئے کون
رو کر سکینہ کہتی تھی نیند آئے کس طرح	۲	بابا نہین ہین چھاتی پہ مجھکو سلائے کون
حُر نے کہا عمر سے شہ دین سے کر کے جنگ	۳	کعبہ گرائے کون کلیسا بنائے کون
گرتا تھا جو رفیق اُٹھا لاتے تھے حسین	۴	کوئی نہین ہی لاشۂ سرور اُٹھائے کون
کہتی تھی بانو روٹھے ہین رخصت نہ ملنے پر	۵	نازک مزاج ہین علی اکبر منائے کون
کہتی تھی ماں سکینہ سے ہر دم نہ ہٹ کرو	۶	بابا نہین ہین ناز تمہارے اُٹھائے کون
کہتے تھے شہ بہن سے نہ کٹواؤن گر مین سر	۷	امت کو نانا جان کی پھر بخشوائے کون
حاجت روائے خلق ہی حلال مشکلات	۸	حیدر کے در سے اُٹھکے کسی در پہ جائے کون
چاہا بہت مٹائین نشان ضریح پاک	۹	حافظ خدا ہو جسکا اُسے پھر مٹائے کون
رو کر سکینہ کہتی تھی مارے گئے چچا	۱۰	مجھ بے نصیب پیاسی کو پانی پلائے کون
سنکر خبر حسین کی کہتے تھے ہاشمی	۱۱	صغرا کو جاکے یہ خبر غم سنائے کون
رو کر حرم یہ کہتے تھے زندان مین صبح و شام	۱۲	وارث نہین ہی قید سے ہمکو چھڑائے کون

چرچا تھا فوج شام مین اکبر ہوے جو قتل	۱۳	اب دیکھیے حسین کیجانب سے آئے کون
شہ نے کہا مین قتل ہون زینب ہو تم اسیر	۱۴	قسمت مین یہ ازل سے ہی اسکو مٹائے کون
صغرا کو لکھا بانو نے مارے گئے امام	۱۵	ہم سب ہین قید اب تمھین والی بلائے کون
تنہا رہے حسین تو کہتے تھے یون حرم	۱۶	کوئی نہین ہی صدقے کو اب نہین جائے کون
کرتے ہین دفن مردون کو اپنے تو اہل شام	۱۷	عابد ہین قید مرقد سرور بنائے کون
کہتی تھی بنت فاطمہ مجمع ہی شام کا	۱۸	بھائی نہین ہین اسکھڑی چادر اڑھائے کون

	۱۹	جبتک کہ مولا آپ نہ فرمائین اسکو یاد مداح کو بھلا ترے در پر بلائے کون

کیونکر نہ ہو حبیب حبیب خدا حسن	۱	ہی ای سلامی لخت دل فاطمہ حسن
سبط رسول ابن شہ لافتا حسن	۲	ہادی حسن امام حسن رہنما حسن
سبطین نیر ین رسالت پناہ ہین	۳	بدر الدجی حسین ہی شمس الضحی حسن
ستر ہزار آئے ملک بہر تہنیت	۴	دنیا مین جسکی ہوے رونق فزا حسن
لکھا ہی راویون نے کہ از فرق تا بناف	۵	تھے ہم شبیہ حضرت خیر الورا حسن
محضر شہادت شہ بیکس کا دیکھکر	۶	کہتے تھے ای حسین ہو تجھپر فدا حسن
اخلاق مین سخا مین مروت مین حلم مین	۷	تھے پیرو جناب رسول خدا حسن
شہر نبی مین شور قیامت تھا چار سو	۸	جسدن ہوے تھے کشتۂ زہر دغا حسن
کیجو عزیز جان نہ اپنی حسین سے	۹	قاسم کو لکھ گئے تھے یہ وقت قضا حسن

شبیر کو عطا کیے سب راز کبریا ۱۰ ہونے لگے جو راہی ملک بقا حسن
قاسم کا یہ رجز تھا کہ اُسکا پسر ہوں مین ۱۱ ق جو تھے ہزبر بیشۂ شیر خدا حسن
جد ہین مرے نبی و علی جدہ فاطمہ ۱۲ عم وہ ہین جنپہ کرتے ہین مجھکو فدا حسن
تحسین حسین کرتے تھے قاسم کی زرم پر ۱۳ باغ ارم سے کہتے تھے صد مرحبا حسن
روتے ہین بیکسی برادر پہ رات دن ۱۴ ہین خلد مین حسین کے صاحب عزا حسن
عباس کہتے تھے مین غلام حسین ہون ۱۵ بھائی تھے شہ کے صاحب جود و سخا حسن
ممکن تھا کوئی زخم لگاتا حسین کو ۱۶ ہوتے جو روز معرکۂ کربلا حسن
بیتاب پہونچے خلد سے بھائی کی لاش پر ۱۷ سُنکر شہادتِ شہ گلگون قبا حسن
زینب ندا یہ دیتی تھی بیکس حسین ہی ۱۸ آئین مدد کو آپ ہی یا مجتبیٰ حسن
اُف بھی کیا نہ آپنے امت کے جور پر ۱۹ تھے سالک طریقۂ راہِ رضا حسن
مہمان کے واسطے تو طعام لذیذ تھے ۲۰ نان جوین پہ کرتے تھے خود اکتفا حسن
کہتے ہین ہد اسکو یہ ہی عجز و انکسار ۲۱ حج کے لیے پیادہ گئے بارہا حسن
اہل ولا بلا کو بلا اُنکے واسطے ۲۲ رنج و بلا مین ہوتے نہ کیون مبتلا حسن

۲۳ دیکھے یہ اپنی آنکھون سے جاکر ضریح پاک
مداح کی قبول ہو یہ التجا حسن

مجرئی کہتے تھے شہ بیکس و بے یار ہونمین ۱ نرغۂ لشکر اعدا مین گرفتار ہونمین
کہا عابد نے پھوپھی نہ مجھے طوق گران ۲ ظالمو دیکھتے ہو صاحب آزار ہونمین

کرکے منھ سوے مدینہ یہ کہا زینب نے	۳	سر کھلے بلوہ مین نا نا سر بازار ہون مین
حرؑ نے حضرت سے یہ کی عرض بصد عجز و نیاز	۴	سرور اجنس شہادت کا خریدار ہون مین
پہلے سب سے مجھے سر کرنے دو قد موں پہ نثار	۵	جسنے روکا تھا تمھین وہ ہی گنہگار ہونمین
عرض عباس نے کی رن کی اجازت مجھے	۶	طالبِ مرتبۂ جعفرِ طیار ہون مین
آیا زعفر جو کمک کے لیے مولا نے کہا	۷	ای برادر خلفِ حیدر کرار ہون مین
مجھکو محتاج مدد کا نہ سمجھنا ہرگز	۸	مصلحت حق کی ہی جو بیکس و ناچار ہونمین
شہ نے دی لاشۂ عباس کو رو کر یہ ندا	۹	تھام لو آکے مرا ہاتھ تو اسوار ہونمین
شمر کو حلق سے شبیر کے آئی یہ ندا	۱۰	کر ادب بوسہ گہ احمد مختار ہون مین
شہ نے اصغر کو دکھا کر یہ کہا اعدا سے	۱۱	واسطے بچہ کے پانی کا طلبگار ہونمین
حشر کے روز مین سیراب کرونگا تم کو	۱۲	ظالمو کوثر و تسنیم کا مختار ہونمین
سر شہ سے کہا زینب نے کہ بھیا دیکھو	۱۳	ساتھ سر کے ترے حاضر سرور بار ہونمین
ہر گھڑی ورد تھا عباس علی کے یہ کلام	۱۴	ایک ادنیٰ سا غلام شہ ابرار ہونمین
لاش شہ سے کہا عابد نے کرون کیونکر دفن	۱۵	طوق و زنجیر و سلاسل مین گرفتار ہونمین
لکھا اصغر نے یہ اکبر کو کہ آؤ جلدی	۱۶	وعدہ کو پورا کرو طالب دیدار ہونمین
پوچھا عابد سے کسی نے تو دیا رو کے جواب	۱۷	اس لٹے قافلہ کا قافلہ سالار ہونمین
اپنے مداح کی لو جلد خبر یا شبیر آجکل سرور دین مورد افکار ہون مین	۱۸	

برتر نہ کیون ہو عرش سے جاے ابوالحسن	۱	جب دوش مصطفے پہ ہوون پاے ابوالحسن
شیر خدا امام ہدا صہر مصطفے داماد ۱۲	۲	یہ مرتبے ہین کسکے دراے ابوالحسن
جس لہجہ مین نبی نے کی خالق سے گفتگو	۳	کہتے ہین صاف تھی وہ صداے ابوالحسن
خیبر کا در اُٹھایا تھا جسوقت آپ نے	۴	جبریل کے پرون پہ تجھے پاے ابوالحسن
ہادی ہوے تھے عالم انوار مین حضور	۵	روح الامین ہین زلہ رباے ابوالحسن
رتبہ شناس حیدر کرار بالیقین	۶	ذات نبی ہی اور خداے ابوالحسن
نعمت تھی دو جہان کی مہمان کے واسطے	۷	نان جوین فقط تھی غذاے ابوالحسن
شاہد ہی زور مرتضوی پر تو لافتے	۸	ثابت ہی ہل اتی سے عطاے ابوالحسن
خیبر مین فوج حق کو تھا ہر وقت انتشار	۹	تشریف جبتلک کہ نہ لاے ابوالحسن
کوئی عمل بھی کام نہ آئیگا روز حشر	۱۰	کامل اگر نہین ہی ولاے ابوالحسن
بیخوف آپ سوئے پیمبر کے فرش پر	۱۱	کیا قلب مطمئن تھا فداے ابوالحسن
دو ٹکڑے چاند کے ہوے حکم رسول سے	۱۲	مہر مبین پھرا ہی براے ابوالحسن
پایا نبی سے آپ نے دامادی کا شرف	۱۳	شمشیر حق نے بھیجی براے ابوالحسن
روشن ہین نور حیدر صفدر سے دو جہان	۱۴	ہی مہر و ماہ مین بھی ضیاے ابوالحسن
پیرو ہین جو علی کے ولا مین شک نہین	۱۵	محشر مین ہونگے تحت لواے ابوالحسن
حیدر کی منقبت مین ہو جب عقل کل کو عجز	۱۶	ممکن ہی کب بشر سے ثناے ابوالحسن
روز ازل سے خانہ داور مین آجتک	۱۷	پیدا ہوا ہی کون سواے ابوالحسن

حسنین کو فدا کیا امت پہ آپ نے	۱۸	امت کی لاکھ جان فدا اے ابوالحسن
گنج مزار ہوگیا روشن مثال خلد	۱۹	مومن کی جبکہ قبر مین آے ابوالحسن
من کنت جب حدیث پیمبر ہی آشکار	۲۰	واجب ہی ہر بشر پہ ولاے ابوالحسن
	۲۱	اِکدم مین ساری مشکلین آسان ہوگئین مداح کی مدد کو جو آے ابوالحسن

خود خدا ہو جب ثنا خوان امیرالمومنین	۱	کب بشر سے ہو بیان شان امیرالمومنین
ہیجدہ عالم ہی سب زلہ ربا خوان فیض	۲	یہ ادیم عرض ہی خوان امیرالمومنین
خود رہے فاقہ سے لیکن سیر سائل کو کیا	۳	واہ کیا ہمت تھی قربان امیرالمومنین
آپ سوئے جب شب ہجرت نبی کے فرش پر	۴	دو فرشتے تھے نگہبان امیرالمومنین
حکم حق حکم نبی حکم نبی حکم علی	۵	واجب الاذعان ہی فرمان امیرالمومنین
روز فتح مکہ رکھے دوش احمد پر قدم	۶	عرش سے بھی بڑھگئی شان امیرالمومنین
آدم و ایوب و نوح و لوط کی امداد کی	۷	سب یہ ہین ممنون احسان امیرالمومنین
کیون نہ ہو ہم پایہ عرش برین حیدر کا گھر	۸	عقل اول جب ہو دربان امیرالمومنین
کب سلیمان کو ہوے حاصل یہ سب عز و شرف	۹	رتبہ رکھتے ہین جو سلمان امیرالمومنین
ہوگیا اک وار مین دو ٹکڑے مرحب شقی	۱۰	جب پڑی شمشیر بران امیرالمومنین
جسکا ادنی سا ہی طالب علم جبریل امین	۱۱	ہی بلاشک وہ دبستان امیرالمومنین
دیکھ لینا حشر مین ہوگا بالاے مرتضی	۱۲	ہاتھ اپنا اور دامان امیرالمومنین

۱۳ تو کہان اور رتبۂ مداحی حیدر کہان
یہ بھی ہی مداح فیضان امیر المومنین

ہم ثنائے ذات پاک مصطفےٰ کہنے کو ہین ۱ عرش پر روح الامین صل علی کہنے کو ہین
ہم سلام مدح شاہِ کربلا کہنے کو ہین ۲ سامعین مشتاق ہین صل علی کہنے کو ہین
رتبہ مین دیکھو تو قرآن و حمائل ایک ہین ۳ اکبر و اصغر فقط چھوٹا بڑا کہنے کو ہین
شہ نے جاکر سامنے لشکر کے اعدا سے کہا ۴ ق کچھ نصائح تم سے ای اہل جفا کہنے کو ہین
پھر عمل کرنے نہ کرنے کا ہی تمکو اختیار ۵ جو ہمارا کام ہی ہم برملا کہنے کو ہین
ناخدائے کشتی امت ہی مہدی زمان ۶ یون تو دنیا مین بہت سے ناخدا کہنے کو ہین
شاہ نے حر سے کہا کچھ ایک مین ہی خوش نہین ۷ مرحبا صد مرحبا خیر الورا کہنے کو ہین
دی مدافعہ نے ای عون و محمد گھر مین آؤ ۸ دونون سے کچھ بات بنت مرتضیٰ کہنے کو ہین
شہ برآمد ہون تو فوراً رخصت جنگاہ لین ۹ در پہ حاضر سب رفیق و اقربا کہنے کو ہین
دیکھکر نور جمالِ پاک ہم شکل نبی ۱۰ سب ستمگر اک زبان صل علی کہنے کو ہین
کام جو حر سے ہوا واللہ مشکل تھا بہت ۱۱ یون زبانی تو سبھی روحی فدا کہنے کو ہین
حر کو ابن سعد نے بہکایا ڈرتا ہی عبث ۱۲ ق خوف محشر گرمی روز جزا کہنے کو ہین
سنکے حر بولا مین سمجھا تو نے ہی جو کچھ کہا ۱۳ مین بھی کہتا ہون جو مجھکو مشفقا کہنے کو ہین
دوست صادق ہی وہی جو کردے عیبونکی خبر ۱۴ یہ ہزارون گر دتیرے جی بجا کہنے کو ہین
کہتا ہون مین واسطے دنیا کے عقبیٰ کو نہ چھوڑ ۱۵ راحتین سب یان کی ہیچ و چرا کہنے کو ہین

بعد مرنیکے ہی حالت سبکی یکسان دیکھے	۱۶	دو ہی دن کے واسطے شاہ و گدا کہنے کو ہین
پیروی شبیر کی بیشک ہی راہِ مستقیم	۱۷	غول ہین جز شاہ کے جو رہنما کہنے کو ہین
ہین چلا شہ کی طرف تجھکو ہی اپنا اختیار	۱۸	اب نہین کچھ باتین اسکے ماسوا کہنے کو ہین
غور سے دیکھو تمھین نسبت فاطمہ شہ پر فدا	۱۹	یون تو بہنین بھائیون پر سب فدا کہنے کو ہین
شہ نے زینب سے کہا عابد کو لے آؤ شتاب	۲۰	مجھکو اُنسے جو ہین اسرار خدا کہنے کو ہین
کہتے تھے اہل حرم حق ہی ہمارا پردہ پوش	۲۱	آج گو بلوہ مین ہم سب بے ردا کہنے کو ہین
قبر احمد پر کہا زینب نے آئے لُٹکے ہم	۲۲	تم سے امت کے گلے ملا مصطفےٰ کہنے کو ہین
کہتے تھے سرور کہ دونمین کیا دعائے بد انھین	۲۳	امت خیر الورا یہ بے حیا کہنے کو ہین
عرض کی عباس سے اکبر نے چلیے خیمہ مین	۲۴	آپ سے کچھ خامس آل عبا کہنے کو ہین
بولی زینب شہ سے شرماتے ہین عرض حال مین	۲۵ ق	راز کچھ دل کے یہ میرے دلربا کہنے کو ہین
شہ نے فرمایا مین سمجھا کیون نہین کہتین بہن	۲۶	داغ دینے کے لیے بہر رضا کہنے کو ہین
شہ نے زعفر سے کہا سب مر گئے خویش و رفیق	۲۷	اک فقط ہم ہی رضینا بالقضا کہنے کو ہین
ہی سخا حیدر صفدر پہ شاہد ہل اتی	۲۸	یون ہزارون صاحب جود و سخا کہنے کو ہین
دیکھکر میدان مین صبر و شکر شاہِ کربلا	۲۹	حضرت ایوب بھی روحی فدا کہنے کو ہین
استغاثہ سنکے شہ کا جمع ہین حور و ملک	۳۰	ہم بھی حافر ہین مدد کو انبیا کہنے کو ہین
حاجت تحسین عالم پھر ہو کیا مداح کو	۳۱	جب جناب پنجتن صدمرحبا کہنے کو ہین
زشتیِ اعمال کا کیا خوف ہو مداح کو	۳۲	

امتی جب شافعِ روزِ جزا کہنے کو ہین

پانی بن جب نخلِ بستانِ پیمبر خشک ہون	۱	مجرئی بطنِ صدف مین کیون نہ گوہر خشک ہون
کہتی تھی حارث کی زوجہ رحم تو کرتا نہین	۲	ہاتھ تیرے دونون اے ظالم ستمگر خشک ہون
دیکھے خاتم شہ نے فرمایا کہ رکھنا منہ مین تم	۳	تشنگی سے لب بہت جسوقت اکبر خشک ہون
عرض تھی حر کی اُٹھے سیراب اُسدن یہ غلام	۴	حشر کے دن جب دہان اہلِ محشر خشک ہون
رو بہ نانک دیدۂ گریان تو بزمِ شاہ مین	۵	تبلیان تیچھرائین آنکھین مثلِ تیچھر خشک ہون
ساقیِ کوثر کا کنبہ تین دن پیاسا رہا	۶	ہے بجا اِس غم سے گر دریا سراسر خشک ہون
حیف اے چرخِ کہن سیراب ہون سب دام و دد	۷	تین دن کی پیاس سے لبہائے اصغر خشک ہون
کہتی تھی بالی سکینہ ہونگی مین ایسی بدنصیب	۸	سامنے آتے ہی میرے جامِ کوثر خشک ہون
خنجرِ قاتل رُکے کیونکر نہ ستر مرتبہ	۹	تین دن سے جب گلو و حلق سرور خشک ہون
سر پٹک کر کہتی تھی ساحل سے نہر علقمہ	۱۰	میرے ہوتے حیف ہے ریحان جیدر خشک ہون
ایک قطرہ تک نہ برسا عشرہ کو زیرِ فلک	۱۱	وا دریغا یون سحابِ بحرِ اخضر خشک ہون
کہتے تھے خواہر سے شہ تقدیرِ ربانی ہے یہ	۱۲	فاطمہ زہرا کے سب سرو و صنوبر خشک ہون
کہتی تھی اکبر سے بانو دیکھون کن آنکھون سے مین	۱۳	گل سے رخسارہ ترے میرے گلِ تر خشک ہون
دودھ کی دھارون سے زہرا کی رہین سیراب جو	۱۴	حیف ہے بے آب و لبہائے اطہر خشک ہون
کہتی تھی زینب جنھون نے کاٹا باغِ فاطمہ	۱۵	ہاتھ اُن سفاکون کے دادار اور خشک ہون
کہتا تھا اسپ شہ دین پانی مین کیونکر پیون	۱۶	جبکہ مولا آپ کے لبہائے اطہر خشک ہون

۱۷	آنکھوں سے جاری رہے مداح یا نک بحر اشک حشر کے دن تک نہ تیرے دیدۂ تر خشک ہوں	

السلام ای نورِ عین رحمۃٌ للعالمین	۱	السلام ای حافظِ اسلام و ہم شرعِ مبین
صاحب یونون بالنذر آمدہ در شان تو	۲	می سزد بر فرق تو تاج فبشہ صابرین
سر فدا کردی ندادی دست در دست یزید	۳	ماند از ذاتِ تو قائم خسروانبیا دین
مادرت خیر النساجدت رسول کبریا	۴	عم تو جعفر ابت الحق امیر المومنین
ای زہے غزو و قارت خسروِ گردون جناب	۵	فخر دارد خدمتِ تو حضرتِ روح الامین
گر نبودی مولد او مدفنت شاہ انام	۶	زندۂ جاوید کے بد عیسی گردون نشین
پیش صبرت صبر ایوب بی نماید در شمار	۷	قوت بازوے تو ظاہر ز حربِ اہل کین
گر نبودی ذات پاکِ جد تو ای دین مآب	۸	آسمان گشتی ہویدا فی ہوا و نہ زمین
ذات تو ذاتِ رسول حق بود بے ریب و شک	۹	مثل جدت بالیقین ہستی شفیع المذنبین
ای خوشا غزو و قارت مرکبت در روز عید	۱۰	باشد از لطف و کرم سردار جملہ مرسلین
کرد واجب کبریا جنت برا و لاریب فیہ	۱۱	ہر کہ باشد در غم تو مضطر و اندوہگین
صابر و شاکر نہ شد پیدا بہ مثلت تا کنون	۱۲	ہست شاہد دعویم را ذاتِ رب العالمین
ہر کہ باشد در غمت محزون و ہم سینہ فگار	۱۳	داخل جنت شود بیخوف در روز شمار

ردیف واو

منظور جب ہوا یہ خدائے کبار کو	۱	بھیجے جہان میں سید والا تبار کو

فرش زمردین کے بچھانیکے واسطے	۲	احکام پہونچے ابر کو باد بہار کو
آیا جو ہین قریب زمانہ ظہور کا	۳	پہونچا یہ حکم روح ذوی الاقتدار کو
مسکن پہ آمنہ کے ابھی جاتو بیدرنگ	۴	ہان جوق جوق لیکے ملک کی قطار کو
وقت ظہور شاہ عرب فخر انبیا	۵	حورین ہون آمنہ کے یمین ویسار کو
اِکدم مین گھر وہ رشک بہشت برین بنا	۶	دیکھو وقار سید عالی وقار کو
الحد ری آمد آمد سلطان مشرقین	۷	رضوان لائے ہین طبق گل نثار کو
لکھا ہی جس گھڑی ہوا اُس نور کا ظہور	۸	لائے بجا وہ سجدۂ پروردگار کو
اور کی دعا یہ امت عاصی کے واسطے	۹	یارب تو بخش اِنکے صغار و کبار کو
نور قدم نے کر دیا روشن مثال مہر	۱۰	دنیاے دون کی اُس شب تاریک و تار کو
پھیلا جو عکس نور رخ سید البشر	۱۱	دعواے طور ہو گیا ہر کوہسار کو
تبرا ہی حوصلہ تھا یہ اے رحمت خدا	۱۲	خوش ہو کے جو اُٹھا لیا امت کے بار کو
	۱۳	مداح جبتلک کہ نہ دیکھون ضریح پاک چین آئے کس طرح سے دل بیقرار کو

جوش دل کرتے ہین اے مجرئی اظہار آنسو	۱	رونق بزم عزا کے ہین مددگار آنسو
مجرئی کیون نہون رشک در شہوار آنسو	۲	جبکہ ہون قابل نذر شہ ابرار آنسو
واہ رے لطف و کرم ہو گیا فرمان نجات	۳	ابھی پہونچے بھی نہ تھے تا سر رخسار آنسو
حشر مین ہونگے وہ سب شبے کے رفیقون مین شمار	۴	آج جو کرتے ہین نذر شہ ابرار آنسو

لاکھ شعلے ہون جہنم کے تو کیا باک ہمین ۵ سب کو اک دم مین بجھا دینگے یہ دو چار آنسو
مال و زر کی نہین سرکار حسینی مین قدر ۶ نذر شبیر کر ای چشم گہر بار آنسو
شہ کے سر پر کیے یون زینب مغموم نے بین ۷ گر پڑے آنکھون سے سب کے سر دربار آنسو
فاطمہ کہتی ہین سرور کے عزادارون سے ۸ در شہوار سے بہتر ہین یہ سو بار آنسو
زشتیان نامۂ اعمال کی دھو جائینگی سب ۹ مومنو جانیکے ہرگز نہین بیکار آنسو
جنسے بیٹے کیے ہم لوگونکی بخشش کو فدا ۱۰ ہم دریغ اُس سے کرین حیف ہی دو چار آنسو
شہ نے زینب سے کہا ہوتا ہی صدمہ دل پر ۱۱ نہ بہا آنکھون سے ای خواہر غمخوار آنسو
جب کوئی جاتا تھا سرور پہ فدا ہونیکو ۱۲ چشم مولا سے ٹپک پڑتے تھے ہر بار آنسو
سامنے لاتے تھے پینے کے لیے جب پانی ۱۳ ضبط کر سکتے نہ تھے عابد بیمار آنسو
قلزم رحمت حق جوش کریگا بیشک ۱۴ حشر مین لائینگے ہدیہ جو گنہگار آنسو
حکم ہی فاطمہ کا حورونکو شیشون مین بھرو ۱۵ گر نے پائے کوئی باہر نہ خبردار آنسو
رویا حاکم جو ندامت سے تو بولی یہ ہند ۱۶ ہین بناوٹ کے تری آنکھو نمین مکار آنسو
مرہم زخم حسین ابن علی ہوتے ہین اشک ۱۷ نذر پھر کیون نہ کرین شاہ کے غمخوار آنسو
دیکھکر مرقد بے شیر کو شبیر نے خشک ۱۸ چشم نمناک سے برسا دیے اکبار آنسو
شہ نے صغرا سے کہا جلد بلا لونگا تجھے ۱۹ اب نہ آنکھون سے بہا ای مری دلدار آنسو
حشر مین ہوگی ندا قصر جنان کے بدلے ۲۰ مول لیتے ہین یہان احمد مختار آنسو

۲۱ گشت اعمال ہو سرسبز سراسر مداح

آج برسا دے اگر دیدۂ خونبار آنسو

تھی کل بنا جو مجلس ماتم کی رات کو ۱ تھی کیا بہار جوش غم و ہم کی رات کو
شبیر کو بلا کے حسن نے کیا وصی ۲ تاثیر جب زیادہ ہوئی سم کی رات کو
دامان کوہ و دشت ہوا آنسوؤں سے تر ۳ رقت ہوئی یہ دیدۂ شبنم کی رات کو
کیا شوق وصل وعدۂ وفائی تھا شاہ کو ۴ جھپکی نہ آنکھ قبلۂ عالم کی رات کو
پھرتی تھی خیمہ خیمہ عزیزوں کو دیکھتی ۵ حالت عجب تھی زینب پرغم کی رات کو
شبیر بانٹتے تھے ادھر کوثر و جنان ۶ تقسیم واں تھی خلعت و درہم کی رات کو
قول نبی اسد ہی کہ تا دفن شاہ دین ۷ آواز آئی گریۂ ضیغم کی رات کو
تھا حکم پاسبانوں کو یہ ابن سعد کا ۸ ق ہوتی رہے خبر مجھے ہر دم کی رات کو
اندیشہ آہوان حرم سے ہی یہ مجھے ۹ تدبیر یہ کریں نہ کہیں رم کی رات کو
رونے نہ پائیں خانۂ زندانیں اہلبیت ۱۰ تاکید تھی یہ حاکم اظلم کی رات کو

۱۱ بخشا ہی رتبہ حق نے شب قدر سے زیاد
مداح شہ کی مجلس و ماتم کی رات کو

عقل اول سے سلامی ہی تعلم مجھکو ۱ بخشا مداحی نے انداز تکلم مجھکو
مجرئی شہ کا ہوں پہچان لو سب تم مجھکو ۲ اپنی آنکھوں پہ جگہ دیتے ہیں مردم مجھکو
سب ہی یہ عز و شرف شہ کی ثنا خوانی سے ۳ ورنہ ناچیز ہو نمیں جانتے ہو تم مجھکو
سو سوالوں کا نکیرین کے ہی ایک جواب ۴ ہی در باب مدینہ سے تعلم مجھکو

بو ترابی ہون مرا خاک نجف بستر ہی	۵	چاہیے مسند سنجاب نہ قاقم مجھکو
سنکے تقریر کو زینب کی کہا حاکم نے	۶	آج یاد آگیا حیدر کا تکلم مجھکو
شاہ فرماتے تھے اسکو فیو سوچو تو ذرا	۷	سبط احمد ہون ستاتے ہو عبث تم مجھکو
فاطمہ کہتی تھی کیون آئے نہ لینے اکبر	۸	رات دن گھیرے ہی زانی یہ تو ہم مجھکو
قول عابد تھا نہین ضعف سے اُٹھا جاتا	۹	بیڑیان کھینچ کے کیون کہتے ہو قم قم مجھکو
حر سے شہ نے کہا کیا تیری مدارات کرون	۱۰	پانی ملتا ہی نہ یان دانۂ گندم مجھکو
سر شہ سے کہا زینب نے کہ شرم آتی ہی	۱۱	سر کھلے دیکھینگے دربار مین مردم مجھکو
کہا صغرا نے نہ خط بھیجا نہ بلوایا مجھے	۱۲	ہی تعجب کہ شہا بھول گئے تم مجھکو
قول زینب تھا نہ جسدن ہون مرے سر پہ حسین	۱۳	اُسدن اللہ زمانے سے کرے گم مجھکو
کہا نصرانی نے دربار مین یہ حاکم سے	۱۴	تیرے اسلام پہ آتا ہی تبسم مجھکو
بین کرتی تھی یہی ہاتھون کو ملکر کبرا	۱۵	راس آئی نہ حنا بندی شفتم مجھکو
شہ کو قاسم نے صدا دی کہ خبر لو جلدی	۱۶	گھوڑے پامال کنان اب ہین تہ سم مجھکو
کہتی تھی فاطمہ صغرا کہ خدا خیر کرے	۱۷	خونمین ڈوبے نظر آتے ہین انجم مجھکو
ناخدا کشتی امت کی ہی آلِ احمد	۱۸	نہ تو شک اسمین ہی مجھکو نہ تو ہم مجھکو
حر سے بولا پسر سعد کہ ای حُر جری	۱۹ ق	نظر آتا ہی تو کل رات سے گم سم مجھکو
دیکھنا حق نمک سے نہ تجاوز کرنا	۲۰	اتنا کہدینا ہی از راہ ترحم مجھکو
حُر غازی نے کہا غصہ سے او خانہ خراب	۲۱	شاق گذرا ہی ترا کل کا تحکم مجھکو

رہ کون مین ساقی کوثر کے پسر سر دریا	۲۲	ناپسندیدہ ہی یہ جور و تظلم مجھکو
تجھکو ہی رے کی طلب اور مجھے جنت کی ہوس	۲۳	غضب حق تجھے مطلوب ترحم مجھکو
میرا اور ساتھ ترا آج سے ہوسکتا نہین	۲۴	لشکر شام سے تو جان لے اب گم مجھکو
جاتا ہون شہ کیطرف کہتا ہون لشکر سے ترے	۲۵	روک سکتے ہو تو سب روک لو اب تم مجھکو
نا رہی ساتھ ترے رہنے مین اور شہ کیطرف	۲۶	تا ابد خلد کا ہی عیش و تنعم مجھکو

	کشتی نوح تو لاے علی ہی مداح	
۲۷	یم محشر کا نہین خوف تلاطم مجھکو	

سلام

مجرا اُسے جو کہتا تھا خواہر نہ آئیو	۱	زندہ مین جبتلک رہون باہر نہ آئیو
حکم امیر شام تھا یہ ابن سعد کو	۲	شبیر کا بغیر لیے سر نہ آئیو
صغرا نے ماں سے عرض کی رہتی ہو نہین یہان	۳	کبرا کا دان پہ بیاہ رچا کر نہ آئیو
کہتی تھی ماں شبیہ پیمبر سے میری جان	۴	امت پہ بے فدا ہوے اکبر نہ آئیو
بہکانے شمر آیا تو عباس نے کہا	۵	پھر یہ پیام لے کے ستمگر نہ آئیو
زینب کے بیٹون نے کہا مقتول ہم ہون جب	۶	رن مین ہمارے لاشہ پہ مادر نہ آئیو
اصغر چلے جو رن کو لگی کہنے رو کے ماں	۷	پانی کے بدلے خون نہا کر نہ آئیو
اصغر کو لیکے شہ جو چلے بانو نے کہا	۸	دولت یہ میری شاہ لٹا کر نہ آئیو
اعدا یہ شہ سے کہتے تھے پانی نہ دینگے ہم	۹	دریا کی سمت سبط پیمبر نہ آئیو

بھائی سے شاہ نے کہا سر کی مرے قسم	۱۰	غصہ مین وقت جنگ برادر نہ آیو
زینب سے شاہ کہتے تھے جب ہو نہین زیر تیغ	۱۱	بہر خدا تم اُس گھڑی در پر نہ آیو
پہونچا دے کربلا تجھے مداح گر نصیب	۱۲	
روضہ سے شہ کے ہند مین پھر کر نہ آیو		

ردیف ہ

افضل ہی رسولونمین سلیمان مدینہ	۱	ہی عرش معلی سے فزون شان مدینہ
اُٹھ جاے مدینہ سے جو سلطان مدینہ	۲	سر پیٹین نہ کیون مجرئی سکان مدینہ
صغرا نے کہا شاہ سے جلد آیئے بابا	۳	سنسان ہین بے آپکے ایوان مدینہ
تھا اہل مدینہ کا یہ نوحہ دمِ رخصت	۴	شہ جاتے نہین جاتی ہی یہ جان مدینہ
تھی ہر در و دیوار مدینہ کی یہ آواز	۵	حق تیرا نگہبان نگہبان مدینہ
شہ جاتے ہین اب کون خبر لیگا ہماری	۶	سر پیٹ کے کہتے تھے یتیمان مدینہ
سب دشت بلا رشک دہِ طور ہوا تھا	۷	وارد ہوا جب مہر درخشان مدینہ
شہ نے کہا جسوقت کہ پینے لگین پانی	۸	بھولین نہ مری پیاس کو یاران مدینہ
فوج ستم و جور مین اک پڑ گئی ہل چل	۹	رنمین جو گیا شیر نیستان مدینہ
اندھیر ہوا خلق مین خون برسا فلک سے	۱۰	نظرون سے چھپا جب مہ تابان مدینہ
خون دیکھ کے سرور کا کبوتر کے پرون پر	۱۱	خون آنکھون سے برساتے تھے مرثیہ غامدینہ
بیساختہ دربار مین رقت کا ہوا جوش	۱۲	داخل ہوے جسوقت اسیران مدینہ

ای جورِ فلک حیف ہی تیئیس پہر مین	۱۳	بے آب ہوا خشک گلستان مدینہ
ہر سمت مدینہ مین اُٹھا شورِ قیامت	۱۴	پہونچے جو مدینہ مین غریبان مدینہ
زینب کا یہ نوحہ تھا کہ سر پر نہین شبیر	۱۵	زینب نہین اب لائقِ دشنامِ مدینہ
لکھا ہی کہ اِس درد سے زینب نے کیے ہین	۱۶	جو ہل گئے سب مسجد و ارکانِ مدینہ
بیچین لحد مین تھے نبی روتی تھی زہرا	۱۷	تا عرش گیا نالہ و افغانِ مدینہ
تھا بیچ مین حلقہ کے عقابِ علی اکبر	۱۸	سر پیٹتے تھے گرد جوانانِ مدینہ
مسلم کی دعا تھی دمِ آخر کہ خدایا	۱۹	پھر جائے مدینہ کو سلیمان مدینہ
ہی آرزوے دل یہی خالق کرے وہ دن مداح بھی ہو زائرِ خاقانِ مدینہ	۲۰	

کیا ہو بیان مرتبہ و شانِ فاطمہ	۱	روح الامین ہی مجرئی دربانِ فاطمہ
ناجی ہین بالیقین غلامانِ فاطمہ	۲	تھامے ہوے ہین گوشۂ دامانِ فاطمہ
پہونچا نہ وہم عرشیون کا اُسکے فرش تک	۳	اللہ رے اوج و رفعتِ ایوانِ فاطمہ
ممکن ہی کب بشر سے لکھے وصفِ ذاتِ پاک	۴	ممدوحِ خلق جب ہو ثنا خوانِ فاطمہ
جبریل تو ہلاتے تھے گہوارۂ حسین	۵	میکال بنتے آسیا گردانِ فاطمہ
خاتون جنت اُنکا لقب اور وہ جنتی	۶	مریم ہو کس دلیل سے ہم شانِ فاطمہ
ہوتی ہین آپ آکے عزا خانو مین شریک	۷	کس مرتبہ ہی لطف فراوانِ فاطمہ
نسبت نہین ہی کچھ بھی سحاب مطیر کو	۸	دیکھے جو کوئی دیدۂ گریانِ فاطمہ

دنیا سے جب کہ بنت نبی نے سفر کیا	۹	زینب تھین اہلبیت مین ہم شان فاطمہ
صرف دعاے امت عاصی رہین قبول	۱۰	ہم کیون نہ ہوین بندۂ احسان فاطمہ
سایہ مین ہوگی حشر کے دن امت رسول	۱۱	آنا دسیع ہوویگا دامان فاطمہ
سیراب آب نہر سے تھے وحش اور طیور	۱۲	بے آب خشک تھے گل ریحان فاطمہ
باقی رہا نہ سرو نہ شمشاد نہ نہال	۱۳	یہ باغبون نے کاٹا گلستان فاطمہ
زینب نے دیکھا خواب مین مقتل کو شاہ کے	۱۴	کرتی ہی صاف زلف پریشان فاطمہ
گردون پہ آفتاب جہان کو گہن لگا	۱۵	ڈوبا جو خون مین مہر درخشان فاطمہ
خون لعل کا جگر اسی ماتم مین ہوگیا	۱۶	بے آب تھے جو گوہر غلطان فاطمہ
سایہ کیے تھے لاش پہ سب طائر ہوا	۱۷	بے گور تھا جو رن مین سلیمان فاطمہ
باغ جہان مین کہتی تھین حور عین خوشا نصیب	۱۸	حر جری تو آج ہی مہمان فاطمہ
گھر آپ نے لٹا دیا امت کے واسطے	۱۹	سو جان سے ہم نثار ترے جان فاطمہ
صد حیف صرصر ستم و جور و ظلم نے	۲۰	گل کر دیے چراغ شبستان فاطمہ
امت پہ صدقہ آپ نے شبیر کو کیا	۲۱	امت ہو لاکھ جان سے قربان فاطمہ
حور و ملک کو غش تھا فلک تھرتھراتے تھے	۲۲	سنکر صداے نالہ و افغان فاطمہ
بیت الحزن بنا تھا رسول خدا کا گھر	۲۳	گم ہوگیا جو یوسف کنعان فاطمہ
کہتی تھی بانو تیرہ و تاریک ہی جہان	۲۴	بے ذات پاک اسی مہ تابان فاطمہ
باقی بچا نہ غنچہ نہ گل نہ کوئی ثمر	۲۵	تاراج ایسا ہوگیا بستان فاطمہ

کس بانکپن سے وعدۂ طفلی ادا کیا	۲۶	قربان تیرے اے جگر و جان فاطمہ
کہتی تھین حورین جن مین قدم کس طرح دھرین	۲۷	بکھرے ہوے ہین لولو و مرجان فاطمہ
باغ جنان مین شیون و ماتم بپا ہوا	۲۸	دیکھا جو سب نے چاک گریبان فاطمہ
چاہے جسے جنان مین جگہ دے دیا نہ دے	۲۹	حکم خدا وہی ہے جو فرمان فاطمہ
اِس حال سے تھی قید مین ذریتِ بتول	۳۰	جو تھا خلاف شان کنیزان فاطمہ
	۳۱	مداحِ آفتابِ قیامت کا خوف کیا ظلِ خدا ہی سایۂ دامان فاطمہ

ردیف ی

سلامی فصلِ ماتم آرہی ہے	۱	اُداسی ہر طرف کو چھارہی ہے
یقین ہے خوب برسین آج آنکھین	۲	دلون پر غم کی بدلی چھارہی ہے
چلے ہین جنگ کو زینب کے دلبر	۳	طریقِ رزم مان تسلا رہی ہے
رضا مرنے کی اکبر کو ملی ہے	۴	کمر بیٹے کی مان بند ھوا رہی ہے
مین صدقے لاتے ہین پانی چچا جان	۵	سکینہ بھائی کو بہلا رہی ہے
غضب ہے کشتیِ آلِ پیمبر	۶	بغیر از ناخدا ٹکرا رہی ہے
گھرا ہے وان صفِ اعدا مین دولھا	۷	دُلھن خیمہ مین بان گھبرا رہی ہے
سکینہ پکڑے ہے سرور کا دامن	۸	پدر کو چھوڑ دو مان سمجھا رہی ہے
روریغا فاطمہ زہرا کی بیٹی	۹	نہین پانی ملا مرجھا رہی ہے

لکھا صغرا نے آؤ جلد بابا ۱۰ اکیلی فاطمہ گھبرا رہی ہے
مین گھبراتی ہون بابا ہر طرف سے ۱۱ صدائے گریہ مجھکو آرہی ہے
فراق اصغر نادان مین بانو ۱۲ درِ زندان پہ یہ چلا رہی ہے
مری گودی مین آؤ میرے جانی ۱۳ یہ دونون ہاتھ مان پھیلا رہی ہے
حُر آتا ہے شہ دین کی طرف کو ۱۴ اُسے فوجِ دغا بہکا رہی ہے
وہ کہتا ہے نہین رُکنے کا اب حُر ۱۵ اُسے لینے کو زہرا آرہی ہے
مرا محسن ہے تو اے حُر غازی ۱۶ مقام خلد بھی دکھلا رہی ہے

۱۷

چلو اب روضۂ سرور پہ مداح
توقف کیون ہے خلقت جا رہی ہے

سلامی بوسے جنت آرہی ہے ۱ وہ نہر جانفزا لہرا رہی ہے
شریک بزم ہے خاتون جنت ۲ وہ خود روتی ہے اور رُلوا رہی ہے
بھروشیشون مین چنکر گوہر اشک ۳ یہ زہرا اورون سے فرما رہی ہے
دکھا کر چھوٹے چھوٹے کوزے خالی ۴ سکینہ بھائی کو بہلا رہی ہے
غضب ہے چاند پر خیر النسا کے ۵ گھٹا فوجِ ستم کی چھا رہی ہے
پدر کا چھوڑنا ہرگز نہ دامن ۶ سکینہ کو یہ مان سکھلا رہی ہے
تڑپتے ہین ادھر سرور کے بچے ۷ اُدھر کوثر چسکر کھا رہی ہے
ہوا سے اُلجھے ہین گیسوے اکبر ۸ پھوپھی کس پیار سے سلجھا رہی ہے

جو دیکھا گھوڑا آتا شاہ دین کا ۹ حرم سمجھے سواری آرہی ہی

فرس سے گرتے ہین سبط پیمبر ۱۰ زمین کربلا تھرا رہی ہی

کہا اکبر سے ماں نے تیری رنگت ۱۱ تپش سے دھوپ کی سونلا رہی ہی

نہ جاؤ دھوپ مین صدقے مین تیمر ۱۲ علی اکبر کو ماں سمجھا رہی ہی

کھڑے ہین سامنے عون و محمد ۱۳ کمر مرنے پہ ماں بندھوا رہی ہی

جو ہی خواہش جنان کی چل سوے شاہ ۱۴ ادھر یہ عقل حر سمجھا رہی ہی

اُدھر دکھلا کے فوج ہاشمیت ۱۵ ہوائے مال و زر بہکا رہی ہی

[illegible] ۱۶ ہوا کیون منھ کو اب برسا رہی ہی

[illegible] ۱۷ یہ زینب ہند کو بتلا رہی ہی

[illegible] ۱۸ صدا بس الامان کی آرہی ہی

کمر کستے ہین مرنے پر جو سرور ۱۹ تبرک سب بہن پہنا رہی ہی

اعانت لی نہ ہم سے شاہ دین نے ۲۰ جنون کی فوج یہ پچھتا رہی ہی

شہ بیکس کو لینے کربلا تک ۲۱ جماعت انبیا کی آرہی ہی

۲۱

تری ہر بیت پر مداح زہرا
جزاک اللہ خود فرما رہی ہی

مین کیا مداح ہون کیا طبع کی میری رسائی ہی ۱ تری مداح اے ممدوح حق ساری خدائی ہی

ضعیفہ کو تھا سودا جسطرح یوسف کے لینے کا ۲ ثنائے شہ مین یون میری طبیعت آزمائی ہی

ترا مداح جب ہو خالقِ کون و مکان مولا	۳	کہون مین اپنے کو مداح بالکل خود ستائی ہی
نہین بیوجہ ہی یہ آسمان کا اِسطرح جھکنا	۴	تری تسلیم کو یہ چرخ نے گردن جھکائی ہی
نزولِ قاب قوسین آپکی قربت کا شاہد ہی	۵	فقط عیسی کی چوتھے آسمان ہی تک رسائی ہی
تری وہ ذاتِ اقدس ہی ہو الولاک سے ثابت	۶	خدا نے جسکے باعث ساری یہ خلقت بنائی ہی
خلیل اللہ ابراہیم موسی تجھے کلیم اللہ	۷	مگر محبوبیت حق کی ترے حصہ مین آئی ہی
ملک آئے سواری لینکے فرش خواب تک لینے	۸	تعجب خیز خاطر ہی نبی یہ پیشوائی ہی
گنہگارون کے جلانے سے محشر حشر مین ہوگا	۹	پکارینگے جو رو رو کر محمد کی دہائی ہی
حمایت آل کی تیرے شفاعت رحم خالق کا	۱۰	وسیلے مین یہی جسسے کہ امید رہائی ہی
ترے احسان کے قربان ہم اے سبط پیغمبر	۱۱	ہماری ناؤ خون مین ڈوبکر تونے بچائی ہی

۱۲	مقام شکر ہی مداح اُس کشتی کے راکب مین امام عصر کے قبضہ مین جس کی ناخدائی ہی

سلامی لشکر اعدا کی سر در پر چڑھائی ہی	۱	اِدھر تنہا ہین سرور اُسطرف ساری خدائی ہی
سلامی اُس ذرا اقدس پہ اپنی جبہہ سائی ہی	۲	سلیمان کے لیے بھی فخر جس کی گدائی ہی
یزید روسیہ سے ہند نے گھبرا کے یون پوچھا	۳ و ۴	مجھے آگاہ کر کس شخص پر تیری چڑھائی ہی
مین سنتی ہون کوئی سردار ہی لشکر شکیب کا	۴	تجھے منظور جس مظلوم کے گھر کی صفائی ہی
سُن اے سفاک مین ڈرتی ہون میرا دل دھڑکتا ہی	۵	وہ کیا حیدر کا دلبر ہی وہ کیا زینب کا بھائی ہی
خدا کے واسطے ایسا نہ کیجو قصد اے ظالم	۶	وہ احمد کا نواسا ہی وہ زہرا کی کمائی ہی

کہا غدار نے ہو خیمہ تجھکو دہم ہی بیچا	۷	یہ کیا کہتی ہی کیسی بات تیرے جی مین آئی ہی
نہ یہ بازو ہے شبر ہو نہ یہ سبط پیمبر ہی	۸	یہ اک دشمن ہی میرا جس سے ان روزون لڑائی ہی
کہا عباس نے شہ نے تجھے کس طرح رخصت دی	۹	تری رخصت برادر روح و قالب کی جدائی ہی
خدا کی شان جو تھی چادر تطہیر کی مالک	۱۰	کھلے سر شام کے بلوہ مین وہ معصومہ آئی ہی
کہا کبرا نے غش مین جا کے یون سجاد سے اٹھو	۱۱	غضب ہی آگ جلادون نے خیمہ مین لگائی ہی
کہا زینب نے مین کیونکر چلون دربار مین لوگو	۱۲	وہان مجمع ہزارون کا ہی اور یان بے ردائی ہی
کیے روضہ پہ جد کے بین یہ رو رو کے زینب نے	۱۳	رسول کبریا لٹ کر نواسی تیری آئی ہی
کروں کس کس کا شکوہ اک زمانہ ہو گیا دشمن	۱۴	وصیت آپکی امت نے سب دل سے بھلائی ہی
گئی تھی یان سے مین کنبہ کو لیکر کربلا حضرت	۱۵	اور اب آئی ہون تو قاسم ہی نہ اکبر بھائی ہی
دکھاؤن پشت کے مین نیل تجھکو یا کہ بازو کے	۱۶	رسن سے آجتک مجروح سب میری کلائی ہی
تماشا تھا ہمارا شام کے دربار مین جدا	۱۷	ہر اک کہتا تھا بندی شام مین غربت سے آئی ہی
سر شبیر کوفہ مین پھرا تا شام نیزہ پر	۱۸	دہائی ہی دہائی ہی دہائی ہی دہائی ہی

۱۹	چھڑاؤ لشکر افکار سے مداح کو مولا بہت تشویش مین اب اندنون تیرا فدائی ہی	

سلامی ہاتھ مین دامانِ شاہِ کربلائی ہی	۱	یہ افضال الٰہی ہی یہ طالع کی رسائی ہی
در شہ پر جو پہونچا خلد مین فوراً ہوا داخل	۲	یہ امداد شہ دین ہی یہ فضل کبریائی ہی
مرض مین نزع مین قبر مین برزخ مین قیامت مین	۳	علی پر خم ہر دم ہر جگہ مشکلکشائی ہی

علی دستِ خدا ہی زور بازوے پیمبر ہی	۴	اُنھین کے ہاتھ مین کونین کی مشکلکشائی ہی
نبی کا اور علی کا فی الحقیقت نور واحد ہی	۵	نبوت اور امامت کے سبب جسمی جدائی ہی
سخاوت اور شجاعت صبر و ہمت اور شکیبائی	۶	یہ ہر اک منزلت شبیر کے حصہ مین آئی ہی
کوئی ہمرتبہ شبیر ہو یہ غیر ممکن ہی	۷	پدر حیدر محمد جد ہی مان احمد کی جائی ہی
چچا ہین جعفر طیار جنکو حق نے پر بخشے	۸	بہن زینب ہی اُسکی سید مسموم بھائی ہی
شہ بیکس کا ہی وہ آستان دُی شرف حقا	۹	فرشتون کو بھی جبہہ آرزوے جبہہ سائی ہی
اگر انصاف سے چشم زمانہ دیکھے الفت مین	۱۰	نہ زینب سی بہن ہی کوئی نہ سرور سا بھائی ہی
کہان زینب کہان دربار حاکم آہ واویلا	۱۱	یہ گردش چرخ کی ہی یہ زمانہ کی برائی ہی
کہا عابد سے زینب نے اٹھو کیا غش مین ہو بیٹا	۱۲	خبر لو ناریون نے آگ خیمہ مین لگائی ہی
گئی خود بند زندان مین حرم کے پاس یہ سنکر	۱۳	مدینہ کی ہین رہنے والی یہ بندی جو آئی ہی
جو دیکھا حضرت زینب کو کچھ دھڑکا ہوا دل مین	۱۴	یہ نسبت فاطمہ زہرا ہی یہ حیدر کی جائی ہی
ادب سے بیٹھ کر کی دست بستہ عرض یہ رو کر	۱۵	کوئی ہمنام ابن فاطمہ حضرت کا بھائی ہی
صدا نوحہ مین سنکر دل ہی گھبراتا	۱۶	مجھے تشویش ہی جب سے خبر یہ مین نے پائی ہی
کوئی ہمنام مولا ہی یزید اُسکے مخالف ہی	۱۷	مہ ذیحج سے اُسپر فوج اظلم کی چڑھائی ہی
کہا زینب نے ہوتی ہین بہت اک نام کی بی بی	۱۸	مرا بھائی تھا بیکس جانتی ساری خدائی ہی
ترا آقا ہی ابن فاطمہ جان رسول حق	۱۹	کہ جسکے قبضہ مین سب خلق کی مشکلکشائی ہی
کلام زینب مغموم سنکر ہند چلائی	۲۰	مرے کانونکو اس لہجہ سے بیشک آشنائی ہی

یقین مجھکو ہوا تم نبت حیدر ہو بتاؤ اب	۲۱	یہ کیا حالت ہی بی بی اور صورت کیا بنائی ہی
ہوئین تم قید کیون سرور کہان ہین اور کہان لشکر	۲۲	کہا زینب نے سب گھر لٹ گیا حق کی دہائی ہی
نہ اصغر ہین نہ اکبر ہین، نہ عباس دلاور ہین	۲۳	نہ میرے لال ہین باقی نہ قاسم اور نہ بھائی ہی
یہ سنکر پیٹی روئی اسقدر وہ عاشق سرور	۲۴	یقین سب کو ہوا اب روح و قالب سے جدائی ہی
شب عاشورہ زینب کہتی تھی رو کر خدا حافظ	۲۵	بہتر تن ادھر ہین اسطرف ساری خدائی ہی
تلاطم فوج مین تھا آمد عباس سن سنکر	۲۶	سراسیمہ کو ورد تھا یہ آج لشکر کی صفائی ہی
کہا زینب نے آکر روضہ پر نور احمد پر	۲۷	نواسی آپ کی ختم رسل فریادی آئی ہی
سر شبیر کاٹا گھر جلایا لے گئے در در	۲۸	کیا یہ ظلم امت نے دہائی ہی دہائی ہی
لکھا صغرا نے تم آؤ تو آؤ ورنہ یا مولا	۲۹	تپ فرقت سے میری روح و قالب کی جدائی ہی
کہا نصرانی نے حاکم سے بعد قتل شاہ دین	۳۰	یہ تیرا دعوی اسلام بیشک بیحیائی ہی

۳۱	ترا کہلا کے مولا جاے کس جا التجا لیکر تمھارے ہاتھ مین مداح کی مشکلشائی ہی	

کربلا سے آکے بڑھتی ہی تمنا اور بھی	۱	مجرئی کہتا ہی دل چلیے دوبارا اور بھی
ذات ختم المرسلین ہی فخر ذات انبیا	۲	قرب ادانی سے ہی کیا بڑھکے رتبہ اور بھی
جتنی اخفار غزا مین ہوتی ہی کوشش زیاد	۳	معجزہ ہی اتنا ہی بڑھتا ہی چرچا اور بھی
گو ازل کے دن سے ہون مست مے خم غدیر	۴	ساقیا بہر خدا اک جام صہبا اور بھی
کہتی تھی زینب لٹا گھر مر گئے سارے عزیز	۵	دیکھین دکھلاتی ہی کیا یہ زال دنیا اور بھی

راہ جنت کی ہے سیدھی پیروی اہلبیت ۶ کون کہتا ہے کہ ہے جنت کا رستہ اور بھی

کہتے تھے شہ بعد اکبر مرنے میں ہے اتنی دیر ۷ نذر حق کرنا ہے مجھکو ایک فدیہ اور بھی

راستہ میں سُنکے مسلم کی خبر شہ نے کہا ۸ دیکھیے دکھلاتی ہے تقدیر کیا کیا اور بھی

جب رکھی مشکِ شکیبہ دوش پر عباس نے ۹ بڑھ گیا اُس شیر کا جعفر سے پایا اور بھی

گو شبِ عاشور تھے مضطر سب اہلِ بیتِ شاہ ۱۰ لیکن اُنسے تھی پریشان بنتِ زہرا اور بھی

برکتِ تربت سے جیکے ہو گئے عیسیٰ مسیح ۱۱ ہے سوا شہ کے کوئی ایسا مسیحا اور بھی

کہتا تھا سرور کا سر فدیہ ہیں حق کے سرفراز ۱۲ بڑھ گیا نیزہ پہ چڑھکر میرا رتبہ اور بھی

کہتی تھی اصغر سے بانو جاتے ہو دادی کے پاس ۱۳ آؤ واری کر دوں میں زلفوں نہیں شانہ اور بھی

کہتے تھے اعدا نہیں دینے کے پانی شہ کو ہم ۱۴ لاکھ ملجائیں جو اِس دریا میں دریا اور بھی

سچ بتا انصاف سے مجھکو یہ اے چشمِ فلک ۱۵ صبر میں شبیر سا دیکھا ہے یکتا اور بھی

صبر جو شہ نے کیا دشتِ بلا میں مومنو ۱۶ صبر ایوب اُس سے ہو گا کیا زیادہ اور بھی

آرزو تھی یہ شہیدوں کی جو ملتی زندگی ۱۷ سر فدا شبیر پر کرتے دوبارا اور بھی

کہتے تھے شامی نہیں دیکھے کبھی ایسے اسیر ۱۸ گو جہان پر پہلے آئے ہیں اسارا اور بھی

در پہ چلاتی تھی زینب گرتے ہیں گھوڑے سے شاہ ۱۹ ہے غضب مجروح پھر کرتے ہیں اعدا اور بھی

دی صدا عباس نے چوموں قدم وقتِ اخیر ۲۰ آرزو ہے دل ہے یہ خادم کی آقا اور بھی

سر نے شہ کے مردہ کو قم کہہ کے زندہ کر دیا ۲۱ اِس سے بالاتر تھا کیا کارِ مسیحا اور بھی

پیروی آلِ احمد ہے محبت کی دلیل ۲۲ شہ کے ماتم سے ہے اثباتِ تولا اور بھی

آرزو ہی کربلا جا کر کہون مین دل سے بون	۲۳	کیا کوئی باقی ہی اب تیری تمنا اور بھی
کیا غزاداروں کو ہی شوقِ غمِ سبطِ نبی	۲۴	آرزو رہتی ہی یہ بڑھ جاے عشرہ اور بھی
کہتے تھے انصار شہ ملتی ہی جنت بیحساب	۲۵	ہی کوئی عقبی کا ایسا نقد سودا اور بھی
	۲۶	نسبتِ ذاتی و مداحی تو ہی مداح کو زایری کا مرتبہ ملجاے مولا اور بھی

سلامی عشقِ ذاتِ قادرِ قیوم مشکل ہی	۱	جو منزل کر گئے طی سید مظلوم مشکل ہی
کوئی مرسل ہوا طالب اِس رتبہ کا خالق سے	۲	ازل سے ہو گیا تھا سبکو یہ معلوم مشکل ہی
جو آیا ذکر بیعت ہادیِ عالم نے فرمایا	۳	مطیع فاسق و بدکیش ہو معصوم مشکل ہی
کہا زینب نے مولا ہی کوئی تدبیر بچنے کی	۴	شہ دیں رو کے بولے خواہرِ مغموم مشکل ہی
ہوا یون التزام آلِ قرآن حکمِ احمد مین	۵	سمجھنا معنیِ قرآن بجز معصوم مشکل ہی
رفیقون مین یہ چرچا تھا جو حکمِ شاہِ عالی ہو	۶	نہ ضبطِ شام مشکل ہی نہ فتحِ روم مشکل ہی
شہِ بیکس نے فرمایا کٹانا سر کا آسان ہی	۷	مگر بے پردگیِ زینب و کلثوم مشکل ہی
ندا قاسم نے دی ارزق مین ابنِ شیر یزدان ہون	۸	ظفر مجھپر تجھے اے پیلِ بے خرطوم مشکل ہی
جو آیا شمر بہکانے کہا عباسِ غازی نے	۹	امیرِ شام کا عباس ہو محکوم مشکل ہی
ہوا ناری سے نوری ایکدم مین واہ ری قسمت	۱۰	حُر غازی سا ہونا صاحبِ مقسوم مشکل ہی
کہا اکبر سے شہ نے مین رضا دیتا ہون مر کی	۱۱	مگر بیٹا رضا دے زینبِ مغموم مشکل ہی
عمر سے بولا حر اب سایۂ بال ہما پا کر	۱۲	رہے حُر زیرِ سایہ تیرے یا ہی دوم مشکل ہی

شب عاشور آتی تھی صدا زہرا کی زینب کو	۱۳	ترے بھائی کا بچنا دخترِ مغموم مشکل ہی
	۱۴	روائے حاجت مداح درگاہِ الٰہی سے تری خاطر سے کیا اے سیدِ مظلوم مشکل ہی

مدفن اپنا گر زمینِ کربلا ہو جائیگی	۱	خاک مجرائی کی بھی خاکِ شفا ہو جائیگی
اے سلامی گر تری قسمت رسا ہو جائیگی	۲	خاک تیری جزو خاکِ کربلا ہو جائیگی
تاجدارِ اہل اتی کی گر عطا ہو جائیگی	۳	دور اے مجرائی سب حرص و ہوا ہو جائیگی
شہ نے فرمایا زمینِ ماریہ کو دیکھکر	۴	رشکِ جنت ایک دن یہ کربلا ہو جائیگی
رات سے آتی تھی زینب کو یہ زہرا کی صدا	۵	کل مرے شبیر کی گردن جدا ہو جائیگی
آگے آگے شیرِ حق اور پیچھے شیعونکی قطار	۶	طی صراط اسطرح ہمسے بے عصا ہو جائیگی
شہ کو صغرا نے لکھا ہر لحظہ بڑھتا ہی مرض	۷	آپ کے آتے ہی لونڈی کو شفا ہو جائیگی
کہتے تھے شہ خوف سر کٹنے کا اپنے کچھ نہین	۸	ڈر یہ ہی بلوہ مین زینب بے ردا ہو جائیگی
شہ نے عابد سے کہا ہو جائیگی امت تباہ	۹	گر زبان شکوہ سے تیری آشنا ہو جائیگی
کہتے تھے باہم عدو برباد ہو جائینگے ہم	۱۰	گر زبان شہ پہ جاری بددعا ہو جائیگی
حر یہ دل سے کہتا تھا ہر گز یہ مین سمجھا نہ تھا	۱۱	آل احمد یون بلا مین مبتلا ہو جائیگی
گر کے منہ سوے نجف زینب نے یہ رو کر کہا	۱۲	لو خبر ورنہ یہ بیٹی بے ردا ہو جائیگی
کون سمجھا تھا یہ نیرنگی دوران مومنو	۱۳	صاحب تطہیر محتاج ردا ہو جائیگی
کہتا تھا حر ایک دم مین ناری سے نوری ہوا	۱۴	کیا خبر تھی اسطرح قسمت رسا ہو جائیگی

دیکھکر پوشاک اکبر کو یہ کہتے تھے حسین	۱۵	غرق خونمین آج یہ گلگون قبا ہو جائیگی
آمد عباس کا غل سُنکے بولا ابن سعد	۱۶	فوج اپنی ایک حملہ مین فنا ہو جائیگی
کہتے تھے ہنس ہنس کے انصار امام دین پناہ	۱۷	دھار ہم کو تیغ کی آبِ بقا ہو جائیگی
کہتے تھے عون و محمد جلد سر قربان کرو	۱۸	کچھ اگر عرصہ ہوا آمان خفا ہو جائیگی

۱۹	خوف کیا بیماری عصیان سے ہو مداح کو جب سمجھتا ہی دوا خاکِ شفا ہو جائیگی	

مجرئی حامی اگر بنتِ علی ہو جائیگی	۱	دو رو روز حشر کی تشنہ لبی ہو جائیگی
سہل ہو جائینگی ساری مشکلین کونین کی	۲	ورد جسکا ای دلا نادعلی ہو جائیگی
بیدھڑک ہوگا گذر اپنا صراط حشر سے	۳	دست مومن کا عصا صاحب علی ہو جائیگی
دیر ہی بس قبر مین رکھنے کی مومن کے لیے	۴	جو حقیقت ہی خفی وہ سب جلی ہو جائیگی
کہتے تھے سرور یہان بننے تو دو میرا مزار	۵	رشک جنت کربلا کی ہر گلی ہو جائیگی
حاکم اظلم سے زینب نے کہا دربار مین	۶	حشر مین معلوم ساری خود سری ہو جائیگی
سوچکر انجام زینب کو یہ کہتے تھے نبی	۷	بیرواکدن یہ میری لاڈلی ہو جائیگی
شہ نے عابد سے کہا تم صبر کرنا میرے بعد	۸	طوق مین گردن تری میرے وصی ہو جائیگی
بولا ابن سعد سے اسطرح سقاے حرم	۹	نہر کم اک مشک سے کیا ای شقی ہو جائیگی
شہ نے اعدا سے کہا دونگا تمھین کوثر کے جام	۱۰	رفع اصغر کی اگر تشنہ لبی ہو جائیگی
شمر سے کہتی تھی زینب میری چادر لیجئے	۱۱	کیا بڑی دولت تجھے حاصل دنی ہو جائیگی

کہتے تھے شبیر ہوگا روح پر صدمہ مری	۱۲	بے ردا بلوہ مین جب بنت علی ہوجائیگی

خوف کیا تاریکی مرقد کا ہو مداح کو شمع تربت الفتِ آلِ علی ہوجائیگی	۱۳

سلامی ہون اُس در کا یہ آرزو ہی	۱	دو عالم کی حاصل جہان آبرو ہی
دکھا بانو کو شمر حاکم سے بولا	۲	یہ کسرا کی پوتی علی کی بہو ہی
کہا شہ نے قاسم ہوے چور ایسے	۳	نہ بخیہ کی جا ہی نہ جاے رفو ہی
غضب ہی جو ہی ابن ساقی کوثر	۴	وہ محتاج پانی کا بہر وضو ہی
سخن سُنکے زینب کے حاکم یہ بولا	۵	بلاشبہہ حیدر کی سی گفتگو ہی
ہر اک کہتا تھا دیکھکر روے اکبر	۶ق	یہ ہمشکل ختم رسل ہو بہو ہی
وہی رخ وہی چشم ویسے ہی گیسو	۷	بعینہ وہی گیسوے مشک بو ہی
کہا شہ نے قاتل نہ کر ذبح مجھکو	۸	یہ میرا لہو پنجتن کا لہو ہی
جسے رات دن چومتے تھے پیمبر	۹	ادب کی جگہ ہی یہ وہ ہی گلو ہی
کسی طور سے نہر تک ہو رسائی	۱۰	علمدار شہ کو یہی جستجو ہی
یہ کہتے تھے انصار رقت ہون شہ پر	۱۱	یہ عزت ہی بس اور یہی آبرو ہی
کہا شہ نے زینب نہین ہون نہین زخمی	۱۲	قبا پر یہ اکبر کا میرے لہو ہی
جو بہکانے عباس کو شمر آیا	۱۳ق	کہا شیر نے چپ یہ کیا گفتگو ہی
نہین ہی یہ ممکن کہ شہ سے پھرون مین	۱۴	عجب ناقص العقل اے شمر تو ہی

کہا دل سے قاصد نے ہو خیر شہ کی ۱۵ جدھر سنتا ہون نعرۂ قتلو ہی
عبادت مین مشغول ہین شہ کے یاور ۱۶ اُدھر فکر غارت مین ہر جنگجو ہی
فدا پہلے سب سے کرون شہ پہ سر کو ۱۷ رفیقو نہین ہر اک کی یہ آرزو ہی
کہا شہ سے زعفر نے مین ہون وہ خادم ۱۸ جو ممنون احسان ترا مو بمو ہی
شہا تیرے قدمون پہ صدقہ کرون سر ۱۹ یہی میری امید اور آرزو ہی

۲۰ درِ اقدسِ شہ پہ مداح پہونچون
یہی ہی تمنا یہی آرزو ہی

رانڈ اہی مجرئی قاسم کی دُلہن ہوتی ہی ۱ رن کو اب رخصت فرزند حسن ہوتی ہی
آتی ہین پنجتن پاک کی روحین وان پر ۲ جس جگہ بزم غم تشنہ دہن ہوتی ہی
بزم شبیر کو خالق نے یہ بخشا ہی شرف ۳ قدر اشکون کی بہ از در عدن ہوتی ہی
دفن خواہر کو پھٹے کُرتے مین عابد نے کیا ۴ دیکھا جب کچھ نہین تدبیر کفن ہوتی ہی
کرکے مُنھ سوے نجف کہتی تھی زینب بابا ۵ آپ کی لاڈلی پابند رسن ہوتی ہی
سُنکے کہرام کو خیمہ کی یہ کہتے تھے عدو ۶ بہنون سے رخصت سلطان زمن ہوتی ہی
پوچھا زینب نے جو اعدا کے رسالے آئے ۷ فوج کیون جمع یہ قربان بہن ہوتی ہی
بھائی پر بیٹے تصدق کیے اور شکر کیا ۸ کوئی دنیا مین بھی زینب سی بہن ہوتی ہی
لاش اصغر پہ کہا بانو نے محجوب ہی مان ۹ دفن کی فکر نہ تدبیر کفن ہوتی ہی
کہتی تھی بالی سکینہ نہین رہ سکتی ہو نہین ۱۰ گریہ کرنے مین گلو گیر رسن ہوتی ہی

لاش شہ پر کہا زینب نے چلے شام کو جب	۱۱	بھائی مجبور جدا تم سے بہن ہوتی ہے
راکب دوش نبی گھوڑوں سے پامال ہوا	۱۲	تیری گردش بھی نئی چرخ کہن ہوتی ہے
رات کو عقد ہوا صبح کو وہ رانڈ ہوئی	۱۳	کوئی کبرا سی بھی دنیا مین وطن ہوتی ہے
بانو اکبر سے یہ کہتی تھی نہ جاؤ رن کو	۱۴	صدقہ تجھپر یہ گرفتار محن ہوتی ہے
کہتی تھی رو کے سکینہ کہ نہ آیا پانی	۱۵	پھوپھی بیجان نہ اب تشنہ دہن ہوتی ہے
شاہ فرماتے تھے امت کی شفاعت کے لیے	۱۶	آج قربانی ہفتاد و دو تن ہوتی ہے
	۱۷	مشکلین جتنی ہین حل ہوتی ہین بیشک مداح جبکہ امداد شہ قلعہ شکن ہوتی ہے

چشم نم سے مجری آنسو جو باہر آئینگے	۱	روضۂ رضوان سے گاہک اُنکے حیدر آئینگے
عرصۂ محشر مین جسدم اہل محشر آئینگے	۲	مجری تاج شفاعت پہنے سرور آئینگے
کیون نہ افضل باغ جنت سے ہو دشت کربلا	۳	جائینگے جنت مین وہ پہلے جو یانپر آئینگے
کیا فضیلت بزم ماتم کی ہے خالق ہے گواہ	۴	یان بچھانیکے لیے جبریل شہپر آئینگے
لاش اصغر گود مین اور ہاتھ مین خنجر سے تر	۵	حشر مین اسطرح سرور پیش و داور آئینگے
نفسی نفسی ورد ہوگا ہر نبی کا حشر مین	۶	امتی کہتے مگر اپنے پیمبر آئینگے
یاد کرکے وعدۂ اکبر کو صغرا کہتی تھی	۷	یا الٰہی کون دن ہوگا جو اکبر آئینگے
شام مین غل تھا تماشہ کو چلو اے اہل شام	۸	سر کھلے قیدی بنے آل پیمبر آئینگے
کیا ندامت ہوگی روز حشر سوچو مومنو	۹	زشتی اعمال کے جب اپنے دفتر آئینگے

حکم حق سے جب ہوا آراستہ جنت کا باغ	۱۰	حور و غلمان کہتے تھے مہمان بہتر آئینگے
فوج اعدا مین پڑی ہل چل ملی جب یہ خبر	۱۱	بعد قاسم لڑنے عباسِ دلاور آئینگے
کہتے تھے باہم بھلا ہوگا مقابل اُنکے کون	۱۲	غیظ مین جب کھینچکر تیغ دو پیکر آئینگے
کہتے تھے عاشور کو مولا قیامت ہوگی آج	۱۳	جس گھڑی خاصان حق یاں خاک پر آئینگے
وعدہ شبیر سے کیا سرور نے یہ وقت وداع	۱۴	تیرے گھر ایک روز شبیر ہم مقرر آئینگے
کرتی تھی تسکین سکینہ اسطرح اطفال کو	۱۵	دیکھو اب دریا سے عمو مشک بھر کر آئینگے
جب گرے گھوڑے سے اکبر ہنسکے اعدا کہتے تھے	۱۶	لاش اُٹھانے کس طرح سے شاہ مضطر آئینگے
جان کنی مین کہتا تھا ہنس ہنسکے حر اللہ ری قدر	۱۷	کون سمجھا تھا مرے لینے کو حیدر آئینگے
کہتے تھے زینب سے سرور صبر کیجو اُس گھڑی	۱۸	چادرین لینے تمہاری جب ستمگر آئینگے
تشنگی پر شاہ بیکس کی جو ہین گریان یہان	۱۹	بڑھکے اُسکی قبر تک تسنیم و کوثر آئینگے
کہتی تھی صغرا مجھے ہوئیگا وہ دن عید کا	۲۰	گھٹنیون چلتے ہوے جس روز اصغر آئینگے
قید سے پنہان ہوے عابد حرم سے کہ کے یون	۲۱	کربلا جاتے ہین بعد از دفن سرور آئینگے
	۲۲	کیون نہو مداح کو آسان جواب اعتقاد جب یہ ثابت ہو کہ خود مرقد مین حیدر آئینگے

غم شہ مین جو روئی مجرئی تصویر تیجہ کی	۱	زیارت گاہ عالم ہو رہے تو قبر تیجہ کی
محبو شاق تھا زہرا کو جسپر بوندیان پڑنا	۲	غضب ہو اُس پہ بارش کرتے تھے بے پیر تیجہ کی
ہوا اک مجمع قوم عرب قائل نبوت کا	۳	نبی کے ہاتھ مین جسدم سنی تقریر تیجہ کی

کہا بانو نے اکبر کو مرنے کی اجازت دون	۴	کہان سے لائے چھاتی مادرِ دلگیر تیھر کی
بنائے قصرِ عالم ہی حباب آسا بگڑنے کو	۵	عبث اہلِ دول کرتے ہین یہ تعمیر تیھر کی
لبِ شبیر کو تشبیہ دون مین لعل سے کیونکر	۶	کہان یہ لعل زہرا کا کہان توقیر تیھر کی
جو ہوتا قلعۂ آہن علی بیشک اُٹھا لیتے	۷	حقیقت کیا درِ خیبر تو تھا تعمیر تیھر کی
سرہانے مرقدِ سرور کے صحرا سے جگہ پائی	۸	رہے قسمت زہے طالع خوشا تقدیر تیھر کی
نگینِ خاتمِ حضرت سلیمان پر جگہ پائی	۹	ہوئی یہ پنجتن کے نام سے توقیر تیھر کی
بیان پر زینبِ دلگیر کے حاکم بھی رو اُٹھا	۱۰	بدل دی نعرۂ معصومہ نے تاثیر تیھر کی
سنا جب حال جرأت تشنہ لب شہ کے رفیقون کا	۱۱	یزید سنگدل بھی بنگیا تصویر تیھر کی
جو ہین پابندِ تسلیم و رضا انکو برابر ہی	۱۲	پنھائے بیڑیان آہن کی یا زنجیر تیھر کی
دریغا چومے جس پیشانی پر نور کو زہرا	۱۳	لگائے ضرب اُسپر اک زنِ بے پیر تیھر کی
کہا زینب نے اِس غم مین نہ رؤن اور نہ سر پیٹون	۱۴	شہا کس طرح سے بنجاے یہ ہمشیر تیھر کی
مصائب سُنکے شہ کے سنگدل بھی رونے لگتے ہین	۱۵	اسے کیا کہتے ہین گریہ نہین تسخیر تیھر کی
امامِ چارمین عابد ہین بیشک حکمِ خالق سے	۱۶	سنی کعبہ مین اک عالم نے یہ تقریر تیھر کی
نہ ہوتا سجدہ گاہِ خلق کعبہ بالیقین سمجھو	۱۷	گراتے گر نہ شاہ بت شکن تصویر تیھر کی
ہوے جو جو ستم شہ پر یہ تھا سب فعلِ اعدا کا	۱۸	خطا نہ تیغ کی تھی اور نہ کچھ تقصیر تیھر کی
ہمارے دل مین حبِ آلِ نقش فی الحجر سمجھو	۱۹	نہین مٹنے کا یہ ہرگز کہ ہی تحریر تیھر کی
غضب ہی لیگئے سجاد کو اُس راستہ ظالم	۲۰	شکایت کرتے تھے جس راہ مین رہگیر تیھر کی

کہا مسلم نے مکار و مقابل کیون نہین لڑتے ۲۱ عبث چھپ چھپکے دیتے ہو مجھے تعزیر تیر کی
اٹھاتے تھے قدم سجاد اور پھر بیٹھ جاتے تھے ۲۲ جلاتی تھی جو تلوے ہر قدم تبخیر تیر کی
غم آل نبی سے زلزلہ ہی مین زمین رہتی ۲۳ پہاڑون مین نہ ڈالی جاتی گر زنجیر تیر کی

۲۴ خبر مداح کی تم اپنے لینا آکے مرقد مین
کڑی منزل ہی وہ یا شاہ خیبر گیر تیر کی

ای سلامی نور خور جیسے مہ کامل مین ہی ۱ ویسی ہی حب علی مومن کے آب و گل مین ہی
فاطمہ کو پرسہ شبیر دین اہل عزا ۲ روح زہرا مومنون کے ساتھ اس محفل مین ہی
شہ نے بھائی سے کہا اٹھو ابھی لو یان سے خیام ۳ جنگ کی آمادگی گر لشکر جاہل مین ہی
رحمت حق چاہیے نزدیک گو دریا ہو دور ۴ دشت مین بھی ہی وہی مالک کہ جو ساحل مین ہی
شہ نے فرمایا کردن مین بیعت فسق و فجور ۵ امتیاز ای کو فیو کچھ بھی حق و باطل مین ہی
کری تو ابن سعد نے اور حر نے جنت کی قبول ۶ فرق بین دیکھ لو جو جاہل و عاقل مین ہی
ماریہ مین رک گیا گھوڑا تو یون شہ نے کہا ۷ تا قیامت اب قیام اپنا اسی منزل مین ہی
شاہ کہتے تھے لعینو ہون مین اسپر مطمئن ۸ فیصلہ میرا تمھارا قبضۂ عادل مین ہی
شاہ سے حر نے کہا لٹ جائینگے اہل حرم ۹ رات سے شور ایہ مولا فرقۂ باطل مین ہی
ڈیوڑھی سے چلائی فضہ ہو گئے سر در شہید ۱۰ دیکھا اسنے جب سر شہ نیزۂ قاتل مین ہی
طالب رخصت ہوے اکبر تو بولی رو کے ماں ۱۱ تمکو کیا معلوم ہی ارمان جو میرے دل مین ہی
عرش کو ہی زلزلہ تھراتے ہین لوح و قلم ۱۲ آمد اہل حرم بیدین کی محفل مین ہی

کہا بانو نے اکبر تم کو مرنے کی اجازت دون ۴ کہان سے لائے چھاتی مادرِ دلگیر تیھر کی
بنائے قصر عالم ہی حباب آسا بگڑنے کو ۵ عبث اہلِ دول کرتے ہین یہ تعمیر تیھر کی
لب شبیر کو تشبیہ دون مین لعل سے کیونکر ۶ کہان یہ لعل زہرا کا کہان تو قیر تیھر کی
جو ہوتا قلعۂ آہن علی بیشک اُٹھا لیتے ۷ حقیقت کیا درِ خیبر تو تھا تعمیر تیھر کی
سرھانے مرقدِ سرور کے صحرا سے جگہ پائی ۸ زہے قسمت زہے طالع خوشا تقدیر تیھر کی
نگین خاتمِ حضرت سلیمان پر جگہ پائی ۹ ہوئی یہ پنجتن کے نام سے توقیر تیھر کی
بیان پر زینبِ دلگیر کے حاکم بھی رو اُٹھا ۱۰ بدل دی نعرۂ معصومہ نے تاثیر تیھر کی
سنا جب حال جرأت تشنہ لب شہ کے رفیقون کا ۱۱ یزید سنگدل بھی بنگیا تصویر تیھر کی
جو ہین پابند تسلیم و رضا انکو برابر ہی ۱۲ پنھائے بیڑیان آہن کی یا زنجیر تیھر کی
دریغا چومے جس پیشانی پر نور کو زہرا ۱۳ لگائے ضرب اُسپر اک زنِ بے پیر تیھر کی
کہا زینب نے اِس غم مین مَین رؤون اور نہ سر پیٹون ۱۴ شہا کس طرح سے بنجائے یہ ہمشیر تیھر کی
مصائب سُنکے شہ کے سنگدل بھی رونے لگتے ہین ۱۵ اسے کیا کہتے ہین گریہ نہین تسخیر تیھر کی
امام چارمین عابد ہین بیشک حکم خالق سے ۱۶ سنی کعبہ مین اک عالم نے یہ تقریر تیھر کی
نہ ہوتا سجدہ گاہ خلق کعبہ بالیقین سمجھو ۱۷ گراتے گر نہ شاہ بت شکن تصویر تیھر کی
ہوے جو جو ستم شہ پر یہ تھا سب فعل اعدا کا ۱۸ خطا نہ تیغ کی تھی اور نہ کچھ تقصیر تیھر کی
ہمارے دل مین حُبِ آلِ نقش فی الحجر سمجھو ۱۹ نہین مٹنے کا یہ ہرگز کہ ہی تحریر تیھر کی
غضب ہی لیگئے سجاد کو اُس راستہ ظالم ۲۰ شکایت کرتے تھے جس راہ مین رہگیر تیھر کی

کہا مسلم نے مکار و مقابل کیون نہین لڑتے	۲۱	عبث چھپ چھپکے دیتے ہو مجھے تعزیر تیر کی
اٹھاتے تھے قدم سجاد اور پھر بیٹھ جاتے تھے	۲۲	جلاتی تھی جو تلوے ہر قدم تنجیر تیر کی
غم آل نبی سے زلزلہ ہی مین زمین رہتی	۲۳	پہاڑون مین نہ ڈالی جاتی گر زنجیر تیر کی
	۲۴	خبر مداح کی تم اپنے لینا آکے مرقد مین کڑی منزل ہی وہ یا شاہ خیبر گیر تیر کی
ای سلامی نور خور جیسے مہ کامل مین ہی	۱	ویسی ہی حب علی مومن کے آب و گل مین ہی
فاطمہ کو پرسہ شبیر دین اہل عزا	۲	روح زہرا مومنون کے ساتھ اس محفل مین ہی
شہ نے بھائی سے کہا اٹھو بھی لو یاں سے خیام	۳	جنگ کی آمادگی گر لشکر جاہل مین ہی
رحمت حق چاہیے نزدیک گو دریا ہو دور	۴	دشت مین بھی ہی وہی مالک جو ساحل مین ہی
شہ نے فرمایا کرون مین بیعت فسق و فجور	۵	امتیاز ای کو فیو کچھ بھی حق و باطل مین ہی
کری تو ابن سعد نے اور حر نے جنت کی قبول	۶	فرق بین دیکھ لو جو جاہل و عاقل مین ہی
ماریہ مین رک گیا گھوڑا تو یون شہ نے کہا	۷	تا قیامت اب قیام اپنا اسی منزل مین ہی
شاہ کہتے تھے لعینو ہون مین اسیر مطمئن	۸	فیصلہ میرا تمھارا قبضۂ عادل مین ہی
شاہ سے حر نے کہا لٹ جائینگے اہل حرم	۹	رات سے شور ایہ مولا فرقۂ باطل مین ہی
ڈیوڑھی سے چلائی فضہ ہو گئے سرور شہید	۱۰	دیکھا اسنے جب سر شہ پنجۂ قاتل مین ہی
طالب رخصت ہوے اکبر تو بولی رو کے ماں	۱۱	تمکو کیا معلوم ہی ارمان جو میرے دل مین ہی
عرش کو ہی زلزلہ تھراتے ہین لوح و قلم	۱۲	آمد اہل حرم بیدین کی محفل مین ہی

۱۳	حل مشکل کے لیے مداح تجھکو کیا ہو فکر حامی جب مشکلکشا برابر اک مشکل مین ہی

ای مجرئی جب تعزیہ سرور کے اُٹھینگے	۱	ماتم کو محب آل پیمبر کے اُٹھینگے
شہ کہتے تھے جبتک نہ ملیگی انھین رخصت	۲	قدمون سے نہ بیٹے مری خواہر کے اُٹھینگے
بانو کو شب و روز یہ تھی آرزو دل مین	۳	چلنے کے لیے پاؤن کب اصغر کے اُٹھینگے
اک شور و فغان عرصۂ محشر مین اُٹھیگا	۴	جب قبر سے مولا مرے بے سر کے اُٹھینگے
ای چرخ فلک وہم بھی اِسکا نہ کبھی تھا	۵	چہلم کو جسد آل پیمبر کے اُٹھینگے
سرشاہ کا کہنا تھا بتول آئینگی ہر شب	۶	جبتک کہ نہ لاشے مرے لشکر کے اُٹھینگے
فرماتے تھے شہ تعزیہ جب اُٹھینگے میرے	۷	اُسوقت علم میرے برادر کے اُٹھینگے
یہ کسکو تھا معلوم کہ دو روز کے پیاسے	۸	دنیا سے پسر ساقی کوثر کے اُٹھینگے
فرماتے تھے شہ حشر کے دن ہوگی قیامت	۹	جسوقت کہ کشتے مرے لشکر کے اُٹھینگے
کہتا تھا عمر آمد عباس کے ڈر سے	۱۰	بے شبہہ قدم شام کے لشکر کے اُٹھینگے
تھی عرض یہ سرور سے رفیقونکی شب قتل	۱۱	بے سر یہ خادم نہ ترے در کے اُٹھینگے
زینب نے کہا بیٹون سے تم ہوگے جو قربان	۱۲	تب ہاتھ دعا کے لیے مادر کے اُٹھینگے
سرور نے کہا بیعت سفاک کو ای شمر	۱۳	ہرگز نہ قدم دلبر حیدر کے اُٹھینگے
تھا شامیون کو خوف کہ ہو جائینگے برباد	۱۴	جب ہاتھ دعا کے لیے سرور کے اُٹھینگے
۱۵	مداح کی اُس وقت مدد کیجیو مولا	

دن حشر کے جسوقت کہ سب مرکے اُٹھینگے

۱ مجرائی نورِ چشمِ پیمبر حسین ہی — روح روانِ حیدرِ صفدر حسین ہی
۲ عالی نسب ہی خلق سے بہتر حسین ہی — ابن علی ہی سبطِ پیمبر حسین ہی
۳ نورِ وضیاءِ عرش منور حسین ہی — برجِ شرفِ بتول ہی اختر حسین ہی
۴ بیشک سوارِ دوشِ پیمبر حسین ہی — سر جسکا عرش پر ہی وہ بے سر حسین ہی
۵ تسلیم میں رضا میں مصائب میں صبر میں — ہمسر نہین ہی جسکا وہ بے سر حسین ہی
۶ سر دیکے جسنے جنس شہادت خرید لی — روحی فداوہ فدیۂ داور حسین ہی
۷ کہتا تھا شمر شاہ سے آسان نہین ہی جنگ — ابن کنندۂ درِ خیبر حسین ہی
۸ ایوب کا یہ قول ہی صبر حسین پر — شمشیر صبر و شکر کا جوہر حسین ہی
۹ پڑتے ہین تیر جسم پہ مطلق خبر نہین — محو جمال خالقِ اکبر حسین ہی
۱۰ جسکو وہ چاہے تارے جسکو بہشت دے — مختار کارخانۂ محشر حسین ہی
۱۱ لختِ جگر کو اپنے نبی نے فدا کیا — کس مرتبہ عزیز پیمبر حسین ہی
۱۲ کہتے تھے شاہ دیکھ لو جی بھر کے بھائی کو — مہمان ایک رات کا خواہر حسین ہی
۱۳ ذبحِ عظیم جسکو ہی قرآن مین کہا — مفہوم اُسکا کشتۂ خنجر حسین ہی
۱۴ لائے تھے بہر ذبح وہان اک پسر خلیل — یان سر لیے ہوے مع لشکر حسین ہی
۱۵ کہتے تھے شاہ تیری مدارات کیا کرون — محتاج آب حرد لاور حسین ہی
۱۶ زینب سر حسین سے کہتی تھی کوفہ مین — بلوہ مین سر کھلے تری خواہر حسین ہی

فرمایا شہ نے پانی نہ تم کو پلا سکا ۱۷ شرمندہ تم سے ای علی اصغر حسین ہی
زینب نے دی ندا کہ کرو سایہ لاش پر ۱۸ جلتی زمین پہ دھوپ ہین یا حسین ہی
کیا سمجھے کوئی رمز کو پروردگار کے ۱۹ پیاسا ہی اور مالک کوثر حسین ہی
کہتے تھے شاہ رو کے یہ بھائی کی لاش سے ۲۰ طالب مدد کا تم سے برادر حسین ہی
مشہور ہی زمانہ مین دو دن کا تشنہ لب ۲۱ لاکھون سے جو لڑا وہ دلاور حسین ہی
امت کو نانا جان کی تو بخشدے غفور ۲۲ خالق سے ملتجی ہ خیبر حسین ہی
خالق نے جسکے واسطے موتی کو دو کیا ۲۳ ثابت ہی وہ بتول کا گوہر حسین ہی
تجھے ملتجی حرم اسے خالق بچائیو ۲۴ کشتی اہلبیت کا لنگر حسین ہی
چار و طرف سے راستے امداد کے ہین بند ۲۵ بے یار و بید یار ہی شش در حسین ہی
دیکر رضائے جنگ پسر کو یہ بولے شاہ ۲۶ پابند حکم خالق اکبر حسین ہی
زینب کا تھا یہ نوحہ کہ دربار عام مین ۲۷ عترت بغیر مقنع و چادر حسین ہی
کہتا تھا اسپ شاہ قدم کس طرح اٹھاؤن ۲۸ پاؤن سے لپٹی آپکی دختر حسین ہی
کہتی تھی بانو باقی ہی یہ حرمت حرم ۲۹ جبتک کہ اہلبیت کے سر پر حسین ہی
حر کہتا تھا عمر سے نکر شاہ سے تو جنگ ۳۰ ابن بتول و سبط پیمبر حسین ہی
عباس سے کہا شہ دین نے سدھارئیے ۳۱ راضی رضا حق پہ برادر حسین ہی
عیسی ہو گر مریض تو اخاک پاک ہی ۳۲ بھولے جو راہ خضر تو رہبر حسین ہی

۳۲ مولا طوا ف تربت اقدس نصیب ہو

مداح کی یہ عرض مگر حسین ہے

مداح سے گر مدحتِ شبیر نہ ہوتی	۱	بخشش کی کوئی طرح تدبیر نہ ہوتی
یہ بارِ گرانبار بھلا کون اٹھاتا	۲	گر ذات تری اے شہِ دلگیر نہ ہوتی
دن حشر کے رہتا نہ کبھی پردۂ عصمت	۳	سر ننگے اگر شاہ کی ہمشیر نہ ہوتی
ہوتا نہ اگر مدفنِ فرزندِ پیمبر	۴	اے دشتِ بلا یہ تری توقیر نہ ہوتی
ہوتا نہ اگر واسطہ آلِ پیمبر	۵	آدم کی دعا قابلِ تاثیر نہ ہوتی
حُر لیتا اگر خلعتِ زر رشکِ عمر سے	۶	جنت کی میسر کبھی جاگیر نہ ہوتی
بندھتا نہ کبھی سلسلۂ بخششِ امت	۷	سجاد کے گر پاؤں مین زنجیر نہ ہوتی
قرآن کا اور آل کا ہوتا نہ اگر ساتھ	۸	حل ہوتے نہ معنی کبھی تفسیر نہ ہوتی
حر کہتا تھا گر جانتا پہلے سے مین یہ حال	۹	روکا شہ بیکس کو یہ تقصیر نہ ہوتی
زینب نے کہا زندہ اگر ہوتے برادر	۱۰	یون آلِ نبی قابلِ تعزیر نہ ہوتی
شبیر ہو قتل اور کھلے سر پھرے زینب	۱۱	محشر مین اگر شرط یہ تحریر نہ ہوتی
شہ لاتے نہ زینب کو کبھی دشتِ بلا مین	۱۲	پابندِ رسن شاہ کی ہمشیر نہ ہوتی
کیون اصغرِ بے شیر کو شہ دشت مین لاتے	۱۳	بچے کی اگر موت گلوگیر نہ ہوتی
تھا فخر جو مین ہوتی غبار درِ سرور	۱۴	اکسیر یہ کہتی تھی مین اکسیر نہ ہوتی
بانو نے کیے لاشہ بے شیر پہ یہ بین	۱۵	کاش آج کے دن مادرِ دلگیر نہ ہوتی

۱۶ | ملتا نہ کبھی رتبہ مداحی شبیر

مداح اگر اوج پہ تقدیر نہوتی

۱	مجرئی کہتی تھی فضہ علی اکبر چلیے	بہنین بیتاب ہین اور روتی ہی مادر چلیے
۲	تاج پوشی جنان کی ہی اگر دلمین ہوس	مجلس ماتم سرور مین کھلے سر چلیے
۳	حُر جو آنے لگا عباس نے اکبر سے کہا	شہ کا فدیہ ہی اسے لینے کو دلبر چلیے
۴	آکے گہوارہ پہ شیر پہ سرور نے کہا	رہِ خالق مین فدا ہونے کو اصغر چلیے
۵	کہتے تھے عابد بیمار ہین کانٹے پھیلے	پا برہنہ ہی اگر چلیے تو کیونکر چلیے
۶	حُر سے بھائی نے کہا شہ پہ فدا ہونیکو	چلیے ای قوت بازوے برادر چلیے
۷	سر شہ کہتا تھا زینب سے کہ ای بنت علی	گر طلب ہی سرور با مقرر چلیے
۸	پردہ امت جد حشر مین گر رکھنا ہی	غم نہین سر کھلے ای خواہر مضطر چلیے
۹	کہا اکبر نے بلاتے ہین علم دینے کو	قوت بازوے فرزند پیمبر چلیے
۱۰	کہا فضہ نے کہ مولا مرے از بہر نثار	ہر کھڑی صدقہ یہ آپ کی خواہر چلیے
۱۱	کہا اکبر نے صدا دیتے ہین مولا عباس	شوق دیدار ہی ای خاصہ داور چلیے
۱۲	لاش اکبر پہ یہ رو رو کے کہا سرور نے	ہم بھی آتے ہین ابھی ای علی اکبر چلیے
۱۳	قصد مداح ہی یا ور ہو اگر نجت رسا حج ادا کر کے سوے روضہ سرور چلیے	

۱	جسطرح ذات واحد و سبوح ایک ہی	شید اے حق بھی سید ندوح ایک ہی
۲	مداح بے شمار ہین ممدوح سیکڑون	مداح جسکا حق ہی وہ ممدوح ایک ہی

احمد ہین اور علی ہین یہ نسبت ہی بالیقین	۳	دو جسم دو یکھنے مین ہین اور روح ایک ہی
مشہور ہی تڑپتا ہی مذبوح وقت ذبح	۴	تڑپانہ زیر تیغ وہ مذبوح ایک ہی
شہ نے کہا عمر سے مجھے سب قبول ہی	۵	جز بیعت یزید جو مقبوح ایک ہی
رونا غم حسین ہین ہر روز مثل ابر	۶	بس کام تیرا دیدۂ مطروح ایک ہی
سجاد کہتے تھے ہین سہون کسقدر الم	۷	صدمے بہت ہین اور دل مقروح ایک ہی
حلقوم سے ہی قاعدۂ ذبح مستمر	۸	لیکن قفا سے جو ہوا مذبوح ایک ہی
زینب کے بیٹے اسطرح شبیر کو ملے	۹	بیدم ہی ایک تیر دن سے مجروح ایک ہی
صغرا نے لکھا طاقت و تاب و توان گئی	۱۰	لب پر جو آکے ٹھہری ہی وہ روح ایک ہی
یکتا ہی رونے والونمین سجاد دل حزین	۱۱	ہی دعوی غلط جو کہین نوح ایک ہی
سبطین ہین شہادت عظمی سے کامیاب	۱۲	مسموم ایک تیغ سے مذبوح ایک ہی

	۱۳	ورد رکا پھرنا اپنی طبیعت کے ہی خلاف مداح شاہ کا در مفتوح ایک ہی

مجرئی کیا طالع مسعود ہی	۱	شہ کی مداحی سے تو محمود ہی
گر نہین ہی حب آل مصطفے	۲	جو عمل تیرا ہی سب بے سود ہی
کہتے تھے سرور مدد کو کون آئے	۳	ہر طرف سے راستہ مسدود ہی
نیلگون جو دیکھتے ہو آسمان	۴	فاطمہ کی آہ کا یہ دود ہی
حر نے فرمایا یہ ابن سعد سے	۵	تجھکو کچھ خوف خدا مردود ہی

دین کو کھوتا ہی دنیا کے لیے	۶	چند روزہ جسکی ہست و بود ہی
سچ مین کہتا ہون یزید روسیاہ	۷	ثانی شداد ہی نمرود ہی
اور تو طالب ہی جس سے جنگ کا	۸	عاشق حق خاصۂ معبود ہی
جب ہوا تو قاتلِ سبطِ رسول	۹	دعوی اسلام بھی بیہود ہی
جب گرے قدموں پہ اکبر بولے شاہ	۱۰ ق	صاف کہدیجے کہ کیا مقصود ہی
عرض کی قربان ہونمین آپ پر	۱۱	جینے سے شوق جنان افزود ہی
سچ بتا اے گردشِ دورِ فلک	۱۲	ظلم کی کچھ تیرے حد محدود ہی
خانۂ آل عبا پر ہی غضب	۱۳	ظلم تیرا دن بہ دن افزود ہی
کہتے تھے خواہر سے شہ روز نہم	۱۴	اب امید حفظ جان مفقود ہی
آتی تھی شہ کو ندا یہ اے حسین	۱۵ ق	پانی گر مطلوب ہو موجود ہی
عرض کی سرور نے اے رب غفور	۱۶	تو ہی قادر اور تو ہی معبود ہی
جسمین ہو تیری خوشی شبیر کا	۱۷	بس وہی مطلوب ہی مقصود ہی
زلف اکبر کی تھی ایسی مشک بیز	۱۸	شرم گین جس سے کہ بوے عود ہی
جب گرے گھوڑے سے شہ آئی ندا	۱۹	میرے جانی فاطمہ موجود ہی
لینے کو آئے ہین تیرے انبیا	۲۰	خضر ہی الیاس ہی داؤد ہی
فوج حر کو دیتے تھے اکبر ندا	۲۱	جوش پر سرور کا بحر جود ہی
آب کیا ہر ایک منھ مانگی مراد	۲۲	خانۂ جود مین موجود ہی

۲۳

شکر کر مداح شہ کے لطف سے
آج تو حاسد نہیں محسود ہے

غرقِ خونِ غم سے نہ کیوں خسروِ خاور نکلے ۱ مجرئی بنتِ علی جب کہ کھلے سر نکلے

شاہ فرماتے تھے یہ خواہشِ تقدیر ہے آج ۲ مرے زانو پہ ترا دمِ عسلی اکبر نکلے

کہا حاکم سے یہ زینب نے ہوئے ہم برباد ۳ حوصلے اب تو ترے دل کے ستمگر نکلے

شمر کہتا تھا کہ سب ٹوٹ پڑے لشکرِ شام ۴ مشک کو بھر کے جو عباس دلاور نکلے

التجا شہ کی تھی گو قتل ہوں سب خویش و عزیز ۵ اُف مرے مُنہ سے نہ ای خالقِ اکبر نکلے

جب گرا گھوڑ سے وہ راکبِ دوشِ احمد ۶ سر کھلے اہلِ حرم خیمہ سے باہر نکلے

حکم سرور تھا چلیں تیر نہ جبتک واں سے ۷ اِس طرف سے نہ کوئی جنگ کو صفدر نکلے

عرض سرور تھی یہ خالق سے کہ ای ربِ قدیر ۸ شکرِ ہر لحظہ زبان سے نہ خنجر نکلے

شہ سے اکبر نے کہا درد سے بیتاب ہوں میں ۹ سینہ سے برچھی کا پھل دیکھیے کیونکر نکلے

دی صدا شاہ کو عباس نے آؤ جلدی ۱۰ تاکہ دم فدوی کا مولا کے قدم پر نکلے

ہر گھڑی کہتا تھا حاکم کہ برآوے امید ۱۱ خواہرِ شاہ جو بے مقنع و چادر نکلے

اہلبیتِ نبوی پیچھے تھے سب گریہ کناں ۱۲ ہاتھوں پر لیکے جو بے شیر کو سرور نکلے

جب گرے گھوڑ سے غش کھا کے حسین ابنِ علی ۱۳ ذبح کرنے کے لیے چند ستمگر نکلے

دشتِ جنگاہ ہوا رشکِ دہِ دامن طور ۱۴ خیمہ سے برجِ امامت کے جو اختر نکلے

تاکہ سایہ وہ کریں دھوپ میں اکبر شہ پر ۱۵ سدرہ سے روحِ امیں کھولے ہوئے پر نکلے

جب چڑھا سینۂ شبیر پہ شمر جلاد ۱۶ خاک اڑاتے ہوے مرقد سے پیمبر نکلے

کہا اکبر سے یہ بانو نے مین ہون باں واری ۱۷ جاؤ تم رن کو زباں سے مری کیونکر نکلے

صبح عاشور کو وان جمع تھے دو لاکھ عدو ۱۸ اِسطرف گنتی کے انصار بہتر نکلے

جب سُنا لاتے ہین عباس دلاور پانی ۱۹ خیمہ سے بچہ لیے کوزہ و ساغر نکلے

شوکتِ جعفرِ طیار بھری نظرون مین ۲۰ زمین جب خواہرِ شبیر کے دلبر نکلے

ہوگیا فوج ضلالت مین تلاطم برپا ۲۱ خیمہ سے جس گھڑی عباس دلاور نکلے

پھر گئی شان یداللہ کی آنکھون کے تلے ۲۲ شہ حمائل کیے جب تیغ دو پیکر نکلے

خیمہ سے نکلے جو زینب کے پسر شور ہوا ۲۳ دیکھو اک برج سے دو مہر منور نکلے

بخشدے امتِ عاصی کو تو اے رب غفور ۲۴ کلمے یہ شہ کی زبان سے تہ خنجر نکلے

سر پہ سہرا تھا بندھا ہاتھ مین تھی تیغ و سپر ۲۵ جنگ کے واسطے یون قاسم مضطر نکلے

۲۶ سرورا حشر کے دن کرنا سفارش حق سے
جب کہ مداح کے عصیان کا دفتر نکلے

جب اربعین کو قبرِ شہِ بے وطن بنی ۱ بھائی کی اے سلامی مجاور بہن بنی

رنگین کفن پہننے کو قاسم بنا بنا ۲ افسوس رانڈ ہونے کو کبرا دُلہن بنی

اطفال اُسکے پانی کو تڑپین ہزار حیف ۳ جنت مین جنکے واسطے نہرِ لبن بنی

کیسا فشار اور کہان کا عذاب قبر ۴ حُبِ علی جو شیعون کی تارِ کفن بنی

کس اشتیاق سے کیا شبیر نے پسند ۵ روزِ ازل جو صورتِ رنج و محن بنی

لاشے عدو کی فوج کے سب دفن ہو گئے ۶ لیکن نہ قبر سبطِ رسولِ زمن بنی
شہ نے کہا یہ ماریہ کی دیکھکر زمین ۷ ہی اس زمین سے طینتِ ستر و تن بنی
سرور کے سر کو دیکھ کے درباری رو اُٹھے ۸ ماتم کدہ یزید کی وہ انجمن بنی
خنجر بنا تھا گردنِ سرور کے واسطے ۹ بازوے اہلبیتِ نبی کو رسن بنی
ہو سکتا کون چادرِ تطہیر مین شریک ۱۰ مخصوص یہ ردا تھی پنجتن بنی
کہتی تھی بانو یاد مین اصغر کے کر کے بین ۱۱ نادم ہون قبرِ تیری نہ گل پیرہن بنی
نانا کا مان کا باپ کا زینب نے غم کیا ۱۲ صد حیف سوگوارِ حسین و حسن بنی
تنہا کو گھیرا چار طرف سے تھا اِس طرح ۱۳ گویا کہ فوج ماہ علی پر گہن بنی

۱۴ مداح برکتِ قدمِ بوتراب سے
وحشت کدہ جو قبر تھی رشکِ چمن بنی

رو سلامی غمِ سرور مین تغافل کیا ہی ۱ فاطمہ روتی ہین مجلس مین تامل کیا ہی
ای سلامی ثمرِ نخلِ توکل کیا ہی ۲ حق کفیلِ متوکل ہی تامل کیا ہی
جو ازل سے ہین محبِ علی مین سرشار ۳ ساقیا اب اُنھین پروائے خم و مل کیا ہی
گل ترکو نہین نسبت ہی رخِ اکبر سے ۴ زلف کے آگے بھلا رتبۂ سنبل کیا ہی
کہا عباس نے آمادہ ہی سب لشکر کین ۵ جمعِ انصار ہون اب دیر و تساہل کیا ہی
جب رُکا گھوڑا تو شبیر نے مرکب سے کہا ۶ تیرے رُکنے کا سبب پیر و دلدل کیا ہی
حُر سے بولا عمرِ سعد کہ ای حُر جری ۷ تجھکو شبیر سے لڑنے مین تامل کیا ہی

غیظ مین آکے کہا حُر نے کہ او خانہ خراب	۸	ہوکے آگاہ یہ بیوجہ تجاہل کیا ہی
تجھکو معلوم ہی سب منزلتِ ابن علی	۹	شاہ کو احمدِ مرسل سے توسل کیا ہی
سامنے دولتِ عقبیٰ کے ذرا سوچ دنی	۱۰	رَی ہی کیا مال ارے شان و تجمل کیا ہی
رشک ہوئیگا تجھے حشر مین جب دیکھیگا	۱۱	حق کا انصار شہِ دین پہ تفضل کیا ہی
کہا بانو نے یہ اکبر سے نہین تم آگاہ	۱۲	صدمۂ سخت فراقِ گل و بلبل کیا ہی
جب گرے گھوڑ پیسے سرور تو عمر نے یہ کہا	۱۳	سر جدا کرنے مین بیکس کے تساہل کیا ہی
کہا در بانون نے دربار مین جاتے ہین اسیر	۱۴	پوچھا جب ہند نے بازار مین یہ غُل کیا ہی
ہر لبِ زخم سے امت کی دعا تھی ہر دم	۱۵	پسرِ فاطمہ کا صبر و تحمل کیا ہی

	۱۶	آرزوے دلِ مداح سے آگاہ ہین آپ حاجتِ اظہار کی مولا جزو کل کیا ہی

جو لو ہین شمعِ مرتضوی سے لگا چکے	۱	بہر سلام پھر وہ کہین اور جا چکے
تاراجی خیام کو پہونچے عدوے دین	۲	جسدم وہ رُکن کعبۂ ایمان گرا چکے
اہلِ حرم کو قید کیا فوجِ شام نے	۳	اعدا خیامِ آلِ عبا جب جلا چکے
خیمہ مین آئے بہر وداعِ اخیر شاہ	۴	اصغر کو جبکہ مہدِ لحد مین سلا چکے
آیا جو حُر تو سرورِ عالم نے یہ کہا	۵	بہرِ مدد جو آنے کو تھے بس وہ آ چکے
اِس تہنیت مین شب کو چراغان تھا شام مین	۶	شمعِ مزارِ مصطفوی جب بجھا چکے
رن کو گئے امامِ دو عالم پے جہاد	۷	خویش و رفیق جب کہ سرون کو کٹا چکے

گھوڑا رُکا تو سیدِ مظلوم نے کہا ۸ خیمہ بپا ہوں منزلِ مقصد پہ آچکے
اکبر نے عرض کی مری رخصت میں کیا ہی دیر ۹ مولا چچا بھی ہاتھوں کو اپنے کٹا چکے
زندان تیرہ میں کیا اہلِ حرم کو بند ۱۰ جب سر کھلے عدو انھیں در در پھرا چکے
صغرا کا تھا بیان کہ نہ لینے کو بھائی آئے ۱۱ میں سمجھی اب مجھے مرے بابا بُلا چکے
روئے لپٹ کے قبر سے مولا کے اہلبیت ۱۲ عابد مزارِ سبط نبی جب بنا چکے
کچھ یاد کر کے سرورِ عالم نے رو دیا ۱۳ جس وقت حُر کی فوج کو پانی پلا چکے
عابد تھے غش میں آ کے یہ زینب نے دی صدا ۱۴ بیٹا اٹھو امامِ زمان سر کٹا چکے
نسلِ رسول باقی رہی قدرتِ خدا ۱۵ دشمن تو نامِ آلِ نبی تھے مٹا چکے

۱۶ مداح تم بھی روضۂ شبیر پر چلو
جو تم سے بعد آئے تھے وہ پہلے جا چکے

مقصود مجرئی ہو زیارت حسین کی ۱ اور روزِ حشر خاص شفاعت حسین کی
لازم ہی ہر بشر پہ محبت حسین کی ۲ مثلِ نماز فرض ہو طاعت حسین کی
مقبول کیوں نہ ہوتی جماعت حسین کی ۳ تھی نقش اُنکے دل پہ امامت حسین کی
روح الامین ہلاتے تھے جھولا حسین کا ۴ منظور کتنی حق کو تھی راحت حسین کی
خنداں کی تو حق نے بچہ آہو عطا کیا ۵ کس درجہ تھی خدا کو رعایت حسین کی
روزہ جو رکھا چرخ پہ مہرِ مبین چھپا ۶ کس درجہ تھی خدا کو رعایت حسین کی
اپنا پسر حسین کے اوپر کیا نثار ۷ اِس درجہ تھی نبی کو محبت حسین کی

ستر ہزار آئے ملک بہر تہنیت	۸	سُنکر علی کے گھر مین ولادت حسین کی
کیا باوفا تھے یاور و انصار شاہِ دین	۹	سب چھوڑا پر نہ چھوڑی رفاقت حسین کی
تنہا تھے پر نہ آنکھ جھپکنی تھی لاکھون سے	۱۰	واللہ کس قدر تھی شجاعت حسین کی
تھا آگے سب سرون کے سنان پر سر حسین	۱۱	مرنیکے بعد تھی یہ امامت حسین کی
بیٹے بھتیجے بھانجے بھائی کیے نثار	۱۲	امت پہ کسقدر تھی عنایت حسین کی
گنتی مین تین لاکھ مسلمان تھے اہلشام	۱۳	جز حُر کسی نے کی نہ حمایت حسین کی
سر زانوے تبول پہ بالین پہ شیر حق	۱۴	محشر کا معرکہ ہی شہادت حسین کی
کھانا تو اک طرف نہ دیا ایک جرعہ آب	۱۵	کی خوب کوفیون نے ضیافت حسین کی
خنجر کے نیچے سجدۂ خالق کیا ادا	۱۶	مشہور ہی جہان مین عبادت حسین کی
ناحق کو حق سے پھر گئے کوفی پُر دغا	۱۷	بیعت تھی ذوالجلال کی بیعت حسین کی
عباس بولے شمر نے زر کی جو طمع دی	۱۸	بہتر ہی ملک شام سے خدمت حسین کی
کہتے تھے شہ محب ہون مرے داخل جنان	۱۹	کچھ غم نہین لٹی جو ریاضت حسین کی
زینب نے آکے تھامی رکاب امام دین	۲۰	تھی وقت عصر حیف یہ حالت حسین کی
گھر بار سب لٹا دیا امت کے واسطے	۲۱	بیمثل ہی جہان مین سخاوت حسین کی
ہر روز ہی عروج پہ ماتم حسین کا	۲۲	یہ کیا ہی گر نہین ہی کرامت حسین کی
پہچانا شاہ دین نے نہ لاش پسر کو ہائے	۲۳	زائل ہوئی تھی ایسی بصارت حسین کی
پڑھتا تھا سورہ کہف کا ہر دم سر حسین	۲۴	جاوی تھی نیزے پر بھی تلاوت حسین کی

بھاگر تھی اہلِ شام مین مولا کے خوف سے ۲۵ کم تھی نہ شیر حق سے جلالت حسین کی
کوفہ مین بے ردا کے پھر آئے سب اہلبیت ۲۶ منظور تھی شقی کو حقارت حسین کی
سر دیکھکر سنان پہ شہ دین کا بولی ہند ۲۷ آنکھون کے آگے پھر گئی صورت حسین کی
خالق سے عرض کرتے تھے مولا دم اخیر ۲۸ ق مقبول کر کریم شہادت حسین کی
تو خالق جلیل ہی مین بندۂ ذلیل ۲۹ قابل شمار کے نہین طاعت حسین کی
نانا رسول فاطمہ مان باپ شیر حق ۳۰ بڑھکر نہ کیون ہو سب سے شرافت حسین کی
عابد کا خطبہ سنکے یہ بول اُٹھی فوج شام ۳۱ اسکی زبان مین سب ہی طلاقت حسین کی
اصغر کو دفن کرکے یہ شبیر نے کہا ۳۲ اے ارض پاک ہی یہ امانت حسین کی
حر کس خوشی سے راہی باغ جنان ہوا ۳۳ دیکھی جو وقت نزع عنایت حسین کی

۳۴ مداح فردنامہ اعمال پر ترے — اشکِ عزا ہی مہر شفاعت حسین کی

بحرئی تھے شہ دین عاشقِ نیردان کتنے ۱ وعدہ اک اپنا تھا اور کر دیے قربان کتنے
ایک سر سید بیکس کا تھا اور اُسکے لیے ۲ کتنی شمشیرین تھین اور خنجر بران کتنے
قوت بازوے حیدر کو نہ پہونچا کوئی ۳ گو زمانہ مین ہوے سام و نریمان کتنے
حیف ہی ہم کرین اک شک کو مولا سے غریز ۴ مومنو سوچو تو سرور کے ہین احسان کتنے
دیکھکر شہ کے غریزون کو یہ کہتے تھے عدو ۵ نکلے اک برج سے دیکھو مہ تابان کتنے
بین یہ بانو کے تھے مرنے سے تیرے اکبر ۶ خاک مین ملگئے اس دائی کے ارمان کتنے

کتنی تھی فاطمہ صغرا کہ خدا خیر کرے	۷	نظر آتے ہین مجھے خواب پریشان کتنے
نہر مین ڈالدیا گھوڑا پہ پانی نہ پیا	۸	تھے غیور ابن علی شاہ شہیدان کتنے
جب صدا دی علی اکبر نے خبر لو بابا	۹	دوڑے میدان کو شہ ہو کے پریشان کتنے
شہ نے فرمائی نہ امداد کسی کی منظور	۱۰	گو کہ آئے تھے ملک اور نبی جان کتنے
شبث و ابن انس و شمر لعین و خولی	۱۱	تھے سر سید مظلوم کے خواہان کتنے
رن مین بیگور جو تھا لاشۂ فرزند علی	۱۲	نعرہ زن دشت مین تھے شیر نیستان کتنے
کیا شجاعت تھی جھپکتی ہی نہ تھی شیر کی آنکھ	۱۳	گو کہ گھیرے ہوئے تھے شہ کو بدایمان کتنے
حُر نے چھوڑی نہ رہ راست جو کی دل سے قبول	۱۴	گرچہ بہکاتے رہے غول بیابان کتنے
مثل اکبر کا کبھی خواب مین آیا نہ نظر	۱۵	دیکھے یوسف نے بھی گو خواب پریشان کتنے
کوئی نکلا نہ مدد کو شہ مظلوم کی ہائے	۱۶	کہنے کو جمع تھے وان گو کہ مسلمان کتنے

۱۷

فخر مداحی شبیر کہان اے مداح
یون تو کہ جائے کوئی قصۂ دیوان کتنے

مجرئی جب گرمی روزِ جزا یاد آگئی	۱	واسطے سایہ کے زہرا کی ردا یاد آگئی
بلوہ مین جب بنت زہرا کی ردا یاد آگئی	۲	مجرئی نیرنگی چرخ دوتا یاد آگئی
اے سلامی رقتِ ماہ عزا یاد آگئی	۳	فاطمہ زہرا کے رونے کی صدا یاد آگئی
ساری مایوسی مبدل ہوگئی امید سے	۴	جس گھڑی رحمت تری اے کبریا یاد آگئی
زایرون کا ہٹ گیا دل سبز قصرِ خلد سے	۵	روضۂ شبیر کی جسدم فزا یاد آگئی

دیکھکر شہ پیر کو روئے رسول کبریا ۶ ابتدا مین جبکہ شہ کی انتہا یاد آگئی
خوف مومن کو نہین ہرگز فشار قبر سے ۷ رکھنی مرقد مین اگر خاک شفا یاد آگئی
حُر نے فوراً قصد اعدا سے جدائی کا کیا ۸ جبکہ اُسکو پرسش روزِ جزا یاد آگئی
لڑتے لڑتے روک لی شبیر نے اپنی حسام ۹ بخشش امت کے وعدہ کی وفا یاد آگئی
دیکھکر پانی کو روئے ہچکیان لیکر حرم ۱۰ تشنگی بادشاہِ کربلا یاد آگئی
سُنکے آواز اذان اکبر کی زینب نے کہا ۱۱ اِس گھڑی مجھکو اذان مصطفےٰ یاد آگئی
حُر گیا دریا پہ جب عاشور کو بہرِ وضو ۱۲ اُسکو بے آبی آل مصطفےٰ یاد آگئی
گفتگو زینب کی سُنکر بول اُٹھی اِسطرح ہند ۱۳ آپ کی باتون سے بنتِ مرتضیٰ یاد آگئی
سرخی خون حسین و سبزی رنگِ حسن ۱۴ دیکھنے سے تیرے اے رنگ حنا یاد آگئی
سوتے سوتے چونک اُٹھی بالی سکینہ قید مین ۱۵ خواب مین جب شمر کی اُسکو جفا یاد آگئی
بھولے اپنے صبر کے رتبہ کو خود ایوب بھی ۱۶ جب اُنھین سرور کی تسلیم و رضا یاد آگئی
چلتے دم اکبر سے بانو نے کہا روتے ہو کیون ۱۷ کیا بہن بیمار میری مہ لقا یاد آگئی
سر سے نیزہ پر گئے وعدہ وفائی کو امام ۱۸ راہ مین شبّر کی جسدم التجا یاد آگئی
جب پلایا لشکر حر کو شہ بیکس نے آب ۱۹ ساقی کوثر کی ہر اک کو عطا یاد آگئی
ٹہر پڑے عباس کی تیغ آزمائی دیکھکر ۲۰ دشمنون کو ضربت شیر خدا یاد آگئی
دیکھکر رنگینی گل رو کے بانو کہتی تھی ۲۱ خون مین ترا اکبر کی وہ گلگون قبا یاد آگئی
دیکھکر قصابون کا پانی پلانا قبل ذبح ۲۲ تشنگی شاہ بے آب و غذا یاد آگئی

دیکھکر صغرا کا رونا فرقتِ شبیر مین	۲۳	ہر بشر کو زاری غیر النسا یاد آگئی
دیکھا شیشہ مین تو خونِ تازہ تھا عاشور کو	۲۴	ام سلمہ کو جو خاک کربلا یاد آگئی
	۲۵	دہشت مرقد ہوئی یک لخت ای مداح دور جب حدیث آمدِ مشکلکشا یاد آگئی

بزم ماتم مین جو سر پیٹنے والے آئے	۱	مجرئی ہاتھ مین جنت کے قبالے آئے
نہر سے شہ کو اُٹھانے پڑے خیمے بالجبر	۲	جبکہ کوفہ سے رسالے پہ رسالے آئے
صبح سے عصر تلک شغل یہ تھا سرور کا	۳	جو گرا رن مین گئے لاش اُٹھالے آئے
عصر کے بعد رہا حیف نہ اتنا کوئی	۴	دشت سے لاشہ شاہ شہدا لے آئے
بچے سب سہم کے گودونمین چھپے ماؤنکی	۵	خیمونکو لوٹنے جب برچھیون والے آئے
جب گرے گھوڑ سے شبیر تو بارہ جلاد	۶	ذبح کے واسطے تلوار نکالے آئے
کس خوشی سے ہوئی فرزندونکے قربان زینب	۷	جب سُنا مرنے کی سرور سے رضا لے آئے
شمر کہتا تھا مین دونگا اُسے دوسرے خلعت	۸	سر سے زینب کے جو زہرا کی ردا لے آئے
شہ نے فرمایا خدا خیر کرے اکبر کی	۹	جبکہ ہر سمت سے اعدا لیے بھالے آئے
جب سُنا بچونے عباس مین لائے پانی	۱۰	در پہ خیمے کے وہ لے لیکے پیالے آئے
پا برہنہ ہوا صحرا مین جو عابد کا گذر	۱۱	پا بوسی کے لیے دشت مین جھالے آئے
ضعف اِس درجہ تھا عابد کو کہ تا تخت یزید	۱۲	اہلبیت نبوی اُنکو سنبھالے آئے
کہتی تھی فاطمہ نانی ہر کوئی ایسا بھی	۱۳	جاے اور شہ کی خبر مثل صبا لے آئے

اور حرم لی زینب مضطر نے باصرار روا	۱۴	شام مین جبکہ محب شال غرائے آئے
کہا صغرا نے نہین خیر ہی شہ کی نانی	۱۵	پردہ محمل کے نظر جب آئے کالے آئے
رہے بیگور و کفن دشت مین جب شاہ ہدا	۱۶	لاش پر جن و ملک کر نیکو نالے آئے
	۱۷	مرہ خاک شفا سے نہ بدل ای مداح خضر سو بار اگر آب بقا لے آئے

سلامی چشم ہون گریان سحاب کے بدلے	۱	کہ آب تیغ بلا شہ کو آب کے بدلے
حبیب کہتے تھے مین سب سے پہلے دونگا جان	۲	جناب سبط رسالت مآب کے بدلے
سمجھتا تھا نہ کوئی سبط مصطفے شہ کو	۳	عجب عقیدے تھے ہر شیخ و شاب کے بدلے
سوال آب جو شہ نے کیا پے اصغر	۴	لعین نے تیر لگایا جواب کے بدلے
حسین کہتے تھے ہم دیتے ہین جو چاہے لے	۵	شراب نہر لبن جام آب کے بدلے
بجز علی کے نہ سویا کوئی شب ہجرت	۶	نبی کے گھر مین رسالت مآب کے بدلے
گرے جو گھوڑ سے اکبر تو بہر سجدہ شکر	۷	جھکے زمین پہ شہ اضطراب کے بدلے
رفیق کہتے تھے ہو خاک ایسے جینے پر	۸	نہ جان دین خلف بو تراب کے بدلے
کہا یہ حر نے عمر سے تو سوچ تو دل مین	۹	مین چھوڑ دون دولت عقبیٰ سراب کے بدلے
کہا یہ سعد کے بیٹے سے اُسکے بیٹے نے	۱۰	عذاب لیتا ہی ناحق ثواب کے بدلے
جو پوچھا نام تو کبرا نے ہند سے یہ کہا	۱۱	لقب ہی بیوہ وطن کا خطاب کے بدلے
جب آیا جوڑا شہانا نبی کا بولی قضا	۱۲	بجا ہی خون کی افشان شہاب کے بدلے

جو پہونچی مجلس حاکم مین سر کھلی زینب	۱۳	صدائے نوحہ تھی چنگ و رباب کے بدلے
سوال آب پہ اعدا لگاتے تھے نیزے	۱۴	دعائے خیر تھی یان سے عتاب کے بدلے
قبول ہوتی ہین جب غش تو لیکے اشک عزا	۱۵	چھڑکتی حورین ہین رخ پر گلاب کے بدلے
کہا حسین نے قاصد سے کہنا مر گئے شاہ	۱۶	یہی بیان ہی کافی جواب کے بدلے
پدر سے عرض کی اکبر نے ہو اجازت جنگ	۱۷	مین لڑنے جاؤن عدو سے جناب کے بدلے
خناد و سمہ کہان تھا مجو مقتل مین	۱۸	لہو لگایا تھا شہ نے خضاب کے بدلے

	۱۹	بروز حشر شہ دین کے فضل سے مداح سلام ہوگا یہ مجرا حساب کے بدلے

شہ کا مجرائی ہون کس درجہ ہی قسمت اچھی	۱	ہی یہ گلزار جنان ملنے کی صورت اچھی
شہ نے صغرا سے کہا ساتھ مین لے چلتا ضرور	۲	کچھ بھی ہوتی جو مری جان طبیعت اچھی
گھر سے بلوا کے کیا کوفیون نے پانی بند	۳	امتِ جد نے کی شبیر کی دعوت اچھی
پسر سعد سے حر نے کہا انصاف تو کر	۴	جنت اچھی ہی کہ دنیا کی یہ دولت اچھی
ہند نے شام کے حاکم سے کہا اے مردود	۵ ق	سبط احمد سے نہین دلمین کدورت اچھی
گو تو اظہار نہین کرتا ہی مجھ سے اظلم	۶	پر مین پاتی نہین ہرگز تری نیت اچھی
شاہ فرماتے تھے اے شامیو سوچو تو ذرا	۷	دولت اچھی ہی کہ احمد کی شفاعت اچھی
رفقا شاہ کے کہتے تھے کہ بس آجکے بعد	۸	تا قیامت نہین ملنے کی شہادت اچھی
واہ ری قدر دُرِ اشک عزائے شبیر	۹	در شہوار سے بھی ملتی ہی قیمت اچھی

دولت و جاہ و حشم چھوڑ کے کیون حُر آتا ۱۰ روز میثاق سے گر ہوتی نہ طینت اچھی
جبکہ آتے تھے پے رخصت میدان عباس ۱۱ شاہ فرماتے تھے بھائی نہین عجلت اچھی
فخر سے کہتے تھے عباس کہ ملک جم سے ۱۲ میرے نزدیک ہی شبیر کی خدمت اچھی
ایک ہی دم مین ہوا ناری سے نوری بخدا ۱۳ حُر نے بھی پائی تھی کس مرتبہ قسمت اچھی

۱۴ نہین معلوم ہی کیا نیک عمل اے مداح
گر نہین آل محمد سے محبت اچھی

نہین خواہش سلامی سیم زر کی ۱ غلامی بس ہی شاہ بحر و بر کی
ہمین دہشت ہو کیا نار سقر کی ۲ کفن مین خاک ہی سرور کے در کی
در اشک عزاے شہ کے آگے ۳ نہین کچھ قدر ہی لعل و گہر کی
جلاے پیروان مرتضے کو ۴ کہان یہ تاب ہی نار سقر کی
کہا بانو نے رخصت کسطرح دون ۵ کمائی تم ہوا کبسہ عمر بھر کی
صدا فضہ نے دی مرتا ہی اصغر ۶ خبر لو سید بیکس پسر کی
پس از قتل امام ہر دو عالم ۷ حرم نے زندگی رو کر بسر کی
ہر اکدم نوحہ تھا ہر وقت ماتم ۸ یون ہی کی شام اور یون ہی سحر کی
کہا یہ ہند نے حاکم سے اظلم ۹ بھلا کچھ انتہا ہی تیرے شر کی
کیا تشنہ دہن سرور کو مقتول ۱۰ نبی کی آل تو نے در بدر کی
نہین تو جانتا زینب کا رتبہ ۱۱ کسی نے کیا نہین تجھکو خبر کی

نہ نکلا چرخ پر خورشید ہرگز ۱۲ ردا جبتک رہی زینب کے سر کی

کہا زینب نے کفنا دُن مین کیونکر ۱۳ ردا بھی چھن گئی یا شاہ سر کی

بڑے حق سے نہ پیغمبر سے ظالم ۱۴ ہوس غالب ہوئی یہ سیم وزر کی

کھڑی رہتی ہی در پر اپنے صغرا ۱۵ خبر لینے کو اپنے نامہ بر کی

حرم کے گریہ پر روتے تھے حیوان ۱۶ غضب ہوتی ہین آہین نوحہ گر کی

کہا شہ نے نہ ہو زینب کھلے سر ۱۷ نہین کچھ فکر مجھکو اپنے سر کی

ملا جس روز مرقد شاہِ دین کو ۱۸ تھی اُس دن بیسوین ماہ صفر کی

ہوے جب حملہ در عباس رن مین ۱۹ ندا تھی الامان والحذر کی

دکھا کر بانو کو کہتا تھا خولی ۲۰ پ یہ بانو ہی امام بحر و بر کی

یہ قیدی دختر شاہِ عجم ہی ۲۱ بہو ہی حضرت خیر البشر کی

بلا امداد کے اُٹھنا تھا مشکل ۲۲ یہ حالت تھی مریض بے پدر کی

ندا زینب کی تھی یا شیر یزدان ۲۳ خبر لو عابد بے بال و پر کی

بہت گھبرا کے اٹھی تب مین صغرا ۲۴ خبر پائی جو حضرت کے سفر کی

گری غش کھا کے بانو خاک پر ہاے ۲۵ جو لائے لاش شہ نور نظر کی

سرہانے تھا پڑھنا سورۂ کہف ۲۶ سفر مین تھی یہ صورت شہ کے سر کی

لکھا ہی پانچ جا روے زمین پر ۲۷ زیارت ہی شہ بیکس کے سر کی

یہی کہتی تھی رو کر بنت سرور ۲۸ نہ کیون اب تک خبر آئی پدر کی

۲۹	ہوئی کشت عمل سرسبز مداح یہ ہی تائید بیشک چشم تر کی	

مجرئی آل عبا سے کون بہتر اور ہی	۱	طینتِ عام اور ہی اور نور داور اور ہی
مومنو ہی مسندِ قائم کی ناحق کو تلاش	۲	بہتر از خاکِ شفا کیا کوئی بستر اور ہی
ساتھ قرآن کے نہین گر قایم آل عبا	۳	کون پھر مصداقِ فرمان پیمبر اور ہی
پامع نائبین کے رکھے ہون جسنے عرش پر	۴	غیر ختم المرسلین ایسا پیمبر اور ہی
ہاتھ مین لیکر دو خیبر کو کہتے تھے علی	۵	بار مین یہ تو سپر سے بھی سبک تر اور ہی
جد محمد مصطفے ماں فاطمہ بابا علی	۶	شہر و شبیر سے پھر کون بہتر اور ہی
پیش حیدر گو جہان کا سیم و زر ہیوقر ہی	۷	پر وقارِ فضہ و اعزاز بوذر اور ہی
سر پہ دامن فاطمہ کا راس و چپ و دو نون علم	۸	ذاکرون کا مرتبہ بالائے منبر اور ہی
گوہر اشک عزا کے سامنے کیا در کی قدر	۹	آب نیسان اور جوش دیدۂ تر اور ہی
کہتے ہین یون بانی مجلس سے جبریل امین	۱۰	فرش کی گر ہو کمی تو میرا شبیر اور ہی
عشرۂ ماہِ عزا کا ہو گیا گر خاتمہ	۱۱	پر غم شہ تا بہ چہلم دیکھو گھر گھر اور ہی
کہتے تھے انصار شہ دریا کی ہو کیون ہمکو چاہ	۱۲	آب دریا اور ہی اور آب کوثر اور ہی
کہتا تھا حُر نزع مین اسدم کھلا یہ راز عب	۱۳	لطف زہرا اور ہی آغوش مادر اور ہی
کہتے تھے شہ پرزے پرزے گو ہی زخمون سے بدن	۱۴	حلق کو پر اشتیاقِ آب خنجر اور ہی
شہ نے اعدا سے کہا مہلت دو اتنی ظالمو	۱۵	گھر سے لے آؤن مین فدیہ ایک اصغر اور ہی

کہتے تھے دربان گورو لے ہین سب اہل حرم ۱۶ مضطرب سب سے سوا پرشہ کی دختر اور ہی
عرض کی حر نے نہین صدقہ کو تنہا یہ غلام ۱۷ ایک بھائی ایک خادم ایک دلبر اور ہی
کہتے تھے شہ مر چکے جسوقت سب خویش و عزیز ۱۸ نذر حق کے واسطے باقی مرا سر اور ہی
سونپ کر مختار یے محشر کہیگا کبریا ۱۹ آرزو کچھ تجھکو ای سبطِ پیمبر اور ہی
شہ نے زینب سے کہا تم سر کھلے در در پھرو ۲۰ بعد میرے ای بہن یہ شرط محضر اور ہی
پہلے خود صدقے ہوئی سر پر یہ زینب سات بار ۲۱ ق پھر کہا میری غرض یہ ابن حیدر اور ہی
نذر مین کرتی ہون بیٹے رنگی دو انکو رضا ۲۲ آخری تم سے یہ مولا عرض خواہر اور ہی
سر کے کھلنے پر حرم چلائے تو بولا یہ شمر ۲۳ سر کھلے پھرنا ابھی کوفہ مین در در اور ہی
اُس سے مس ہوتا ہی سونا اِس سے دھلتے ہین گناہ ۲۴ تربتِ شہ اور ہی کربت احمر اور ہی
کہتے تھے عباس مجھ مین اور شہ مین ہی یہ فرق ۲۵ جیسے قمبر اور ہی مولائے قمبر اور ہی
کہتی تھی حاکم سے زینب ہو گئے برباد ہم ۲۶ آرزو باقی تری اب کیا ستمگر اور ہی
کہتی تھی اکبر سے بانو رنگی دون کیونکر رضا ۲۷ سنگ بیٹا اور ہی اور قلب مادر اور ہی
کہتی تھی سرور سے زینب جاتے ہین نیکو آپ ۲۸ بعد حضرت کون والی میرے سر پر اور ہی
مر گئے عباس جب کہتی تھی فوج اشقیا ۲۹ لشکر شبیر مین بس ایک اکبر اور ہی
لٹ چکے جسدم حرم رو رو کے بانو نے کہا ۳۰ دیکھیے دکھلاتا اب کیا کیا مقدر اور ہی
سعد کے بیٹے سے حر کہتا تھا ظالم سوچ تو ۳۱ ق سبط احمد کا کوئی دنیا مین ہمسر اور ہی
تیرے حاکم اور سرور کی ہی بیشک یہ مثال ۳۲ غول دنیا اور ہی اور دین کا رہبر اور ہی

۳۳	ہو مجاور روضۂ شبیر پر مداح تو زایری کے رتبہ سے رتبہ یہ برتر اور ہے	

مجرئی بان کر صبر تجھے سر پر باندھے	۱	اور وان شمر نے قتل تجھا خنجر باندھے
ہوے جو عقدہ کشائے دو جہان واویلا	۲	ہاتھ اُس شاہ کی دختر کے ستمگر باندھے
کیا مروت تھی شہ دین نے جھکا لی گردن	۳	پہونچا ہاتھون کو جو ہین حر دلاور باندھے
شہ ادھر تھے مع ہفتاد و دو تن شہ دین	۴	تھا صف جنگ اُدھر شام کا لشکر باندھے
شہ نے زینب سے کہا صبر ہی کرنا مرے بعد	۵	کوئی رسی سے جو شاید ترے خواہر باندھے
رات بھر نیند نہ زندان مین آئی تھی انھین	۶	ہاتھ معصومون کے اِسطرح سے کسکر باندھے
دیکھکر قاسم ناشاد کو روتے تھے عدو	۷	آیا میدان مین سہرا جو وہ مضطر باندھے
رعب عباس سے تھرانے لگی فوج عدو	۸	پہونچے میدان مین جو شمشیر دو پیکر باندھے
کس نے جز خواہر شبیر یہ دیکھا ہی کبھی	۹	اپنے بیٹون کی کمر مرنے پہ مادر باندھے
کہتی تھی بنت علی صدقے ہون بیٹے میرے	۱۰	رن کے جانے کو کمر اپنی نہ اکبر باندھے
کیا ہی ہمت تھی کیا ہاتھ نہ پھیلا کے سوال	۱۱	پیاس مین مٹھیان دونون رہے اصغر باندھے
کہا زینب نے نہین باندھے یہ سجاد کے ہاتھ	۱۲	ظالمو آج ہین یہ بازوے حیدر باندھے
شاہ کہتے تھے نہ تلوارین لگاؤ مجکو	۱۳	ظالمو سر پہ ہون دستار پیمبر باندھے
حیف ہی مومنو سلجھاتی تھی جسکو زہرا	۱۴	شمر نیزے سے وہی زلف معنبر باندھے

۱۵	شور محشر تھا بپا آل نبی مین مداح	

بیوون کے ہاتھ جو ملعونون نے کسکر باندھے

سلام

مجرئی تھے شہ دین عاشق یزدان اتنے	۱	کوئی باقی نہ رہا کردیے قربان اتنے
دعوی ہمسری شاہ کرے جب تو خلیل	۲	پہلے قربانی کو لائے تو دل و جان اتنے
سبحۂ اشک عزا پر بھی نہو جنکا شمار	۳	شہ مظلوم کی امت پہ ہین احسان اتنے
احمد و حیدر و زہرا و حسن بلکہ خدا	۴	اک در اشک غم شہ کے ہین خواہان اتنے
ایک حر ایک پسر ایک غلام اک بھائی	۵	لشکر کفر مین تھے تابع یزدان اتنے
دفن کے وقت ہوا قبر مین رکھنا دشوار	۶	چور تھے زخمون سے عضو شہ ذیشان اتنے
کہا زعفر نے کہ بن جائیگی جانون پہ وہان	۷	سرور اساتھ ہین خادم کے نبی جان اتنے
کہتی تھی فاطمہ صغرا کہ خدا خیر کرے	۸	نانی مین دیکھتی ہون خواب پریشان اتنے
اصغر و ابن حسن نور نگاہ عباس	۹	لشکر شاہ مین ہین کشتۂ پیکان اتنے
پاؤن ہر گام تھا سجاد کو رکھنا دشوار	۱۰	پھیلے تھے راستہ مین خار مغیلان اتنے
جاکے دریا مین بھی پانی نہ پیا سرور نے	۱۱	تھے غیور ابن علی شاہ شہیدان اتنے
کوئی اتنا بھی نہ تھا جس سے کہ ہوتے رخصت	۱۲	تھے غریب الغربا شاہ خراسان اتنے
کہتے تھے حور و ملک پاؤن ہر رکھنا مشکل	۱۳	پھیلے ہین دشت مین شبنم کے گل و ریحان اتنے
شاہ فرماتے تھے کس کسکی تواضع مین کرون	۱۴	حلق ہر ایک مرا خنجر بران اتنے
کہا زینب نے نہین خواب مین آتے اکبر	۱۵	کیون پھوپھی سے ہو بیزار مری جان اتنے

حق نے بخشی تھی ید اللہ کو جو تاب و توان	۱۶	زور آور تھے کہان زال و نریمان اتنے
جان بھی دین تو نہون حق سے شہ دین کے ادا	۱۷	ہم پہ ہین شاہ کے احسان فراوان اتنے
بدلے ہر شعر کے ملتا ہی مکان جنت مین	۱۸	کر دیے قصر جنان شاہ نے ارزان اتنے
رونے بھی پاتے تھے شہ کو نہ حرم قید مین آہ	۱۹	سخت بیرحم تھے زندان کے نگہبان اتنے
منھ سے بولے نہ چلے گھٹنیون گھر مین اصغر	۲۰	کہتی تھی بانو مرے رہگئے ارمان اتنے
قطرہ پانی کا نہ بچے کے بھی پینے کو دیا	۲۱	دشمن آل پیمبر تھے مسلمان اتنے
ایک چادر بھی نہ تھی جس سے چھپاتے چہرہ	۲۲	ہوگئے آل نبی بے سر و سامان اتنے
	۲۳	آپ کے در پہ بغیر آئے نکل سکتے نہین دل مداح مین یا شاہ ہین ارمان اتنے

سلام

عزیز اعدا نے مجرائی کیا بے شیر سے پانی	۱	پلایا آہ اس پیاسے کو آب تیر سے پانی
غضب ہی دعوی اسلام تھا اور اسپہ واویلا	۲	کیا پیارا عدو نے حضرت شبیر سے پانی
نہ سمجھو اسکو بہنہ ای مومنو دل ابر بارانکا	۳	ہوا ہی تشنگی شاہ کی تاثیر سے پانی
کہا سرور نے پیاسے ہی گئے جنت کو تم اکبر	۴	بہت مانگا کیے ایجان مجھ دلگیر سے پانی
کہا بانو سے سرور نے یقین ہی مانگنے پر بھی	۵	نہین ملنے کا ہرگز لشکر بے پیر سے پانی
سکینہ سے کہا عباس نے لاؤنگا دریا سے	۶	ملیگا جسطرح سے اور جس تدبیر سے پانی
بوقت ذبح پانی دیتے ہین حیوان کو بھی ہی ہی	۷	ذبیح راہ خالق کو دیا شمشیر سے پانی

کہا اعدا نے سرور سے بغیر از بیعت حاکم	۸	نہین ملنے کا اے سبط نبی تقریر سے پانی
کہا شہ نے روان ہون کوثر و تسنیم خیمہ مین	۹	ہو چاہو نہین ابھی اُس مالک تقدیر سے پانی
سنایا شہ کو جلتے ہین خیام آل پیغمبر	۱۰	چھڑایا ظالمون نے شہ سے کس تزویر سے پانی
کہا شمر لعین نے مین دم آخر یہ سنتا تھا	۱۱	ندا آتی تھی حلق حضرت شبیر سے پانی
پس از قتل شہ دین روتی تھی دو دو پہر زینب	۱۲	جو کوئی مانگتا تھا شاہ کی ہمشیر سے پانی

	۱۳	الٰہی ہو دعا مداح کی محشر مین کوثر پر عطا ہو مجھکو دست شاہ خیبر گیر سے پانی

ہو قبر مجرئی در مولا کے سامنے	۱	حاضر رہے غلام یہ آقا کے سامنے
حر دل سے کہتا آتا تھا ہو گی خطا معاف	۲	پہونچونگا جب مین سرور والا کے سامنے
حر بولا شہ سے ہاتھ بندھے یون مین جان نثار	۳	جائیگا بنت فاطمہ زہرا کے سامنے
عباس کہتے تھے کہ ہو یہ آرزوے دل	۴	بیجان ہون زمین سید والا کے سامنے
ہر اک سے لاش اکبر مہ وتھے پوچھتے	۵	پہونچے جو شاہ دین صفدر اعدا کے سامنے
کہتے تھے شامی شاہ سے رہنے نہ دینگے ہم	۶	خیمہ جو آپ کے ہین یہ دریا کے سامنے
صغرا کا تھا یہ قول شفا ہو مجھے ابھی	۷	پہونچون اگر مین اپنے مسیحا کے سامنے
سرور نے شمر سے کہا اے بانی جفا	۸	شکوہ کرونگا مین ترا نانا کے سامنے
غش کھا کے شاہ گر پڑے اکبر کی لاش پر	۹	دم توڑا نوجوان نے جو بابا کے سامنے
ام البنین نے کہا قاصد نہ کیجو ذکر	۱۰	حال حسین فاطمہ صغرا کے سامنے

روتی تھی پھر پھر کے منھ فرطِ شرم سے | ۱۱ | قاسم کا ذکر ہوتا جو کبرا کے سامنے
خون کا خضاب کے یہ فرماتے تھے امام | ۱۲ | جاؤنگا سرخرو یوہین نانا کے سامنے

۱۳ | مداح آرزوے دلی ہی کہ یہ سلام
جاکر پڑھون مین روضۂ آقا کے سامنے

سلام

سلامی آمد ماہ عزا ہی | ۱ | ابھی سے فاطمہ کا سر کھلا ہی
جدھر دیکھو اُدھر ہی شور ماتم | ۲ | ہر اک سو نعرۂ آہ و بکا ہی
چلے ہین کعبہ سے کوفہ کو مولا | ۳ | بہت نزدیک دشتِ کربلا ہی
ہی پیدل آگے آگے ہادیِ عصر | ۴ | کھلے سر پیچھے سارا قافلا ہی
فدا کرتے ہین شہ اُس جان جان کو | ۵ | کہ جسپر جان سب گھر کی فدا ہی
غضب ہی دخترِ زہرا کے کھلے سر | ۶ | سر بازار ہی مجمع بڑا ہی
قفا پر شمر ہی گردن پہ خنجر | ۷ | زبان پر شہ کی امت کی دعا ہی
منادی کہتا جاتا تھا یہ آگے | ۸ | اسیران بلا کا قافلا ہی
بتایا شمر نے حاکم کو ہی ہی | ۹ | یہ بانو ہی یہ بنت مرتضیٰ ہی
کہا یہ دست بستہ حر نے شہ سے | ۱۰ | یہ بندہ مورد جرم و خطا ہی
اگر بخشو نہین کچھ دور مولا | ۱۱ | خطا ہم سے ہی اور تم سے عطا ہی
کہا سرور نے یہ اہل وطن سے | ۱۲ | شہا کوفہ پُر از مکر و دغا ہی

نہ جاؤ اُسطرف سب گھر کو لیکر ۱۳ بہت گرمی ہی اور موسم بُرا ہی
کہا شہ نے مین ہون آگاہ لیکن ۱۴ وہی ہوگا جو حکم کبریا ہی
مجھے کچھ خوف مرنے کا نہین ہی ۱۵ بشر کے واسطے اکدن قضا ہی
یہ کی عباس نے شبیر سے عرض ۱۶ ق توقف اب مری رخصت مین کیا ہی
فدا ہونے کو یا سبطِ پیمبر ۱۷ فقط یہ ہی غلام بادفا ہی
پئے رخصت علی اکبر جو آئے ۱۸ ق کہا ماں نے بتاؤ قصد کیا ہی
وہ بولا جان و دل قربان شہ کے ۱۹ یہ دل کی آرزو اور مدعا ہی
ہوا ناری سے نوری ایکدم مین ۲۰ عجب حرپر یہ الطاف خدا ہی
ہین بیشک جنتی شہ کے عزادار ۲۱ عقیدہ اپنا بیچون وچرا ہی
نہ کھانا ہی نہ پانی ہی نہ آرام ۲۲ یہ ہین آلام اور آل عبا ہی
مجھو قدر روان اشک عزا کی ۲۳ یقیناً ذات پاک مصطفے ہی
اکیلے ہین شہ مظلوم رن مین ۲۴ ق نہ یاور ہی نہ کوئی آشنا ہی
ترا حافظ خداوند دو عالم ۲۵ یہ ہر دم روح زہرا کی صدا ہی
چڑھا جو دوش ختم المرسلین پر ۲۶ سر اُسکا حیف نیزہ پر چڑھا ہی
غضب ہی ملتجی پانی کا وہ ہی ۲۷ ہمین کوثر کی جس سے التجا ہی
مرض جب ہند نے عابد سے پوچھا ۲۸ کہا مولا نے مرض لادوا ہی
ہر اک دم کہتی تھی نانی سے صغرا ۲۹ جب آئین سید والا شفا ہی

ہی تاثیر غم حسنین اس مین ۳۰ یہ سبز و سرخ جو رنگ حنا ہی
جو ہونگے فاطمہ کے زیر چادر ۳۱ اُنھین محشر کے دن کا خوف کیا ہی
ہی رن مین بیکفن بھائی کا لاشہ ۳۲ بہن بلوہ مین در در بیردا ہی
علی کی بیٹیان اور قید خانہ ۳۳ عجب نیرنگی چرخ دوتا ہی
بندھا ہی ریسمان مین اُسکا کنبہ ۳۴ لقب جس شاہ کا عقدہ کشا ہی
کیا سفا کون نے لاشونکو پامال ۳۵ بھلا اِس ظلم کی کچھ انتہا ہی
کہان رن اور کہان آغوش زہرا ۳۶ وہ شہ کی ابتدا یہ انتہا ہی
اُترآئے فرس سے شاہ بیکس ۳۷ ہوا معلوم جب یہ کربلا ہی
رفیقون سے یہ پھر فرمایا شہ نے ۳۸ مقام اپنا یہین اب دائما ہی
تماشے کو چلو آتے ہین قیدی ۳۹ ہر اک سو شام مین یہ غلغلہ ہی
کہا جلاد سے شہ نے کہ او شمر ۴۰ مرا جد شافع روز جزا ہی
تجھے معلوم ہی یہ یا نہین ہی ۴۱ قیامت مین خدا کا سامنا ہی
جواب اِس ظلم کا کیا دیگا اظلم ۴۲ ترے دلمین بھی کچھ خوف خدا ہی
بھلا وہ کس طرح بھولیگا رشتہ ۴۳ علی جس قافلہ کا رہنما ہی
یقینی ہم ہین اُس کشتی کے راکب ۴۴ امام عصر جس کا ناخدا ہی
روایت کرتے ہین سلمان کہ دیکھا ۴۵ میان خواب بنت مصطفےٰ ہی
مگر اعجاز سے خیر النسا کے ۴۶ بلا تحریک چلتی آسیا ہی

ہمارے دل سے نقش حب حیدر	۴۷	نہیں مٹنے کا قدرت کا لکھا ہی
۴۸	نہو وابستۂ اندوہ مداح ترا مولا جو ہی مشکلکشا ہی	

سلام

کچھ دور سلامی در سرور تو نہین ہی	۱	پر کیا کرین تائید مقدر تو نہین ہی
زہرا سے سلامی کوئی برتر تو نہین ہی	۲	یہ رتبۂ ازواج پیمبر تو نہین ہی
فرمائین جسے ختم رسل بضعۂ منی	۳	ایسا کوئی جز فاطمہ اطہر تو نہین ہی
تعظیم کو جسکے کہ نبی اُٹھتے تھے ہر بار	۴	ایسا کوئی جز فاطمہ اطہر تو نہین ہی
کیون ہند سے مانوس ہو اس درجہ مجو	۵	سب کچھ سہی یان روضۂ سرور تو نہین ہی
رو کر سر شہ سے کہا زینب نے جلاد	۶	بیٹا یہ ضعیفہ کا ہی اصغر تو نہین ہی
صغرا نے کہا بی بیو مین پاتی ہون سب کو	۷	پر انمین سکینہ مری خواہر تو نہین ہی
لیتے ہین در اشک کو اسد پیمبر	۸	نیسان ترا اس رتبہ کا گوہر تو نہین ہی
زینب نے کہا شمر نہ لے میری ردا تو	۹	کچھ بیش بہا یہ مری چادر تو نہین ہی
بانو نے کہا اُٹھ گئی تصویر پیمبر	۱۰	اب رہنے کے قابل یہ مرا گھر تو نہین ہی
کسطرح سے نیند آئے یہ کہتی تھی سکینہ	۱۱	جز فرش زمین اور کوئی بستر تو نہین ہی
زینب سے کہا ہند نے تم روتی ہو جسکو	۱۲	وہ سبط نبی و پسر حیدر تو نہین ہی
زینب نے کہا جا کے وطن کیا کرون لوگو	۱۳	ساتھ آئی تھی جسکے وہ برادر تو نہین ہی

لازم ہی مجون کو ہر اک دم غم سرور ۱۴ کچھ ماہ عزا ہی پہ مقرر تو نہین ہی
کس یاس سے شہ پوچھتے تھے زخمی پسر سے ۱۵ کچھ درد جگر مین علی اکبر تو نہین ہی
شہ کہتے تھے مین بانگونگا پانی پیے اصغر ۱۶ پر دین وہ تنک ظرف یہ باور تو نہین ہی
بانو نے کہا دون تو رضا مین تمھین اکبر ۱۷ پر کہتے مین واری دل مضطر تو نہین ہی
مولا نے کہا قاصد اصغر اسے یہ رو کر ۱۸ خط دون کسے زندہ علی اکبر تو نہین ہی
بانو نے کہا چین تمھین آیا ہی کیونکر ۱۹ اصغر ہی زمین دامن مادر تو نہین ہی
زینب نے کہا آپ مری لاش پہ روئین ۲۰ خواہر کا اخی ایسا مقدر تو نہین ہی

۲۱ احمد مین شفیع اپنے ائمہ مین مددگار
مداح کو اندیشۂ محشر تو نہین ہی

سلام

لو ہو سلامی جانب حیدر لگی ہوئی ۱ ہو دل سے یاد ساقی کوثر لگی ہوئی
تکمیل فرد نامۂ اعمال کے لیے ۲ ہو شرط حب آل پیمبر لگی ہوئی
لڑنے گئے جو زینب بیکس کے دلربا ۳ ماں کی نظر تھی جانب لشکر لگی ہوئی
اسطرح تھی اسیرون مین اک رات کی دلہن ۴ غازہ کے بدلے خاک تھی منہ پر لگی ہوئی
قاصد کے انتظار مین ہر وقت روز و شب ۵ رہتی تھی در سے شاہ کی دختر لگی ہوئی
سمجھے حرم کہ جاتے ہین مرنیکو زمین شاہ ۶ آئی نظر جو تیغ دو پیکر لگی ہوئی
شرم آئی میری آنکھون سے ابر مطیر کو ۷ دیکھی جھڑی جو اشکون کی اکثر لگی ہوئی

کہتی تھی بانو آکے لپٹ جاؤ سینہ سے	۸	ہی آگ میرے قلب مین اکبر لگی ہوئی
آگاہ کرتی ہی نہ ملا پانی سقے کو	۹	یہ خشک مشک جو ہی علم پر لگی ہوئی
غش کھاکے شاہ گر پڑے بیٹے کی لاش پر	۱۰	دیکھی جو برچھی سینہ کے اندر لگی ہوئی
حر نے کہا عمر سے ہی کوثر کی مجکو چاہ	۱۱	ہی تیرے دلمین تو ہوس زر لگی ہوئی
کہتی تھی ہند کچھ تو کہو حال بی بیو	۱۲	مہر سکوت کیون ہی لبون پر لگی ہوئی
انصار کہتے تھے نہین اندیشہ اپنا کچھ	۱۳	ہی فکر حفظ سبط پیمبر لگی ہوئی
کہتے تھے شاہ میری شہادت کے ساتھ ہی	۱۴	ہی شرط بے ردائی خواہر لگی ہوئی
امت بچی لئے میرا گھر یا کہ سر کٹے	۱۵	یہ لو تھی شاہ کو تہ خنجر لگی ہوئی
کہتے تھے سب رفیق نہین نہر سے غرض	۱۶	اپنی نظر ہی جانب کوثر لگی ہوئی
بچون کو لیکے نکلے حرم آہ سر کھلے	۱۷	دیکھی جو آگ خیمون کے اندر لگی ہوئی
جاؤ نہ ہمکو چھوڑ کے میدانمین مرنے کو	۱۸	دامن سے شہ کے کہتی تھی دختر لگی ہوئی

۱۹	مداح بار نخل تمنا کے واسطے ہر شاخ مین ہی شاخ مقدر لگی ہوئی

سلام

سلام اُسپہ جو محتاج تھا لحد کے لیے	۱	بنا تھا صبر کا جامہ اُسی کے قد کے لیے
غضب ہی مالک کوثر پہ بند تھا پانی	۲	وگرنہ وقف تھی وہ نہر دام وود کے لیے
نہ ہاتھ اُٹھانا تھا امت پہ شاہ کو منظور	۳	جو وار کرتے تھے مولا فقط تھا رد کے لیے

پکارا حرملہ طفلِ صغیر دوست حسین	۴	یہ دو نشانے مقابل تجھے ایک زد کے لیے
پلایا لشکرِ اعدا کو پیاس مین پانی	۵	یہ فیض عام تھا مولا کا نیک و بد کے لیے
دلائی آلِ نبی کے ثبوت کے خاطر	۶	ہی داغ ماتمِ شبیر بس سند کے لیے
عجب ہی ستم نے عیش دو روزہ کی خاطر	۷	عذاب نار گوارا کیا ابد کے لیے
نہ التجا کی کسی کی حسین نے منظور	۸	دگر نہ آئے تھے جن و ملک مدد کے لیے
غضب ہی دھوپ مین بے سایہ اُسکا لاشہ ہو	۹	سحاب چتر تھا ہر وقت جسکے جد کے لیے
حسین تشنہ ہوے ذبح بس ہی رونے کو	۱۰	یہ فقرہ کافی ہی ہر صاحب خرد کے لیے
امام کہتے تھے بے شیر کو توسفنا کو	۱۱	پلا دو پانی ذرا خالقِ صمد کے لیے
کچھ انتہا ہی بھلا صبر شاہ بیکس کی	۱۲	دعاے بد بھی نہ کی لشکرِ حسد کے لیے
نہ ہو مدٹپرنا گوارا تھا جس پہ زہرا کو	۱۳	ہزارون تیر تھے اُس نازنین جسد کے لیے
ہجوم اتنا ہوا ظالمون کا میدان مین	۱۴	کہ دشت تنگ تھا اُس فوج لاتعد کے لیے
خوشا نصیب ہین ہی اُنکی موت عین حیات	۱۵	جوار شاہ ملا ہی جنھین لحد کے لیے
شریک عابد بیکس ہون دفن سرور مین	۱۶	شرف خدا نے یہ بخشا نبی اسد کے لیے
	۱۷	عبث ہی فکر ہر اک امر مین تجھے مداح وہ آئے حضرت مشکلکشا مدد کے لیے

سلام

خاصگان حق صدا بے زر رہے	۱	مجرئی محتاج ہی حیدر رہے

بان تلک حیدر سے خلقت پھر گئی	۲	ساتھ سلمان اور فقط بوذر رہے
اہلبیت مصطفے نے پایا چین	۳	جتنے دن خیر الورا سر پر رہے
دی نہ مہلت ایک دم آرام کو	۴	تنگ اہل ظلم سے شبر رہے
اُٹھ گئے دنیا سے جب حضرت حسن	۵	درپے شبیر اہل شر رہے
تین دن دشت بلا مین مومنو	۶	حیف پیاسے مالک کوثر رہے
ایسے تھے مشتاق آبِ تیر کے	۷	جھولے مین مضطر علی اصغر رہے
لکھا ہے تا اربعین اے مومنو	۸	بے کفن سر در حرم در در رہے
اُسکی لائے لاش دی اُسکو رضا	۹	بس اسی مین شاہ دین دن بھر رہے
ایسے باندھے ہاتھ تھے زینب کے آہ	۱۰	زندگی بھر نیل بازو پر رہے
مضطرب زہرا رہین بالین پر	۱۱	جس گھڑی تک شہ نہ خنجر رہے
خوف تھا شب خون کا جو انصار کو	۱۲	اسلیئے بیدار سب شب بھر رہے
دی نہ جبتک شاہ نے رن کی رضا	۱۳	ہاتھ باندھے روتے ہی اکبر رہے
مرنے کو جانے لگے شہ کے عزیز	۱۴	جب نہ باقی شاہ کے یاور رہے
حیف کی جا ہے کہ اپنے کشتون کو	۱۵	رات بھر دفناتے اہل شر رہے
پر شہیدان رہ حق کتنے دن	۱۶	بیکفن ہی خاک کے اوپر رہے
خاک تیری آبرو پر اے فرات	۱۷	تجھ پہ پیاسے دلبر حیدر رہے
لاشۂ شبیر پر روح الامین	۱۸	اپنا پھیلائے ہوے شہپر رہے

چادر تطہیر تھی جنکے لیے | ۱۹ | ہائے وہ بلوہ مین بے چادر رہے

بے زیارت ہند مین مداح تم
ہی تعجب ابتلک کیونکر رہے | ۲۰

قطعہ

عید ہی ہر ایک مومن شاد ہی
کیون نہ ہو مین مہتمم قدسی یہان
خانہ کفر و فتن برباد ہی
مصطفے کی مجلس میلاد ہی

قطعہ

خلق کا جو باعث ایجاد ہی
سب رسولون مین ملا جسکو شرف
جسکی برکت سے جہان آباد ہی
یہ اُسی کی مجلس میلاد ہی

قطعہ

ہی نساء عالمین مین سب سے بہتر فاطمہ
حامی روز جزا مختار محشر فاطمہ
باپ ہی ختم رسل شوہر وہی مصطفے
فخر مریم مادر شبیر و شبر فاطمہ

قطعہ

کیون نہ ہو کونین مین ہر اک سے برتر فاطمہ
اُسکی فخر ہی مریم سے بہتر فاطمہ
اُٹھتے ہین ختم رسل بیٹی کی خود تعظیم کو
کس قدر ذی رتبہ ہی اسد اکبر فاطمہ

قطعہ

اُٹھ گئی جیسے کہ دنیا سے مکدر فاطمہ
چین سے سوئی نہ مرقد مین بھی دم بھر فاطمہ

ماتم حیدر کیا گا ہے گے شبر کا غم | لاش پر شبیر کی تھی خاک بر سر فاطمہ

قطعہ

دور تیرے بھی عجب اے دور دوران ہوتے ہین | ظلم کیا کیا آل احمد پر نمایان ہوتے ہین
ہیچ بتا تو نے بھی دیکھا ہی کہین ایسا ستم | مردے کے تابوت پر بھی تیر باران ہوتے ہین

قطعہ

سر پیٹو مومنین کہ روزِ عزا ہی آج | سر فاطمہ کا قبر کے اندر کھلا ہی آج
یعنی شہید آج ہوے زہر سے حسن | گھر اہل بیت پاک کا ماتم سرا ہی آج

قطعہ

رسا نصیب ہم اہل ولا کا ہو جلدی | رواج سکۂ صدق و صفا کا ہو جلدی
دعا ہی مومنو کی تجھ سے روز و شب یا رب | ظہور قایم آل عبا کا ہو جلدی

قطعہ

جب ظہور قائم آلِ عبا ہو جائیگا | بالیقین سارا زمانہ پُر ضیا ہو جائیگا
ہی حدیثون سے یہ ثابت شک نہین اسمین ذرا | قاف سے تا قاف مذہب ایکسا ہو جائیگا

رباعی

داخل جو حمل مین مہر بازین ہوا | مسند پہ جلوس شہ کونین ہوا
خورشید حمل مین اور مسند پہ علی | واللہ عجب قرانِ سعدین ہوا

رباعی

مجلس ہی یہ مجلس عزاے شبیر — دل شیعون کے سو جان سے قداے شبیر
کم تیس سے تھے ماہ سفر مین دو دن — سم سے ہوئی جس روز قضاے شبیر

رباعی

ہی بادشہ جن و بشر کی مجلس — ہی فاطمہ کے لخت جگر کی مجلس
جس شاہ کی بعثت ہوئی ہی آجکے دن — اُس شاہ کے ہی نور نظر کی مجلس

رباعی

ہی شاہ شہیدان بلا کی مجلس — ہی کشتۂ خنجر جفا کی مجلس
کیونکر نہ شرف خلد برین پر ہو اسے — ہی سبط حبیب کبریا کی مجلس

رباعی

ہی کون امام انس و جان سے بہتر — ماں کسکی ہی خاتون جنان سے بہتر
جد ختم رسل بھائی حسن ہی اُسکا — ہی باپ شجاعانِ جہان سے بہتر

رباعی

تھے عاشق فرزند پیمبر عباس — ہوتے تھے جدا شہ سے نہ دم بھر عباس
ثابت ہی ضریح پاک کی خدمت کو — حاضر ہین ہر ایک وقت بھی مر کر عباس

رباعی

حُر نے تھا عجب نصیب اعلی پایا — شبیر سا کونین مین آقا پایا
چھوڑا زر و جاہ کو جو حب شہ مین — یان آتے ہی جنت کا قبالہ پایا

رباعی

کس کو سرِ در ساقیِ ردان ملتا ہی
حُر کی سی ہو قسمت ہو تو ہان ملتا ہی
تھا صبح کہان اور کہان شام کو حُر
اک آن مین یون باغِ جنان ملتا ہی

رباعی

ممدوحون سے دنیا کے کہان ملتا ہی
جیسا کہ صلا دیکھو یہان ملتا ہی
یہ سید بیکس کی ہی سرکار کا فیض
ہر بیت پر اک قصرِ جنان ملتا ہی

رباعی

ممدوحون سے دنیا کے کہان حاصل ہی
سرور سے صلہ مین جو یہان حاصل ہی
فردوسی کو رہ گئی صلہ کی حسرت
فردوس ہمین دیکھ لو ہان حاصل ہی

رباعی

مداح جو لطف شاہِ مردان ہو جاے
مشکل ہو کسی طرح کی آسان ہو جاے
مقبول دعا انکی ہی خالق کے حضور
چاہین جو علی مور سلیمان ہو جاے

قطعہ

افضل ہی سب سے بعد خدا کے نبی کی ذات
ہی جز و ذاتِ پاک محمد علی کی ذات
حاصل ہوا یہ اس سے بلا شبہہ سوچ لو
بہتر ہی سب سے بعد پیمبر وصی کی ذات

قطعہ

کیون یہ مقام ہو نہ رشکِ چمن ہی آج
بہتر ہر ایک بزم سے یہ انجمن ہی آج

باعث شرف کا اِسکے یہ کہتے ہین جبرئیل | یہ محفل ولادت شاہِ زمن ہی آج

قطعہ

خالق کے بعد خلق سے افضل رسول ہی | قابل جو اِس شرف کا نہین وہ جہول ہی
ثابت حدیث نور سے ہوتا ہی لاکلام | قدرت کے بوستان کا پہلا یہ پھول ہی

قطعہ

ہر دم نزول رحمت رب ودود ہی | ہر سمت کو صدائے سلام و درود ہی
دل شاد مومنین ہین بزم نشاط ہی | نور رسول پاک کا ذکر درود ہی

رباعی

در قلب مہوس طلب زر باقی ست | در سرو قدان ذکر صنوبر باقی ست
پرسید کسی زمن بگفتم مداح | ما را ہوس درگہ حیدر باقی ست

رباعی

تا آنکہ بہ چرخ ماہ و اختر باقی ست | تا نور فشان مہر منور باقی ست
من راست بگویم بلاشک مداح | ذکر غم فرزند پیمبر باقی ست

خمسہ بر قصیدۂ غیاثی مرحوم

۱ | اے باعث ایجاد جہان خسرو بطحیٰ | اے مالک تسنیم و جنان حاکم عقبیٰ
اے رونق محراب حرم صاحب اسریٰ | اے بادشہ مسند اقلیم تجلی

قصر تو فلک تکیہ گہت عرش معلیٰ

اے ملکی مسند زیبائے توکل	۲	شاہی کہ بود نائب تو صاحب دلدل
اے سایۂ افضال خدا عین تفضل		اے شاہ رسل شمع سبل راہبر کل
شہباز دنی طائر اوج فتدلی		
انعام و کرم یافتہ فیضانی زخویت	۳	ابروے تو دادہ بہ ہلال افسر ویت
والفجر مرادست زپر نور گلویت		واللیل قسم برشکن طرۂ مویت
والشمس بماہ رخت اے شمع دل آرا		
مصحف پی تائید دلیل تو مدلل	۴	دین را پی تکمیل کلام تو مکمل
قرآن پی تفصیل صفات تو مفصل		اکلیل توحسم وقبائے تو مزمل
مدح تو الم نشرح والقاب تو طاہا		
اے فرق تو زیب سر دستار مدثر	۵	پر نور زتو خلعت زر تار مدثر
اے نام تو مستور باستار مدثر		بالائے تو سر دلبر جو بار مدثر
محراب دو ابروے تو و سین دو ادنی		
از نور تو جرم قمر و شمس بتابید	۶	روشن زرخ پاک تو ہم زہرہ و ناہید
از روز ازل مثل تو شاہی نہ کسی دید		قاع تو فلک فعل سمندیت مہ و خورشید
ملکت زسمک تا افق ذروۂ علیا		
پیش از تو رسولان سلف جملہ کہ بودند	۷	یکسر شرف و نور زذات تو ربودند
حوران جنان ہم بصفات تو ستودند		برخاک صفی کاہل سما سجدہ نمودند

لہ اوغام تو روشن کن رخسار مدثر

برناصیه اش بود زانوار تو سیما

۸
شاہا ملک و جن و بشر عور و غلمان — چر عیسیٰ و کلیم اللہ و داؤد و سلیمان
ہستند برائے تو باین نغمہ ثنا خوان — زان شد بخلیل آتش نمرود گلستان

گو داشت بدل نور تو ای شاہ برایا

۹
اے تاج سرت آیت لولاک لعمرک — زیبا علمت رایت لولاک لعمرک
شد از تو فزون طلعت لولاک لعمرک — شایان قدت خلعت لولاک لعمرک

دربان درت یوشع و دود الکفل و مسیحا

نا آنکہ نہ جنبید بذکرت لب یوسف — نور سحر اوج ندیدہ شب یوسف
پیداست ازین جاہ تو ہم منصب یوسف — تا مقتبس بدر تو شد کوکب یوسف

زد برق رخش آتش بر جان زلیخا

۱۱
حق را تو ئی از روز ازل طالب و مطلوب — مختاری محشر شدہ از نام تو منسوب
دارند ہمین ورد زبان عاقل و مجذوب — جویان تو روح اللہ و گریان تو یعقوب

حیران تو یحییٰ و شعیب و زکریا

۱۲
آدم بہ عدم بود تو بد شاغل تہلیل — کردند ملک داب عبادت ز تو تحصیل
محبوب خدا ہادی کل جہد جبریل — موسیٰ بعصائے تو شگافید یم نیل

بر سحر گرانش تو نمودی ید بیضا

۱۳
اے کلمۂ تو زشتیِ اعمال بشویم — کے تاب بہ انسان کہ پئے نعت تو پوید

محبوبِ خودت خالقِ کونین چو گوید | پیداست بفرقان که نرویدند رویدند

مانند تو چون غنچهٔ در گلشنِ اسرا

۱۴ کافی بثنائے تو همین قول وحید است | پشتِ فلکِ پیر بپیشِ تو خمیدست
مداحِ تو اے خاصهٔ ربِ ربِ مجید است | از خلقت کن کس نه شنیدست نه دیدست

مثلِ تو شهنشاه بدنیا و بعقبا

۱۵ در گلشنِ ایجاد چو تو سروِ قدی نیست | بر طارمِ افلاک چو تو مهرِ قدی نیست
اے قلزمِ اثیار ترا جزر و مدی نیست | اندر ملک و آدم و عالم احدی نیست

بهتر ز تو نزدیک خداوندِ تعالی

۱۶ اے حاکمِ کونین شه امر و نواهی | اے سرورِ اعجاز نماظلِ الٰهی
مشهور بود معجزه ات این به کماهی | آمد بزبان تنزدهم داد گواهی

بر دعوی پیغمبریت آهوِ صحرا

۱۷ شد نرم ز تاثیرِ کفت آهن و خاره | در حالت بیچارگیم ذاتِ تو چاره
تقدیر همیشه ز تو جوید اشاره | جز تو به سرِ انگشت که کرد ست دو پاره

این ماه درخشان به سرِ پرده خفرا

۱۸ چون اخترِ اقبالِ جهانتاب تو تابید | آمد به زمین زلزله و چرخ به لرزید
ثابت شده این عب تو از قولِ ضدید | چون کنگرهٔ قبهٔ اجلالِ ترا دید

غلطید حصارِ یمن و قلعهٔ کسریٰ

پروانۂ شمع رخ تو اے شہ بطحا ۱۹ باشد مہ کنعان بہ خدا مثل زلیخا
بلبل بہ چمن بر رخ گلگون تو شیدا دیدند بہ بستان ارم سرو قدت را
کردند بہ پیش قدمت سجدہ وشہا

بہر ضرر ذات تو اے خاصۂ یزدان ۲۰ آورد بہ پیش تو شہا دشمن ایمان
چون بود محافظ پے تو خالق سبحان آن برۂ پر زہر ہلاہل شدہ بریان
ہم زہر خود او کردہ بہ پیش تو ہویدا

مداح گر انبار ز افراط معاصی ۲۱ دور ست ز دربار شہنشاہ مجازی
امید کہ آرد بزبان وقت تلافی الملۃ للہ کہ بہ سودیم غیاثے
رخسارہ بدرگاہ شہ یثرب و بطحا

خمسہ بر غزل حضرت طیش

اے کہ موقوف ست بر الطاف تو انجام ما ۱ از درت افگند دورم بخت نافرجام ما
بشنود آخر باین امید صبح و شام ما کیست کو پیشت برد شاہنشہا پیغام ما
وز محبت گوید ت حال دل ناکام ما

طالب دنیا ہمیشہ خواہش حشمت کند ۲ عاشق زار از برائے سیم و زر محنت کند
می رسم بر درگہت تا بد گر قسمت کند جذبۂ دل می کشد تا فائز خدمت کند
دور می دارد ز کویت بخت نافرجام ما

انبیا ہستند انجم ذات تو مانند ماہ ۳ خلعت محبوبیت زیبد ترا بے اشتباہ

ورد دار دیوسف مصری همین شام و پگاه | مرغ دل را دانه تسخیر شد خال سیاه
حلقهٔ زلف دوتایت چون نباشد دام ما

۴ گر بپای چشم گردم مرقدت گردم بجاست | طالب حق را غبار روضهٔ تو کیمیاست
بر زبان عرشیان این ورد هر صبح و مساست | گردش کویت چو طوف کعبهٔ مقصود ماست
گر دخاک راه تو شد جامهٔ احرام ما

۵ گر نه کردی خلق نورت خالق عرش برین | حق همین باشد نه بودی آسمان و نی زمین
هست ذاک پاک تو ای خسرو دنیا و دین | باعث روز نخستین حامی روز پسین
شد ز تو آغاز ما وز تو شود انجام ما

۶ چشمهٔ رحمت توئی ای سید عالی مقام | پیروانت را بود آرام گه دار السلام
روز محشر کی شود این خادم تو تشنه کام | از تو داریم التجا ای ساقی کوثر مدام
پر شود از بادهٔ بذل تو الت جام ما

۷ ای امام انبیا ای سرور والا تبار | داد در دست تو خالق بخشش روز شمار
در حضورت عرض میدارد همین این خاکسار | جز تو کی حاصل شود فرمان آزادی ز نار
بی تو ممکن نیست در دار السلام آرام ما

۸ مهبط افضال حق شاها بود دربار تو | مرجع جن و ملائک سرور اسرار تو
هی سراید بر درت هر دم همین زوار تو | راحت جاوید در جنت بود دیدار تو
گرچه در گیتی نه شد حاصل دمی آرام ما

حق بود مداح گر بودی نہ ذات مصطفے ۹ کی حصول اہم میشدی این جادہ صدق و صفا
در دباید کرد این مضمون اقدس دائما ماحی کفرست توحید جناب کبریا

ہست عشق مصطفے ای طلبش عین اسلام ما

خمسہ بر غزل جناب خستہ

دل تو ہی جنکا مبتلا وہ باصفا یہ ہی تو ہین ۱ عاشق ہی جنکا خود خدا وہ مہ لقا یہ ہی تو ہین
مقبول حق شاہ ہدا روحی فدا یہ ہی تو ہین محبوب ذات کبریا وہ مصطفا یہ ہی تو ہین

شہرہ ہی جنکا جا بجا وہ دلربا یہ ہی تو ہین

ظلمت زدائے بحر و بر رونق دہ ہر خشک و تر ۲ ارض و سما سے پیشتر سب انبیا کے تاج سر
کل اولیا کے راہبر امت کے محشر مین سپر درج رسالت کے گہر برج نبوت کے قمر

خالق کے منظور نظر شان خدا یہ ہی تو ہین

جسسے ہی یہ دور فلک سب انبیا کی ہین کمک ۳ گیسوئے مشکین کی مہک از ثریا تا سمک
دیکھکر رخ کی چمک یوسف بکی جاتے ہین جھک جنکے تجلی کی جھلک لیکر زمین سے عرش تک

کہتے ہین سب حور و ملک شمس الضحی یہ ہی تو ہین

اس در سے جو بیگانہ ہین حق ہی یہ وہ کورانہ ہین ۴ یان جلوۂ جانانہ ہی غش عاقل و فرزانہ ہین
جو داخل خمخانہ ہین وہ والہ افسانہ ہین جس مے کے ہم مستانہ ہین جس رخ کے ہم دیوانہ ہین

جس شمع کے پروانہ ہین وہ پر ضیا یہ ہی تو ہین

مقصود خاص طاہا صاحب لواے انما ۵ رونق دہ ارض و سما منظور ذات کبریا

شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ ختم رسل کہف الورا — پیغمبرون کے پیشوا دنیا و دین کے مقتدا
حضرت محمد مصطفےٰ صل علیٰ یہ ہی تو ہین

۶ جنکا محب ہی سرخرو جنکا عدو حق کا عدو — جلوہ ہی جنکا چار سو کلمہ ہی جنکا کو بکو
اُنکی اگر ہی جستجو بس یہ پتا ہی ہو بہ ہو — گل مین بہ شکل رنگ و بو گوہر مین مثل آبرو
دل مین بہ شکل آرزو وہ پر ضیا یہ ہی تو ہین

۷ جو واقف اسرار ہی جو احمد مختار ہی — امت کا جو غمخوار ہی محشر کا جو سردار ہی
جسکا محب غفار ہی جسکا عدو نار ہی — موسیٰ بھی جنپر زار ہی عیسیٰ بھی اک بیمار ہی
خود طالب دیدار ہی جنکا خدا یہ ہی تو ہین

۸ ہان جان قرآن مبین ہان کاشف راز یقین — ہان پیشوائے اولین ہان مقتدائے آخرین
ہان حاکم دنیا و دین ہان قاضی شرع متین — ہان رحمۃ للعالمین ہان دستگیر عاجزین
ہان غمزدہ خواہ مومنین روز جزا یہ ہی تو ہین

۹ مداح کیا ہی شان ہی مداح خود سبحان ہی — حقا یہ وہ سلطان ہی جسپر فدا ہر جان ہی
جو کامل الایمان ہی ورد اُسکا یہ ہر آن ہی — جنکی ثنا قرآن ہی لولاک جنکی شان ہی
اِس خستہ کی دل جان ہی جنپر فدا یہ ہی تو ہین

تخمسہ بر غزل قدسی مرحوم

۱ بے وضو نام نبی لینا ہی جب بے ادبی — مجھ گنہگار سے کیونکر ہو رقم وصف نبی
بس یہی ورد ہی بہتر دم حاجت طلبی — مرحبا سید مکی مدنی العربی

دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

سیر افلاک جو معراج کی شب آپ نے کی ۲ آئے لینے کو ترے حور و ملک سارے نبی
اُس گھڑی ورد تھا ہر اک کا بصد شوق دلی مرحبا سید مکی مدنی العربی

دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

نور کی تیرے صفت کب ہو بھلا مجھسے رقم ۳ مہر و مہ جسکے مقابل مین ہین اک ذرہ سے کم
یوسف مصری کو بھی چاہ تھی تیری ہر دم من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمال ست بدین بوالعجبی

نسل آدم مین کیا حق نے تجھے گو پیدا ۴ پر مین نسبت دون تجھے اُس سے سلر سرای خطا
رتبہ خاک کجا اور کجا نور خدا نسبت نیست بذات تو نبی آدم را

برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

سگ کو تیرے سر سمجھے ہین ملک اپنے کو کم ۵ سو چکر اسکو مین اسی سر در دو المجد و کرم
اپنی گستاخی سے نادم ہون ترے در کی قسم نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکہ نسبت بسگ کوی تو شد بے ادبی

پائی ادریس نے گو سیر کو خلد ہر ہشت ۶ اور موسی کو دکھایا گیا اُن کا وہ دشت
یہ کہان اور کہان آپ کی مولا گلگشت شب معراج عروج تو ز افلاک گذشت

بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

جب بپا ہو ویگا مولا مرے یوم عرصات ۷ تشنہ لب عرصۂ محشر کے کہینگے یہ بات

قاسم کوثر و تسنیم ہی حضرت کی ذات | ماہمہ تشنہ لبانیم توئی آب حیات
لطف فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

۸ چشمۂ فیض سے سیراب ہین ہر خاص و عوام | ثمر خلق سے ہی تیرے جہان شیرین کام
ای تروتازگی افزائے ریاض اسلام | نخل بستان مدینہ ز تو سرسبز مدام
زان شدہ شہرۂ آفاق بہ شیرین رطبی

۹ جب سے دنیا مین ترا باب ہدایت ہی باز | دولت دین سے نہین کسکا بھرا دامن آج
ایک مین ہی نہین سائل ہون فقط بندہ نواز | بر در فیض تو استادہ بصد عجز و نیاز
رومی و شامی و ہندی یمنی و حلبی

۱۰ حق نے حضرت کو کیا شافع روز محشر | غرق عصیان یہ گنہگار بھی ہی سرتاسر
واسطے فاطمہ کے بہر جناب حیدر | چشم رحمت بکشا سوے من انداز نظر
اے قریشے بقمی ہاشمی و مطلبی

۱۱ جس جگہ پر کیے اللہ نے مرسل مامور | تھی زبان وحی کی بھی وہ ہی یہی تھا دستور
تاکہ لوگون سے سمجھنے مین نہو اسکے قصور | ذات پاک تو کہ در ملک عرب کرد ظہور
زان سبب آمدہ قربان بزبان عربی

۱۲ خاطر تحسین تری پیش خداوند غفور | وہ تو ہین فرش سے تا عرش مین سب مشہور
ہمزبانی بھی تری تھی جو خدا کو منظور | ذات پاک تو کہ در ملک عرب کرد ظہور
زان سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

جو مرض مجھکو گناہون کا ہی اسکی فقط ایک شفاعت تیری	۱۳	جو مرض مجھکو گناہون کا ہی اے خ کے نبی
سمیدی انت حبیبی وطبیب سبلی		اسلیے ورد ہی مداح کو قول قدسی
آمدہ پیش تو قدسی پے درمان طلبی		
خمسہ بر غزل شاہ نیاز احمد صاحب مرحوم		
امان بی امان ہشت وپناہ ہر پریشانی	۱	رسول زی حشم ابر کرم دریاے احسانی
زہی عز وعلائی منتہای اوج انسانی		امام انبیا ملک رسالت را سلیمانی
نبی شہ بے مہبط تنزیل فرقانی		
پی ایجاد عالم فی الحقیقت خاص اسلوبی	۲	شہا آن طالب حقی کہ حق را عین مطلوبی
درخشان آفتاب آسمان حسن ومحبوبی		بود ممکن نہ مثلث در دو عالم در ہمہ خوبی
چو شمع صبح در جنبش نماید ماہ کنعانی		
بود شرمندہ سنبل پیش زلف مشکبوی او	۳	خدا خلق عظیم گفت در توصیف خوی او
شبستان جہان روشن زنور ماہ روی او		نجل باغ جنان از آب روے خاک کوی او
زتاب شعلہ حسنش کند خورشید رخشانی		
جیب کبریاے ہم امینی شافع خلقی	۴	کریمی ہم شفیع المذنبینی شافع خلقی
رحیمی رحمۃ للعالمینی شافع خلقی		شہ عقدہ کشائی ہم معینی شافع خلقی
کریمی اکرم خلقی سراپا فیض رحمانی		
رموز قدس را محرم خلیل کعبۂ عرفان	۵	بہ باطن نور سبحان وبہ ظاہر صورت انسان

چرا باشد نہ برتر وصف او از درک این و آن | ظہور کامل ذات و صفات حضرت یزدان

جبیبی سیدی محبوب خاص الخاص یزدانی

۶

بہ محمود و محمد چون کشائی دیدۂ بینا | نیابی فرق غیر از واو وحدت در میان اصلا
ازین کردند اہل معرفت این مطلبی پیدا | حق اندر شان تشبیہی محمد نام خود خواندہ

محمد غیر حق نبود بحکم ذوق عرفانی

۷

سوائے ذات معصومین اطہر خاصۂ یزدان | بود شیطان مسلط بر حواس و عقل ہر انسان
بہ اندک زہد تقوی میکند دعوی این و آن | چہ وسعت دادۂ یارب بظرف آن عظیم الشان

کہ انی عبدہٗ گوید بجای قول سبحانی

۸

اگر خواہد کسی کو مسلک صدق و صفا گیرد | بود مداح واجب دامن آل عبا گیرد
چہ خوش گفتہ است این شعر گزو دل لطفہا گیرد | نیاز اندر دولت گر برزخ کبراش جا گیرد

نہ بینی تا ابد روی پریشانی و حیرانی

خمسہ بر غزل شاہ نیاز احمد صاحب مرحوم

۱

امام ہر دو عالم مومنین را دین و ایمانی | معین آدم و ادریس و داؤد و سلیمانی
طبیب عیسی مریم پی ہر درد درمانے | زہی عز و جلال بوتراب فخر انسانی

علی مرتضی مشکلکشائے شیر یزدانی

۲

شہ عقدہ کشا ملک ولایت را سلیمانی | امیر المومنین حاجت روائے ہر پریشانی
پناہ عاصیان کشتی امت را نگہبانی | ولی حق وصی مصطفے دریائے فیضانی

امام دو جهانی قبلهٔ دینی و ایمانی

۳ زمین را آسمانی آسمان را عرش سبحانی — فلک را ماه و ماه پر ضیا را مهر تابانی
محمد را وصی و او صیا را فرد عنوانی — امیر کشور فقری شه اقلیم عرفانی

خدا گوئے خدا دانی خدا بینی خدا شانی

۴ شه کو بر نهد بر دوش پاک مصطفی پایش — به ذهن ناقص انسان چه آید ذات والایش
ازین برتر چه باشد غور کن در رتبه و جایش — پیمبر بر سر منبر نشست و خواند مولایش

که تا مولائیش را باشد اندر خلق برهانی

۵ سر پرآرائے خلت راز دار حضرت خاتم — چراغ دودمان هاشمی فخر نبی آدم
فروغ نور ایقان در رموز قدس را محرم — مه ظلمت کشای مشعل تاریکی عالم

سراپا جلوه نور تمامی ماه تابانی

۶ شهی کو از پدر بهتر بود راحم یتیمان را — امامی کو به فاقه نان دهد از خود اسیران را
به پیش انچنین ایثار و احسان اهل ایقان را — عجب نبود بهار بیخزان باغ مجتبان را

که می بارد بر و هر لحظه ابر لطف و احسانی

۷ چنان باب هدایت کرد خالق آستانش را — که راه راست حاصل گشت از دے پیروانش را
چرا هردم نباشد ورد از دل رهروانش را — برائے حق نمائے ناقه هائے کاروانش را

نباشد جز هدائے او کسی دیگر هدی خوانی

۸ ولائی چب حیدر کامل الایمان نخواهی شد — گرفتی دامن مولا تهی دامان نخواهی شد

تو مداح علی مداح این و آن نخواہی شد | بناز اندر قبا مستغنی سرو سامان نخواہی شد

کہ از حب و تولای علی واری بسامانی

خمسہ

حصار کفر توڑا نعرۂ اللہ اکبر سے | ۱ | کیے زایل نفاق و کفر تائید پیمبر سے
پڑے آکر کوئی مشکل جو دور چرخ اخضر سے | | سیہ دیو شب غم کو بھگایا ذکر صفدر سے

وہان اژدر آفت کو چیرا نام حیدر سے

کیا روز ازل مین عہد بے شہ کی الفت کا | ۲ | وظیفہ نام حیدر روز و شب کیونکر نہو اپنا
رگ و پے مین مرے ایسی بھری ہی الفت مولا | | علی جسنے کہا پانی ہمارے منہ مین بھر آیا

کہا دل نے کہ بھر دیجے دہن کو آب کوثر سے

علی کی ذات ہی عقدہ کشا ہر کار مشکل مین | ۳ | چراغ قبر ہی لطف علی تاریک منزل مین
یقینی مثل ایمان نقش ہر مومن کی ہی دل مین | | عبادت ہی اگر ذکر علی آجاے محفل مین

جو دیکھین مدح کو آنکھین بری ہون ذوالفقار سے

نبوت کی صداقت جسطرح ایمان کا ہی مغنا | ۴ | اسی صورت سے تصدیق امامت شہ کی ہی حقا
حدیثون مین ہی آیا معنی قرآن سے ہی پیدا | | شہادت اس ولی کی فرض ہی ایمان مومن کا

کہ ہی تائید تصدیق پیمبر حکم داور سے

نزول ہل اتی شہ کی فضیلت پر شہادت ہی | ۵ | نہین جو فضل کا قائل سمجھ پر اسکی حیرت ہی
وہ نابینا ازل سے ہی جسے شہ سے کدورت ہی | | غبار راہ اسکا سرمۂ چشم بصیرت ہی

بنا الفت کی محکم دل مین ہی سد سکندر سے

علی مولا علی ہادی علی ایمان ہمارا ہی ۶ نبی کے بعد ذات پاک مومن کا سہارا ہی
عدو کو بحث کیا جب قول اپنا آشکارا ہی اگر حب علی دوزخ مین لیجاوے گوارا ہی

نہ ہمکو کام جنت سے نہ حور و نسے نہ کوثر سے

جو دلمین تھا کہا وہ برملا جوش محبت مین ۷ نہ کچھ پاس ادب مجھکو رہا جوش محبت مین
خدا بخشے جو کچھ ہم سے ہوا جوش محبت مین معاذ اللہ کیا ہمنے کہا جوش محبت مین

سقر بھاگی جو بوحب علی کی آئی پیکر سے

خطاب لمحک لحمی ہوا شہ کو عطا کس سے ۸ ملا من کنت مولا کا علی کو مرتبہ کس سے
یہ سب اہل بصیرت جانتے ہین ہی چھپا کس سے ولایت علم و دختر رتبہ اعلی ملا کس سے

پیمبر سے پیمبر سے پیمبر سے پیمبر سے

نہین ممکن ہی ایسا صبر ہونا اور ممکن مین ۹ شجاع ایسا ہوا ہی اور نہوگا اور ممکن مین
سخی مثل علی ہرگز نہ دیکھا اور ممکن مین نہ کیونکر ممتنع ہو فیض ایسا اور ممکن مین

زکوۃ الراکعین منصوص ہی تنزیل داور سے

ستم راہ رضا مین ہوکے خوش سر دیجے کس نے ۱۰ پسر راہ خدا مین ایک سائل کو دیے کس نے
کھلایا اور کو خود فاقہ پر فاقے کیے کس نے قطار اونٹونکی بخشی ایک روٹی کے لیے کس نے

سخاوت کا علی کے کوئی پوچھے حال قنبر سے

علی کے مرتبون کا جاننا ممکن نہین اصلا ۱۱ بشر نور خدا کے اصل کو کیطرح جانیگا

علی کے باب مین کہنا ہی کافی بس ہمین اتنا | خدا نے جسکو پہچانا نبی نے جسکو پہچانا
ہمین کیا معرفت اُسکی مگر تائید داور سے

۱۲ علی ہی مالک دنیا علی ہی حاکم عقبیٰ
علی ناظم علی حاکم علی مولا علی آقا
علی مالک علی ضامن ہی دنیا مین جزو کل کا
علی کی ذات سے واقف ہو انسان ہو نہین سکتا
علی والی علی ہادی جہانمین حکم داور سے

۱۳ علی کے مرتبونکا بحر ہی اک بحر بے پایان
قضا فرمان فلک ایوان ملک دربان جہان سلطان
علی کے وصف مین ہی عقل اول سر بسر حیران
ہزارون وصف و نعت حضرت مین شمار انکا نہین آسان
سلیمان شان پیمبر جان بری ہر عیب سے شر سے

۱۴ وصی ختم مرسل شاہ جزو و کل جہان مسکن
فلک توسن عدو دامن تہمتن تن جہان مامن
امام دو جہان ہادی دوران شاہ شیر افگن
چراغ بزم خلت نور بخش وادی ایمن
جبین روشن بدن گلشن سراپا نور داور سے

۱۵ ضیا نور ایمان مصدر احسان ملائک خو
کمان ابرو خطا گیسو منور روبدن خوشبو
بید قدرت ملک خصلت اسد قوت قوی بازو
در رحمت صفا طینت سہی قامت مغبر بو
صنوبر قد سمن بو خد معطر رخ گل تر سے

مخمس بر قصیدہ حکیم مولوی محمد اسمعیل صاحب بریلوی

۱ ہرگز نہین وہ لائق و شایان مرتضےٰ
نور خدا ہی جلوہ دہ شان مرتضےٰ
جو لکھ گئے ہین مدح ثنا خوان مرتضےٰ
بس یہ سمجھ لین دلمین غلامان مرتضےٰ

عالم فروز شمع شبستان مرتضے

۲ انسان مدح عارض و خط کیا بھلا کرے — دو صفحہ و لن التقمر کے ہین یہ رحل پر دھرے
آنکھین ہین یا کہ نور کے دو جام ہین بھرے — زنجیر خامہ بنتے ہین حرفون کے دائرے
کیونکر ہو وصف کا کل پیچان مرتضے

۳ اقوال سیرے وہ ہین جو سبکو قبول ہین — نہ لغو ہین نہ پوچ ہین اور نہ فضول ہین
کہتا ہون ہین وہی کہ جو اصل اصول ہین — آرایش جمال حسینان وہ پھول ہین
جنمین ہی رنگ و بوے گلستان مرتضے

۴ مومن عبث اُداس ہین اور دل ملول ہین — خالص اگر ولا ہی عمل سب قبول ہین
کس کسکو کیا نہ مرتبے اس سے حصول ہین — آرایش جمال حسینان وہ پھول ہین
جنمین ہی رنگ و بوے گلستان مرتضے

۵ گو ایک نور احمد و حیدر ہین ہمسر — کونین کو خدا نے کیا جس سے جلوہ گر
نقص بشر کا گو یہ مقولہ ہی دیکھکر — شمس و قمر مین حسن خداداد ہی مگر
اسمین ہی عکس عارض تابان مرتضے

۶ کیونکر مجاور دل کا نہ ہو عرش پر دماغ — تکیہ ہی در پہ شاہ کے دل کو ہی انفراغ
پُر ہی مے غدیر سے ہر قلب کا ایاغ — اہل نجف کے سینہ ولا سے ہین باغ باغ
کرتے ہین روز سیر خیابان مرتضے

۷ نور رخ علی ہی بلا شک خدا کا نور — کچھ بحث اسمین کرتے نہین ہین جو ذی شعور

لو دو فی سعود نور کے ہین حلقہ در حلقہ

ہو جنکو عذر اُنسے ہی کہنا مجھے ضرور | موسی سے پہلے پوچھ تو لو ماجرا سے حور
تھے وہ بھی مست جلوۂ عرفان مرتضیٰ

۸ اول ہی سب سے نور نبی ہے خدا علیم | ظاہر حدیث سے ہی علی اسمین ہین سہیم
ثابت ہوا یہ قول باسناد مستقیم | دعوی اگر کرین کہ نبیون سے ہون قدیم
موسی و خضر دو ہین گواہان مرتضیٰ

۹ تفسیر دان سورۂ والشمس والضحیٰ | روشن دلان آئنۂ صدق اور صفا
دیکھین بہ چشم غور تو ظاہر ہی برملا | آئینۂ جمال حسینان دہر کا
کتنا خجل ہی پیش حسینان مرتضیٰ

۱۰ ثابت ہی یہ کتاب خدائے کریم سے | موسی نہ تاب لاسکے جلوہ کی بیم سے
ہی کیا بعید قدرت رب کریم سے | عالم مین ہو وہی جو ہوا تھا کلیم سے
رخ سے نقاب اٹھائین جو خوبان مرتضیٰ

۱۱ پہلے تجھے شوق دید کے کس درجہ ولولے | اک ذرہ نور دیکھا تو غش کھاکے گر پڑے
ہم ہوتے اُس گھڑی تو بڑے انکسار سے | صحرا نورد وادی ایمن سے پوچھتے
کس مین ہی تاب نور بیابان مرتضیٰ

۱۲ حقا اصول ملت اہل یقین ہی ایک | آئین پیروان امام مبین ہی ایک
مذہب ہی ایک شرع ہی ایک اور دین ہی ایک | مضمون مصحف دل اہل یقین ہی ایک
عکسی ہم اسکو کہتے ہین قرآن مرتضیٰ

نور والضحیٰ

بین نخل باغ قدرت خلاق کے مصطفٰے ۱۳ شاخین ہین اُنکی حیدر و زہرا بصد فضا
سبطین کل ہین کیون نہ محب یہ کہین بھلا بوے حسن حسین سے عالم مہک گیا

ریحان مصطفٰے ہین یہ ریحان مرتضٰے

اک جا ہون جن و انس گر سب زمانونکے ۱۴ اوصاف لکھ سکین علی کے نشانون کے
قربان شاہزادون کے رتبون کے شانون کے سردار ہین بہشت برین کے جوانون کے

مشہور ہی خطاب جوانان مرتضٰے

سلمان اور ابا ذر و عمار باصفا ۱۵ تھے جان نثار و شیفتہ شیر کبریا
حق ہین انھین کے کہتا ہی لاریب یہ بجا یون تو ہین کشتگان محبت ہزارہا

کیا نام کر گئے ہین شہیدان مرتضٰے

تھے کیا غیور یار سلطان کربلا ۱۶ کھا کھا کے زخم پیاسے ہوے شاہ پر فدا
اُنکی وفا پہ قول یہ جن و ملک کا تھا یون تو ہین کشتگان محبت ہزارہا

کیا نام کر گئے ہین شہیدان مرتضٰے

تحقیق حق ہی جنکی کہ اس دہر مین مراد ۱۷ بیشک حدیث نور پہ ہی اُنکو اعتماد
سمجھے ہوے ہین اپنے دلونمین وہ خوش نہاد کہنے کو اختلاف ہی نوری ہی اتحاد

جو شان مصطفٰے ہی وہی شان مرتضٰے

بے انتہا ہین گو کہ مرے جرم اور خطا ۱۸ مداح پر شفیع ہین جب شیر کبریا
بس ہی تجھے اسی پہ بھروسا جو ہی لکھا سائف کو آفتاب قیامت سے خوف کیا

ابر کرم ہی سایۂ دامان مرتضے

تضمین بر قصیدۂ جناب مستطاب معلی القاب سرد فتر فصاحت و بلاغت مجتہد العصر والزمان جناب مولانا مفتی سید عباس صاحب قبلہ شوستری قدس سرہ کہ در مدح جناب سید الوصیین مولانا و مقتدانا امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام نظم فرمودند

۱ پوچھینگے مجھ سے نکیرین امام اور نبی — کون ہین تیرے کہونگا بخلوص قلبی
ہین نبی میرے محمد کہ جو ہین مطلبی — اِلٰی مِنَ اللّٰہ اِمَامٌ قُرَشِیٌّ عَرَبِی
ہم کو خداوند عالم نے عجب امام قرشی عربی عطا کیا

طَیِّبُ الْمَوْلِدِ وَالنَّسْلِ اَغَرُّ اللَّقَبِ
کہ دلا دنگاہ انکی پاک یعنے کعبہ اور لقب انکا روشن ہی

۲ رب ہی اسمرا اور محمد ہین نبی — سید ہاشمی اُمی لقب و مطلبی
کعبہ تو قبلہ ہی قرآن ہی کتاب ربی — اِلٰی مِنَ اللّٰہ اِمَامٌ قُرَشِیٌّ عَرَبِی
ہم کو خداوند عالم نے عجب امام قرشی عربی عطا کیا

طَیِّبُ الْمَوْلِدِ وَالنَّسْلِ اَغَرُّ اللَّقَبِ
کہ دلا دنگاہ انکی پاک یعنے کعبہ اور لقب انکا روشن ہی

۳ شبروہ حق کا ہی اور خاص ہی احمد کا وصی — پھر کیا جس سے ہر اک طالب دنیا روئی
اور اگر کی بھی اطاعت تو حقیقت یہ تھی — اَمَنَ النَّاسُ عَلَی الطَّوْعِ اَوِ الْکُرْہِ بِہٖ
سب ایمان لائے اس جناب کا طوعاً اور کرہاً

وَالَّذِیْ یُنْکِرُہٗ فَھُوَ غَوِیٌّ وَّغَبِیٌّ
اور جو منکر ہی اس جناب کا وہ گمراہ اور بے فہم ہی

۴ رات دن ختم رسل جنکا ثنا خوان خود ہو — لحمک لحمی کہے جسکو رسول خوش خو
جانکر اہل زمان اچھی طرح سے اسکو — ھُوَ مِنْ اَحْمَدَ بِالنَّفْسِ وَقَدْ سَبَّوْہُ
عجب دیکر کہ وہ جناب برابر نفس رسول امین اور زمان معاویہ مین جناب

وَیُصَلُّوْنَ عَلٰی اَحْمَدَ یَا لَلْعَجَبِ
اور پیغمبر پر درود بھیجتے تھے

پوچھے تھے جو کسی باب مین دین کے دشمن ۵ اُسکی تردید مین کرسکتا نہ تھا کوئی سخن
جانتا اُسکو ہے ہر اک بخداوند زمن وَلَكُمْ مُعْضِلَةً أَعْرَبَ عَنْهَا فُوْرًا
اور جب مسائل مشکلہ حضرت سے پوچھے گئے فوراً
بلسان عربی وبعلم وھبی
بزبان فصیح وبعلم لدنی بیان کیا

قائل معجزہ ہین سارے ملائک اور جن ۶ شام ہوتے ہی نمایان ہوا فوراً ہی دن
اُسکا ثانی ہو کوئی غیر نہین ہی ممکن رُدَّتِ الشَّمْسُ لَهُ ثُمَّ دَنَتْ مِنْ اُفُقٍ
آفتاب عالمتاب رجعت کی بعد غروب کے انکی خاطر اور قریب افق آگیا
ولئن صیرھا راکدۃ لم تغب
اور اگر معجزہ سے حضرت اُسکو ساکن کردیتے تو کبھی غروب نہ ہوتا

مانتا اِسکو ہی ہر اہل زمانہ بہ خدا ۷ کھایا کرتے تھے سدا نان جوین ہی مولا
کیون علی کا نہو آدم سے بھی بڑھکر رتبہ اٰدَمُ قَدْ اَكَلَ الْحِنْطَةَ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ
حضرت آدم نے باوجود منع کے دانہ گندم کھایا
وعلی ترک الاکل لقصد القرب
اور علی ابن ابیطالب بقصد تقرب چھوڑ دیا حالانکہ ممنوع نہ تھے

قدر حیدر سے ہین آگہ ملک وانس وجن ۸ کوئی انکار کرے اُنسے یہ ہے کب ممکن
کیون نہ بڑھجاے سلیمان سے ہمارا حسن وَسُلَيْمَانُ دَعَا اللّٰهَ لِمُلْكٍ فَانٍ
حضرت سلیمان نے ملک فانی دنیا کے لیے دعا کی
وعلی طلب الفقر رضا بالتسغب
اور امیرالمومنین نے اپنے لیے فقر کی دعا فرمائی اور فقر پر راضی رہے

ایک اُنگلی پہ لیا آپنے جبر کو اٹھا ۹ مہد مین آپ نے اژدر کو کیا دو پارا
کہان موسیٰ کلیم اور کہان شیر خدا خَافَ مُوْسٰى لِحِبَالٍ وَعِصِيٍّ وَمَنٰى
حضرت موسیٰ عصاؤن اور رسیون سے ڈر گئے
قتل الحیۃ یوما ھو فی المھد صبی
اور کب انھون نے طفلی مین گہوارہ مین اژدہے کو مارا

دیکھ تو ظلم و ستم آپنے تو چرخ بدخو ۱۰ چاک دل شیعون کے سطح بھلا ہو دین تو
سوچ کر دیدۂ انصاف ذرا وا کر تو صَالِحٌ قَدْ عَقَرُوْا نَاقَتَهُ فَاخْتُرِمُوْا
ناقۂ صالح کو کفار نے پی کیا پس عذاب سے ہلاک ہوے

وَعَلِيٌّ ذُبِحَتْ نِعْمَتُهُ فِي الْمَسْجِدِ
اور جناب امیر کے جسکو نعمت ذبح کیے گئے

حق اولاد علی چرخ دوتا ایسا چھنا	۱۱	عسکری تک رہے محروم تمام آل عبا
غور کی جا ہی مجسان علی واویلا		فَاذَا يَعْقُوبُ وَيُوسُفُ بَيْنَ فَاتَقْعَا
		حضرت ایوب اور حضرت یعقوب سے جو فوت ہوا تھا اسکو ملگیا

وَبُنُوهُ فُقِدُوا سُلْطَنَةً لَمْ تُنْهَبِ
اگر جناب امیر کی اولاد سے ایسی سلطنت جھنی کہ پھر نہ ملی

اسطرح قتل ہوے اور لے آل نبی	۱۲	نہ مکافات ہوئی آج فلک کچھ جنکی
رنج جو ستا ہی راحت بھی ہی اسکو ملتی		وَكَذَا يُونُسُ قَدْ نُجِّيَ مِنْ مِحْنَتِهِ
		اور اسیطرح حضرت یونس کے محنت عظیم کہی سے نجات پائی

وَبَنُو حَيْدَرَةَ فِي بَهْضَاتِ الْمَنْصَبِ
اور فرزندان جناب امیر ہمیشہ شدائد عظیم میں رہے

مورد رنج و بلا گورہے سب اہل ولا	۱۳	ہین مصائب مین مگر سب سے سوا آل عبا
ہو مرے دعوی کی اثبات کو یہ قول بجا		قَدْ اَصَبْتَ اُسَامَةَ وَوُلْدَ الزَّهْرَا
		اسامہ سے فرمایا تمہین پر مین لیکن اولاد جناب فاطمہ پر مصیبتین پڑین

قَدْ رَاهُمْ مِثْلَ غَيْرِهِمْ لَمْ يُنْصَبِ
جو مصیبتین پڑین اولاد جناب فاطمہ پر کسی کو نہین ہوئین

اسقدر جود و سخا آل پیمبر کی	۱۴	نہ رہا کوئی بھی احسان سے اسکے خالی
حق یہ ہی کوئی نہین انکے سوا ایسا سخی		هُمْ كِرَامٌ سَقَى الدَّهْرُ بِكَاسَاتِهِمْ
		حضرات ایسے صاحبان کرم ہین کہ زمانہ نے جنکو پلایا ہے

مَنْ اَتَى جَدَّهُمُ هُوَ كَيْفَمَا لَمْ يُخَيَّبِ
اور انکے پاس جو امیدوار ہو کر حاضر ہوا محروم نہ رہا

انکے رتبون سے ہی آگاہ فقط رب صمد	۱۵	ذہن انسان نہین پا سکتا ہی بجا ہی کہ
سب احادیث ہین ناطق بخداوند احد		نَطَقَ الْعُجْمُ بِاٰيَاتٍ عُلَاهُمْ وَلَقَدْ
		حیوانات بیزبان ان حضرت کے فضائل بین گویا ہوے

خَرِسَ الْاَلْسُنُ مِمَّا تَلَقَّوْا بِالْخُطَبِ
اور جب انھون نے بفصاحت خطبہ پڑھا تو فصحا گنگ ہو گئے

جنکا قرآن مین واصف ہو خداوند احد	۱۶	اُنکے اوصاف کی پا سکتا ہی کب کوئی حد

افضل و اعلم و بمثیل ہی آل امم — هُمُ الْبَاءُ اُولُوا الْعِلْمِ ذَوِی الْفَضْلِ وَقَدْ
اپنے صاحبان عقل و علم فضل سمجھے کرانکی محبت اور شفاعت کے سبب

یُجَیِّ الْخَلْقَ بِهِمْ مِنْ وَرَطَاتِ الْعَطَبِ
خلق کو گرداب ہلاکت سے نجات ہوگی

۱۷ دوست ہون اسکا جو ہی دوست علی کا بالخدا — اُسکا دشمن ہون جو ہی دشمن آل زہرا
صاف کہتا ہون عقیدہ ہی شہا یہ میرا — اَنَا سِلْمٌ لَّکُمْ لَا عَدَا اَکُمْ اَبَدًا
مین ہمیشہ مطیع تمہارا ہون نہ تمہارے اعدا کا

مَعَکُمْ لَا مَعَ مَنْ خَالَفَکُمْ مَنْقَلَبِیْ
اور بازگشت میری تمہاری طرف ہی نہ تمہارے اعدا کی طرف

۱۸ مین کہان اور کہان مدحت سلطان زمن — اُسکی تحریر مین مصروف ملک ہین ہمہ تن
یہ غرض میری ہی مداحی سے مہا اکمن — اِنَّمَا اَکْسِبُ مِنْ مَدْحِ عَلِیٍّ شَرَفًا
مدح امیر المومنین سے اپنے واسطے شرف حاصل کرتا ہون

لَیْسَ یَبْدُو وَبِمَدْحِیْ شَرَفٌ مِنْهُ خَبِیْ
نہ یہ کہ انکا فضل مخفی ہے اور میری مدح سے ظاہر ہو گیا

۱۹ مین فرون حضرت اوصاف شہ قلعہ شکن — قاسم نار و جنان دافع ہر رنج و محن
خسرو کون و مکان مومنون کے ہین ہادی — فَلَقَدْ جَلَّ مَقَالِیْ وَجَمَتْ حَدًّا
بیشک کہ مراتب حضرت کے اسقدر رکھتے ہین کہ جہان انکو نہ سمجھ سکے

حَلَّتْ عَنْهُمَا فِیْ الْعَیْنِ بَدَتْ کَالشُّهُبِ
جہان آنکھ کھولی چاہے مثل شہاب کے درخشان ہوتے ہین

۲۰ مدح حیدر کی نہین جن و بشر سے ممکن — جانتے اسکو ہین جتنے ہین جوان اور سن
کیون نہ تائید خدا اسکو سمجھ لین مومن — اَسْرَعَ الشِّعْرَ کَمَا فِیْ رَمَلٍ مُرْتَجِلٍ
یہ اشعار بحر رمل مین فی البدیہہ خود بخود نظم ہو گئے

وَانْطَوَتْ مِدْحَتُهُ فِیْهِ بِغَیْرِ التَّطَلُّبِ
اور مدح حضرت کی بے کوشش کے ان اشعار مین مندرج ہو گئی

۲۱ حسنہ ہوتے ہین حیدر کے جو سر زد اکدن — خلق لکھ سکتی نہین حضر کا گر پائے سن
کیون نہ ہو قلب پہ ہر شخص کے یہ تمکن — کَیْفَ اَمْلِیْ بِیَرَاعٍ وَمِدَادٍ وَبَنَانٍ
اس قلم بیان اور سیاہی سے کیونکر لکھ سکتا ہون

بَابَ فَضْلٍ سَعِرَتْ فِیْهِ کِبَارُ الْکُتُبِ
ان فضائل کو گنتے بیان مین بڑی بڑی کتابین جھوٹی ہوگئین

قاسمِ رزقِ دو عالم تھے شہ دیں لیکن	۲۲	فاقے حضرت پہ گذرتے تھے وہ دو دو دن
فقر اِس درجہ تھا طینت مین علی کے مرکز		

یَا لَهٗ مِنْ مَلِكٍ مُقْتَدِرٍ ذِیْ هِمَمٍ
عجب بادشاہ عالی قدرت اور عالی ہمت تھے وہ جناب

فِیْ لِبَاسٍ خَشِنٍ عَاشَ وَاَكْلٍ جَشِبٍ
کہ لباس اُن کا گندہ اور درشت اور غذا اُن کی خشک جَو کی روٹی بسر کی

تابعِ حکمِ سلیماں ہین خود کیسے جن	۲۳	زیرِ فرمان ہی ہر اک نار و جنان کا خازن
مفتیِ شرعِ متین کا کشفِ رمزِ باطن		

جَمَعَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ شَرَفٍ اَوْ فَضْلٍ
وہ سب شرف و فضل خدا نے ہمارے مومنین مین جمع کیا تھا

مَا بِهٖ خُصَّ سِوٰی اَحْمَدَ مِنْ كُلِّ نَبِیٍّ
جو سوائے جناب رسولِ خدا کے ہر نبی کے مخصوص تھا

رات دن کام تھا مولا کا غریبونکی مدد	۲۴	در پے رنج علی رہتے تھے سب اہلِ حسد
کیون فلک اِس ستم و جور کی بھی ہی کچھ حد		

اَصْبَحَ النَّاسُ بِهٖ فِیْ رَغَدِ الْعَیْشِ وَقَدْ
حضرت کے سبب لوگ آسایش مین رہے - اور خود

كَانَ مَا كَانَ مِنَ النَّاسِ اَلِیْفَ التَّعَبِ
لوگون کے ہاتھ سے ایذا مین بسر کیا کیے

حال تو ہے شبِ ہجرت کا زمانہ پہ جلی	۲۵	جان اپنی نہ پیمبر سے عزیز آپ نے کی
ہین احادیث کثیرہ مین یہ حالات علی		

ثَابِتُ الْحَاشِ لَدَی الْحَرْبِ وَفِیْ خَلْوَتِهٖ
جہاد مین مطمئن القلب تھے اور وقتِ عبادت

هَادِیُ الْجِسْمِ مِنَ الْخَشْیَةِ مِثْلُ الْخَشِیْبِ
خوفِ خدا سے مثلِ چوبِ خشک ساکن ہو جاتے تھے

مانتے اِسکو ہین سب دیر و حرم کے ساکن	۲۶	مثلِ حیدر کے وی دل ہو نہین ہی ممکن
اور عبادت مین لرزتا تھا بدن مثلِ مسن		

ذَابَ كَالشَّمْعِ اِذَا اٰبَ اِلٰی مِحْرَابِهٖ
جب محرابِ عبادت مین آئے مثلِ شمع گداختہ ہو گئے

بِفُؤَادٍ هُوَ فِی الْحَرْبِ شَدِیْدُ الْغَضَبِ
اور وہی دل ہو وقتِ جنگ کمال غضب رکھتا تھا

مثلِ حیدر کے سخی کوئی نہ ہوگا نہ ہوا	۲۷	بھوکون کو کھانا دیا اور کیا خود فاقا
حال انگوٹھی کے تو دینے کا ہی قرآن مین لکھا		

هُوَ فِی الْمَسْجِدِ صَلّٰی وَتَزَكّٰی فِیْهِ
مسجد مین نماز پڑھی اور نماز مین زکوٰۃ دی

يَا لَهَا مِنْ قُرْبٍ فِي قُرْبٍ فِي قُرْبٍ
بس عجب طرح کی عبادت تقرب در تقرب ہی

تابع حکم تھے جنکے ملک و حور و جن	۲۸	شرف و قدر سے آگاہ ہین جسکے مومن
حیف ہی فاتو نہین اُس شاہ زمن نے اکدن		غَرَسَ النَّخْلَ عَلَى الْأُحْرَةِ فِي ضِيقِ يَدٍ
		حضرت نے اِن ہاتھون سے نخلستانی یثرب ہاجرت
يَا كُفَّ مَطَرَتْ هَامِيَةً كَالسَّحَبِ		
درخت خرما لگائے جو مثل ابر بہار گہر بار تھے		
ذات جس شاہ کی تھی علم خدا کی معدن	۲۹	سینہ پاک تھا اسرار نبی کا مخزن
مومنو دیکھنا یہ شعبدۂ چرخ کہن		ثُمَّ قَدْ تَرَكَ الدَّهْرُ وَتَرَقَّى قَوْمًا
		پھر ان مرتبون پر زمانے نے حضرت کو اتارا اور
مِنْ بَنِي الْحَرْبِ عَلَى مِنْبَرِهِ الْمُنْتَخَبِ		
بنی امیہ کو منبر سپید پر حضرت نے بلند کیا		
تھے بظاہر جو بنے عہد نبی مین مومن	۳۰	پھر گئے بعد نبی حق سے وہ سب بد باطن
مورد قہر غضب ہوتے نہ کیونکر خاین		وَمَتَى يُورَكْ فِي مَذْهَبِ قَوْمٍ يَبُورُ
		کب برکت ہوتی ہے ایسی قوم مین جو ہلاک ہوے
ذَهَبُوا عَنْ سُنَنِ الْحَقِّ لِجَمْعِ الذَّهَبِ		
اور راہ حق کو چھوڑ کر دولت کے جمع کرنے کو چلے گئے		
ورپے حشمت دنیا ہوے یہ اہل فتن	۳۱	چھوڑا لاشہ کو پیمبر کے بھی بے گور و کفن
کرکے اک مجمع نااہل کو یک جا شمن		فَمَا تَوَاسَنَ اللهَ وَاحْيَوْا بِدْعًا
		پس انھون نے سنت خدا کو ضائع کیا اور بدعت کا رواج دیا
وَأَدَارُوا وُدَّ وَلَا مِثْلَ كُرَاتِ اللَّعِبِ		
اور دولت دنیا کو مثل گیند کے گردش دی		
اِسقدر حیدر کرار تھے راضی بہ رضا	۳۲	ظلم جو جو ہوا وہ سارا سہا صبر کیا
سچ یہ ہی آپ ہی کا حوصلہ اِس مرتبہ تھا		آهِ مَا احْتَمَلَ الظُّلْمَ وَفِي الْعَيْنِ قَذَا
		آہ کیا ظلم اٹھایا کہ آنکھ غبار آلودہ تھی
لِتُرَاثٍ ذَهَبَ الْقَوْمُ بِهِ كَالنُّهَبِ		
اور میراث اُنکی قوم کے ہاتھ سے لٹتی تھی		
پھر گئے شاہ سے یون بعد نبی کے مردم	۳۳	نقد ایمان طلب زر مین کیا سب نے گم

جنگے نیش زنی کے بے مثل کر دم — جرعوہ غصصاً فاکتملت لذتہم
خون جگر کے گونٹ حضرت کو پلا کر اپنی لذتین پوری کین

والجنابات حلاوی کجنی الرطب
اور گناہ مثل رطب کے شیرین معلوم ہوا کرتے ہین

۳۴ کینہ جو حیدر کرار سے رکھتے تھے عدو — پھر گئے بعد نبی آپ سے وہ ہی بدخو
عیش یان خوب کیا چل گیا اُنکا قابو — ان عصاہ نفر من طلقاء فسقوہ
جو رسول خدا کے ہاتھ سے منت رکھکر چھوڑ دیے گئے تھے

فاطاعتہ جحیم ھی ذات اللھب
اگر انھون نے نافرمانی کی تو کیا ہی دوزخ شعلہ زن تو مطیع حکم حضرت کی ہی

۳۵ منکشف جسکی ہدایت سے ہوا نکتہ کن — خلق کی عقدہ کشائی کرین جسکے ناخن
وجد مین اُسکی ثنا سے نہون کیون اہل سخن — ذکرہ یطربنی لا نغم معجبۃ
اُنکا ذکر خصت کا وجد و طرب مین لاتا ہی نہ نغمے

حبہ یسکرنی دون شراب العنب
اور محبت کا حضرت کے مجھکو نشہ ہی نہ شراب انگور کا

۳۶ گو زمانہ مین بہت گذرے نبی اور وصی — معجزہ اُنکا تھا اک ایک صفت اک اک تھی
سب صفاتون کا ہی مجموعہ مگر ذات تری — لیس واللہ عدیل ومثیل لک فی
بخدا کہ نہین ہی آپ کا کوئی مثل و نظیر

سودد او کرم او شرف او ادب
سیادت اور کرم اور شرف اور ادب ہین

۳۷ اہلبیت نبوی دین کے ہین ایسے حاکم — ساتھ قرآن کا اور اُنکا ہوا ہی لازم
اِنکے پیرو جو ہین ایمان ہی اُنکا سالم — اھل بیتکم الامر وفیھم وبھم
یہ وہ خاندان ہی کہ حکومت اور شریعت اُنکے واسطے ہی اور اُنکے ہی ہاتھ مین ہی

قد سمت رتبتھم فوق سنام الرتب
اور رتبے اُنکے سب مراتب عالیہ سے بلند ہین

۳۸ در پے جور و ستم گرچہ تھے پہلے سے عدو — چاہتے تھے کہ بجے آل پیمبر کا لہو
نہ رہے باز ملا جس گھڑی اُنکا قابو — الا من عھد یزید بن طلیق لکم
فرماتا ہی کہ زمانہ یزید سے کہ وہ بیٹا تھا تمھارے ایک

کم دبیح وصبی لک فی الیتم سلے
کیسے کیسے فرزند ارجمند آپکے یتیمی کی حالت مین قید اور ذبح ہوے

کوئی مامن نہین عاصی کو ترے در کے سوا	۳۹	چھوڑ کر آپکے دامن کو کہان جاؤن شہا
نام حضرت کا ہی یا شاہ ہر اک دکھ کی دوا		اِنَّ قَلْبِیْ لَعَلِیْلٌ وَصُرُوْفُ الدُّنْیَا
		دل میرا درد ناک ہے اور گردشین دنیا کی
		مِثْلُ اَیَّامِ بَحَارِیْنَ ذَوَاتُ النُّوَبِ
		مثل ایام بحران کے ہین کہ ہمارے دلمین نوبت بہ نوبت بیقراری ہے
ہین ہر اک حال مین پیرو ترے مولا راضی	۴۰	یاد کر لیتے ہین عسرت مین تری فاقہ کشی
جاہ و منصب پہ بھی یہ رکھتے ہین گردن نیچی		اَصْحَبُ الْعُسْرَ وَالْیُسْرَ وَمَا اُصْبِحُ فِیْ
		آنگدستی اور آسودگی مین رہتا ہون مگر تنگی مین صبح
		جَزَعٍ اَوْ فَزَعٍ اَوْ بَطَرٍ اَوْ طَرَبٍ
		نہین کرتا اور آسودگی کے حالمین خوشی سے سرکشی نہین کرتا
رشک کی اور حسد کی نہین عادت اچھی	۴۱	ہی یہ نزدیک ہر اک اہل خرد کے بھی بری
کرین حاسد جو حسد مجھ پہ تو ہی ناچاری		عَابَ بِیْ الْحَاسِدُ فِیْمَا حُرِمَ الْفَوْزَ بِہٖ
		حاسد میری عیبجوئی کرتا ہی ان فضائل مین کہ وہ انسے محروم ہی
		مِنْ مَزَایَایَ وَلَوْ فَازَ بِہٖ لَمْ یَعِبْ
		اور اگر اسکو نصیب ہوتی تو عیب جوئی نہ کرتا
رات دن ہون ترا مداح امام حق گو	۴۲	کوئی ارمان نہین اس سے زیادہ مجھکو
شرف زائری روضۂ اقدس نجشو		کمتر از مورم و بہتر ز سلیمانی تو
		هَاكَ مَا اُنْشِدُ اُفْدِیْكَ بِاُمِّیْ وَاَبِیْ
		قبول کیجیے میرے ان اشعار کو فدا ہون آپ پر میرے باپ اور مان

تضمین بر شمع و مع از تصنیفات جناب مستطاب مفتی سید عباس صاحب اعلی اللہ مقامہ و اسکنہ اللہ فی بحبوحۃ جنانہ

شمع و مع

شہے کو دو جہان رازیب و زین ست	۱	امامے کو نبی را نور عین ست

عجب حالش بروز مشرقین ست | سرور دل در آغاز حسین ست
در انجامش سراسر شور و شین ست

تباشد چون دل شادیم رنجور ۲ | ز نیرنگیست هر دم چرخ مقهور
ندیده این تغیر چشم جمهور | نبی شد روز عیدش مرکب نور
شفق بر سینه اش در روز عاشور

شمع

شده ثابت زپے در پے روایت ۳ | که سال چارمی بوده ز هجرت
بروز سوم شعبان ببرکت | چو آن ماه شبستان شهادت
جهان را نور بخشید از ولادت

چو پیدا شد همان دم پاک بنیاد ۴ | پے سجده جبین بر خاک بنهاد
مبارکباد گفته رب عباد | پیمبر را نشاط تازه روداد
چنین با دخته خود کرد ارشاد

خدا مقبول کرده التجایم ۵ | بدرگاهش اجابت شد دعایم
چنان محکم شده اینده برایم | که من از دست خود شیرش نمایم
نه خواهی داد شیرش تا نیایم

روان و جان احمد بود دم او ۶ | گوارا بد نه رنج یک دم او
نظر کردی چو چشم پر نم او | مهین انگشت دادی در فم او

ازان مخلوق شد لحم و دم او

چنین رحمت بر او از کبریا بود
زبان زد در مدینہ جا بجا بود

۷

زانگشت نبی نشود نما بود
غذا یش از زبان مصطفےٰ بود

لعاب مصطفےٰ اورا غذا بود

همین طور آن امام نجت فیروز
روایت میکند راوی دلسوز

۸

نہ شد از شیر مادر بہرہ اندوز
ز نور مہر آن ماہِ دل افروز

بگیده شیر تا یکماه و ده روز

دمع

همین شه کو عزیز مصطفےٰ بود
نثارش روح پاک مرتضی بود

۹

برادر از جان و دل زہرا فدا بود
و بے آن روز کاندر کربلا بود

سه شب تا روز بے آب و غذا بود

گرفتار بلا گردید آنجا
کجا شربت کجا تبرید آنجا

۱۰

نہ فریادش کسے بشنید آنجا
زبان خشک میخاوید آنجا

وران حالش نبی کے دید آنجا

دریغا کو دل خیر النسا بود
چها قدرش به پیش کبریا بود

۱۱

دریغا شه کہ ابن مرتضےٰ بود
غذا اول لعاب مصطفےٰ بود

در آخر آب شمشیرش غذا بود

شمع

۱۲ بهر کوچه چو شور عید برخاست — به تن هر یک لباس خوش به پیراست
بُد آن دم حال شه این بے کم و کاست — لباس نو چو روز عید میخواست
خدا بر قامت او حلّه آراست

۱۳ رسید این حکم بر حوران جنت — لباس سُرخ از الوان جنت
بدوزند از پئے سلطان جنت — رساند آن حله را رضوان جنت
که پوشد سید شُبّان جنت

دمع

۱۴ چو قصد کوفه سلطان عرب کرد — گوارا بر ملا رنج و تعب کرد
غریب و بے وطن خود را لقب کرد — ولے در کربلا کارے عجب کرد
لباس کهنه از زینب طلب کرد

۱۵ چنان در کهنگی افزوده باشد — که هر جا خسته و فرسوده باشد
ز دست دشمنان مطرود باشد — که تا در جسم پاکش بوده باشد
ز عریانی مگر آسوده باشد

۱۶ دلا ظلمی که بر شاه زمان رفت — صدائے نوحه زان بر آسمان رفت
در بغا ظلم تازه این زمان رفت — دمے کز عالم آن جان جهان رفت
عجب جورے بر او از ساربان رفت

همین انصاف باشد دور گردون ۱۷ که نعش سید مغموم و محزون
بود افتاده بے سایه بدین گون زمین تفتیده و صحرا پر از خون
جراحات بدن از انجم افزون

رسول حق گریبان چاک ایواے ۱۸ بتول و مرتضیٰ غمناک ایواے
چنین ظلمے نه افلاک ایواے برهنه جسم او بر خاک ایواے
بریگ گرم نعش پاک ایواے

که گرید بهر بیکس مادرش نیست ۱۹ کند ماتم که بر او خواهرش نیست
که گردد پاسبانش چاکرش نیست غریبی نوحه خوانی بر سرش نیست
کهن پیراهنے هم در برش نیست

شمع

همه تن او عزیز مرتضے بود ۲۰ سراپا ذات او نور خدا بود
مگر مکنون چو رمز کبریا بود دو جایش بوسه گاه مصطفےٰ بود
وزین جا هر دو جانور وصفا بود

خجل ماه مبین از حسن رویش ۲۱ پریشان سنبل جنت ز مویش
دلے دو جا که کردم گفتگویش یکے پیشانی و دیگر گلویش
که می تابد نور از هر دو رویش

بدآن گل شرع و ایمان گلشن او ۲۲ بدآن لعلے که زهرا معدن او

بُد آن گوہر کہ حیدر مخزن او | شب از نور جبین و گردن او

عبان میگشت جاے بودن او

دمع

۲۳ | محبان علی با قلب رنجور | کہ گویم بشنوید این قول مشہور
بہمین جا ہا کہ ذکرش گشت مسطور | فغان کین ہر دو جاے پاک و پرنور

بخون آغشتہ شد در روز عاشور

۲۴ | چو با سبط پیمبر جنگ گردید | سیاہ شام از جان تنگ گردید
مگر صد حیف این نیرنگ گردید | جبین زخمی ز تیر و سنگ گردید

چنان کز خون خود گلرنگ گردید

۲۵ | چو شہ فرمود بہر جنگ آہنگ | عجب دوری نمود این چرخ نیرنگ
کزان شد عرصہ بر آل نبی تنگ | فغان زان سنگ کا مد اندران جنگ

کہ شد پیشانیش مجروح زان سنگ

۲۶ | ز پیشانی انور بُد روان دم | کہ ظلم تازہ کردہ چرخ اظلم
کزان لرزان زمین شد چرخ شد خم | خدنگے بر جنک آمد در آن دم

کہ شد پر خون دہان شاہ عالم

۲۷ | شہے کو نور چشم مرتضے بود | شہے کو دلبر خیر النسا بود
گلویش بوسہ گاہ مصطفے بود | در آن گردن کہ شمع با صفا بود

عجائب جلوهٔ نور خدا بود

۲۸ دریغا اہل کوفہ از پئے طمع — بکردہ کعبهٔ اسلام را قمع
چنین ظلمی نہ کردم تاکنون سمع — در آن صحرا کہ بودند اہل کین جمع
زباد و جور گل گردید آن شمع

۲۹ نبودہ قابل خنجر گلویش — کہ بودہ طاہر و اطہر گلویش
دم آخر نہ ہم شد تر گلویش — روان گردید خنجر بر گلویش
ندید آن وقت پیغمبر گلویش

۳۰ کشید نداہل کین از قفاش ز نیش — بخاک و خون مدام آغشتہ جبینش
نویسم من چہ احوال حزینش — چہ گویم از گلوے نازنینش
اذیت میدہد شمر لعینش

۳۱ خبر شد آہ بنت مرتضے را — کہ ظالم می کشد شاہ ہدا را
ندا این کرد شمر بیحیا را — خدا را اے لعین کم کن جفا را
مر بجان بوسگاہ مصطفے را

۳۲ حسین از داغ دلداری کہ دارد — حسین از زور و انصاری کہ دارد
حسین از غم علمداری کہ دارد — حسین از زخم بسیاری کہ دارد
ز غمہاے دل آزاری کہ دارد

۳۳ بر یگ گرم یکدم راحتی نیست — برائے یک سخن ہم طاقتی نیست

تر اندک بحالش رافتی نیست | بقا از بهر او تا ساعتی نیست
درین حالت به خنجر حاجتی نیست

تو خود انصاف کن شیطان ثانی | ۳۴ | چه حالت دارد از تشنه دهانی
عبث باشد به حلقش تیغ رانی | که با این غصه واین ناتوانی
کجا باشد امید زندگانی

به بین خونی که از جسمش روان ست | ۳۵ | ز بے آبے تن بیکس طپان ست
نبی را اے لعین این جان جان ست | نه می بینی که مولانا توان ست
نه خنجر دم نزع روان ست

پئے یکجان فنا هم ماتمی چند | ۳۶ | یکی قلب حزین بهرش همی چند
چه حاصل گر بیارم مرهمی چند | ز زخم کاری و رنج و غمی چند
نخواهد زیستن الا دمی چند

پے حق می نماید جان نثارے | ۳۷ | چه خوش باشد بجی او را سپارے
بمنت گویمت با آه و زارے | چه باشد گر بحالش وا گذارے
عجب دارم ز تعجیلے که دارے

مکن این التماس و عرض مارد | ۳۸ | که او هر دم دمی آخر شمارد
مگر خواهی خدا اجرت نگارد | بکن صبرے کزین درد یکه وارد
بکام دشمنان خود جان سپارد

بگو زین مضطر و شش در چه خواهی ۳۹ ازین فاقه کش و لاغر چه خواهی
به بین حالش ازین بدتر چه خواهی پس از قتل علی اکبر چه خواهی
ازین غم سخت تر خنجر چه خواهی

زجورت شد دل زهرا دو پارا ۴۰ چه زحمت میدهی آل عبارا
نه داری یاد قهر کبر بارا چه بیرحمی ست اے قاتل خدارا
مدارا کن مدارا کن مدارا

بسا این رنج از دنیا کشیدست ۴۱ زجور اشقیا ایذا کشیدست
چه صدها زخم این تنها کشیدست زشب تا روز محنتها کشیدست
کنون در خاک و خونی وا کشیدست

دل خسته ز رنج و غم کباب ست ۴۲ ز بے آبے زبان در پیچ و تاب ست
بده آبے که این کار ثواب ست جگر از تشنگی در التهاب ست
بزیر لب صداے آب آب ست

نمیدانم که این شامی بگیرد ۴۳ ز آب این جان کامی بگیرد
نمیدانم چه انجامی بگیرد بده مهلت که آزاے بگیرد
ز دست مرتضیٰ جامی بگیرد

نمی دانی که هستم بوترابے ۴۴ درین دنیا براے کامیابی
براے عاقبت جوئے خرابی ترا در سر بریدن این شتابی

چہ بید روی چہ بیباک از عذابی

خدارا شرم کن در یار دان ست ۴۵ مگر جان نبی تشنہ دہان ست
ہمین مطلب برائے امتحان ست چہ مہمانے کہ جان یک جہان ست

جہانے را بہ رحمت میزبان ست

بجاہ و رتبہ ہا کارے ندارد ۴۶ بجز امر خدا کارے ندارد
باین دار فنا کارے ندارد بدنیا رشما کارے ندارد

بجز ذکر و دعا کارے ندارد

اگر پیک خرد بر سر دوانی ۴۷ نیابی مثل او در رتبہ ثانی
مگر ظالم بجائے مہربانی تو او را در چنین تشنہ دہانے

بآب تیغ کردی میہمانی

نمی دانی تو آداب دم ذبح ۴۸ شنو از من لعین وابی دم ذبح
بود مذبوح سیرابی دم ذبح نباشد چون تو قصابے دم ذبح

بہ جیوان میدہند آبی دم ذبح

بود جان محمد این نمازی ۴۹ کہ از حق یافت تاج سرفرازی
نظر کردہ بعزو شان غازی سزد از بہر آن شاہ حجازی

کہ فرش از پردہ ہائے دیدہ سازی

عجب دارم ترا پروائے او نیست ۵۰ وگر نہ کیست کو شیدائے او نیست

کسی غیر از حسن همتای او نیست | روائی غیر دل ماوای او نیست
خس و خاشاک صحرا جای او نیست

عجب شان و شکوه شاه دین بود | ۵۱ | که زد آگاه هر یک مومنین بود
بحق کو بهتر از عرش برین بود | مکانش پشت خیر المرسلین بود
نه جایش زیر پایت اے لعین بود

ز ادرج طارم علیا فرود آے | ۵۲ | ز بام کعبه و بیت فرود آے
به منت گوئمت حقا فرود آے | ز صدر سینه آقا فرود آے
فرود آی شقی زینجا فرود آے

نظر کن بر جراحت ها تو اندک | ۵۳ | که ایذا می رسد هر دم ز یک یک
مگر تکلیف سخت این ست اینک | که از بار تو پیکان های ناوک
فرو رفت ست در جسم مبارک

مشو نشتر زن آل محمد | ۵۴ | حذر از کشتن آل محمد
نه بر کن گلشن آل محمد | بر و اے دشمن آل محمد
به ترس از شیون آل محمد

ز خون شاه بے یاور حذر کن | ۵۵ | مکن قتلش تو از خنجر حذر کن
ز شور عرصه محشر حذر کن | ز عدل حضرت داور حذر کن
ز قهر احمد و حیدر حذر کن

۵۶ ز قلب مضطر زهرا به پرهیز ز رنج شوهر زهرا به پرهیز
ز قتل دلبر زهرا به پرهیز ز شرگان تر زهرا به پرهیز
ز آه دختر زهرا به پرهیز

شمع

۵۷ پس از مرگ رسول شاه بطحا حزین و پر الم میماند زهرا
پس از شش ماه با صد رنج و غمها شنیدم رفت چون زهرا ز دنیا
مسلم شد برو درجات علیا

۵۸ مگر از انتقالش مرد و هر زن شده در ماتمش مصروف شیون
ولی از فرقت آن سایه افگن روان گشت از مدینه ام ایمن
که سازد در میان مکه مسکن

۵۹ به غم می یافت او شیر صمد را حزین میدید جان اب و جد را
بدید این رنجهای لاتعد را بخود گفته رسانم دور خود را
پس از زهرا نه بینم این بلد را

۶۰ همین گفته روان شد ام ایمن بسوی کعبه با صد شور شیون
مگر از گردش این چرخ پر فن قضا را تشنه شد در جحفه آن زن
نمود از تشنگی جان عزم رفتن

۶۱ و فور تشنگی چون نیمجان کرد توسل سوی خاتون جنان کرد

توکل بر خدا سے اِنس و جان کرد | | در آن دم رو بسوے آسمان کرد
فرو خواباند چشم از دل فغان کرد

الٰہی این نحیف و لاغر تو | ۶۲ | غریب و عاجز و هم شش در تو
امان خواهد ز کے غیر از در تو | | کہ یارب کیستم فرمان بر تو
کنیز دختر پیغمبر تو

روا کن حاجتم حاجت روایا | ۶۳ | منم گو مورد جرم و خطایا
ز تو داریم امید عطایا | | باین نسبت کہ من دارم تو آیا
روا داری عطش بر من خدایا

ز افراط عطش ناورده تابے | ۶۴ | فغان میکرد با حال خرابی
یقین شد داد عمر از من جوابے | | در آن حالت کہ بودش اضطرابی
فرود آمد ز جنت دلو آبے

دلا دیدی تو عزو احترامش | ۶۵ | قریب ختم نا بوده کلامش
خدا از آب جنت داد جامش | | ازان نوشید و پس تا هفت عامش
نه شد حاجت سوی آب و طعامش

دمع

کنیز فاطمه از لطف تو زیست | ۶۶ | مگر از تشنگی آبش چه بگریست
چکمت لب کشاید رتبه کیست | | نمیدانم خدایا مصلحت چیست

گریۂ فرزند زہرا تشنہ لب نیست

بخاک افتادہ ابن بوتراب ست ۶۷ دلش از تشنگی گویا کباب ست
بخیمہ خواہرش دربیچ و تاب ست گلویش زاب خنجر کامیاب ست

بزیر لب صدائے آب آب ست

ز دریا بہرہ در قوم جہول ست ۶۸ ولیکن تشنہ لب آل رسول ست
چہ گویم شرح آن احوال طول ست سکینہ دختر ابن بتول ست

لبش پژمردہ و خاطر ملول ست

در ینجا شاہ اجابے ندارد ۶۹ پئے آسایش اسبابے ندارد
ز سوز العطش تابے ندارد علی اصغر غرد خوابے ندارد

جگر تفتیدہ و آبے ندارد

شمع

صحابہ حاضرین بزم سرور ۷۰ کہ راوی اند بہر قول اکثر
خصوصاً حضرت سلمان و بوذر روایت می نمایند از پیمبر

کہ گرم خطبہ شد بالائے منبر

در آن حالیکہ آن سلطان بطحیٰ ۷۱ بہ امت می نمودی موعظتہا
ز سوئے خانۂ زہرا قضا را بگوش پاک او آمد در اثنا

صدائے گریۂ فرزند زہرا

پیمبر با حسین تشنه ناکام ۲، عجب میداشت انس از حکم علام
چو سر زد گریه شد زان نیک انجام نبی را از شنیدن رفت آرام
فرود آمد سخن ناکرده اتمام

پسر چون دید روی شاه عادل ۳، نه گریه کرد باز آن خوش شمائل
روایت میکند راوی کامل پس از آرامش آن پارهٔ دل
مخاطب گشت با حضار محفل

که من حق گویم و هم حق نیوشم ۴، عجب ناید از این فرط جوشم
نه آن باشم که امر حق بپوشم چو آواز حسین آمد بگوشم
جدا گردید صبر و عقل و هوشم

دمع

حسینش بُد گرفتار بلایا ۵، ز جور کوفیان کردے شکایا
ازین آگه پیمبر شد نه آیا فغان از روز عاشورا خدایا
همان لخت دل خیبر ابسرایا

ز جور طالبانِ زر بد اندیش ۶، ز ظلم و بدعت کفار بدکیش
ز دودِ دوری احباب دلریش چها از رنج و محنت داشت در پیش
فغان میکرد بر تنهائی خویش

که من هستم نبی را یادگارے ۷، ندارم آشنائے جان نثارے

درین حالت کہ مشکل ہست کارے | کہ آیا ہست یارے دوستدارے
معینے جان نثارے غمگسارے

کسی مداح دلدارے نیسکرد | ۸ | بابن مرتضی یارے نیسکرد
عدد ہم کم دل آزارے نیسکرد | کسی پروائے آن زارے نیسکرد
دران حالش مددگاری نیسکرد
خمسہ بر ہفت بند کاشی علیہ الرحمہ

رہ گئے تنہا جو زمین خسرو دنیا و دین | ۱ | ملتجی تجھے بخشش امت کے باقلب حزین
ہو کے نازل نا گہان بولے یہ جبریل امین | السلام اے سایہ ات خورشید رب العالمین
آسمان غرو تمکین آفتاب داد و دین

کہتا ہی بعد از تحیت یون جناب کبریا | ۲ | صابر و شاکر مرے صد مرحبا صد مرحبا
آجتک پیدا ہوا تجھ سا نہ کوئی باوفا | صاحب یونون بالیقین آفتاب اسما
قرۃ العین بعمرک نازش روح الامین

اسگھڑی ہین گو بظاہر آپ بے فوج و نشان | ۳ | یا رویا ور بیٹے بھائی خویش ہین سارے طپان
پر خدا نے آپکو بخشی ہی ایسی غرو شان | در جہان از روے حشمت چون جہانے در جہان
بر زمین از روے رفعت آسمانی بر زمین

برکت تربت سے تیری ہی مسیحا مستفیض | ۴ | ہین تو اب گریہ سے جرجیس و موسی مستفیض
کیون نہو حاتم سے تیرے ساری دنیا مستفیض | از عطائے دست فیاض تو دریا مستفیض

وزریاض نزہت طبع تو رضوان خوشہ چین

بہتر از طوف حرم ہی قبر کا تیری طواف ۵ تجھہ پہ دنیوالونکے سہر ہر دم ہین بیشک معاف
مرتبے حق نے تجھے بخشے ہین ایسے اصاف صاف کاتب دیوان امرت موسی دریا شگاف

باب پردہ دار بام قصر عیسی گردون نشین

تیسرا کوفاقہ ہی اور ہو سراسر غرق خون ۶ حق مین جلادون کے پر کتے نہین حرف زبون
حق یہ ہی پیدا ہوا جیسے کہ یہ گردون دون نقشبند کاف نون از بہر فطرت تا کنون

ناکشیدہ چون مہ خسار تو نقش مہ جبین

آج تیرے سامنے ہین یہ سب اسرار غیب ۷ عرش سے تا کربلا روشن ہین یہ انوار غیب
کیون نہ ظاہر تجھپہ ہون جتنے کہ ہین آثار غیب مقصد تنزیل بلغ مرکز اسرار غیب

مطلع تیلوہ شاہد مقطع جبل المتین

زخم کا تیرو تبر کے کچھ نہین تجھکو خیال ۸ کپڑے سارے خون سے خوبش و اعزا کے ہین لال
آفرین صد آفرین اے فاطمہ زہرا کے لال مثل تو چون شبہ ایزد در ہمہ عالم محال

وربود ممکن نہ الا رحمۃ للعالمین

حشر تک ہی سبز تجھسے مرغزار لوکشف ۹ ذات سے تیری ہوا عزو وقار لوکشف
باپ وہ تیرا ہی بیشک تاجدار لوکشف عالم علم لدنی شہ سوار لوکشف

ناصر حق نفس پیغمبر امام المتقین

راہ خالق مین لٹایا تنے سب سامان عمر ۱۰ صدقے ہیت پر کیے تنے گل و ریحان عمر

نذر اب کرتے ہو حق کو گوہر غلطان عمر | ناشنیدہ از زمان مہد تا پایان عمر

بیر ضاے حق زتو حرفی کہ ام کاتبین

وصف تبرے استقدر قرآن مین ہین باشد و مد | امٹ نہین سکتے ہین وہ اعدا کرین گو لاکھ کد
شان مین تیرے پدر کے ہی یہ قول مستند | آنکہ مداحش خدا ہمدم رسول اللہ بود

گر کسی ہمتاش باشد ہم رسول اللہ بود

خمسہ بر غزل شاہ نیاز احمد صاحب مرحوم

خواہی رسی بہ رتبۂ عرفان اولیا | ۱ | آگہ شوی ز رمز فراوان اولیا
باشی بہ حشر در صف خاصان اولیا | ای دل بگیر دامن سلطان اولیا

اعنی حسین ابن علی جان اولیا

شاہی کہ او شفاعت کبرا بسر خرید | ۲ | آن عاشقی کہ جلوۂ حق زیر تیغ دید
در صبر مثل او نہ کسی دید نہ شنید | ذوق دگر بجام شہادت از و رسید

شوق دگر بہ مستی عرفان اولیا

الحق کہ راز دان خفی و جلی ست او | ۳ | حقا کہ ابن فاطمہ سبط نبی ست او
بہتر ازین شنو کہ بگویم کہ کیست او | چون صاحب مقام نبی و علی ست او

ہم فخر انبیا شد و ہم شان اولیا

تاراج شد ز ظلم شبستان ہستیش | ۴ | بے آب خشک گشت گلستان ہستیش
جانم فدا بر تبہ و شان ہستیش | تا کرد صرف حق سر و سامان ہستیش

گوے سبق ربود زمیدان اولیا

۵

قد سرو جوئبار ریاض شہادت ست
یا فی البدیہہ رکن اذان و اقامت ست
نور خدا ست شرح سراپا چہ حاجت ست
روی نکوش مطلع صبح سعادت ست

سیمای او ست شمع شبستان اولیا

۶

انموذج کمال الٰہی ست صورتش
شمع رہ وصال الٰہی ست صورتش
صل علی جلال الٰہی ست صورتش
آئینہ جمال الٰہی ست صورتش

زان روشنہ است قبلہ ایمان اولیا

۷

از بہر کامیابی روز جزا حسین
کردہ نیاز از تو خوشا التجا حسین
مداح خواستگار ہمین ست یا حسین
دارد نیاز حشر خود امید با حسین

با اولیا ست حشر مجان اولیا

مخمس بہ سلام جناب دلگیر مرحوم و مغفور

۱

تجاوز مسلک حق سے سر مو ہو نہین سکتا
خلاف قصد دل انسان کا قابو ہو نہین سکتا
نم محراب کعبہ مثل ابرو ہو نہین سکتا
ورائے ابروے شہ ہمسے اب رو ہو نہین سکتا

سوائے سمت قبلہ سجدہ ہر سو ہو نہین سکتا

۲

تفاوت حق سے حیدر کو سر مو ہو نہین سکتا
ولی حق کوئی جز شاہ خوش خو ہو نہین سکتا
ولائے غیر کا اس دل پہ قابو ہو نہین سکتا
ورائے ابروے شہ ہمسے اب رو ہو نہین سکتا

سوائے سمت قبلہ سجدہ ہر سو ہو نہین سکتا

غزالِ کعبہ سے ہم چشم آہو ہو نہیں سکتا	۳	کوئی مطلع مثالِ بیتِ ابرو ہو نہیں سکتا
مرے دعوے سے منکر کوئی حق جو ہو نہیں سکتا		سلامی وصفِ لطفِ شاہِ خوش خو ہو نہیں سکتا
رہِ پیچیدہ ہے دخلِ اک سرِ مو ہو نہیں سکتا		
مقرر تھی ازل سے اِسطرح تقدیرِ ربانی	۴	کہ شہ ہوں ہاتھ سے مسلم کے راہِ حق میں قربانی
اِسی باعث سے ظاہر کر دیا یہ رازِ پنہانی		کہا شبیر نے آیا جو ہر قتلِ نصرانی
مجھے معلوم ہے قاتل مرا تو ہو نہیں سکتا		
زبان دس کے ہے دنیا میں ورِ ساقیِ کوثر	۵	کیا دو ٹکڑے مرحب اور دو حصہ کیا عنتر
ملک کی تھی ندا قربان ترے ای حیدرِ صفدر		اکھاڑا جب درِ خیبر علی نے بولے پیغمبر
مرا سا بازو اور یہ زورِ بازو ہو نہیں سکتا		
جو شہ چاہیں تو خارستاں بنجائے ابھی گلشن	۶	جو ہو صد سالہ مردہ اٹھ کھڑا ہو چھوڑ کر مدفن
یہ ہیں معجزہ نما دیکھنے تھے دوست اور دشمن		دعائے شاہ روسے رباح ایسا ہوا روشن
بجز اعجازِ زنگی بچہ سر ہو نہیں سکتا		
پڑھا رنین جز جو دوشِ پیغمبر کے فارس نے	۷	جز اک لعمرک اے مولا کہا ہر طب و یابس نے
جو نسبت سحر سے اعجاز کو دی قومِ ناکس نے		کہا اعدا کے شہ نے چاند دو ٹکڑے کیا کس نے
یہ روشن ہے کہیں اعجاز جادو ہو نہیں سکتا		
وہ سب ہر باز ہر کا چین تھا چشمِ عابدین	۸	شہ دیں کا وہ جسم بیکفن تھا چشمِ عابدین
حرم کا صدمۂ طوق و رسن تھا چشمِ عابدین		ہم سر سے دریا موج زن تھا چشمِ عابدین

کہ ہر دم آنسوؤں سے جام مملو ہو نہیں سکتا

علی تجھے نورِ حق اور جسم عباس کا سا تھا ۹ اسی کی دید سے موسیٰ کو عشق امن میں آیا تھا
یہ تھا اک راز سربستہ کہ جو اب تک نہ پایا تھا بجا عباس کے لاشہ نے منہ اپنا چھپایا تھا

سوائے اہلِ زمین عرشِ رشید کا رو ہو نہیں سکتا

یہ تھا شوقِ ولی عباس کا سر کو کٹا دوں میں ۱۰ اگر مولا رضا دیں ان کی اعدا کو ہٹا دوں میں
سکینہ میری پیاسی ہے اسے پانی پلا دوں میں کہا عباس نے شہ نے تجھے کیونکر رضا دوں میں

کہ اپنے ہاتھ اپنا قطع بازو ہو نہیں سکتا

ہوا جب کربلا میں جمع سارا شام کا لشکر ۱۱ پیامِ صلح لیکر آیا ابن سعد بداختر
کہا شبیر نے منظور مجھکو خود نہیں ہرگز جب آیا ذکر بیعت بولے شہ فرزند پیغمبر

مطیع کافر و مکار و بدخو ہو نہیں سکتا

ہوا جب نہر پر قبضہ علمبردار سرور کا ۱۲ بھرا مشکیزہ پانی سے شہ والا کی دختر کا
رہا چرچا جہان میں حشر تک یہ اس دلاور کا سوا عباس غازی کے کہ وہ طالب تھا کوثر کا

رہے پیاسا کوئی سقہ لبِ جو ہو نہیں سکتا

پدر کے غم سے اک صدمہ ہے زہرا کے کلیجہ میں ۱۳ الم ہے دوسرا محسن کا زہرا کے کلیجہ میں
لکھوں کس طرح غم کیا کیا ہے زہرا کے کلیجہ میں غمِ شبیر کا درد ایسا ہے زہرا کے کلیجہ میں

کہ مطلق ذکرِ درد و ضربِ پہلو ہو نہیں سکتا

یہ نورِ کبریا میں ذرہ ذرہ اس کا قائل ہے ۱۴ بھلا تشبیہ کو پھر کون شے ان سے مقابل ہے

بس اے طبع رسا بس چپ یہان سبحان وائل ہے
سراپا شاہ کا لکھنا نہایت کار مشکل ہے

پریشانی مین کیا اک وصف گیسو ہو نہین سکتا

۱۵ رخ شہ کے مقابل چاند ہو دعوی باطل ہے
جو حسن اس رخ کو حاصل ہے قمر کو کب وہ حاصل ہے
وہ جوہر ہے عرض ہے وہ ناقص ہے یہ کامل ہے
سراپا شاہ کا لکھنا نہایت کار مشکل ہے

پریشانی مین کیا اک وصف گیسو ہو نہین سکتا

۱۶ یہ وہ زلف رسا ہے صدقے جسپر شیعون کا دل ہے
یہ وہ رخ ہے خجل جسکے مقابل ماہ کامل ہے
ثنا گیسو و رخ مین ہین جب عجز حاصل ہے
سراپا شاہ کا لکھنا نہایت کار مشکل ہے

پریشانی مین کیا اک وصف گیسو ہو نہین سکتا

۱۷ وہ موتی جنکو زہر آثار مژگان مین پروتی ہو
ضیا جنکی ضیاء انجم و مہتاب کھوتی ہو
سمجھے ڈر ہے کہین تشبیہ یہ ناقص نہ ہوتی ہو
گرے جو اشک آنکھون سے غم شہ مین وہ موتی ہو

سوا اسکے گہر ہر ایک آنسو ہو نہین سکتا

۱۸ کہا سفاک نے اقرار کر چپ ہو کے سوؤنگی
نہ اب ناقون سے شب کے چین مین جاکم کا کھوؤنگی
نہ پیٹونگی نہ روؤنگی نہ منھ اشکون سے دھوؤنگی
سکینہ نے کہا اے شمر چلا کر نہ روؤنگی

اگر غم مین پدر کے ضبط آنسو ہو نہین سکتا

۱۹ یہ شوق وصل تھا شہ کو کہ سر بھی بار گردن تھا
ہر اک دم ہر گھڑی مشتاق آب تیغ دشمن تھا
مثال شمع سر کٹنے سے دونا نور روشن تھا
خط باریک خنجر گردن شہ پر مزین تھا

سواد نجف کے خوشنما مو ہو نہین سکتا

ہوے جو ظلم زہرا پر شواہد اُسکے کافی ہین ۲۰ غلط ہین سب خلاف اُنکے جو محو نوشگافی ہین
زبانی تو محب ہین کہنے کو صوفی صافی ہین ہمیشہ صدمۂ پہلوے زہرا کے منافی ہین
درست ان لوگون سے پر کوئی پہلو ہو نہین سکتا

مقدر ساتھ تھا زخم پدر اور بیٹے کا مرنا ۲۱ عبا سر پر کی اور اُنکا شلوکا خون مین بھرنا
کہان بازو کہان حلقوم نادان غور تو کرنا قضا کو کرنا ہم پلہ تھا اصغر شاہ سے ورنہ
گلے اور ہاتھ مین نادک ترازو ہو نہین سکتا

متاع نیک کا مداح اب پرسان نہین کوئی ۲۲ صلاح و خیر عقبیٰ کا بھی اب جویان نہین کوئی
بجز قصد زیارت فکر اب شایان نہین کوئی تعجب ہی مجھے دلگیر گر سامان نہین کوئی
غم شہ مین بیابان مرگ بھی تو ہو نہین سکتا

تخمس بر سلام مرزا فصیح صاحب مرحوم و مغفور

تلاش عقل نے جب رتبۂ ثواب کیا ۱ بیان فضل غم شہ کو انتخاب کیا
زبان نے ورد یہی شعر لاجواب کیا سلام اُسپہ جسے حق نے کامیاب کیا
جہان مین شاہ شہیدان عطا خطاب کیا

گیا جو لڑنے کو رن مین وہ یادگار علی ۲ تمام فوج عدو شاہ دو جہان پہ گری
کمال ضعف سے غش کھا کے نور چشم نبی گر از زمین پہ جس دم وہ خلد کا سنوری
ملک پکارے کہ حضرت نے پا ثواب کیا

عدو خیال مین لائے نہ خوف محشر کو ۳ پھرایا کوفہ مین سر کھولے آل اطہر کو

مجھے کمال تعجب ہی کرکے اِس شر کو | وہ کس طرح سے دکھائینگے منھ پیمبر کو
جنھون نے حضرت زینب کو بے نقاب کیا

۴ غریز و سرور بیکس کے زخم تیر و تبر | تجھے بیحساب کہ سب چور تھا تن اطہر
مگر ثبوت پہونچتا ہی یہ زردے خبر | ہزار و نہ صد و پنجاہ زخم تھے تن پر
بہن نے بھائی کے زخمون کا جب حساب کیا

۵ کھڑے تھے شاہ شہان کربلا کے صحرا مین | عدو تھے حملہ کنان کربلا کے صحرا مین
سوائے زخم سنان کربلا کے صحرا مین | خدا و سمہ کہان کربلا کے صحرا مین
لہو سے ریش کو شبیر نے خضاب کیا

۶ یہ غم وہ غم ہی کہ روتے ہین آسمان و زمین | ہی داغدار اسی غم سے دیکھو ماہ مبین
وہ کون شی ہی اثر حسین اِس الم کا نہین | غریز و خون مین اکبر کی جب حسین بھیگین
تو اُسکے سوگ مین نفون نے پیچ و تاب کیا

۷ تجھے عجب ہی یہ اے پیروان پیغمبر | نہ کیون بپا ہوا اُسوقت عرصہ محشر
کمال یاس سے میدان مین جبکہ رو رو کر | حسین کہتے تھے اکبر کی لاش کے اوپر
تمھارے داغ نے بابا کا دل کباب کیا

۸ پدر کے بعد یہ سجاد ہی کے حوصلے تھے | پہنکے بیڑیان کانٹون پہ ننگے پانون چلے
یہ سب تو ایک طرف ظلم دیکھو اور نئے | گلے مین طوق بھی تھا اُس امام زادہ کے
خدا نے جسکے تئین مالک الرقاب کیا

مقام غور ہی سو چو تو ای عزیز ذرا ۹ سن ین عقدہ کشائے جہان کا ہاتھ بندھا
یہ انقلاب نہین ہی تو کہتے ہین اسے کیا سوار گھوڑون پہ اعدا پیادہ شہزادا
عجب طرح کا زمانہ نے انقلاب کیا

وہ بین خیمہ مین نوشہ کے کرتی تھی رو رو ۱۰ جو دیکھا لاتے ہین لاشہ کو سید خوشخو
لحاظ فاطمہ کبرا عزیز و دیکھو تو بنے کی لاش جب آئی چھپا لیا منھ کو
دُلھن نے حضرت قاسم کی کیا حجاب کیا

فضیلت شہ والا کو جانتا تھا شمر ۱۱ غضب ہی سینۂ شبیر پر چڑھا تھا شمر
جب ایسا دشمن اولاد مصطفے تھا شمر ہزار حیف مسلمان کیون ہوا تھا شمر
لعین نے نام بھی اسلام کا خراب کیا

محب جو پیاس سے عشرہ کو ہوتے ہین بیچین ۱۲ تو لطف کرتے ہین کیا کیا نہ سید کونین
تشفی کرتی ہین یون فاطمہ بہ شیون و شین عزیز و یاد ہی کچھ تم کو تشنگی حسین
امام نے شب ہفتم سے ترک آب کیا

نشان تیر ستم دل جو ہو تڑپتا ہی ۱۳ بزیر خنجر قاتل جو ہو تڑپتا ہی
سنان و تیغ کا گھائل جو ہو تڑپتا ہی یہ قاعدہ ہی کہ بسمل جو ہو تڑپتا ہی
مگر حسین نے مطلق نہ اضطراب کیا

خدا نے احمد و حیدر کو جو دیے رتبے ۱۴ وہ خوب آپ ہی واقف ہی اُنکے رتبون سے
ملی حدیث یہ مداح بیخلاف مجھے فصیح خالق عالم نے علم کا اپنے

(۱) اسیر عشق و سلسل ہو تو تڑپتا ہی

نبی کو شہر کیا اور علی کو باب کیا

مخمس بر سلام مرزا فصیح صاحب مرحوم و مغفور

۱
ہی جوش غم سید ابرار ابھی سے — نوحہ کی صدا آتی ہی ہر بار ابھی سے
آثار محرم ہین نمودار ابھی سے — ذی الحجہ ہی اور چشم ہی خونبار ابھی سے
مجرائی عیان غم کے ہین آثار ابھی سے

۲
در پیش ہی جو سرور بیکس کی مصیبت — ہر سمت کو ہی جوش بکا شدت رقت
سن گریہ کو فرماتے ہین سلطان رسالت — آمد ہی محرم کی کہ آتی ہی قیامت
کرتے ہین بکا شہ کے عزادار ابھی سے

۳
موت آکے ہوئی جب شہ بیکس کی گلوگیر — کوفہ کو مدینہ سے چلے سید دلگیر
فرقت مین مگر بیٹی کے با حالت تغیر — جب کوچ مدینہ سے ہوا کہتے تھے شبیر
بابا سے چھٹی فاطمہ بیمار ابھی سے

۴
جب کوفیون نے شاہ کو سو مرتبہ لکھا — تیار ہوا چلنے پہ تب دلبر زہرا
گھر بار کو سنسان جو بیمار نے پایا — صغرا نے کہا رات کو کل جائینگے بابا
ویران ہین گھر کے در و دیوار ابھی سے

۵
تھے رات ہی سے رنگین جو آثار شہادت — بشاش تھے خیمہ مین خریدار شہادت
اور پھولا پھلا دیکھ کے گلزار شہادت — کہتے تھے شب قتل طلبگار شہادت
کر لیجیے آراستہ ہتھیار ابھی سے

تھا سبز جو ہمشکل پیمبر کا عمامہ ۶ کیا کھلتا تھا اُس دلبر سرور کا عمامہ
حیران تھا ہر اک دیکھ کے صفدر کا عمامہ حضرت نے کہا دیکھ کے اکبر کا عمامہ
ہو نانا کی سی بندش دستار ابھی سے

برپا ہوے جب نہر پہ شبیر کے خیمے ۷ اور آکے مزاحم ہوے کفار کے دستے
القصہ اُٹھا خیمون کو کس جور و جفا سے کہتے تھے لعین شاہ سے ہم جنگ کرینگے
بیعت کا دیا کیجیے اقرار ابھی سے

پھر بولے شقی جسکے کہ ہم لوگ ہین محکوم ۸ اِسطرح کا حکم اُسکا ہی اے سید مظلوم
جینا نہ کسی طرح بچے سرور معصوم شہ نے کہا کل ہونے دو ہو جائیگا معلوم
کیا فائدہ اِسطرح کی گفتار ابھی سے

تھے شاہ کے لشکر کو جو شبخون کے ارادے ۹ تھے تیغ بکف یاور شہ خیمہ کے آگے
انصار مسلح شہ بیکس کے جو دیکھے فضہ نے کہا پچھلے پہر جا کے حرم سے
لو فوج حسینی ہوئی تیار ابھی سے

جب قتل ہوا رن مین شہ دین کا علمدار ۱۰ اور ہو گیا اکبر بھی نثار شہ ابرار
میدان مین تب آکے پے اصغر ناچار پانی جو کیا شہ نے طلب بولے ستمگار
گھبرا گئے اے سید ابرار ابھی سے

شہ نے کہا سجاد سے بادیدۂ خونبار ۱۱ چلجائیگی حلقوم پہ جسدم مرے تلوار
ہو جاؤ گے تم لشکر اعدا مین گرفتار بنتا ہی تمھارے لیے واں طوق گرانبار

زنجیر بھی اک ہوتی ہی تیار ابھی سے

پہنا چکے سجاد کو جب طوق گرانبار ۱۲ اور لیچلے کوفہ کو اُسے شامی غدار
تکلیف سے رستہ کی کبھی ہوکے جو ناچار عابد جو ذرا بیٹھ گئے بولے ستمگار

کیون تھک گئے اے قافلہ سالار ابھی سے

ظاہر ہوے جب صبح کے آثار فلک پر ۱۳ اور مستعد جنگ ہوا شام کا لشکر
لکھا ہی کہ اُسوقت ہر اک بی بی سے رو کر شہ کہتے تھے آئینگے لعین لوٹنے زیور

بس دور کرو عترت اطہار ابھی سے

مداح جو خادم ہی ترا اے شہ ذیجاہ ۱۴ رکھتا ہی یہ امید تری ذات سے واللہ
ہو وزیر علم آپ کے یہ بندۂ درگاہ محشر مین فصیح آپ کے ہمراہ ہو یا شاہ

مطلب یہ کیے رکھتا ہون اظہار ابھی سے

خمسہ بر سلام میر ضمیر صاحب مرحوم و مغفور

شدت تپ مین نہ تھے سوجے ہوے پاے سجاد ۱ اِسپہ یہ ظلم کہ تھی بند غذاے سجاد
بس فقط رحمت حق پر تھی شفاے سجاد مجرئی کوئی نہ کرتا تھا دواے سجاد

شمر کا حکم تھا پانی بھی نہ پائے سجاد

مجلس ماتم سرور ہی بناے سجاد ۲ سب پہ ظاہر ہی جو تھا حال عزاے سجاد
حرف شادی کا کبھی لب پہ نہ لائے سجاد نوحہ کر نوحہ سلامی تو براے سجاد

باپ کے غم مین ہی مشہور بکاے سجاد

ناتوانی کا تھا یہ حال کہ غش آتے تھے ۳ پانون اُٹھ سکتے نہ تھے ضعف سے تھراتے تھے
پانی ملتا نہ تھا کھانا بھی نہین پاتے تھے خون دل پیتے تھے اور باپ کا غم کھاتے تھے
تھی مرض مین یہ دوا اور یہ غذا سے سجاد

گو ہین سب اہل جہان رنج والم سے معمور ۴ فرق ہر ایک کے پر درد والم مین ہی فرور
مومنو خلق پہ ظاہر ہی یہ قول جمہور تین شخصون کا ہی آفاق مین رونا مشہور
گریۂ آدم و یعقوب و بکاے سجاد

جب وطن کو کوئی آتا ہی سفر سے بخدا ۵ تحفہ لاتے ہین عزیزون کو ہی رسم دنیا
خود ہی محتاج تھے کیا لاتے بھلا اسکے سوا درد دل داغ رسن ماتم شاہ شہدا
لیکے سوغات مدینہ مین یہ آئے سجاد

مورد رنج زمانہ مین ہین سب خرد و کلان ۶ نعرہ زن ایک ہی اور ایک ہی مشغول فغان
آجتک روز ازل سے تو بتا ایک نشان ای فلک برہنہ پا دھوپ مین کانٹون پہ روان
کوئی بیمار بھی دیکھا ہی سواے سجاد

قید مین آل نبی یون گئے کوفہ کی طرف ۷ بیچ مین اہل حرم گرد لعین تیغ بکف
ہی روایت مین کہ جسدم شہ بیکس کا خلف پہونچا کوفہ مین تو رو رو کے کہا سونے بچھ
یا علی شیر خدا عقدہ کشاے سجاد

ساری خلقت پہ ہین احسان تمہارے کیا کیا ۸ شیر سے آپ نے سلمان کو چھڑایا بخدا
جو مصیبت مین پھنسا آپ ہی ہو عقدہ کشا ہی تاسف کی جگہ ہو کے تمہارا پوتا

تا زیانہ تن بیمار پہ کھائے سجاد

حاکم ارض و سما ماہی سے تا ماہ ہو تم ۹ جن و انسان ہین مطیع ایسے شہنشاہ ہو تم
درد و تکلیف سے عاجز کے بھی آگاہ ہو تم دستگیری کرو مشہور یداللہ ہو تم

ناتوانی سے نہین اُٹھتے ہین پائے سجاد

ہو دم پاؤن پہ یا تنک نہین تاب رفتار ۱۰ آبلہ تلوون مین ہین آبلو نہین ٹوٹے ہین خار
درد دل کرتا تھا اسطرح سے عابد اظہار آئی آواز علی ای مرے پوتے بیمار

تجھکو اس قید سے اللہ چھڑائے سجاد

جب سے ای لال تو ہی قید مصیبت مین پھنسا ۱۱ قبر زہرا سے چھٹی مجھ سے نجف واویلا
ساتھ مین ہی ترے محبوب خدا سا نانا تیری امداد سے غافل نہین داداتیرا

طوق کا بوجھ مین چلتا ہون اُٹھائے سجاد

جو جو عابد کو ملے شامیون سے رنج و تعب ۱۲ شمہ اُس سے بھی بیان ہو سکے ممکن ہے کب
اسپہ کیا رحم تھا حیران تھے جسکو دیکھ کے سب قید عصیان سے دے امت کو رہائی یارب

قید خانہ مین یہ ہر دم تھی دعائے سجاد

ظلم سجاد پہ کرتے تھے جو ہر دم اعدا ۱۳ شرح اُس ظلم دستم کی نہین ممکن بخدا
دیکھ اُس ظلم کو حیرت سے بصد شور و بکا ہر قدم پر یہی زنجیر سے آتی تھی صدا

ایہا الناس نہین کچھ بھی خطائے سجاد

حسرتین اتنی تھین عابد کو نہ تھا جسکا حساب ۱۴ شدت آتش غم سے تھا جگر مثل کباب

یاد کرکے عطش بادشہ عرش جناب
اکتے تھے راہ مین گردے کوئی اک ساغر آب
فاتحہ والدہ بیکس کا دلائے سجاد

۱۵
حرص مین خلعت و جاگیر کے مرتے تھے عدو
غضب خالق اکبر سے نہ ڈرتے تھے عدو
رحم اک ذرہ بھی عابد پہ نکرتے تھے عدو
جبکہ منزل پہ سر شام اترتے تھے عدو
بیبیان چنتی تھین خار کف پائے سجاد

۱۶
بعد شہ کے یہ تھی سجاد کی حالت بخدا
کہ ہر اک دیکھ کے حال اُنکا یہی کہتا تھا
حق بجانب ہے کہ یہ ایک غریب و تنہا
سارباني کرے بیوون کی کہ دفن شہدا
روئے لاشون پہ دیا کوفہ کو جائے سجاد

۱۷
بیوین بیتاب ہین ہر وقت غم و رقت سے
کس کو رو کے کسے بہلائے سنبھالے یہ کسے
ایک بیمار ہے کیا کیا کرے کیا کیا نہ کرے
مان کو سمجھائے کہ بہنون کو تسلی دیوے
اے فلک صدمہ ہزارون ہین برائے سجاد

۱۸
گو کہ محتاج تھے اور رنج و الم سے بیچین
تھے مگر لخت دل فاطمہ و شاہ حنین
سب طرح کی انھین طاقت تھی برہ کوفہ نہین
دیکھو اعجاز کہ اک شب مین پے دفن حسین
کربلا مین گئے اور کوفہ مین آئے سجاد

۱۹
کہتی تھین راہ مین سقا کون سے یون بنت بتول
قابل رحم ہے عابد مرا اے قوم جہول
صدمہ تو اتنے ہین اور ایک تن زار و ملول
طوق و زنجیر و رسن کوہ غم و بار رسول
ناتوانی مین بھی یہ بوجھ اٹھائے سجاد

داخل شام ہوئی جس گھڑی فوجِ اشرار ۲۰ تھے تماشہ کو وہان اتنے نہ تھا جنکا شمار
مجمعِ عام مین صدحیف بڑے بازار ننگے سر اونٹون پہ زہرا کا جو کنبہ تھا سوار
جاتے تھے شرم سے گردن کو جھکائے سجاد

بعد قتل پسر بادشہ جن و بشر ۲۱ قا کوفہ و شام کا پہلے ہوا مولا کو سفر
بعد مدت کے ملا بیٹے کو جب باپ کا سر یون روایت ہی کہ زندان ستم سے چھٹ کر
باپ کی لاش پہ چہلم کو جب آئے سجاد

پہلے تو دفن کیا لاشۂ شاہِ شہدا ۲۲ پھر کیے زیرِ زمین خویش و عزیز و رفقا
ہو چکی دفن سے فرصت جو بصد آہ و بکا رو کے فرمایا یہ قسمت مین مری لکھا تھا
سترہ قبر عزیزون کی بنائے سجاد

تھا یہ پابند رضا تابعِ حکمِ تقدیر ۲۳ لاکھ صدمہ ہوے جز شکر نہ کی کچھ تقریر
صبر اور شکر سے مداح تھا جس شہ کا خمیر اُسکی تسلیم و رضا کا لکھے کیا حال ضمیر
جو کہ خالق کی رضا تھی وہ رضائے سجاد

مخمس بر سلام جناب مرزا دبیر صاحب مرحوم و مغفور

جوش دکھلاتی ہی کیا بارش باران اپنا ۱ مرتبہ سمجھا ہی کیا نوح کا طوفان اپنا
اِنسے کہدو کہ ہٹا دین سر و سامان اپنا مجرئی اوج پہ ہی دیدۂ گریان اپنا
ابر ترکتے ہین جسکو وہ ہی دامان اپنا

شہ پہ گریان جو ہوا دیدۂ گریان اپنا ۲ کیا پسندیدہ ہوا کار نمایان اپنا

دیکھو یہ فیض شہیدان سے ہی سامان اپنا | پنجۂ ماتم شہ مین ہی گریبان اپنا
مجرئی چاک ہوا نامۂ عصیان اپنا

۳ ظلم کیا کیا ہوے شبیر پہ کیا کیا بیداد | سر کٹا خیمہ جلا گھر ہوا سارا برباد
سنکے احوال غریبی شہ نیک نہاد | دیکھین اب کون شہ تشنہ کو روتا ہی زیاد
اُسطرف ابر ہی یان دیدۂ گریان اپنا

۴ وارد ماریہ جسوقت ہوے شاہ امم | اُترے دریا کے کنارہ پہ امام اکرم
ظلم سے ظالم بیدین کے مگر وائے ستم | خیمہ دریا سے جو اُٹھے تو لگے کہنے حرم
تو بھی اے نہر نہ سمجھی ہمین مہمان اپنا

۵ گھر سے زندان مین جو ہند آئی ہو خبر بپا | پر نہ کچھ حال شہنشاہ امم اُسپہ کھلا
ہوکے مایوس و حزین حال شہ بیکس کا | رو کے جب ہند نے پوچھا تو سکینہ نے کہا
بابا مارے گئے گھر ہو گیا ویران اپنا

۶ بعد قتل پسر بادشہ کون و مکان | اہلبیت نبوی جب ہوے کوفہ کو روان
پہونچے مقتل مین جو روتے ہوے با آہ و فغان | لاش اصغر سے کہا بانو نے واری امان
یاد جھولا کبھی نہین کرتے مری جان اپنا

۷ پیاس سے جھولے مین کس درجہ تھے جانی مضطر | دھوپ مین اب بھبھن چین آتا ہی کیونکر اصغر
مین یہ کرتی تھی لاشہ پہ جو وہ رو رو کر | آئی زہرا کی نہ چین نہ آوے کیونکر
مین اُڑھائے ہوے ہون لاش پہ دامان اپنا

اہلبیت نبوی کا ہوا یہ حال تباہ ۸ کو بکو شہر بہ شہر انکو پھرایا واللہ
سو پریشان سر بازار جو تھی بانوئے شاہ سر اکبر سے ندا آتی تھی بازار مین آہ
سر کے بالون ہی سے مُنھ ڈھانپ لو اماں اپنا

آیا میدان مین اُدھر شہ کا ہر اول تنہا ۹ ق اُسطرف فوج عدو جمع تھی حد سے بھی سوا
یکہ و تنہا جو اُس یاور شہ کو دیکھا حر سے فخر بہ عمر نے یہ کہا دیکھ ذرا
جاہ اپنا حشم اپنا سر و سامان اپنا

اُسطرف اک شہ و لگیر ہین اور چند سوار ۱۰ کثرتِ فوج ہر یان اتنی نہین جسکا شمار
فخر جتنا کرین زیبا ہی ہمین بے تکرار کوفہ و شام کی فوجون کے ہمین ہین سردار
کون ہر یان جو نہین تابع فرمان اپنا

دیکھا حر نے عمر سعد کا جب جوش و خروش ۱۱ سمجھا ہی نشۂ نخوت سے یہ سرکش مدہوش
آگیا یان بھی ولائے اسد اللہ کا جوش پڑھکے لاحول کہا حر نے کہ بس بس خاموش
یان بھرا ہی گل امید سے دامان اپنا

ایسے آقا پہ نہ کیون جان نثار اپنی کرین ۱۲ جسکے صدقہ سے ملی دولت کونین ہمین
یان تو ہین سایۂ دامان شہ بیکس مین باغ فردوس مین مشتاق ہماری حورین
ممبر سدرہ پہ جبریل ثنا خوان اپنا

ہو مبارک تجھے سالاری افواج شریر ۱۳ اور مجھے مرتبۂ خدمت شاہ دلگیر
مین حسینی ہون اسی حصہ پہ خوش ہی بے پر تجھکو دریا ہو مبارک مجھے آب شمشیر

گنج زر تیرا ہی اور گنج شہیدان اپنا

۱۴ کہان حضرت کی شفاعت ہی تری قسمت مین — تا ابد خواری و ذلت ہی تری قسمت مین
شامت و نکبت و لعنت ہی تری قسمت مین — حدت مہر قیامت ہی تری قسمت مین

پیرہن سایۂ طوبی ہی مگر وان اپنا

۱۵ میرے حصہ مین بھلا تیرا ہو کیونکر حصہ — نیکیون مین بھی کہین پاتے ہین بدر حصہ
میرا اور تیرا تو ظاہر ہی سراسر حصہ — عدل معبود نے بخشا ہی برابر حصہ

قعر دوزخ ہی ترا روضۂ رضوان اپنا

۱۶ رشک ہی تو شب دیجور کا مین غیرت خور — سنگ تو لعل مین تو قطرۂ ناپاک مین دُر
تو کنشتی مین بہشتی تو غلام اور مین حر — آئی آواز کہ یہ کیون نہین کہتا ہی حُر

پشت پر ہاتھ دھرے ہین شہ مردان اپنا

۱۷ اللہ اللہ لب خشک کی شہ کے تاثیر — زندہ اک دم مین کیا مومنہ کا طفل صغیر
سرنیزہ جو یہ اعجاز نما تھے شبیر — دیکھکر شاہ کا سر کہتے تھے رو رو کہ گیر

دل ہی کیا کیا ترے اعجاز سے حیران اپنا

۱۸ ہمکو بلا دے یہ اہی پیشرو تشنہ لبان — تیرا موطن ہی کہان مسکن و ماوا ہی کہان
حیرت افزا ہی ترا واقعہ ہی اس سے عیان — سورۂ کہف جو تو پڑھتا ہی بالائے سنان

پر سنا ہمکو تو احوال پریشان اپنا

۱۹ یہ تو ثابت ہوا ہم پر کہ ہوا اعجاز نما — جو مسیحا سے نہو کام وہ حضرت نے کیا

لیکن اتنا بھی بتادے ہمین از بہر خدا | | ای سر پاک نسب کیا ہی ترا نام ہی کیا
دی ندا سر نے کہ رتبہ نہین پنہان اپنا

حال کیا اپنا بتادے تجھین اب یہ بچین | ۲۰ | شرف و قدر سے آگاہ ہی میرے کونین
فخر آدم کا ہون اور عرش کا ہون زینت دین | | جبسے پیدا ہوے ہم خلق مین کہلائے حسین
اب ہی دنیا مین لقب شاہ شہیدان اپنا

منزل سخت شہادت کو کیا مین نے طی | ۲۱ | تابع حکم ہین میرے عرب و روم و دری
ہی حسب اور نسب سے مرے واقف ہر شی | | فاطمہ ماں ہی علی باپ ہی اور جد وہ ہی
جسکو کہتے ہین نبی سارے مسلمان اپنا

اور کیا حال کہون اپنا مین تم سے دلگیر | ۲۲ | بھر گیا پیاسے گلے پر مرے آب شمشیر
بلوۂ عام مین سر ننگے ہی میری ہمشیر | | بیٹا وہ آتا ہی پہنے ہوے طوق و زنجیر
کنبہ یہ اونٹون پہ ہی بے سر عریان اپنا

رہ گئے بیکس و بے یار جو شاہنشہ دین | ق ۲۳ | آیا تب زعفر جن سرور والا کے قرین
اور کہا آپ چلین یا نسے شہا اور کہین | | شہ نے فرمایا کہ بس اب ہو مدارا نہیں
لٹ گیا کٹ گیا سر سبز گلستان اپنا

پھر یہ فرمایا کہ کیا تجھ سے کہین ہم ہی ہی | ۲۴ | مجھکو زعفر ہوے والد بہت غمنہ ہی
بھانجے اور بھتیجے موے پیہم ہی ہی | | بیٹا اٹھارہ برس کا ہوا بیدم ہی ہی
بھائی انتیس برس کا ہوا بیجان اپنا

ورد مداح رہے ذکر جناب شبیر ۲۵ یہی بخشش کا وسیلہ ہی یہی ہی تدبیر
بس یہی قول یہی فعل یہی ہی تقریر قائل مرتبہ مصحف ناطق ہی دبیر
یہی ایمان ہی اپنا یہی قرآن اپنا

مخمس بر سلام جناب مرزا دبیر صاحب مرحوم ومغفور

رحم پیاسے پر جفا کارونکو اک ذرہ نہ تھا ۱ شرم احمد سے نہ تھی حیدر کاڑ حا شانہ تھا
کچھ بھی دل مین پاس روح حضرت زہرا نہ تھا ای سلامی ظالمون کو خوف حق اصلا نہ تھا
کون تھا جو خون کا شبیر کے پیاسا نہ تھا

زخم سے تیغون کے گو سارا بدن تھا پاش پاش ۲ اور غم احباب سے قلب و جگر تھے قاش قاش
حادثہ بعد از شہادت جو ہوا ہی دلخراش جب کیا پامال اعدا نے تو بولی شہ کی لاش
اسقدر بیرحم تم لوگونکو مین سمجھا نہ تھا

تابع ارشاد تھے جس شاہ کے حور و ملک ۳ حکم تھا نانا کا جسکے از ثریا تا سمک
حیف ہی عاشور کو محتاج تھا وہ یان تلک خون بھرے کرتہ سے شہ نے اسکو گاڑا اسی فلک
کیا علی اصغر کے لائق بھی کفن پیدا نہ تھا

محفل عیش و طرب بھی شامیون کو تھا سرور ۴ تخت پر نخوت سے بیٹھا تھا وہ حاکم پر غرور
سامنے سفاک کے حاضر کیے جب بیقصور شمر بولا رکھ کے سر اکبر کا حاکم کے حضور
شاہ کو ارمان اسکے بیاہ کا کیا کیا نہ تھا

بھائی اور بیٹا نہ تھا جو شہ کے بدلے سر کٹاے ۵ ایک یاور بھی نہ تھا باقی مدد کو کون جاے

بیکسی کا وقت تھا شہ پر عجب ایوے اوا ے | ذبح ہوتا تھا نواسہ احمد مرسل کا ہا ے
ہاتھ قاتل کا پکڑ لیتا کوئی اتنا نہ تھا

۶ نیزہ مارا جب شبیہ خاص پیغمبر کو ہا ے | آگیا غش سُنکے ابن ساقی کوثر کو ہا ے
کہتے تھے نیزہ لگا ہی ہی مرے اکبر کو ہا ے | شہ سے بانو نے کہا ہا ے مرو بر کو ہا ے
صاحبِ اولاد اُنمین سے کوئی تھا یا نہ تھا

۷ ذبح سن مین ہو گیا جب سرورِ عالم پناہ | آگ خیمون مین لگا کر گھر کیا شہ کا تباہ
عرش ہلتا تھا زمین ہلتی تھی خالق ہی گواہ | شمر نے چھینی تھی چادر جسکھڑی زینب کی آہ
کونسا لاشہ تھا جو میدان مین کا پنا نہ تھا

۸ مونور دشمن ہی تم پر شاہ دین کی بیکسی | یار یاور کوئی باقی تھا نہ عباس علی
زمین استادہ تھا اس صورت سے وہ حق کا ولی | بیکسی تھی پیاس تھی آنکھون کے آگے موت تھی
بعد اکبر کے حسین ابن علی تنہا نہ تھا

۹ تا قیامت تازہ ہی ہر دم شہ بیکس کا غم | عابد بیمار ہر دم رہتے تھے با چشم نم
مونور دینکی خاطر سوچو تو یہ کیا ہی کم | ہر محرم کی نوین کو کہتے تھے رو کر حرم
آج سے پائی شہ مظلوم نے پایا نہ تھا

۱۰ آئے جب آلِ نبی پھر کر وطن مین شام سے | رو رو کر تے تھے بیان شبیر کے سب حادثے
بیکسی کا حال سُنکر اور صدمہ پیاس کے | پوچھا صغرا نے کہ بابا جان پیاسے کیون موے
کیا پھوپھی زینب کوئی اُس شہر مین دانا نہ تھا

سنتے ہین کہ ذبح عظیم کی مہمانی تھا بہت ۱۱ پیاسا پھر کیون ساقی کوثر کا جانی تھا بہت
کیا سبب جو صدقہ تشنہ دہانی تھا بہت بولی زینب نہر تھی اور اسمین پانی تھا بہت
پر ترے بابا کی قسمت مین وہ اہی صحرا نہ تھا

قتل جو شامی ہوئے تھے سب کے سب گاڑے گئے ۱۲ رہگئے بیگور سب خیر النسا کے لاڈلے
صدقے ہو کر بیکسی پر لاشہ شبیر کے بولی زہرا اہی فلک کا فرملک مدفون ہوے
قابل گور و کفن شبیر کا لاشہ نہ تھا

کربلا مین شاہ پر گذرے جو کچھ رنج و بلا ۱۳ عصر ممکن ہی نہین عالم ہی اسکا کبریا
سارے صدمے اک طرف سوچا اگر دل مین ذرا مونث تنہائیے شبیر رونے کی ہی جا
کوئی لاشہ پر سوائے حضرت زہرا نہ تھا

کون دفنا تا شہ دین کو حرم تھے سب اسیر ۱۴ وہ جو پ مین تا اربعین جلتے رہے بدر منیر
دال مین اس قول پر مداح اقوال کثیر جب ملک گاڑا گیا لاشہ نہ شہ کا اہی دبیر
کون سی شب تھی کہ جسمین نالہ زہرا نہ تھا

خمسہ بر سلام جناب مرزا دبیر صاحب مرحوم و مغفور

نہین خلد اس بزم سرور سے بہتر ۱ یہ سر ننگے ہین اہل افسر سے بہتر
نہ تخت سلیمان ہی ممبر سے بہتر ہی کوثر کہان دیدۂ تر سے بہتر
ہر اشک اہی سلامی ہی گوہر سے بہتر

ہی مان کسکی سرور کی مادر سے بہتر ۲ پدر کس کا ہی شیر دادر سے بہتر

کسی کا ہی نانا پیمبر سے بہتر | سلامی نہین کوئی سرور سے بہتر
ملے جسکو انصار بہتر سے بہتر

۴ اگرچہ ہی لطف خدا عام یارو | نہین آتے رستہ پہ خود کام یارو
اِسے کہتے ہین نیک انجام یارو | کہان حر کہان لشکر شام یارو
خدا نے نکالا ہی بدتر سے بہتر

ہی مان شاہ کی سب کی ماؤن سے بہتر | پدر کس کا ہی سو چو ساقی کوثر
محمد سا جد اور حسن سا برادر | حسب اور نسب مین حسین ابن حیدر
علی سے تھے اعلی پیمبر سے بہتر

۵ جو عباس کی لاش خیمہ مین آئی | کہا شہ سے زینب نے حق کے فدائی
ہوا مثل جعفر کے حضرت کا بھائی | کہا شہ نے اُسنے نہ سقائی پائی
ہوا میرا عباس جعفر سے بہتر

۶ ہوا پیاس سے جبکہ بے شیر مضطر | لے آئے اُسے رن مین سبط پیمبر
مگر تیر اعدا سے ایوا مقدر | چھدا حلق اصغر تو بولے یہ سرور
ہی صابر کو یہ شیر مادر سے بہتر

۷ ہوا ٹرنا قطعاً جو ابن علی سے | چلے تب سرور پہ فوج شقی سے
کھڑا فکر مین حر تھا خوف نبی سے | کہا حاکم ری نے حر جری سے
سپاہی سمجھتے ہین کیا زر سے بہتر

بلاشک یہان خلعت وزر ہی ملتا ۸ وہان ابن حیدر ہی دو دن کا پیاسا
تو برباد ہونے کو ناحق ہی جاتا اُدھر قحط پانی کا دو دن کا فاقا

اِدھر نہر اور کھانے بہتر سے بہتر

وہ کیا دینگے تجھکو سمجھ تو دلاور ۹ نہین قطرۂ آب جن کو میسر
ذرا غور سے فکر سے تو نظر کر پُرانا عمامہ اُدھر شہ کے سر پر

ادھر چیز زر شاہ خاور سے بہتر

تو جاتا ہی سرور کی جانب کو بے سود ۱۰ تری رائے اِسوقت ہی غیر محمود
ترا ہوگا گھر بار سب نیست نابود کہا حر نے منھ پھیر کر دور مردود

نہین کوئی فرزند حیدر سے بہتر

مخالف ہی شہ کا عدو سے پیمبر ۱۱ جو ناصر ہی اِنکا وہ ہی حق کا یاور
ذرا سوچ اے سعد کے نحس اکبر ترے پاس زر ہی اُدھر فضل داور

ہی کب اصل وزر فضل داور سے بہتر

ہی کیا نقص شہ نے نہ پایا جو پانی ۱۲ رہا بھوکا دو دن جو حیدر کا جانی
سمجھ لے یہ تو خوب شیطان ثانی ہی فاقہ مین اپنا رخ زعفرانی

ترے ہر طعام مزعفر سے بہتر

تو مغرور ہی جاہ دنیا پہ اتنا ۱۳ کہ عقبی کا ڈر جب زرین ہی بھولا
کہان تیرا رتبہ کہان جاہ میرا تو پیرو شقی کا مین سبط نبی کا

ملا بد سے بد اور بہتر سے بہتر

ہی ذات علی حاکم ربع مسکون ۱۴ ہی پابند حکم علی دور گردون
بہ مقطع ہی مداح کس درجہ موزون وہیر التجا جز علی کس سے رکھون
ہی کوئی وصی پیمبر سے بہتر

مخمس بر سلام جناب مرزا محمد اوج صاحب ادام اللہ بقاہ

بچائی کشتی امت جو لنگر ہو تو ایسا ہو ۱ نہ کی بیدین کی بیعت جو رہبر ہو تو ایسا ہو
ذبیح راہ حق اللہ اکبر ہو تو ایسا ہو فداخ پر ہوے مولا دلاور ہو تو ایسا ہو
سلامی عاشق جانباز دلاور ہو تو ایسا ہو

نبی کے فرش پر سویا جو یاور ہو تو ایسا ہو ۲ کیا دو ٹکڑے اژدر کو جو حیدر ہو تو ایسا ہو
پریشان کر دیے لشکر غضنفر ہو تو ایسا ہو صفین کاٹین شہ مردان نے صفدر ہو تو ایسا ہو
خداوند ناز کرتا ہی دلاور ہو تو ایسا ہو

تصدق حر ہوا شہ پر سنان کھا کر جو میدان مین ۳ پیا تھا ماتم اسکا اہلبیت شیر نر دانین
جو باندھا شاہ نے رومال زہر احلق فرزانین جہان کہتا تھا حر کو دیکھکر گنج شہیدانین
کہان تھا اور کہان آیا مقدر ہو تو ایسا ہو

معین ذات نبی ہی مومنو ہر ایک حالت مین ۴ مرض مین نزع مین برزخ مین اور روز قیامت مین
مقام شکر ہی پیدا ہوے ہم اس جماعت مین تمنا کی رسولون نے کہ ہم ہون انکی امت مین
نثار احمد مرسل پیمبر ہو تو ایسا ہو

در اشک عزا یان نذر شاہ کربلا کردو	۵	صلہ مین قصر جنت کے اور تسنیم و کوثر لو
باسناد صحیحہ ہو چکا ثابت ہی سو چو تو		غم شبیر سیر خلد دکھلائیگا آنکھون کو
گنہگارون کی کشتی کا جو لنگر ہو تو ایسا ہو		
علی سا تو ہوا ہی اور نہو گا ایک بھی صفدر	۶	کہ جسکے زور بازو کے ثنا خوان خود تھے پیغمبر
مثال مہر تابان ظاہر و روشن ہی یہ سب پر		احد مین بدر مین صفین مین کیا کیا لڑے حیدر
بہادر ہو تو ایسا ہو دلاور ہو تو ایسا ہو		
نبی کہتے تھے ٹکڑا ہی کلیجہ کا مرے زہرا	۷	علی ہی قوت بازو مرا اور ہی وصی میرا
مثال انکا ہوا ہی اور نہو گا دہر مین پیدا		قبول و مرتضی کی مدح مین اجماع ہی سب کا
جو بی بی ہو تو ایسی ہو جو شوہر ہو تو ایسا ہو		
خوشی سے سر کھا محراب خنجر کے تلے شہ نے	۸	سہی کیا کیا بلا محراب خنجر کے تلے شہ نے
کیا وعدہ وفا محراب خنجر کے تلے شہ نے		ادا سجدہ کیا محراب خنجر کے تلے شہ نے
جو شوق نعرۂ اللہ اکبر ہو تو ایسا ہو		
ہوے تھے ناتوان سجاد ایسے آہ واویلا	۹	قدم تک کا اٹھانا ضعف سے مولا کو مشکل تھا
یہ ادنی سا تھا درجہ آپ کے ضعف و نقاہت کا		یزید سنگدل بھی دیکھکر عابد کو بول اٹھا
نحیف و ناتوان و زار و لاغر ہو تو ایسا ہو		
مقابل ہو کے ابر کے دہی ابتک ماہ نو نادم	۱۰	رسولون مین محمد حسینون مین ہوے خاتم
ثنا مین ایسے ذی رتبہ کی ہی کہنا بھی لازم		نہ کیون القاب ہو عباس کا ماہ بنی ہاشم

خجل تھا ماہ کامل رے دانور ہو تو ایسا ہو

جو لائے خیمہ سے میدان مین شبیر اصغر کو ۱۱ نگاہ قہر سے تکنے لگے بے پیر اصغر کو
سنایا بے گنہ بیجرم و بے تقصیر اصغر کو زبان خشک دکھلانے پہ مارا تیر اصغر کو

کمان چلا کے کہتی تھی ستمگر ہو تو ایسا ہو

نمودِ لافتا الا علی ہی شان حیدر مین ۱۲ علی کی ضرب کی تعریف ہی قول پیمبر مین
کی کیا کیا جدوجہد مولا نے قتل عمر و عنتر مین اکیلے انبار لاشون کے علی نے جنگ خیبر مین

لڑے تنہا ہزارون سے دلاور ہو تو ایسا ہو

نہین بھائی بہن ایسے کسی ملت مین مشرب مین ۱۳ ہوا پیدا مثال انکا نہ دور نسبت کوکب مین
بجا ہی آجتک مشہور جو چرچا ہی یہ سب مین عجب الفت تھی باہم حضرت شبیر و زینب مین

جو خواہر ہو تو ایسی ہو برادر ہو تو ایسا ہو

نہ پایا چین اعدا سے کسی لمحہ پیمبر نے ۱۴ اٹھائے عاصیون کے واسطے صدمے پیمبر نے
بڑھائے عاجزونکے اسقدر رتبے پیمبر نے نواسے اپنے امت پر کیے صدقے پیمبر نے

یہ شفقت اور یہ احسان پیمبر ہو تو ایسا ہو

گرے گھوڑے سے زمین جسکی گھڑی عباس غش کھا کے ۱۵ کہا شکر خدا کام آیا یہ ناچیز آقا کے
ندا عباس کی پہونچی جون ہی کانون مین مولا کے یہی کہتے تھے شہ عباس کے لاشہ پہ جا جا کے

جو عاشق ہو تو ایسا ہو برادر ہو تو ایسا ہو

لعین کوفہ مین نے جب سر شاہ شہیدان کو ۱۶ حرم بھی ساتھ تھے کھوئے ہوئے موے پریشان کو

مجود دیکھکر اس گردش گردون گردان کو
کہان زینب نے آئی چادر تطہیر امان کو
مین ہون سر ننگے برگشتہ مقدر ہو تو ایسا ہو

بپا ہی ماتم سبطین احمد ہر دو عالم مین
ملائک حور و غلمان بھی تو ہین مصروف اس غم مین
طریقہ ہی عزاداری کا کیا بہتر محرم مین
برابر نام لیتے ہین محب دونون کا ماتم مین
جو عشق حضرت شبیر و شبر ہو تو ایسا ہو

گنہ ہوتے ہین سرزد آج کل مخلوق سے ایسے
قیامت ہو ابھی برپا غضب کا آسمان ٹوٹے
ولیکن برکت آل محمد کے تصدق سے
بلا دنیا کی ٹلتی ہی قدم سے مہدی دین کے
جہاز ایسا ہو نوح ایسا ہو لنگر ہو تو ایسا ہو

علی اکبر ہی ہمشکل نبی مولا یہ کہتے تھے
یہ ہی مثل علی سب ساکن بطحا یہ کہتے تھے
محبون کا بھلا کیا ذکر ہی کیا کیا یہ کہتے تھے
فروغ حسن اکبر دیکھکر اعدا یہ کہتے تھے
دو عالم مین ہی جلوہ رو کے انور ہو تو ایسا ہو

یہ وہ سلطان ذیشان ہی ملک زیر نگین جسکے
یہ ابن شاہ مردان ہی ملک زیر نگین جسکے
یہ نور خاص یزدان ہی ملک زیر نگین جسکے
یہ وہ فخر سلیمان ہی ملک زیر نگین جسکے
دل روشن ہی آئینہ سکندر ہو تو ایسا ہو

کیا ممتاز اس ابرو نے محراب عبادت کو
سرافرازی اسی در سے ہوئی رکن اقامت کو
کھڑا ہی سر دیک پایا ادب انکی اطاعت کو
دیا خط غلامی سدرہ و طوبی نے قامت کو
گلستان امامت کا صنوبر ہو تو ایسا ہو

کہان ممکن ہی پانا شبر کو اس شیر پر قابو ۲۲ یہ شل شیر یزدان ہی اسد قوت قوی بازو
تہور اور شجاعت مین نہین باقی کوئی پہلو نظر شیر ژیان پلکین بیستان چشم پاک آہو
ہنر بر بیشۂ حق کا غضنفر ہو تو ایسا ہو

اسد روباہ بن جائے جو سن لے انکی صولت کو ۲۳ شغال بیشہ ہو پیل دمان دیکھے جو طاقت کو
عرب سے تا عجم سب جانتے ہین انکی ہمت کو جو زال و رستم و سہراب دیکھین انکی ہیبت کو
تو زال کہنہ بنجائین دلاور ہو تو ایسا ہو

چلی کفار پر اس شور سے تیغ شہ مردان ۲۴ ہوئے کشتون کے پشتے ہو گیا سنسان سب میدان
ہوئے دہشت سے آب تیغ کی ہر ہو سر گردان تبر تیغ ہین آگ آہن مین بجلی ابر مین پنہان
سحاب گرمی تیغ دو پیکر ہو تو ایسا ہو

عدو سہمے ہین گوشہ مین لیے اپنی کمانون کو ۲۵ لرزین کیا عجب سے لرزہ ہی سارے پہلوانونکو
قلم کرتی ہی تیغ دو زبان منہ مین زبانون کو عقاب اک گام مین کرتا ہی طی نو آسمانون کو
نہ پائے گرد پا صرصر تگاور ہو تو ایسا ہو

جو ہین مداح ای مداح ابن شیر داور کے ۲۶ ملینگے قصر جنت مین انھین ہر بیت کے بدلے
ثنا خوان ہین ملک نکلے کھلا یہ قول ذاکر سے سلام ہی اوج میرزا سنکے گردون پر ملک بولے
جزاک اللہ صد تحسین سخنور ہو تو ایسا ہو

مخمس بر سلام جناب مرزا محمد اوج صاحب ادام اللہ بقاءہ

سر ممبر ہی ذاکر جب مقدر اپنے ہوتے ہین ۱ اگر ہان خادم شبیر و شبر ایسے ہوتے ہین

نیچے روضے اندر اکبر ایسے ہوتے ہین | زہے اشک عزا کب جانگداز ایسے ہوتے ہین
خوشا لخت جگر یاقوت احمر ایسے ہوتے ہین

ہر یکسان لطف سب پر فیض گستر ایسے ہوتے ہین | ۲ | نہین پروائے مال و زر تونگر ایسے ہوتے ہین
مطیع حکم ہین سردار سرور ایسے ہوتے ہین | جہانبین بادشاہ ہفت کشور ایسے ہوتے ہین
سلامی آفتاب ذرہ پرور ایسے ہوتے ہین

ہماری خاکساری عین ممتازی کا باعث ہی | ۳ | جھکانا سر درِ شہ پر سرافرازی کا باعث ہی
فنا راہ عقل کل سے دمسازی کا باعث ہی | بدولائے مصرع عرش پروازی کا باعث ہی
ہمارے طایر مضمون کے شہپر ایسے ہوتے ہین

دراحت ہین طوالت ہی نہ کر کیا اور کیا کیا کر | ۴ | ولیکن کبر سے اور بغض سے دل کو مصفا کر
یہ بس ہی کلیہ اسکو بہ گوش ہوش اصغا کر | صفاے قلب سے آئین آئینہ کا پیدا کر
کہ منھ پر کہدے آئینہ سکندر ایسے ہوتے ہین

مطیع حکم شاہ انس و جان دنیا کی ہی ہر شی | ۵ | امام عصر کے تابع ہین سب سلطان چہ روم و ری
زمین ہستی نہین حجت سے خالی ہو چکا ہی طی | قدم سے مہدی دین کے زمین پانی پہ قائم ہی
قرار کشتی عالم کے لنگر ایسے ہوتے ہین

ہوا نور محمد پہلے پیدا ساری خلقت سے | ۶ | ہوے شمس و قمر ظاہر انھین کے نور طلعت سے
حدیثون سے ہی ثابت اور قرآن کی شہادت سے | رسالت کو جلالت ہی محمد کی رسالت سے
نبوت کو تفاخر ہی پیمبر ایسے ہوتے ہین

جو تم دار ہین دلسے نبی کے نونہالون کے ۷ وہ ہین جقدار روزِ حشر جنت کے قبالون کے
اشارے ہین یہی بزمِ عزا ہین اپنے بالون کے فرشتونامۂ عصیان نہ لکھو رونے والون کے

کہ اِن اشکون سے دریا بردِ دفتر ایسے ہوتے ہین

جہان ہر خادمِ حیدر نبی مخدومِ حیدر ہین ۸ نبوت کے سوا جو رتبے ہین مقسومِ حیدر ہین
جو ہین رازِ پیمبر سب کے سب معلومِ حیدر ہین نجومِ سبعہ کیا چودہ طبق محکومِ حیدر ہین

دو عالم مین امیرِ سلطنت کشور ایسے ہوتے ہین

لبِ دریا جو پہونچا مشک لیکر شاہ کا شیدا ۹ عدو بے ارادہ پانی لیجانے کا ہی بیجا
ہنر بر پیشۂ حیدر کو سنکر آگیا غصہ کہا عباس نے اے تو سہی یون چھین لین دریا

کہ دشمن بھی پکارین حملہ آور ایسے ہوتے ہین

مجو جلسے دہ اشک عزا ہین دیکھ لو بیشک ۱۰ ہی یکسان نرخ جنکا آج سے روزِ قیامت تک
جو ہی فرقِ امین گوہر مین سمجھتے ہین اُسے زیرک خریدار اُنکے بندے ہین اُنہی اشکون کا خدا گاہک

بتا اے ابرِ نیسان تیرے گوہر ایسے ہوتے ہین

مشابہ تھا جو ابنِ شاہ دین بالکل پیمبر سے ۱۱ ہر اک اہلِ عرب کو انس تھا مولا کے دلبر سے
مگر رہتا تھا کھٹکا مان کو دورِ چرخِ اخضر سے پھوپھی کہتی تھی اندیشہ ہی مجھکو حسن اکبر سے

حسینون مین جوانا مرگ اکثر ایسے ہوتے ہین

کیا جب قصد حر نے شہ کی جانب اپنے جانے کا ۱۲ سیاہِ شام مین ہر سو ہوا اِن بات کا چرچا
مہیا چلنے پر اُسکو جو ابن سعد نے پایا عمر نے حر کو سمجھایا ہوا کیون تارکِ دنیا

سپاہی شرع کے پابند کمتر ایسے ہوتے ہین

اگر کہدون تو تجھکو روک لین سب لوگ لشکر کے	۱۳	بہت مشکل تجھے شبیر تک جانا ابھی ہووے
مگر شاید تو سمجھے اسلیے سمجھاتا ہون پہلے		امیر شام سا حاکم ملا تھا تجھکو قسمت سے

کہین سردار غربت بخش لشکر ایسے ہوتے ہین

امیر شام سے تو راہ رکھتا ہی نہ ہو گمرہ	۱۴	ہی غربت مین وہ سب سے بڑھکے اہل فہم مین آگہ
یہ جب سب مکر و حیلہ کر چکا وہ پیر و رہبر		پکارا حر غلط جھوٹ افترا توبہ معاذ اللہ

عقیدے جاہلون کے اوستگر ایسے ہوتے ہین

عقیدہ ہی مرا واللہ کہ حق پر شاہ اکرم ہی	۱۵	الگ ہو دور ہو میرا مزاج اسوقت برہم ہی
تو تعریف اسکی کرتا ہی کہ جو مردود و اظلم ہی		مگر ہان حضرت شبیر کا جو وصف ہو کم ہی

سنی مظلوم عادل فیض گستر ایسے ہوتے ہین

مرا مولا مطیع ذوالمنن تیرا مطیع بت	۱۶	مرا ہادی نبی کی جان و تن تیرا مطیع بت
مرا حاکم شہنشاہ زمن تیرا مطیع بت		مرا آقا امام بت شکن تیرا مطیع بت

خلیل اسرا ایسے ورآزر ایسے ہوتے ہین

بجز ذات خدا لحق نہین جیسے خدا کوئی	۱۷	نہین ہادی بغیر از خامس آل عبا کوئی
برا سمجھے کوئی کہنے کو میرے با بھلا کوئی		خدا جیسے نہین بندون کا جز رب علا کوئی

غلامونکو نہین آقا میسر ایسے ہوتے ہین

بڑی زمین کٹی ہو اک قلم سر در کی کھیتی ہی	۱۸	ہی چادر دھوپ کی سایہ کو اور بستر کو ریتی ہی

بلائین فاطمہ ہر ابر سب کی لیتی ہی | شہادت لاش اصغر پر گواہی زمین دیتی ہی

کہ شش ماہے جوانوں کے برابر ایسے ہوتے ہین

کفن وہ ہو شہید بیکفن کی جیسہ مہرین ہون | ۱۹ | وہ ہو فرد عمل خیبر شکن کی جیسہ مہرین ہون
وہ سینہ ہو کہ سلطان زمن کی جیسہ مہرین ہون | خوشا وہ قلب داغ پنجتن کی جیسہ مہرین ہون

پذیرا بارگاہ حق مین بحضر ایسے ہوتے ہین

ہوا راہ خدا مین جب علمبردار قربانی | ۲۰ | غم واندوہ کی شہ پر ہوئی ازبس فراوانی
رضا لیکر گیا تڑپکو اسدم شاہ کا جانی | نثار ن عرش نورانی کہ آئے احمد ثانی

ہوا عمل خاصگان رب اکبر ایسے ہوتے ہین

خجل ہی ماہ تابان دیکھکر پرنور پیشانی | ۲۱ | کہان یہ یوسف سرور کہان وہ ماہ کنعانی
بہم کہتے تھے ملکر یک زبان یون ظلم کے بانی | نگینے بین ناخن انکو زیبا ہی سلیمانی

عناصر چار آئینہ سکندر ایسے ہوتے ہین

جو دیکھا چہرۂ انور پکارے یک زبان دشمن | ۲۲ | بلاشک یہ بہادر ہی اسد قوت تہتن تن
جو دیکھین اسکی صورت شیر بھاگین چھوڑکر مسکن | عمر نے شیر سے پوچھا دکھاکر شیر کی چنون

تجھے واللہ شیرونکے بھی تیور ایسے ہوتے ہین

یہ ظاہر ہی کہ پانی تین دن گذرے نہین پایا | ۲۳ | مگر چہرہ سے کچھ اسکا اثر پیدا نہین اصلا
وہی ہمت وہی شوکت وہی ہی جنگ کا دعوی | پکارا شیر لا واللہ پر اسکا تعجب کیا

کہ شیر حق کے بیشہ کے غضنفر ایسے ہوتے ہین

ہو اسکے سامنے کیا مرتبہ سام و نریمان کا
مقابل اسکے ہو پیل دمان بھی جیسے اک پشا
۲۴
کلام شمر جب تو صیف مین اسدرجہ کو پہونچا
یلان شام دکو نہ بولے آمنا وسلمنا

پڑھا کلمہ ہر اک صف نے کہ صفدر ایسے ہوتے ہین

قدم ہٹتے ہین پیچھے جب یہ میدانمین ڈٹتے ہین
پر روح الامین انکی ہی ضربت سے تو کٹتے ہین
۲۵
فلک لرزان ہین نعرون سے جگر شیرون کے پھٹتے ہین
پرے کیا دم اٹتے ہین جدھر گھوڑا پلٹتے ہین

غرنیر فاتح صفین و خیبر ایسے ہوتے ہین

یہ شیر بیشۂ شیر خدا جرأت مین یکتا ہی
نہ کچھ وسواس دلمین ہی نہ لاکھون سے جھجھکتا ہی
۲۶
نہین رکتا ہی فوجون سے غضب مین جب لپکتا ہی
پسینہ ہی کہ جوہر تیغ ابرو سے ٹپکتا ہی

نہ تیغین آبدار ایسی نہ خنجر ایسے ہوتے ہین

خرد تو صیف اسپ بادپا کے ہی عبث درپی
زمین و آسمان کو کرتا ہی یہ ایک پل مین طے
۲۷
مقابل جسکی سرعت کے خیال و وہم ہین لاشی
صبا لے لیکے بوسہ دامن زین کا یہ کہتی ہی

عقاب آسمان پرواز کے پر ایسے ہوتے ہین

نجو شام کو جاتا تھا جب فرق شہ خوشخو
ہوے ہین معجزے اکثر گنا بو نہین انھین دیکھو
۲۸
ہی یہ بھی معجزہ اک آنسے اپنے دلمین سوچو تو
اذان سنکر سنان پر شہ کا سر جھکتا ہی قبلہ کو

نمازی بھی کہین ایسا کہ اکبر ایسے ہوتے ہین

ہوے شہ پر تصدق بھانجے جیسے کے واویلا
اٹھا کر لاش انکی گھر مین لائے سید والا
۲۹
مگر کیا عشق تھا شہ سے بہن کو غور کی ہی جا
نہ روئی بیٹیون کے لاشہ پہ زینب پر کہا آنسا

سعادتمند بچے کیون برادر ایسے ہوتے ہین

غریبون کربلا مین پہونچا تھا جب شاہ کا خیمہ ۳۰ بہت انصار تجھے بھائی تھے بیٹے تجھے بھتیجا تھا
بوقت عصر وہ گھر جسنے دیکھا رو کے یون بولا حسینی خیمون مین جھاڑو دہل کی پھر گئی در

کہین دو پہر مین خالی بھرے گھر ایسے ہوتے ہین

زبان ہر لال وصف زینب و عباس صفدر مین ۳۱ تصدق جان اور اولاد کردی عشق سرور مین
یقین ہر پیش کرکے دونون کو سرکار دادر مین گواہی زینب و عباس کی شہ دینگے محشر مین

خداوندا ہمین ایسی برادر ایسے ہوتے ہین

وجود ظاہری جسوقت پاجر کی خلقت نے ۳۲ کیا دنیا سے مستغنی اُسے ایمانکی دولت نے
منور کردیا دل پنجتن کے نور الفت نے سر لوح جبین پر حر کی لکھا کلک قدرت نے

غلام باوفاے ابن حیدر ایسے ہوتے ہین

حسن کے بعد تھے عباس پیارے شاہ کو سب سے ۳۳ تھی الفت شہ کو اُنسے اور اُنکو فدیہ رب سے
یہ ہی علم امامت شاہ دین آگاہ تھے کب سے ہوے عباس جب پیدا کہا شہ نے یہ زینب سے

علی کی نسل مین ہمشان جعفر ایسے ہوتے ہین

ہوا ہی اور نہوگا باوفا حضرت سا دنیا مین ۳۴ نہ آئی یاد اپنی پیاس یاد شاہ والا مین
یہانتک محو تھے ویسے وہ فکر آل طاہا مین پیا پانی نہ سقاے حرم نے عین دریا مین

گئے پیاسے بچے پیاسے سکندر ایسے ہوتے ہین

سلام پر ضیا لکھا جناب اوج نے ایسا ۳۵ جسے مداح سنکر کہتا ہی ہر ایک سلمنا

زبان پر سامعین کے ہی یہ ہر دم مقطع زیبا | یہ مضمون آفرینی آفرین اے اوج کیا کہنا
سخن فہمونمین شہرہ ہی سخنور ایسے ہوتے ہین

مخمس بر سلام جناب ذہین مرحوم و مغفور

آنسو دن سے قصر جنت سب سنوارے جائینگے | ۱ | نذر زہرا کو یہ بنکر گوشوارے جائینگے
ہم اسی کشتی پہ کوثر کے کنارے جائینگے | | رائگان آنسو نہ مجرائی ہمارے جائینگے
بنکے موتی تربت سرور پہ وارے جائینگے

ایکدن پوشاک جنت تھی عزیز و زیب بر | ۲ | ایکدن تھی بیکفن لاش شہ دین خونین تر
گردش افلاک کی نیرنگیون کو دیکھکر | | کہتے تھے سرور چرخ مصطفے کے دوشپر
تیسرے دن مرکے تربت مین اتارے جائینگے

داخل دشت بلا جسدم ہوے سلطان دین | ۳ | ہوگیا ظاہر کہ گھر جائینگے سرور یا یقین
سوچکر انجام کو اسدم بصد قلب حزین | | عرض کی یون حر نے شاہ دین سے ٹلجاؤ کہین
آپ اترینگے اگر اس جا تو مارے جائینگے

درپے ایذا ہین مولا شر سے اعدا کے ذرا | ۴ | سب کے سب مکار ہین کوئی نہین ہی راست گو
ہی خلاف مصلحت یان پر ٹھہرنا آپ کو | | مسکرا کر شہ نے فرمایا مصرا اس مین نہ ہو
ہم نجائینگے یہان سے سر ہمارے جائینگے

ہوگئی قطع امید صلح جسدم بے گمان | ۵ | مستعد لڑنے پہ تھے انصار شاہ انس و جان
مثل پروانہ کے شہ کے گرد تھین سب بیقرار | | کہتی تھی بیبیون سے زینب آج بگڑی ہی یہان

تیمچے واری گئی کسدن سنوارے جائینگے

۶ کہتے تھے عاشور کو انصار سے شاہِ غیور — ظلم جو چاہین کرین ہم پر یہ ظالم پُرغرور
دیکھے سر وعدہ پہ ہم جائینگے خالق کے حضور — بجا نجے بولے شہا وعدہ تو ہی لڑنا ضرور
گو زبان ہاری ہی لیکن جی نہ ہارے جائینگے

۷ قید ہو کر جب چلا اہل حرم کا قافلا — ننگے اونٹون پر سوار اعدا نے بیوونکو کیا
ساربان جسدم بنا وہ آدم آل عبا — بولے عابد اونٹون کی رسی ہی لنگر ناو کا
امتی بحر گنہ سے پار اتارے جائینگے

۸ ارزد ہر گز نہ کچھ تحسین دنیا کی کرد — بے تصنع اپنا تو یہ قول ہی اے عاقلو
قدر دان مداح دنیا مین کوئی ہو یا نہو — فخر کرتے ہین ذہین اس پر کہ روز حشر کو
ہم غلامان علی کہکر پکارے جائینگے

خمسہ بر سلام جناب ذہین صاحب مرحوم و مغفور

۱ ورد عباس تھا نذر شہ دین سر دونگا — کہا قاسم نے کہ جان شہ کے قدم پر دونگا
قول اکبر تھا گلا تیغ تلے دھر دونگا — مجرئی کہتے تھے سر در کہ لٹا گھر دونگا
مہم امت احمد کو مین سر کر دونگا

۲ بھیجکر سیکڑون خط کوفیون نے بلوایا — آئے جب شاہ تو سب پھر گئے بانی جفا
سنکے حجت شہ بیکس کی رہے چپ لا — پھیر مانگے جو خط اعدا نے تو سر دے کہا
حشر مین تمکو یہ مین پیش پیمبر دونگا

گو کہ کم سن تھا بہت فاطمہ کا نورالعین	۳ ق	فکر امت سے مگر قلب سدا تھا بیچین
واہ کیا لطف ہی دیکھو تو بر ب کونین		جب بنی روتے تجھے امت کو تو کہتے تھے حسین
نانا مین دونگا سفارش پیش خدا دھر دونگا		
فکر اس مرتبہ امت کی ہی کیون اے نانا	۴	روز میثاق سے یہ بار تو حصہ ہی مرا
عرض ناچیز یہ ہی آپ سے محبوب خدا		آج کیون روتے ہو محشر تو ہو کل دیکھے گا
نذر اک ہاتھ سے سر ایک سے محضر دونگا		
عرض جب کر چکا یہ فاطمہ کا نورالعین	۵	فرط الفت سے اُٹھے سنتے ہی شاہِ کونین
چوم کر حلق کو سرور کے بصد شیون و شین		مصطفے نے کہا پھر تم کہو کیا دوگے حسین
تمکو تو ہدیہ مین امت کے مین دلبر دونگا		
وعدہ نانا کا تمھارے ہی یہی خالق سے	۶	فدیہ امت کا کرونگا مین تمھین اے پیارے
پھر بتاؤ مجھے تم نذرِ خدا کیا دوگے		مسکرا کر کہا شبیر نے یون ہم سمجھے
میرا سر آپ کا ہدیہ ہی نہ کیونکر دونگا		
میرے دینے کے لیے بادشہ ہر دو سرا	۷	فکر کچھ بھی نہ کرین آپ کہ مین کیا دونگا
گو نہین پاس مرے حشمت و مال دنیا		میرے دینے کو بہت ہی مجھے خالق نے دیا
بھانجے دونگا پسر دونگا برادر دونگا		
یہ بھی کافی نہ اگر ہونگے رسول الثقلین	۸	وعدہ حتمی یہی میرا ہی بر ب کونین
مرے ہوتے ہوے ہوویگی نہ امت بیچین		اور تو دینے کو سب گھر لیے جاتا ہی حسین

جو جو امت پہ پڑیگا وہ مقرر دونگا

آپکے سامنے رتبہ مرا کیا اے مولا ۹ آپ محبوبِ خدا اور مین بندہ ادنا
پاس جو میرے ہی سب کچھ ہی یہ حضرت کا دیا مجھ سے کیا پوچھتے ہین آپ مین دونگا کیا کیا

ایک ہدیہ دیا تمنے مین بہتر دونگا

آپکے جدنے سے اے خالق اکبر کے نبی ۱۰ ہمت اسر نے اِس مرتبہ ہی مجھکو دی
دینے مین آنکھ جھپکتی نہین ہرگز میری تم نہ روؤ تو مین تفصیل کرون دینے کی

یان تلک دونگا کہ وسعت سے بھی باہر دونگا

مال و زر کی تو حقیقت نہین کچھ بھی بخدا ۱۱ واسطے آپکے امت کے شہ ہر دوسرا
عرض کرتا ہون بلا ریب کہ بندھوا دونگا ازوے زینب و کلثوم و سکینہ کا گلا

پائے سجاد تلک بیڑیون سے بھر دونگا

آپ سے عرض یہ کرتا ہون شہ عرش جناب ۱۲ اتنا مین دونگا کہ ممکن بھی نہو جسکا حساب
بنت مسلم کے تو در بر مع کلثوم و رباب مقنع زوجۂ عباس تو بانو کا نقاب

پردہ امت کا رہے گر تو سراسر دونگا

بہوین اور بیٹیان سب آپکی اے خیر بشر ۱۳ ہو کے بے مقنع و بے پردہ پھرین کھلے سر
بنت زہرا جو ہی یہ زینب تفتیدہ جگر ننگے سر اونٹون پہ بلوہ مین پھرینگی در در

ایسا کچھ دونگا کہ زینب کی بھی چادر دونگا

غم نہین اہل حرم پر ہون اگر لاکھ حجاب ۱۴ میرے بچون کو طمانچے لگین بے جرم و خطا

وعدہ مین آپ سے کرتا ہون یہی اے نانا | جو ستم گذرینگے مجھپر وہ سہونگا مولا
تا رسے آپ کی امت کو رہا کرد ونگا

پیاس سے جھولے مین جسدم ہوے اصغر بیچین | ۱۵ | لائے سیدانین اُسے خیمہ سے شاہ کونین
تیر کھاکر ہوا بیجان جو وہ نور العین | لاش بچے کی لیے راہ مین کہتے تھے حسین
تجھکو کیا کہکے تری مان کو مین دلبر دونگا

زشتی نامۂ اعمال کے دھونیکا یقین | ۱۶ | غیر اشک غم شبیر نہین اے غمگین
کیش مداح یہی اور یہی ہے آئین | پیش ہوگا جو مرا نامۂ اعمال زمین
اُسپہ رومال بھر آنسو ونکا دھر دونگا

مخمس بر سلام جناب میر انیس صاحب مرحوم و مغفور

زہد و ورع خمیر ہے اپنے خمیر کا | ۱ | اور حب اہل بیت ہے مذہب حقیر کا
احسان ہے ازل سے یہ رب قدیر کا | دل سیر ہے گدا اے جناب امیر کا
خالی کبھی رہا نہین کاسہ فقیر کا

جویا ہوا نہ تاج کا نہ مین سریر کا | ۲ | احسان لیا نہ سر پہ امیر و وزیر کا
شاکی گلے کا ہے نہ خواہان کثیر کا | دل سیر ہے گدا اے جناب امیر کا
خالی کبھی رہا نہین کاسہ فقیر کا

خاک نجف مین ہوگا جو مرقد فقیر کا | ۳ | اور ہوگا وقت قبر مین جب دار و گیر کا
دونگا جواب صاف مین منکر نکیر کا | کیا پوچھتے ہو نام مرے دستگیر کا

بازو نبی کا ہاتھ خدا ے قدیر کا

۴ بندہ ہون اک حقیر مین رب قدیر کا — اور کلمہ گو ہون شاہ بشیر و نذیر کا
پیرو ہون مین حبیب خدا کے وزیر کا — کیا پوچھتے ہو مذہب و ملت فقیر کا

شیشہ بغل مین ہی مری خم غدیر کا

۵ حیدر کو جو خدا نے دیا رتبہ و جلال — اُسکو بیان کر سکے یہ کسکی ہی مجال
ہی روز فتح مکہ کا روشن یہ سب پہ حال — پہونچا نہ دست غیر کا جسجا کبھی خیال

اُس دوش پر تھا پاؤن مرے دستگیر کا

۶ واقف ہی رتبہ شہ والا سے کائنات — تفصیل سے بیان کہان کر سکون صفات
ہی ایک جزو ذات نبی کا علی کی ذات — مومن دونمین سوچ لین پر دے کی ہی یہ بات

نکلا کہان سے ہاتھ جناب امیر کا

۷ سارا جہان مطیع شہ نامدار ہی — بطن صدف مین قطرہ در شاہوار ہی
دیکھو جدھر کو فیض و کرم آشکار ہی — احسان بو تراب کا گردن پہ بار ہی

سر کس طرح جھکا نہ ہے چرخ پیر کا

۸ لشکر پھرا جو حج سے بشیر و نذیر کا — پہونچا نبی کو حکم یہ رب قدیر کا
اظہار کر دے مرتبہ اپنے وزیر کا — شہرہ ہی شش جہت مین حدیث غدیر کا

بیعت کو ہاتھ اُٹھا تھا صغیر و کبیر کا

۹ ہین بارہ امام جو اولاد مرتضےٰ — اُن سب کا ایک رتبہ ہی از حکم کبریا

کچھ فرق چھوٹے اور بڑے مین نہین ذرا | معصوم سب ہین جوشن بازوے مصطفا
یان ایک مرتبہ ہی صغیر و کبیر کا

۱۰ دست خدا تھا قوت بازوے مصطفا | یہ قوت خدا نہین تو کہیے اسکو کیا
مرحب کو ایک وار مین نابود کر دیا | خیبر کا در اکھاڑ لے وہ شان کبریا
ٹکڑا نک سے کھاے جو نان شعیر کا

۱۱ حب علی پہ ہوگا جو یان خاتمہ بخیر | ہمکو نصیب ہوویگی باغ جنان کی سیر
کوثر پہ تب یہ عرض کرونگا بحال غیر | پیاسا ہون ساقیا مے کوثر کا خم کی خیر
بھر دے خدا کی راہ مین کاسہ فقیر کا

۱۲ نقد حیات عالم فانی ہی بے بدل | اعمال ہوئین نیک یہ ہی زندگی کا پھل
افسوس آجتک تو ہوا کچھ نہ ماحصل | پیری تو آچکی ہی مگر مہلت اے اجل
کر لون طواف قبر جناب امیر کا

۱۳ آرام روح کیون نہو کیون ہو نہ دل کو چین | ہر وقت جنکو درد ہی نام حسن حسین
حب ودلاے آل ہی جنپر کہ فرض عین | سبطین مصطفے کو سمجھتے ہین جو شنین
تینون مین ہی یہ حرز صغیر و کبیر کا

۱۴ مشہور ہی سخاے شہنشاہ دوسرا | شاہد عطار شاہ پہ ہی صاف دل اتا
بیشک رحیم کوئی علی سا نہ ہوئیگا | کیا رحم تھا کہ شیر انھی نے رو دیا
جب آگیا خیال یتیم و اسیر کا

جو شاہ آپ بھوکا رہے اور کو کھلاے ۱۵ صد حیف اُسکا لاڈلا دانہ تلک نہ پاے
تیرا بھی ظلم چرخ نیا ہی ہر اک پہ واے اُسکے پسر کو پانی کا قطرہ ملے نہ ہاے
قاتل کو جس نے بھیجدیا جام شیر کا

معمول تھا شبون کو یہ حیدر کا دائما ۱۶ بیوونکے گھر پہ آپ وہ دے آتے تھے غذا
بھوکا کوئی یتیم نہ رہتا تھا شہر کا جب مرگئے علی تو مدینہ مین شور تھا
آج اُٹھ گیا شفیق یتیم و اسیر کا

مسکن کہین بھی خاک نجف سے نہین نفیس ۱۷ امید جسکی رکھتے ہین سلطان ہو بارئیس
مداح کی ہی عرض یہ اے مونس و جلیس پوچھے کوئی پتہ تو یہ کہدیجو انیس
ہی وادی السلام مین بستر فقیر کا

مخمس دیگر بر سلام جناب میر انیس صاحب مرحوم و مغفور

پیاس سے آہ تڑپتی تھی سکینہ کیا کیا ۱ شیر کو اصغر معصوم بھی ترسا کیا کیا
کھٹکا اکبر کے کلیجے مین بھی بھالا کیا کیا صبر کرتے تھے سلامی شہ والا کیا کیا
اہل کین دیتے تھے مظلوم کو ایذا کیا کیا

مر گیا کیسا مری گود کا پالا افسوس ۲ چھپ گیا آنکھون سے وہ گیسوون والا افسوس
سینے پر اُسکے لگا ظلم کا بھالا افسوس بانو کہتی تھی کہ سہرا بھی نہ دیکھا افسوس
تھی مجھے بیاہ کے اکبر کی تمنا کیا کیا

پیاس سے جب علی اصغر کا برا حال ہوا ۳ لائے خیمہ سے اُسے زین امام دوسرا

پانی کے بدلے گلے پر جو لگا تیرِ جفا | تیر کھانے ہی گلے مین جو دمِ اصغر کا رکا
شاہ کے ہاتھون پہ تڑپا ہی وہ بچہ کیا کیا

قتل جب ان مین ہوے بادشہ جن و بشر ۴ | چلا کوفہ کی طرف اہلِ جفا کا لشکر
جلوہ گر نیزہ پہ تھا سر ابنِ ہند و طمہ کا | دیکھتا جو سرِ قاسم کو وہ کہتا رو کر
حسرتین لیگیا دنیا سے یہ وطا کیا کیا

جب گرے گھوڑے سے عباسِ دلاور لب جو ۵ | سُنکے آواز چلے لاشہ پہ شاہِ خوشخو
سدرہ شہ کا ہوا آکے ہر اک عربدہ جو | لاشِ عباس پہ آنے جو نہ دیتے تھے عدو
تشنہ لب شاہ لڑے ہین لبِ دریا کیا کیا

خانۂ آلِ عبا ہو گیا جب سب برباد ۶ | رہگئے اہلِ حرم اور فقط زین عباد
رات دن روتے تھے وہ ظلم و ستم کر کے یاد | منع جو رونے کو کرتا تو یہ کہتے سجاد
کیون نہ روؤن ستم ان آنکھون سے دیکھا کیا کیا

قید سے چھٹ گئے جسدم حرمِ شاہِ امم ۷ | آیا شہر مین لٹا قافلہ با رنج و الم
حال اسوقت کا اس طور سے کرتے ہین رقم | شاہِ دین کے حرم آئے تھے وطن مین جسدم
خاک پر پیٹ کے سر روتی تھی صغرا کیا کیا

ڈھونڈھتی تھی کبھی اکبر کو کبھی اصغر کو ۸ | جان دیتی تھی وہ سر پیٹ کے اپنا رو رو
ماں سے کہتی تھی کہ دادی گئی کچھ تو بولو | اور ایک ایک سے کہتی تھی بتاؤ لوگو
کہہ گئے ہین مجھے مرتے ہوے بابا کیا کیا

ایک مدت نہ ملی جب شہ والا کی خبر | سر جھکا لیتی تھی صغرا کوئی کہتا تھا اگر
کہو کوفہ سے پدر نے تمھین بھیجا کیا کیا

۲۱ سینۂ شاہ پہ سونیکی جو تھی وہ خوگر | ہر گھڑی پوچھتی تھی ماں سے کہان ہین سرور
فرقت شاہ مین ہر دم تھی حزین و مضطر | قید خانہ مین سکینہ کو جو یاد آئے پدر
رات بھر سینہ مین دل ننھا سا تڑپا کیا کیا

۲۲ قتل جب ہو چکے انصار امام خوشخو | ایک بھی باقی نہ تھا شاہ پہ صدقے جو ہو
گرد بھائی کے بہن پھرتی تھی اسدم رو رو | دیکھا مرنے پہ کمر باندھتے جب بابا کو
سر اٹھا تکیہ پہ سجاد نے پٹکا کیا کیا

۲۳ بعد قتل پسر بادشہ عرش نشین | گریہ آل محمد سے لرزتی تھی زمین
بین ہر اک کے جدا گانہ تھے با قلب حزین | بانو کہتی تھی اے اکبر مجھے سمجھاتے نہین
یاد مادر تری باتین کرے بیٹا کیا کیا

۲۴ دمبدم آتی تھی میدان سے یہ خیمے مین خبر | نیزہ قاسم کے لگا کٹ گئے زینب کے پسر
قتل عباس ہوے مر گئے رنمین اکبر | کتنے عابد خبر قتل عزیزان سنکر
اپنی بیماری کا ہونا ہی مداوا کیا کیا

۲۵ بھیجا صغرا نے جو قاصد کی زبانی پیغام | روئے شانا ہوئی اشکون سے تر ریش تمام
بعد ازین آہ بصد صدمہ و رنج و آلام | خط لیے لاش پہ اکبر کے یہ کہتے تھے امام
دیکھو بیٹا تمھین صغرا نے ہی لکھا کیا کیا

شان و شوکت مین تھے شبیر کے یاور ایسے ۲۶ نہین ہو سکتا تھا رستم بھی مقابل جنسے
آکے صف بستہ ہوے سامنے جب لشکر کے دیکھکر فوج حسینی کو عدو کہتے تھے
ساتھ لائے ہین جوان سید والا کیا کیا

سب کو دنیا مین ہی گو خواہش پوشاک نفیس ۲۷ قبر مین دونون ہین یکسان چہ فقیر و چہ رئیس
اُنس مداح وہان کس سے نہ مونس جلیس ساتھ جاتا نہین کچھ جز عمل نیک انیس
اسپہ انسان کو ہی خواہش دنیا کیا کیا

مخمس دیگر بر سلام جناب میر انیس صاحب مرحوم و مغفور

سحر کو مہر مبین شام کو قمر دیکھا ۱ ہر ایک غنچہ ہر اک گل ہر اک ثمر دیکھا
زمین سے تا بہ فلک خوب غور کر دیکھا اُسی کا نور ہر اک شی مین جلوہ گر دیکھا
اُسی کی شان نظر آگئی جدھر دیکھا

تمام عمر بسر کی امام نے رو رو ۲ کبھی نہین ہوے بشاش سید خوشخو
یہان تلک رہے مغموم آپ دیکھو تو بروز عید بھی آیا جو کوئی ملنے کو
غم حسین مین عابد کو نوحہ گر دیکھا

خیال نفع مین دنیا کے عمر کر دی ابتر ۳ ہزار حیف نہ یاد آیا عاقبت کا ضرر
جب اختیار گیا ہاتھ سے ہوئی یہ خبر قریب قبر ہم آئے کہان کہان پھر کر
تمام عمر ہوئی جب تو اپنا گھر دیکھا

ہزارون معجزہ ہین ذات شاہ والا کے ۴ حقیقت شب معراج ایک ہی اُنسے

سحر ہوئی شبِ معراج کی تو لوگون نے		گر دات حال ہین اُس شب کا اِسطرح لکھتے
جمالِ پاک رخِ سید البشر دیکھا		
زبان پہ شکر تھا ہر دم تھی لطف و صل کی یاد	۵	وفورِ نور رخِ پاک پر تھا حد سے زیاد
کہا یہ سب نے غلامون سے کیجیے ارشاد		بیان ہو حالتِ معراج تھی ہر اک کی مراد
جو کچھ حضور نے یا شاہ بحر و بر دیکھا		
جو کچھ کہ دیکھا تھا مولا نے سب کیا تفہیم	۶	صفاتِ جنت و کوثر عذابِ نارِ جحیم
گہر فشان ہوے لعلِ لبِ رسولِ کریم		پس از حکایتِ سدرہ و سیرِ عرشِ عظیم
کہ سب سے رتبۂ حیدر زیادہ تر دیکھا		
یہ عرض کی کہ سنین کچھ تو وصفِ حیدر ہم	۷	یہ سنکے نورِ دو عالم اُٹھے بہ شوقِ اتم
وراے کرسی و عرشِ عظیم و لوح و قلم		کہا نبی نے یہ وصفِ علی ہے کم سے کم
اخی کا نور ہر اک شی مین جلوہ گر دیکھا		
عجیب رتبۂ حیدر وہان نظر آیا	۸	گذر ہوا جو مرا تا حجابِ عرشِ عُلا
ولی ولی کی صدا تھی جہان جہان پہونچا		زمین سے عرش تلک غلغلہ تھا اک برپا
علی علی نظر آئے جدھر جدھر دیکھا		
پڑے ہین خاکپہ وہ مسند و ن کے تھے جو رئیس	۹	فقیر آج ہین کل تھے جو سب مین اُس و ئیس
کسی کی ایک طرح سے بسر ہوئی نہ انیس		بہ آبِ زر لکھو مداح بس یہ شعرِ نفیس
عروجِ مہر بھی دیکھا تو دوپہر دیکھا		

رُوات حال مین اُس شب کا اِسطرح لکھتے — سحر ہوئی شبِ معراج کی تو لوگون نے
جمالِ پاک رخِ سید البشر دیکھا

۵ دو نور نور رخِ پاک پر تھا حد سے زیادہ — زبان پہ شکر تھا ہر دم تھی لطف و صل
بیان ہو حالتِ معراج تھی ہر اک کی مراد — کہا یہ سب نے غلامون سے کیجیے ارشا
جو کچھ حضور نے یا شاہ بحر و بر دیکھا

۶ صفاتِ جنت و کوثر عذابِ نارِ جحیم — جو کچھ کہ دیکھا تھا مولا نے سب کیا تف
پس از حکایتِ سدرہ و سیرِ عرشِ عظیم — گہر فشان ہوے لعلِ لبِ رسول ک
کہ سب سے رتبۂ حیدر زیادہ تر دیکھا

۷ یہ سنکے بو ذر و سلمان اُٹھے بہ شوقِ اتم — یہ عرض کی کہ سنین کچھ تو وصفِ حید
کہا نبی نے یہ وصفِ علی ہے کم سے کم — وراے کرسی و عرشِ عظیم و لوح و ق
اخی کا نور ہر اک شی مین جلوہ گر دیکھا

۸ گذر ہوا جو مرا تا حجابِ عرشِ عُلا — عجیب رتبۂ حیدر وہان نظر آ
زمین سے عرش تلک غلغلہ تھا اک برپا — ولی ولی کی صدا تھی جہان جہان پ
علی علی نظر آئے جدھر جدھر دیکھا

۹ فقیر آج ہین کل تھے جو سب مین اُس و ئیس — پڑے ہین خاکپہ وہ مسند و ن کے تھے جو
بہ آبِ زر لکھو مداح بس یہ شعرِ نفیس — کسی کی ایک طرح سے بسر ہوئی نہ انمی
عروجِ مہر بھی دیکھا تو دوپہر دیکھا

رُوات حال مین اُس شب کا اِسطرح لکھتے — سحر ہوئی شبِ معراج کی تو لوگون نے
جمالِ پاک رخِ سید البشر دیکھا

۵ دو نور نور رخِ پاک پر تھا حد سے زیادہ — زبان پہ شکر تھا ہر دم تھی لطف و صل
بیان ہو حالتِ معراج تھی ہر اک کی مراد — کہا یہ سب نے غلامون سے کیجیے ارشا
جو کچھ حضور نے یا شاہ بحر و بر دیکھا

۶ صفاتِ جنت و کوثر عذابِ نارِ جحیم — جو کچھ کہ دیکھا تھا مولا نے سب کیا تف
پس از حکایتِ سدرہ و سیرِ عرشِ عظیم — گہر فشان ہوے لعلِ لبِ رسول ک
کہ سب سے رتبۂ حیدر زیادہ تر دیکھا

۷ یہ سنکے بو ذر و سلمان اُٹھے بہ شوقِ اتم — یہ عرض کی کہ سنین کچھ تو وصفِ حید
کہا نبی نے یہ وصفِ علی ہے کم سے کم — وراے کرسی و عرشِ عظیم و لوح و ق
اخی کا نور ہر اک شی مین جلوہ گر دیکھا

۸ گذر ہوا جو مرا تا حجابِ عرشِ عُلا — عجیب رتبۂ حیدر وہان نظر آ
زمین سے عرش تلک غلغلہ تھا اک برپا — ولی ولی کی صدا تھی جہان جہان پ
علی علی نظر آئے جدھر جدھر دیکھا

۹ فقیر آج ہین کل تھے جو سب مین اُس و ئیس — پڑے ہین خاکپہ وہ مسند و ن کے تھے جو
بہ آبِ زر لکھو مداح بس یہ شعرِ نفیس — کسی کی ایک طرح سے بسر ہوئی نہ انمی
عروجِ مہر بھی دیکھا تو دوپہر دیکھا

مخمس بر سلام میر انیس صاحب مرحوم و مغفور

نقطہ مدد ہی کا سرور پہ سد باب نہ تھا
اکیلا فاقہ ہی سے وہ فلک جناب نہ تھا
مصیبت اتنی تھی جسکا کوئی حساب نہ تھا
گذر گئے تھے کئی دن کہ گھر مین آب نہ تھا
مگر حسین سے صابر کو اضطراب نہ تھا

۲
سرور چاہیے مشغول شہ کے ماتم مین
تغافل اور تساہل نہ ہو اس غم مین
حشر و ساز بیست کا کیا جو فنا ہی اکدم مین
نمود و بود بشر کیا محیط عالم مین
ہوا کا جب کوئی جھونکا چلا جناب نہ تھا

۳
ارچہ تھا مین گنہگار غرق بحر تعب
نہ کوئی نیک عمل تھا نجات کا نہ سبب
طفیل ولاے وصی شاہ عرب
فشار سے جو بچا مین ہوا زمین کو عجب
ندا یہ قبر نے دی حکم بو تراب نہ تھا

۴
ایک اشک عزا کا وہ مرتبہ ہی عظیم
کہ جسکو جانتا ہی حق و یا رسول کریم
یہ کہنا شا لآ ہی واجب التسلیم
اگر بہشت مین ہوتے نہ کوثر و تسنیم
تو رونے والون کی آنکھونکا پھر جواب نہ تھا

۵
ل آب جو کرتے تھے شاہ عالیجاہ
جو اسمین رمز تھا اس سے تھے آپ ہی آگاہ
فوج شقاوت کجا کجا وہ شاہ
حسین اور طلب آب ای معاذ اللہ
تمام کرتے تھے حجت سوال آب نہ تھا

۶
نی پانی کی سلطان دین پناہ کو جا
تو نہر ان کے خیمہ مین بہتی حق ہی گواہ

یہ رمز قدرت حق ہی کوئی ہو کیا آگاہ | حسین اور طلب آب ای معاذ اللہ
تمام کرتے تھے حجت سوال آب نہ تھا

۷ امام کہتے تھے اعدا سے ای گروہ ضلال | مین کسکا لخت جگر ہون ذرا کرو تو خیال
کہ جسکے لاکھ کمالون سے ایک تھا یہ کمال | جسے نبی نے بلایا ہوا وہ نخل نہال
ثمر اُسے بھی دیے جو کہ بار یاب نہ تھا

۸ کہان تھا حر جری اور کہان امام سعید | نہتم ملک تھا وہ پابند حکم شمر و یزید
یہ کیا تھا بخت رسا کی اگر نہ تھی تائید | حضور شاہ پھر آیا کہان سے حر شہید
خطا کی راہ مین گر جادۂ ثواب نہ تھا

۹ عطا علی کو جو حق سے ہوئی تھی رعنائی | کہان یہ یوسف مصری نے پائی زیبائی
وہ خوب جانتا ہی جسکو کچھ ہی بینائی | علی کے پاے مبارک نے جو ضیا پائی
وہ نور حضرت موسی کو دستیاب نہ تھا

۱۰ ہمیشہ کوئی نہ غالب ہی نہ سدا مغلوب | جو آج مورد تحسین ہی کل ہی وہ معیوب
جو مصلحت ہی خدا کی وہی ہی سب سے خوب | ہر اک کے ساتھ ہی روشن دو طلوع و غروب
سحر کو چاند نہ تھا شب کو آفتاب نہ تھا

۱۱ تمام خلق پہ تھی آب کی فراوانی | مجاز پینے کے تھے سب یہود و نصرانی
ہزار حیف ہاین دعوی مسلمانی | فقط حسین کے بچون پہ بند تھا پانی
بہت قریب تھی وہ نہر قحط آب نہ تھا

ذلیل سمجھو کسی کو نہ حال خواری مین ۱۲ پسند عجز ہی ہر دم جناب باری مین
یہ قول راست ہی مداح انکساری مین انیس عمر بسر کر دو خاکساری مین

کہین نہ یہ کہ غلام ابو تراب نہ تھا

مخمس دیگر بر سلام جناب میر مونس صاحب مرحوم و مغفور

مدینہ لٹ کے بسی کربلا محرم مین ۱ تباہ کشور دین ہو گیا محرم مین
ہوئی حسین پہ کیا کیا جفا محرم مین سلامی خیمۂ سرور جلا محرم مین

چراغ احمد و زہرا بجھا محرم مین

ہوئی وہ شاہ پہ جور و جفا محرم مین ۲ کہ جس سے ہل گیا عرش علا محرم مین
جناب فاطمہ کا سر کھلا محرم مین کرین نہ مجرئی کیونکر بکا محرم مین

گلا حسینؑ کا پیاسا کٹا محرم مین

تمام خلق خدا کو یہ ایک ہی غم ہی ۳ ہی ننگے سر کوئی کوئی بہ چشم پرنم ہی
عزاے شاہ دو عالم محیط عالم ہی ہر ایک تعزیہ خانون مین شور ماتم ہی

قبول ہوتی ہین رونق فزا محرم مین

وہ کون شی ہی نہین جسپہ اس الم کا اثر ۴ تپش ہی مہر کو ہی داغدار جرم قمر
ملک فلک پہ یہ کہتے ہین آہ رو رو کر غم حسین مین جن و بشر ہین خاک بسر

بشر نہین فقط اہل عزا محرم مین

ستم نہ ایسا ہوا تھا کبھی تہ افلاک ۵ جلا کے خیمۂ آل رسول کر دیا خاک

جب اِس الم مین ہو خیر النسا گریبان چاک
محب حسین کے کیون نہ تبر غم سے ہلاک

نشانہ تیر کا اصغر بنا محرم مین

۶ بتول کیون نہون اِس غم مین پریشان رسول
وہ بادشاہِ دو عالم خدا کا وہ مقبول
کہ جسکا ناز اُٹھانا علی کا تھا معمول
علی کا بیٹا محمد کی جان روح بتول

قتیل خنجر بیدین ہوا محرم مین

۷ ہوے جو داخل کرب و بلا امام ہُدا
سوم سے تا بہ نہم تو پیام صلح رہا
مگر یہ لکھا ہی راوی بروز عاشورا
ستم سے باغیون کے گلشن رسول خدا

اُجاڑ ہو گیا پھولا پھلا محرم مین

۸ حرم کے رونے سے گو پڑ گیا جہا مین شور
مگر نہ سنگ دلون سے چلا اسیرون کا زور
عمر اول سے جو رکھتا تھا چشم باطن کور
لعین نے لاش کو رکھا امام کی بیگور

پھرایا نیزہ پہ سر جا بجا محرم مین

۹ ہوے جو وارد کرب و بلا محرم مین
ملی نہ شاہ کو آب و غذا محرم مین
غم حسین مین گردون بلا محرم مین
کرے نہ مجرئی کیونکر بکا محرم مین

گلا حسین کا پیاسا کٹا محرم مین

۱۰ عدو کی فوج جو کوفہ کی سمت راہی تھی
حرم کو پیٹنے اور رونے کی مناہی تھی
زمین کو زلزلہ تھا صورت تباہی تھی
فلک پہ قتل سے شبیر کے سیاہی تھی

حرم کے رونے سے اک حشر تھا محرم مین

حرم کے بعد نہ مقتل مین کوئی تھا اتنا ۸ کہ جو حفاظت لاش امام دین کرتا
لکھا ہی رادی پر غم نے آہ واویلا نگاہ رکھنے کو لاشہ امام عالم کا

لحد سے آتے تھے شیر خدا حرم مین

جو حال قبلہ عالم تھا اُنکے پیش نظر ۹ تمام روز حرم پیٹتے تھے سینہ و سر
غرض وہ کرتے تھے دن زندگی کے یونہین بسر غم حسین تھا کھانے کو یا کہ خون جگر

چھٹی تھی اہل حرم کی غذا محرم مین

ہوے جو شاہ پہ مداح زمین جور و ستم ۱۰ ہی اُسکے لکھنے سے عاجز یقینی اپنا قلم
بجا ہی راست ہی بیشک یہ مقطع پر غم قلم کو تھام لے مونس نہین ہی تاب رقم

ہوئی جو آل نبی پر جفا محرم مین

مخمس دیگر بر سلام جناب میر مونس صاحب مرحوم و مغفور

علی کو ہم خدا کہتے ہین یہ بدخواہ کہتے ہین ۱ وہی کہتے ہین ہم جو کچھ رسول اللہ کہتے ہین
عقیدہ اپنا واثق ہی یہ بے اکراہ کہتے ہین خدا شیر خدا کو خاطی و گمراہ کہتے ہین

علی کو ہم علی اللہ کو اللہ کہتے ہین

خطا پر ہین نصیری جو علی اللہ کہتے ہین ۲ برا کرتے ہین جو کچھ غالی گمراہ کہتے ہین
خدا کہتے نہین ہم نی رسول اللہ کہتے ہین علی کو مومنین شاہون کا شاہنشاہ کہتے ہین

ید اللہ و لسان اللہ و عین اللہ کہتے ہین

علی کی راہ کو عاقل خدا کی راہ کہتے ہین ۳ در حیدر کے خادم ہین گدا و شاہ کہتے ہین

کلیم اپنے کو شہ کا حاجب بے گاہ کہتے ہین ملائک آستانے کو عباد تکاہ کہتے ہین

وہ مولد ہی علی کا جسکو بیت اللہ کہتے ہین

۴ ملائک آتے ہین جب روضۂ پرنور مولا مین وہ بوسیب جنت پاکے قبر شاہ والا مین

یہی کہتے ہین وصف مرقد دلبند زہرا مین گلستان ارم کا یہ بھی ہی اک پھول دنیا مین

کہ جسکو روضۂ شبیر عالیجاہ کہتے ہین

۵ نہین ممکن ہی آنا فہم مین حیدر کے رتبون کا کہ جسکے درک سے عاجز ہی عقل کل بھی سرتاپا

بشر مارے جلالے بار ہا با در نہین آتا خدا کا فعل ہی یہ قتل کرنا اور جلا دینا

نصیری کی خطا ہی گر علی اللہ کہتے ہین

۶ کیا خلاق عالم نے جو پیدا عالم امکان جواب خالق اکبر مین تھے روح الامین حیران

ہدایت سے علی کی انکی یہ مشکل ہوئی آسان معلم تھے علی روح الامین تھے طفل ابجد خوان

یہی پہلا سبق ہی جسکو بسم اللہ کہتے ہین

۷ فضائل شیر حق کے ہین بلاشک حصر سے باہر ملک عاجز ہین یان پھر عقل انسان ہو رسا کیونکر

یہ ادنی سی ہی خاطر انکی پیش خالق اکبر خدا تک نردبان نور پر جاتے ہین جب حیدر

ملک جھک جھک کے بسم اللہ بسم اللہ کہتے ہین

۸ سلوک راہ تسلیم و رضا ہی سخت مشکل تر مگر کس لطف سے طی کر گئے یہ مرحلہ سرور

قیامت تک کہینگے جن و انسان و ملک ملکر جو سالک ہین قدم انکے بھی ڈگجاتے ہین جا دو پر

وہ کڑا سودا ہی یہ جسکو خدا کی راہ کہتے ہین

ملک صبر و رضا کا شاہ پر حیران ہو ہو کر ۹ فلک سے کہتے تھے قربان تیرے سبط پیغمبر
کیا کس لطف سے طے آپ نے یہ مرحلہ سرور جو سالک ہین قدم اُنکے بھی ڈگمگاتے ہین جادہ پر
کڑا سودا ہی وہ جسکو خدا کی راہ کہتے ہین

شجاعت زوج زہرا کی ہی ثابت فتح خیبر سے ۱۰ سخا و زکا بیان روشن ہی سب قرآن داور سے
اطاعت اسکو کہتے ہین کھلا یہ فعل حیدر سے علی کو دے کنوین مین آگ کے حکم پیمبر سے
اسے کہتے ہین دلسوزی اسی کو چاہ کہتے ہین

بلاشک ذات احمد باعث حل مطالب ہی ۱۱ علی بھی مثل احمد غالب ہر کل غالب ہی
نہین پوشیدہ اُسپر ہی جو راہ حق کا طالب ہی حدیث معتمد مصداق یکجان و دو قالب ہی
علی کو لحمک لحمی رسول اللہ کہتے ہین

غم مولا سے ہر دم خنجر غم دل پہ چلتا ہی ۱۲ جفا و جور اعدا دیکھکر کیا خون اُبلتا ہی
جفا جو ہوئین شہ پر فلک اُنسے دہلتا ہی مصیبت سُنکے حیدر کی جگر سینہ مین جلتا ہی
یہ شعلہ آتش دل کا ہی جسکو آہ کہتے ہین

ثنا خوان دیکھتے ہین جب عطائے حیدر صفدر ۱۳ نہین پھولے سماتے ہین خوشی سے جامہ کے اندر
زبان پر آتا ہی مداح جب یہ مقطع انور مقام شکر ہی مونس کہ یہ بینین تری سُنکر
ہر اک مصرعہ پہ خود حیدر جزاک اللہ کہتے ہین

خمسہ بر سلام جناب میر مونس صاحب مرحوم و مغفور

پنجۂ ماتم شہ مین ہی دو پارا دامن ۱ گوہر اشک عزا سے ہی سنوارا دامن

کیون نہو لختِ جگر سے ہمین پیارا دامن
چشمِ پرخون پہ جو رہتا ہی ہمارا دامن
دامنِ گل کی طرح سرخ ہی سارا دامن

۲ جنکو ہی پیروی آلِ عبا دل سے قبول
انکا ہی ورد یہی اور یہی اصل اصول
ہم نہ جنت سے ہین خوش اور نہ دوزخ سے ملول
جسطرف چاہیو لیجائیو ای آلِ رسول
حشر مین ہاتھ ہمارا ہی تمہارا دامن

۳ دل پہ چھائے غمِ سرور کی گھٹا صورتِ ابر
بارشِ اشک ہو آنکھون سے دلا صورتِ ابر
نہ تھمے سلسلۂ اشک ذرا صورتِ ابر
رو غمِ شاہ مین ای چشمِ سدا صورتِ ابر
خشک ہو جا تو پھر تر ہو دوبارا دامن

۴ دیکھا شہ کو جو گرفتارِ بلا زینب نے
رو رو خیمہ مین کیا حشر بپا زینب نے
صبحِ عاشور بصد آہ و بکا زینب نے
دیکھ مقتل کی زمین صاف کہا زینب نے
دشتِ غربت مین نہ چھوڑا مری مان نے بہارا دامن

۵ ابر اور دیدۂ گریان مین ہی یہ ردوبدل
دعوی ہر ایک کو ہی رونے مین ہو نمین افضل
ابر تو برق کی تحریک سے ہی مستعجل
مردمِ چشم کی چشمک ہی مژہ سے ہر پل
باندھ دو ابر کے دامن سے ہمارا دامن

۶ پیاس نے شہ کے دل و دیدہ مین نمناک کیے
آتشِ غم نے جگر مومنون کے خاک کیے
ہاتھ ماتم نے مین اس مرتبہ بیباک کیے
پنجۂ غم اسے چھوڑے گا نہ بے چاک کیے
لاکھ کر جاے گریبان سے کنارا دامن

قابلِ نذرِ خدا اسمین بندھے رہتے ہین	۷	جنکا کوثر ہی صلہ اسمین بندھے رہتے ہین
مجھ سے سن لیجیے کیا اسمین بندھے رہتے ہین		گوہرِ اشکِ عزا اسمین بندھے رہتے ہین
غیرتِ دامنِ دریا ہی ہمارا دامن		
گیسوے سبطِ پیمبر کی یہ خوشبو پھیلی	۸	کاکلِ قاسمِ مضطر کی یہ خوشبو پھیلی
خطِ عباس دلاور کی یہ خوشبو پھیلی		رن مین زلفِ علی اکبر کی یہ خوشبو پھیلی
عنبرین ہوگیا اس دشت کا سارا دامن		
رات دن قبر مین جب حیدر و زہرا رووین	۹	چین سے کنجِ لحد مین نہ پیمبر سووین
باغِ فردوس مین منھ اشکون سے حور و جو دھووین		ہم نہ کیون خاک بسر خاک گریبان ہووین
چاک احمد کا گریبان ہی دوبارا دامن		
خلعتِ خلد پہناتے تھے جسے پیغمبر	۱۰	میوہ جنت کے میسر تھے جسے شام و سحر
حیف عاشور کو محتاجی سے ہو کر مضطر		رو رو شہ کہتے تھے غربت مین موے ہو اصغر
لو کفن کے لیے حاضر ہی ہمارا دامن		
کیا عداوت تھی ستمگارونکو شہزادہ سے	۱۱	پا برہنہ اسے کس سختی سے وہ لیکے گئے
لاکھ تکلیفین تھین ہر گام پہ اور ظلم نئے		جا بجا وادیِ غربت مین یہ کانٹے الجھے
دھجیان ہوگیا سجاد کا سارا دامن		
کون ہی جسکو نہین ماتم فرزندِ رسول	۱۲	آدم و نوح و رسولانِ سلف سب بین بتول
یاد کر تشنگیِ شاہِ غریب و مقتول		باغِ جنت مین جو منھ ڈھانپ کے روتی ہین بتول

منھ پہ تب روتی ہین کہ مریم وسارا دامن

کون وہ شی ہی نہین جسکو غم آل عبا ۱۳ کیسے لاشی اُسے جو دل نہین مغموم ذرا
خشک و تر کوئی بھی خالی نہین غم سے بخدا روئے سر پیٹ کے سب وحش و طیور صحرا

غم سرور مین کیا کوہ نے پارا دامن

ماتم شہ مین سدا آدم و حوا روئے ۱۴ نوح نے نوحہ کیا حضرت موسی روئے
نعرہ شیرون نے کیا آہوے صحرا روئے کچھ فلک ہی نہین شبیر پہ تنہا روئے

خون کے اشکون سے بھرا دشت نے سارا دامن

چشم مداح نے دامن یہ بھگوئے مونس ۱۵ سب ورق زشتی اعمال کے دھوئے مونس
کیا دُر پند ہین یہ تمنے پروئے مونس شہ کی مظلومی پہ دنیا مین جو روئے مونس

بھر گیا دولت عقبی سے ہمارا دامن

مخمس دیگر بر سلام جناب میر نفیس صاحب ادام اللہ بقاہ

پرسش اعمال سے سب ہونگے شستہ قبر مین ۱ خاک کا ہر ذرہ بن جاویگا اخگر قبر مین
جب یہ ثابت ہی کہ خود آتے ہین حیدر قبر مین مجرئی شیعونکو ظلمت کا نہین ڈر قبر مین

ہوگا نور الفت آل پیمبر قبر مین

مقدم شیر خدا سے ہو منور جب لحد ۲ گلشن فردوس سے ہو کم فضا مین کب لحد
مطلع انوار ہی افضال حق سے اب لحد ہون ثنا خوان گل زہرا بسی ہی سب لحد

باغ جنت کی ہوا آتی ہی فر فر قبر مین

حور کا زانو ہی تکیہ نور کا بستر بھی ہی ۳ زیب تن خلعت ہی اور باغ جنا نمین گھر بھی ہی
اک طرف تسنیم ہی اک سمت کو کوثر بھی ہی فضل حق سے روشنی باہر بھی ہی اندر بھی ہی
شمع تربت پر چراغ حب حیدر قبر مین

لیتے ہین اپنے غلامونکی خبر ہر وقت شاہ ۴ کہتے ہین بندہ نوازی اسکو خالق ہی گواہ
قبر مین مداح کی آئے جو شاہ دین پناہ پرسش اعمال کیسی ڈھنپ گئے سارے گناہ
بنگئی خاک شفا رحمت کی چادر قبر مین

جبکہ دنیا مین رہے باقی نہ خیر المرسلین ۵ دل لگانا ہی عبث ہلوگون کا یان بالیقین
مال دنیا گو ہوا حاصل تو کچھ حاصل نہین چشم عبرت کا اشارہ ہی یہ دفتر واپسین
دیکھو خالی ہاتھ جاتا ہی سکندر قبر مین

ایک دن مسکن تھا جنکا خیمہ گردون اساس ۶ آج وہ زیر زمین تنہا ہین بے رخت و لباس
منطسونکو رنج ہی بیسود ناحق ہین اداس مال و دولت ساتھ اسکے ہی نہ کشکول اسکے پاس
دیکھ لو یکسان ہین درویش و تونگر قبر مین

کام آوینگے نہ یہ دن اخون کے بعد مرگ ۷ تلخ ہووینگے مزے سب نعمتون کے بعد مرگ
نیست ہووینگے تعلق نسبتون کے بعد مرگ قطع ہو جائینگے رشتے الفتون کے بعد مرگ
ساتھ جائیگا نہ بیٹا نہ برادر قبر مین

اقربا کی اور عزیزونکی یہ الفت پھر کہان ۸ واسطے ہیسون کے نفعون کے نہ کر اپنا زیان
جو تجھے کرنا ہو کرلے واسطے اپنے یہان نفع بخشیگی نہ پھر دولت نہ اسباب جہان

کام آدیگی نہ یہ پوشاک پرزر قبر مین

فرش زرین گاؤ تکیے مخمل و سنجاب کے ۹ ساری یہ آسایش دنیا ہی دو دن کے لیے
دیکھنے کو اور دکھانیکو ہین سارے چو چلے فرش قائم یہ جو سوتے تھے سو اُنکے واسطے

جامۂ اصلی ہی اور مٹی کا بستر قبر مین

یا کوئی بادشاہ ہفت کشور ہو و یا محتاج ہو ۱۰ بعد مرنیکے ہی حالت ایک سب کی سوچ لو
غور سے سمجھو ذرا اور چشم بینا وا کرو حال حشمت آئنہ ہی دیکھ لو اہی غافلو

لیگیا کیا مال دنیا سے سکندر قبر مین

تجہیز سے عابد کو چھوڑا جسگھڑی جلا دنے ۱۱ کربلا مین آنکر تب عابد نا شاد نے
دفن سب لاشہ کیے اُس خانمان برباد نے احمد مرسل کو دیکھا ننگے سر سجاد نے

جب اُتاری لاش نور چشم حیدر قبر مین

روتے تھے اہلحرم مرقد کے اوپر زار زار ۱۲ بین کرتی تھی غضب سے زینب سینہ فگار
رونے سے کلثوم کے تھی اک قیامت آشکار کہتی تھی زہرا تمھاری بیکسی کے مان نثار

دفن بعد از اربعین ہووے ہو دلبر قبر مین

مرجع عالم تھے اے مداح جو شاہ و رئیس ۱۳ آج وہ مرقد مین ہین بے یار و یاور بے انیس
نہ تو بیٹا اور نہ بھائی نہ رفیق اور نہ جلیس پوچھنے آیا نہ کوئی دفن کے بعد اے نفیس

ہی غضب کس سے کہین گذری جو ہمبر قبر مین

مخمس بر سلام سید غلام حسین صاحب مرحوم المتخلص بہ مشہدی ساکن قصبۂ سونی پتی ضلع دہلی

اُسکو مجرا قید تھی جو مریم ثانی دریغ
اُسکو مجرا مرتبت جسکی نہ کچھ جانی دریغ
تجھ نبی زادے سے امت نے کیا پانی دریغ

۱
اُسکو مجرا جسنے خاکِ کربلا چھانی دریغ
اُسکو مجرا روئی جو کہکر مرے جانی دریغ

پیاس سے بے شیر نے خیمہ مین جب پایا نہ چین
تیر سے مارا گیا بچہ تو با صد شور و شین
تو نہایا خون مین میرے یوسف ثانی دریغ

۲
ہو کے مضطر زمین لایا فاطمہ کا نور عین
ہائے اصغر کیسکے بانو اِسطرح کرتی تھی بین

تو چنی تھی پیٹ کر ہر دم وہ اپنے سر کے بال
مرگ نے جینے دیا ہی نہ تمکو ایک سال
بُرجھنے بھی پائی نہ منت جو تری مانی دریغ

۳
کتنی تھی کرنے لگے بھی پائے کچھ نہ جانی قیل و قال
چل بسا چھوٹے سے سن مین ہائے اصغر میرے لعل

مونسو کوئی بھی ہی جو تین دن پیاسا رہے
ظلم تو ایسے نہونگے اور نہ ہین ابتک ہوے
سُنکے کتنے تھے یہودی اور نصرانی دریغ

۴
کِسکے لخت دل ہوے ہین اِسطرح خنجر تلے
آلِ احمد سے کیا جو کلمہ گو یون نے اُسے

جیف اعدا نے نہ کچھ پاس ادب ہرگز کیا
رحم کھاتا اک طرف افسوس ہی وہ بیحیا
یون مٹائے دفعۃً آیات قرآنی دریغ

۵
سبط احمد کو نہ اک قطرہ تلک پانی دیا
شرم کلمے کی نہ لائے اپنی خاطر مین ذرا

سینہ تھا جسکا مجمعِ مخزنِ نورِ خدا ۶ جو کہ تھا آغوش مین ختمِ رسالت کے پلا
رات دن رہتی تھی جسپر فاطمہ زہرا فدا جسکی چھاتی کو نہ چھاتی سے نبی کرتے جدا
اُسکی وہ چھاتی کماندارون نے یون چھانی دریغ

تھا جو ہمشکلِ نبی فرزندِ سبطِ مصطفےٰ ۷ لیکے رخصت باپ سے میدان مین جسدم گیا
ہائے بیدینون نے اُسکو اِسقدر زخمی کیا شکلِ اکبر کی نہ تھی شکلِ نبی سے جو جدا
زخم سے تینون کے جاتی تھی نہ پہچانی دریغ

ظلم سر دور پر کیے کفار نے حد سے بعید ۸ کچھ نہ پاس احمد کا لائے دھیان مین اپنے پلید
حکمِ خالق سے پھرے سب تابعِ حکمِ یزید امتِ بیدین نے اکبر کو جو کر ڈالا شہید
شکل مین اپنے نبی کے جانکر ثانی دریغ

جب بہت زخمی ہوے میدان مین شاہِ مشرقین ۹ غش مین گھوڑے سے گرا وہ فاطمہ کا نورِ عین
سر ہوا جسدم جدا شہ کا تو باصد شور و شین کربلا کے بن مین زہرا رو کے کرتی تھی یہ بین
ہو گئی اِس بن مین میری خانہ ویرانی دریغ

ای فلک تبلا تو مجھکو اِس سے تجھکو کیا ملا ۱۰ خانۂ آلِ عبا ویران جو تو نے کر دیا
تو ہی کر انصاف اپنے دل مین بیجرم و خطا یون نواسے کا نبی کے ہو سرِ تن سے جدا
شام جا وین آلِ احمد ہو کے زندانی دریغ

مومنو لازم ہی تمکو رونا اِس غم مین بہم ۱۱ باغبون نے کاٹ ڈالا باغِ احمد یک قلم
حشر تک کسطرح بھولینگے بھلا اِس غم کو ہم بیٹیان ہون فاطمہ کی اور اسیری ہی ستم

شبیر کا پوتا خدا کے اور شتر بانی دریغ

جب گرا گھوڑے سے رن مین فاطمہ کا لاڈلا ۱۲ آکے شمر بیحیا سینے پہ سرور کے چڑھا
کاٹ ڈالا خنجر بیداد سے شہ کا گلا قتل گہ مین رو رو زینب کہتی تھی بھائی مرا

خاک پر سوتا ہی فخرِ آلِ عمرانی دریغ

خانۂ ایمان جو سفا کون نے ویران کر دیا ۱۳ پہونچا مقتل مین حرم کا قید ہو کر قافلا
لکھتا ہی یون راوی پُر غم بصد آہ و بکا دیکھکر بابا کا لاشہ خاک اور خون مین بھرا

روئے زین العابدین جون ابرِ نیسانی دریغ

دیکھکر میدان مین تنہا دین کے سلطان کو ۱۴ مارتے تھے تیر اعدا فاطمہ کی جان کو
کیا لکھون مداح مین جلادون کے طوفان کو مشہدی یہ کیا ستم ہی قبلۂ ایمان کو

یون گرا دیوے ستم کی موج عمانی دریغ

مخمس بر سلام جناب مولوی اولاد حسن صاحب سلیم امروہوی

سوز مین کسکے ہی جلتا مثل مجمر آفتاب ۱ رہتا ہی کسکے الم مین خاک بر سر آفتاب
سوگ مین کس شہ کے گہناتا ہی اکثر آفتاب مجرئی ہی کس قمر کے غم مین مضطر آفتاب

کسکے ماتم مین نکلتا ہی کھلے سر آفتاب

گرچہ مشہور زمان ہی فیض گستر آفتاب ۲ گو کہ ہو فرمان روائے ہفت کشور آفتاب
ہی گدائے شاہ سے وا لہ کمتر آفتاب دست فیض شاہ کو پہونچیگا کیونکر آفتاب

ہاتھ پھیلائے تو خود پھرتا ہی گھر گھر آفتاب

ہو گیا جب سے غروب آفتاب داد و دین ۳ عالم الامکان ہی تاریک و تیرہ بالیقین
جستجو مین گو کہ سرگردان ہین سب اہلِ زمین عکسِ رویِ ماہِ زہرا کا پتا ملتا نہین
ڈھونڈھتا پھرتا ہے شب بھر ماہ و دن بھر آفتاب

رہزن دنیا نے پھیلائے ہین ایسے دام کید ۴ ہین پھنسے جسمین کہ اس عالم کے سارے عمر و زید
سوچ تو ہی کونسا دنیا مین اب وقت امید لو جوانی مین چمک دکھلا گئے موئے سفید
رات بھی گذری نہ تھی آیا جو سر پر آفتاب

یا دورانِ شاہِ کاشانی کبھی ممکن نہین ۵ سامنے جنکے خجل ہی حسن مین مہر مبین
سن لین گوشِ دل سے میرے قول کو سب مومنین پھر نہ دیکھیگا کبھی انصار شہ سے منہ چنین
کھائے گر برسون اسی صورت سے چکر آفتاب

فکر یہ رہتی تھی مجھکو ہر گھڑی اے کارساز ۶ استقامت کیون نہین کرتا ہی مہر سرفراز
بعد مدت کے مگر ظاہر ہوا ہم پر یہ راز ہی جو راہِ عشقِ حیدر کا سفر دور و دراز
ایکبار رکھتا نہین منزل مین بستر آفتاب

ہی مغبر ایسی کاکل شاہِ عالی جاہ کی ۷ گر کہین مشکِ ختن یہ بات ہی اکراہ کی
دیکھو تو تاثیر فیضِ اس فاطمہ کے ماہ کی دھوپ مین ہو نچین جو لٹین بوئے زلفِ شاہ کی
ہو گیا کچھ تاب سی کھا کر معطر آفتاب

سنگ ریزہ ہاتھ مین احمد کے تو گویا ہوا ۸ مہر مغرب سے پے حیدر سوئے مشرق پھرا
بات کی خورشید نے مشہور ہی یہ معجزہ واہ رے فیضِ بیان مذکور ذرون کا تو کیا

ہو گیا تعلیم حیدر سے سخنور آفتاب

حسن مین یکتا ہین انصارِ امام نیک خو ۹ ماہ کامل بھی ہی ناقص دیکھو جنکے روبرو
مثل اُنکا دورِ گردون نے نہین دیکھا کبھو دیکھے ہین فوجِ خدا مین جو کئی آئینہ رو

اب ملک حیرت مین ہی مثلِ سکندر آفتاب

ناز اُٹھاتا تھا خدا یہ سید دلگیر کے ۱۰ مہد جنبان تھے ملک اُس کشتۂ شمشیر کے
مرتبے ہین کیسے عالی شاہ باتوقیر کے دونون خادم ہین رواقِ روضۂ شبیر کے

رات بھر حاضر ہی در پر ماہ دن بھر آفتاب

آل کے پیرو ہین اِس عالم مین جو ارباب دین ۱۱ غیر کے پیرو نہین ہو سکتے ہین وہ بالیقین
ہی مسلم چشم وا کر دیکھ لین سب مومنین ہین جو عالی منزلت بیجا کبھی پھرتے نہین

اپنے جادہ سے کہین جاتا ہی باہر آفتاب

مومنونکو جسقدر ہی خانۂ داور کا شوق ۱۲ اُس سے افزون ہی ضریح خواجۂ قنبر کا شوق
بڑھگیا پر سب سے بیشک خسروِ خاور کا شوق اِسقدر ہی دیدۂ روضۂ حیدر کا شوق

جاتا ہی اک دن مین طے کر کے سمندر آفتاب

نیک ہی گر ایک تو ہین سیکڑون ہی بدمزاج ۱۳ پوچھے عاجز کو ہین کب صاحبان تخت و تاج
ہو گیا ہی انقلابِ وضع کا ایسا رواج دل تھے جن روشن دلون کے نرم کل ہین سخت آج

کیا عجب گر اِن دنون ہو جائے پتھر آفتاب

جانتا رتبے حرم کے آپ رب الناس ہی ۱۴ سب سے افضل ہین نبی یہ امر ہی سو اس ہی

عزت و حرمت کی انکے بس یہی بنیاس ہی | پردہ آل محمد کا یہانتک پاس ہی
شرم سے پھیرے ہی منھ بام فلک پر آفتاب

اہلبیت مصطفے پر کیا ہجوم یاس ہی | ۱۵ | سر کھلا بلوہ مین ہی اک مجمع نشناس ہی
حب آل پاک لیکن جسکو ہو سو اس ہی | پردہ آل محمد کا یہانتک پاس ہی
شرم سے پھیرے ہی منھ بام فلک پر آفتاب

حسن رخسار علی اکبر کے دیکھو مرتبے | ۱۶ | آتے تھے اہل عرب ہر دم زیارت کے لیے
بڑھگئے یہ دیکھکر خورشید کے بھی ولولے | شوق مین ملبوس ہمشکل نبی کی دید کے
ہر سحر جامہ سے ہو جاتا ہی باہر آفتاب

برج عفت کے تھے تارے آہ جس کاشانے مین | ۱۷ | تھے دل زہرا کے پارے آہ جس کاشانے مین
رہتے تھے ہادی ہمارے آہ جس کاشانے مین | حق نے تارے تھے اتارے آہ جس کاشانے مین
دیکھتا ہی چشم حسرت بھر کے وہ گھر آفتاب

ہی زبس وہ مدفن جان و دل خیر الورا | ۱۸ | کعبہ سے بڑھتا نہ کیونکر ماریہ کا مرتبہ
تیری ہی برکت ہی یہ مولا من روحی فدا | عرش سے آتی ہی دشت کربلا کو یہ ندا
واہ رے طالع کہ ہین تجھ مین بہتر آفتاب

رونیکے قابل ہی حال بادشاہ بیوطن | ۱۹ | لاشے تھے جنگل مین بیدفن و کفن عریان بدن
دفن کرتا کون ان بیکسون پر کہ ہی خورشید زہر | تھا اگر دون پر کفن خون کا پہنکر آفتاب

مہر کے مانند روشن سب پہ ہی یہ ماجرا ۲۰ تھا برس چوتھا ہوئے صایم امام دوسرا
لکھتا ہی راوی ابھی وقت زوال آیا نہ تھا واہ ری دہشت جو روزہ شہ نے طفلی مین رکھا
گر پڑا مغرب کے منہ پر کھا کے ٹھوکر آفتاب

تابع ارشاد تھے جس شاہ کے جن و ملک ۲۱ حیف ہی دسوین کو وہ تنہا تھا زمین یان تلک
تھا نہ اک یاور بھی باقی کربتا جوشہ کی کمک شاہ فرماتے تھے اب لاؤن کہان سے اہی فلک
چھپ گئے کیا کیا زمین مین مجھسے چھٹکر آفتاب

آل احمد پر ہوے دنیا مین جو جور و ستم ۲۲ حشر تک لکھین تو اک شمہ نہ ہو ہرگز رقم
مومنو سر پیٹنے کو حادثہ یہ کیا ہی کم شام مین ایذا اٹھاتے تھے عجب اہل حرم
رات بھر شبنم تھی سر پر اور دن بھر آفتاب

ملگیا ممدوح جو قسام جنات النعیم ۲۳ رحمت حق ہی یہ اہی مداح اور فضل کریم
گوش ذاکرین یہ مژدہ روز دیتی ہی نسیم نور کی بیتین لکھی ہین واہ تو نے اہی سلیم
اس بیان کی داد دیگا روز اٹھکر آفتاب

تخمس دیگر بر سلام جناب مولوی ولاد حسن صاحب امروہوی

استخوان ہین تپش دل سے پگھلنے کے لیے ۱ شاخ مژگان ہین بنی اشکون سے پھلنے کے لیے
ہاتھ ہین خاک عزا چہرے پہ ملنے کے لیے دل ہی جبتک غم شبیر مین جلنے کے لیے
آہ بھی سینہ مین ہر دم ہی نکلنے کے لیے

مدح شبیر کہان اور کہان میری زبان ۲ جسکے اوصاف مین لاریب ہی ناطق قرآن

ہی یہ سب صدقہ اولادِ رسولِ دوجہان | مدح شہ مین ہی فصاحت سے بلاغت سے رواں
کیا زبان نے بھی قدم پائے ہین چلنے کے لیے

۳ سب کا جب سوئے عدم یان سے مقرر ہی سفر | فکر اسباب جہان کی ہی عبث شام و سحر
خوب آگاہ ہی اِس رمز سے ہر فرد بشر | واں سے جب ہوگی طلب تھم نہ سکینگے دم بھر
اجل انسان کی آتی نہین ٹلنے کے لیے

۴ جو کہ ہین صاحبِ جوہر متوکل ہین مدام | جہان پیدا ہوئے تا زیست رہا وہ ہی مقام
میرے اِس دعوی مین اللہ نہین جائے کلام | اپنی جا پر ہین قایم انھین کیا پھرنے سے کام
مُنھ سے نکلی ہی زبان بھی کبھی چلنے کے لیے

۵ راکب دوشِ نبی جسکا ہو راکب بہ خدا | ہوئے جو اسپ بُراق نبوی کا سایا
خود سمجھ لینگے جو رکھنے ہین ذرا فکر رسا | فرس شہ کا قدم پائیگی کیا باد صبا
اور ہی راہ نکالے کوئی چلنے کے لیے

۶ گوشہ نشین ہو چکین کیا کیا نہ زمانہ مین آہ | تا کہ مُبہا ہے عزاداری شاہِ ذیجاہ
مین یہ کہتا ہون کہ تا روزِ قیامت واللہ | جوش گریہ نہ رکیگا نہ بیان غم شاہ
اشک آنکھون نہ زبان مُنھ مین ہی چلنے کے لیے

۷ سمت کوفہ جو گئے گھر سے شہ ہر دوسرا | رات دن روتی تھین فرقت مین جناب صغرا
سوکھ کر گل سا بدن ہو گیا تھا کانٹا سا | فرقتِ شاہ مین دل جل چکا تھا صغرا کا
شمع سان اک تن لاغر تھا پگھلنے کے لیے

کام آئے جو عزیزانِ شہ نیک اساس ۸ رہگئے اکبر و عباس فقط شاہ کے پاس
شہ نے رخصت کیا بھائی کو جو باحسرت و یاس دوش پر بیرقِ علم رکھکے یہ بولے عباس

سایہ طوبیٰ کا ہے فردوس کے چلنے کے لیے

جب گرے گھوڑ سے غش کھا کے شہ عرش نشین ۹ دیر تک جسم رہا تیروں پہ بالائے زین
لکھا ہے راوی پرغم یہی باقلبِ حزین اسقدر زخم تھے تن پر کہ دمِ بازپسین

پہلو ملتا تھا نہ سرور کو بدلنے کے لیے

فوج جب ہو گئی سید انمین شہنشاہِ امم ۱۰ اہلبیت نبوی پر ہوئے لاکھون ہی ستم
ایک یہ انمین سے کیا روئیگا ہے مونس و غم بعد شہ کھائے سکینہ نے طمانچے پیہم

ئی دعوت تھی یہ بچی کے بہلنے کے لیے

ٹکڑے کرتے ہی جگر صارم ماتم کی برش ۱۱ سونے دیتی نہین خارِ غمِ سرور کی خلش
کوئی باقی نہین اس غم سے جو ہین پاک منش یاد آئی جو خرام علی اکبر کی روش

خانہ دل مین اُٹھا درد سہلنے کے لیے

روز عاشور تھا دن عید کا سب کو مرغوب ۱۲ کر دیا دورِ زمانہ نے عزا سے مقلوب
کسطرح صاحبِ انصاف کہین اب آئے خوب آفتاب فلکِ دین نے کیا جسمین غروب

دن چڑھا تھا وہ عجب یاس سے ڈھلنے کے لیے

صدمے کیا کیا نہ شہ ہر دو سرا پر گذرے ۱۳ بھائی مارے گئے اور بچھڑ گئے گودون کے پلے
وجہ یہ گریۂ اطفال کی سوجھی ہے مجھے اشک آنکھون سے اغم اصغر مین نکل آئینگے

شور یہ طفل مچانے مین مچلنے کے لیے

۱۴ فوج جب ہو گیا فرزند شہ عقدہ کشا — ہائے کہرام تھا اک اہل حرم مین برپا
پر قیامت ہوئی اُسوقت عجب واویلا — گر پڑین خاکپہ زینب جو کسی نے یہ کہا

فوج اب جاتی ہی لاشونکے کچلنے کے لیے

۱۵ سفر شام سے جسوقت پھرے آل عبا — دفن اُسوقت ہوئین لاش شہیدان بلا
نوحہ زینب نے مزار شہ بیکس پہ پڑھا — قبر اصغر پہ جگر تھام کے ماں نے یہ کہا

آئے تھے گود مین تم دل مرا ملنے کے لیے

۱۶ عشرۂ ماہ محرم بھی ہوا جب پورا — اور گھر کو نہ پھرا فاطمہ کا ماہ لقا
تنگ آکر غم دوری سے بصد آہ و بکا — دم گھٹا ہجر پدر مین تو یہ صغرا نے کہا

تن مین اب روح پھڑکتی ہی نکلنے کے لیے

۱۷ جاتے تھے کوفہ کو جسوقت شہ جن و بشر — مجھ سے فرمایا تھا بابا نے یہی مڑ مڑ کر
لینے آئینگے یہان کوفہ سے تم کو اکبر — کیا خبر تھی کہ نہ پاس اپنے بلائینگے پدر

مین رہونگی کف افسوس ہی ملنے کے لیے

۱۸ غم اولاد ہی انسان کے لیے عین غضب — سہل پر اسکو سمجھتے ہین جو ہین خاصۂ رب
واہ کیا صبر ہی شششدر ہین جسے دیکھ کے سب — دیے دو لعل رہ حق مین تو بولین زینب

کوئی ارمان نہین اب دلمین نکلنے کے لیے

۱۹ دور مداح ہی گو روضۂ سلطان کریم — شہ کے نزدیک مگر کچھ نہین یہ کار عظیم

وہ بُلا ئین تو پہونچتے ہین ابھی مثلِ نسیم | | دن وہ آتے ہین کہ جانا ہی طلب ہو کے سلیم

مستعد رہ در شبیر پہ چلنے کے لیے

مخمس بر سلام جناب ڈاکٹر سید ضامن علی صاحب

فریح شہ انس وجان دیکھتے ہین | ۱ | ملک اِس جگہ پاسبان دیکھتے ہین
کہان پر ہین ہم اور کہان دیکھتے ہین | | درِ شہ سے باغِ جنان دیکھتے ہین

سلامی ہم اپنا مکان دیکھتے ہین

مری نظم جو قدر دان دیکھتے ہین | ۲ | ہر اک صنع اُسمین نہان دیکھتے ہین
ندا ق اپنا اپنا عیان دیکھتے ہین | | سخن سنج طرزِ بیان دیکھتے ہین

فصاحت کو اہلِ زبان دیکھتے ہین

کہا ہند نے رو کے عابد سے جسدم | ۳ | ہی کیا شغل زندان مین یکتائے عالم
بس از شکر بولے یہ سجاد پرغم | | تحیر سے بینائے گردون مین ہر دم

تماشائے رنگِ جہان دیکھتے ہین

سُنا اور نہ دیکھا ہی ہم نے کہین فرق | ۴ | نہین کرتے اِسمین کبھی اہلِ دین فرق
عبث ہی کرین اِسمین گر نکتہ چین فرق | | احد اور احمد مین کچھ بھی نہین فرق

بس اک میم ہم درمیان دیکھتے ہین

ہی فرمودۂ خاص محبوبِ داور | ۵ | ولی خدا شیرِ حق ہی مقرر
نبوت ولایت کا ہو ذکر مل کر | | یہ رتبہ علی کا ہی اللہ اکبر

کہ نام اُنکا رکن اذان دیکھتے ہین

پسر تھا جو شہ کا شبیہ مہیب ۹ وہی زلف مشکین وہی روے انور
نظر پڑتا تھا جب وہ بانو کا دلبر جوانی اکبر پہ کہتے تھے سرور

بہار چمن پر خندان دیکھتے ہین

حرم کو جو کوفہ مین لے آئے بدخو ۱۰ کھلا سر تھا چہرون پہ بکھرے تھے گیسو
مجون کے ورد زبان تھا یہ ہر سو رسن اور صد حیف زینب کے بازو

عجب انقلاب زمان دیکھتے ہین

کیا صلح کا باب جب بند شہ پر ۸ق یہ سُنکر ہوا حُر نہایت ہی شششدر
ہوا مستعد جانے کو وہ دلاور پکارا عمر حُر کو آمادہ پاکر

سبب کیا تجھے بدگمان دیکھتے ہین

خبر دی ہی مجھکو یہ اک صلح جو نے ۹ نہ پایا جو پانی شہ نیک خو نے
کیا جوش اس درجہ تیرے لہو نے کیا ترک آب و غذا شب سے تو نے

نئی باتین ای مہربان دیکھتے ہین

نہ تھی یون بگڑنے کی ہرگز تری خو ۱۰ تو اک مرد عاقل ہی غافل نہین تو
مگر آج دل پر نہین تیرا قابو سر اسیمہ پھرتا ہی غصہ مین ہر سو

تردد مین گریہ کناں دیکھتے ہین

جو محتاج خود ہین وہ دینگے تجھے کیا ۱۱ یہ ہی تیسرا فاقہ شہ پر گذرتا

ترے طور کیون بگڑے ہین سچ تو بتلا | درستی سخن کی ہی چتون سے پیدا
یہ بد باطنی سب عیان دیکھتے ہین

۱۲ تو آتا تھا ہر روز اُٹھکر سویرے | پے عرض حالات نزدیک میرے
یہ ہی کونسا جن جو ہی تجھکو گھیرے | تحیر ہی آنکھون پہ سرخی کا تیرے
کہ نرگس کو ہم ارغوان دیکھتے ہین

۱۳ تجھے صاف باطن ہر اک تھا سمجھتا | تری سمت سے تھا کسی کو نہ کھٹکا
ہین سچ کہتا ہون شک نہین اسمین حاشا | نہین اب ہی مرآت دل صاف تیرا
کدورت کا اسمین نشان دیکھتے ہین

۱۴ لڑون شہ سے بیشک یہ قدرت ہی مجھکو | نہین تجھ سے الحق کدورت ہی مجھکو
اعانت کی تجھ سے ضرورت ہی مجھکو | ترے پردۂ دل مین حیرت ہی مجھکو
محبت کسی کی نہان دیکھتے ہین

۱۵ مرا کہنا دل سے بھلانا نہ ہرگز | کہ لو شمع دین سے لگانا نہ ہرگز
مجھے چھوڑ کر دیکھ جانا نہ ہرگز | خیال ابن جسد رکھا لانا نہ ہرگز
کہ اسمین سراسر زیان دیکھتے ہین

۱۶ نہ چین اور نہ آرام و راحت ہی اُنکو | ہر اک روز روز قیامت ہی اُن کو
ہماری خوشامد کی حاجت ہی اُنکو | میسر کہان خوان نعمت ہی اُنکو
جنھین سائل آب و نان دیکھتے ہین

نہ حق نمک کر فراموش ظالم	۱۷	نہ ہو حب عقبیٰ سے مدہوش ظالم
ذرا یاد کر وعدۂ دوش ظالم		یہ سُنکر کہا حر نے خاموش ظالم
عجب تیرا طرزِ بیان دیکھتے ہین		
ہی ابن علی مالک حوض کوثر	۱۸	وہ چاہے تو برباد ہو تیرا لشکر
تری اِس سمجھ پر پڑین لاکھ پتھر		کہا تو نے محتاج کس کو ستمگر
ٹھہر جا ابھی بد زبان دیکھتے ہین		
ذرا سوچ تو دل مین اے بانیِ شر	۱۹	زمانہ مین ہی کون سرور کا ہمسر
تو کیسا اور کیا تیرا حاکم ستمگر		شناسائے قدر حسین ابن حیدر
فقط رب اعلیٰ کو ہان دیکھتے ہین		
نہین جانتا کیا تو سرور کا رتبہ	۲۰	علی کا پسر ہی نبی کا نواسا
نہین حرہون مین آج وہ جو کہ کل تھا		نہین تجھکو معلوم فدیہ ہون کسکا
ادب سے جسے انس و جان دیکھتے ہین		
ارے ہی درِ خاک شہ کا یہ رتبا	۲۱	ملک جبہہ سا جس پہ ہر دم ہین حقا
مین سچ کہتا ہون سُن او ظلم آرا		فضیلت مین دامن اِس سے زیادا
نہین دوسرا آستان دیکھتے ہین		
صحابی جسے رتبے سلمان ذیشان	۲۲	تھی پست اُنکے رتبون سے شان سلیمان
یقین جان کہنے کو میرے بدایمان		ازل سے ہین جبریل اِس در کے دربان

اِسی در کو باب امان دیکھتے ہین

تری جاہ و حشمت یہ دونون فنا ہین ۲۳ یہان کے جو رتبے ہین سب دبر پا ہین
سمجھتے ہین وہ نجت جنکے رسا ہین یہان قدر سیان فلک جبہہ سا ہین

ملایک کو ہم پاسبان دیکھتے ہین

ملایک تجھے کرتے ہین سارے نفرین ۲۴ وصی نبی کہتے ہین مجھکو تحسین
کہان ہین کہان سوچ یہ جاہ و تمکین مری راہ جنت ہین او دشمن دین

رسول زمان ہر زمان دیکھتے ہین

گوارا ہی گر پیاس سے جان بلب ہون ۲۵ مگر سر پہ سید کا نونگا نہ ہین خون
نہ مغرور ہو جاہ پر اپنے ای دون اگر ساتھ تیرے ہین نو لاکھ ملعون

کھڑے مجھکو حیدر یہان دیکھتے ہین

تو دیکھے اگر چشم انصاف وا ہی ۲۶ مرا رتبہ کیا اور تری قدر کیا ہی
مری راہ رضوان کھڑا دیکھتا ہی ترے واسطے باب دوزخ کھلا ہی

ہم آنکھون سے باغ جنان دیکھتے ہین

کرے قہر نازل خداوند اکبر ۲۷ تری فوج پر اور تجھ پر ستمگر
غضب کی جگہہ ہی گرے چرخ پھٹ کر اُدھر قحط پانی کا سبط نبی پر

اِدھر حیف آبِ روان دیکھتے ہین

ہی حالت بُری شہ کے بچون کی ایسی ۲۸ دکھاتے ہین ہر دم زبان اپنی سوکھی

مصیبت ہی شبیر پر کیسی کیسی
عطش دیکھتے ہین جو ہم شاہ دین کی
تو رو کر سوے آسمان دیکھتے ہین

۲۹ ہی دو روز سے پیاسا احمد کا جانی
مزید اسپہ بچون کی تشنہ دہانی
نہین رحم کچھ تجھکو شیطان ثانی
خجالت سے پیتے نہین آہ پانی
کہ محسن کو تشنہ دہان دیکھتے ہین

۳۰ ہی غش مین جو بیہوش بانو کا دلبر
حرم روتے ہین پیٹ کر ہر گھڑی سر
عجب حشر برپا ہی خیمہ کے اندر
لیے گود مین آہ اصغر کو سرور
کبھی سوکھے لب گہ زبان دیکھتے ہین

۳۱ نظر کرتی ہی بانو ہر دم بہ حسرت
ہی نوحہ سے بہنون کے برپا قیامت
کہون کیا جو شہ کی ہی اسوقت حالت
تشنج جو پاتے ہین اعضا مین حضرت
تو جھک جھک کے سب انکلیان دیکھتے ہین

۳۲ ڈھلا منکا ہی نبض چلتی ہی کم کم
کھڑی چپ ہی سکتے مین بانوے پرغم
امام امم کا ہی اسدم یہ عالم
اشارا جو کرتا ہی پانی کا ہر دم
فلک کو شہ انس وجان دیکھتے ہین

۳۳ گرا جب شبیہ رسول مکرم
ندا باپ کو دی جہان سے چلے ہم
گئے شاہ مقتل مین با دیدۂ نم
کھڑے لاش اکبر پہ سرور بصد غم
کبھی زخم دل گہ سنان دیکھتے ہین

ہی مداح قسمت کہان اپنی ایسی ۳۴ کہ مدفن مرا ہو زمین کربلا کی
لی خاک ہندوستان مین نہ مٹی زمین لحد کی نجس ہی لہو ہی

سکونت کا اپنے مکان دیکھتے ہین

مخمس دیگر بر سلام جناب ڈاکٹر سید ضامن علی صاحب

ترک کرنا خواہش دنیا کا کیا ممکن نہ تھا ۱ مثل حر کیا شاہ پر ہونا فدا ممکن نہ تھا
دوپہر کیا رہنا بے آب و غذا ممکن نہ تھا مجرئی کیا شمر کو خوفِ خدا ممکن نہ تھا

رحم کرنا شاہ پر ممکن تھا نا ممکن نہ تھا

تھی اطاعت حق کی یہ شبیر کو مدنظر ۲ صدقے اپنے کر دیے بھائی بھتیجے اور پسر
تھی رعایت شاہ دین کو عاصیونکی اسقدر امت جد کے بچانے کو لٹایا شہ نے گھر

کرتے کیا سامان کوئی اسکے سوا ممکن نہ تھا

قہر سے کرتے اگر سلطانِ عالم اک نظر ۳ لشکر کفار جلکر خاک ہوتا سر بسر
واسطے شہ کی مدد کے آتے سب جن و بشر دست قدرت مین شہ والا کے سب کچھ تھا مگر

وعدۂ طفلی نہ کرتے یہ وفا ممکن نہ تھا

ہند مضطر تھی حرم کے نالۂ جانکاہ سے ۴ آئی زندانمین اجازت لیکے وہ گمراہ سے
پر ہوئی ششدر لقائے عابد ذیجاہ سے زوجۂ حاکم نے پوچھا یہ مریض شاہ سے

تم اگر کرتے دوا اپنی تو کیا ممکن نہ تھا

پھر کہا سمجھی کہ سب خویش و اجا آپ کے ۵ مرگئے سب اب نہین ہی کوئی جو درمان کرے

اِسکو گذری کتنی مدت پوچھتی ہو اُن آپ سے | بولے یہ زین العبا جب سے مسیحا چھٹ گئے
کچھ علاج اپنا بجز صبر و رضا ممکن نہ تھا

مرتبے یہ سب جو دشتِ نینوا کو ہین حصول | سچ تو یہ ہی ہے یہ سب کچھ صدقہ آلِ رسول
رکھتے ہین مقبول میرے دعوی کو سب ذی عقول | ہوتے پیوند زمین اسمین نہ گر زہرا کے پھول
غیرتِ فردوس ہوتی کربلا ممکن نہ تھا

درپے ایذا رسی تھے یہ کوفی شدید | رحم کچھ دلمین نہ تھا یکسان تھے سب برنا و پیر
حیف ہے اِس ظلم کے قابل تھا بانو کا صغیر | حرملہ نے بے سبب مارا علی اصغر کو تیر
بوند بھر پانی پلا دیتا تو کیا ممکن نہ تھا

آہ وہ شہ کو ملا ہم شکل پیغمبر کا داغ | قابلِ مرہم نہ تھا جو بالیقین سرور کا داغ
صبر کہتے ہین اسے جسدم ملا دلبر کا داغ | شاہ کہتے تھے مری قسمت مین تھا اکبر کا داغ
کب یہ مٹ سکتا مقدر کا لکھا ممکن نہ تھا

پاسباں تجھے جنکے در کے روز و شب جن و ملک | فرقۂ اعدا کو بھی تھا رتبہ مین اُنکے نہ شک
اُن پہ یہ جور و ستم انصاف تو کر اے فلک | سر برہنہ لیگئے ملعون حرم کو شام تک
پاسِ احمد کرتی گر امت تو کیا ممکن نہ تھا

صابر و شاکر نہ ہوگا اور نہ سرور سا ہوا | کہتے تھے ایوب بھی ہر مرتبہ روحی فدا
جان شبیر ون کی فدا تھا شاہ کا یہ حوصلہ | شمر خنجر پھیرتا تھا شاہ دیتے تھے دعا
یہ تحمل مرسلون سے ایسی جا ممکن نہ تھا

(ن) کہون فلک

سر کٹا کر کوچ دنیا سے کیا جب شاہ نے ۱۱ آلِ پیغمبر کو بیدین قید کر کے لے چلے
شمر سے کہتی تھی بانو سینہ و سر پیٹ کے چاروں تو رونے دیتے باپ کے غم میں اسے
باندھنا پھر کیا سکینہ کا گلا ممکن نہ تھا

صبر کو شبیر نے بخشی ہے الحق زیب و زین ۱۲ واقعی ایوب سے افضل ہیں شاہ مشرقین
یک زبان کہنا ہے یہ خلق خدا پر فرض عین نوجوان بیٹے کا لاشہ دیکھکر مثل حسین
شکر کا سجدہ جو کرتا دوسرا ممکن نہ تھا

بولی زینب بنت زہرا ای عمر ہون کر ۱۳ ای ابن سعد ۱۲
سوچ لے جان و دلِ خیر البشر ہون کر صابرہ کی میں بھی تو لخت جگر ہون کر
شمر سے بولی سکینہ بے پدر ہون کر
شاہ کے آگے طمانچے مارنا ممکن نہ تھا

فاطمہ کے شیر نے دکھلائی کیا تاثیر صبر ۱۴ شکر تھا سو کھی زبان پہ شہ کے یا تقریر صبر
چاہتے تھے جسقدر تھی پیش حق توقیر صبر ہوتی قبضہ میں نہ صابر کے اگر شمشیر صبر
جز اجل پھر کچھ علاج اشقیا ممکن نہ تھا

غیر ممکن عاصیونکو قبر میں پاتا تھا چین ۱۵ نذر حق کرنے نہ گر شبیر اپنے نور عین
راست ہے مداح یہ کہنا برب قبلتین کرتہ سر لہوی خدا کی راہ میں دیتے حسین
بخشی جاتی امتِ خیر الوریٰ ممکن نہ تھا

مخمس بر سلام جناب سید ذاکر علی صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر

گو نہ تھی نقد عمل سے کچھ بضاعت ہاتھ میں ۱ ماتم شہ کو مگر تھی تاب و طاقت ہاتھ میں

آگئی اسوجہ سے شبیر کی نعمت ہاتھ مین ہی شفاعت کی سند بہرِ شفاعت ہاتھ مین
آگیا شبیر کا دامانِ دولت ہاتھ مین

۲ سوچکر انجام کو کیونکر نہ ہو ہمکو ہراس عاقبت ہو خیر سے کسوجہ سے ہو اُسکی آس
خوف کی رحمت کے سوا ہی ہر طرف سے دلکو یاس شرم و خجلت کے سوا کیا ہی نبی دستون کے پاس
خیر عصیان کچھ نہین نقدِ اطاعت ہاتھ مین

۳ جانشین مصطفے سے ہی جو اپنی لو لگی ہوگی مرقد مین اسی نورِ دلا سے روشنی
ہونگے دن محشر کے رہنے مونسون کے سب جلی ہوئیگا اُسدم سرورِ بادۂ حبِ علی
حشر مین جب جام کوثر دینگے حضرت ہاتھ مین

۴ زلفِ اکبر کو خطا ہی مین اگر سنبل کہون سامنے پیشانی کے ہی بدر ہر دم سرنگون
مین شبیہ مصطفے کیا اِس سے لکھون مین فزون سبزہ و رخسارِ اکبر کی مین کیا تشبیہ دون
خضر مین مصحف لیے بہرِ تلاوت ہاتھ مین

۵ کھائے جو آن جوین فاقون مین بھی ستدرق اُسکے اک نعرہ سے ہلجائین زمین کے سب طبق
شک نہین اسمین ذرا لاریب ہی یہ زورِ حق باب خیبر الٹے دو انگشت سے مثلِ ورق
جز علی بائی ہی کس نے ایسی طاقت ہاتھ مین

۶ حال پر میرے جو ہی لطفِ امامِ مشرقین ہی پئے تائید روحِ فاتحِ بدر و حنین
نظم کے صفحہ کو حاصل کیون نہو وہ زیب و زین لکھ رہا ہون یک قلم وصفِ علمدارِ حسین
آج انواجِ مضامین کا ہی رایت ہاتھ مین

مسئلہ روز ازل سے ہو چکا ہی صاف طے ۷ جاہ و حشمت سلسلے حب علی کے کیا ہی شے
ہیچ ہین سب میرے آگے ملکِ دارا تاج کی مال دنیا کی حقیقت کیا مرے آگے کہ ہی
گنج قارون زیر پا نقدِ قناعت ہاتھ مین

جانتے ہین فرض حبِ آلِ سلطانِ امم ۸ غم نہین گر مال دنیا کی ہو حالت بیش و کم
اک رہا بس امرِ عقبیٰ اُسکا ہو کیا ہمکو غم مانگ لینگے حشر مین حیدر سے جو چاہینگے ہم
ہی اُنھین کے کوثر و تسنیم و جنت ہاتھ مین

ہوتا ہی جسوقت ذکر سیدِ عالی ہمم ۹ مستعد رونیکے ہوتے ہین موالی سب بہم
حکم فرماتی ہین اُسدم فاطمہ با چشمِ نم تا بدامان مژہ آنکھون سے آئے اشک غم
شیشۂ فردوس لین حورانِ جنت ہاتھ مین

تیری نیرنگی ہی اے دورِ زمانہ یہ عجب ۱۰ ظالمون نے آلِ احمد کو ستایا بے سبب
پاس روحِ مصطفےٰ دلمین کیا نہ خوفِ رب اے فلک ہو قطع دستِ ظلم تیرا ہی غضب
ہتکڑی عابد نے پہنی ایک مدت ہاتھ مین

جانب کوفہ گئے جب سے امام رہنما ۱۱ چھوڑ دی تھی رنج مین صغرا نے سب آب و غذا
یان تلک پہونچا تھا کمزوری کا اُسکی مرتبہ شہ کو صغرا نے یہ اپنے ضعف کا مضمون لکھا
خط کا کاغذ اب مین لیتی ہون بدقت ہاتھ مین

بیکس و بے یار ہین میدانمین شاہِ مشرقین ۱۲ نرغۂ اعدا مین ہی تنہا نبی کا نورِ عین
غور کی جاہی مجو پیٹو سر باشور و شین لاش اکبر کس طرح خیمہ مین لیجائین حسین

اب نہ قوت ہی کمر مین اور نہ طاقت ہاتھ مین

حیف بعد از قتل نور العین ختم المرسلین ۱۳ باز آئے ظلم سے پھر بھی نہ کچھ اعدائے دین
اسطرح سے لکھتے ہین راوی باصدق و یقین کربلا سے شام کو جاتے ہین زین العابدین
ضعف سے پاتے ہین طاقت اور نہ قوت ہاتھ مین

تپ کی شدت سے تو کانٹا ہو رہا ہی جسم زار ۱۴ کھینچی پڑتی ہی اسپر شہ کو اونٹون کی قطار
کرتا ہی اسطرح سے طی راہ کو وہ نامدار طوق ہی گردن مین بھاری پاؤن مین کٹے ہین خار
ہی مہار ساربانی سے اذیت ہاتھ مین

ظلم یہ تیرا نیا ہی دیکھ چرخ بے مدار ۱۵ ہو پیادہ جان احمد گھوڑون پر اعدا سوار
اٹھ نہین سکتا ہی طوق آہنی کا ہائے بار ٹیک دیتے ہین جو ہاتھونکو زمین پر بار بار
چبھ رہے ہین خار ہائے دشت غربت ہاتھ مین

کربلا سے شام تک عابد پہ جو تھین آفتین ۱۶ ہو نہین سکتا شمار انکا اگر چاہین گنین
خوب ثابت ہو چکا ہی یہ روایت سے ہمین گرنے لگتے ہین جو چلتے چلتے راہ سخت مین
ہاتھ دیدیتے ہین تب شاہ ولایت ہاتھ مین

سنگ دل ہر اک شقی تھا فوج بد انجام مین ۱۷ ظلم کرنا تھا ثواب انکے خیال خام مین
دیتے تھے تکلیف وہ سجاد کو ہر گام مین کیا کہون کیا ظلم تھا عابد پہ راہ شام مین
تازیانے تھے لیے اہل شقاوت ہاتھ مین

حامی مداح ہین جب نائب خیر الانام ۱۸ کیا تردد ہی مخالف ہو اگر دنیا تمام

دامنِ آلِ عبا سے چاہیے بس اعتصام | کس لیے دست تاسف ملتے ہو ذاکر مدام
کیا لیے بیٹھے ہو کوئی داغ حسرت ہاتھ مین

مخمس بر سلام سید فضل رسول صاحب برادر زادۂ حضرت مداح

عروج جس نے کہ بخشا ہی عرش اعظم کو | ۱ | قرار خار پہ دیتا ہی جو کہ شبنم کو
قسم اُسی کی ہی ذاکر کی چشم پرنم کو | جو دیکھا غور سے ہم نے تمام عالم کو
نہ بھائی کوئی زمین مثل کربلا ہم کو

سنا کے روح روانِ رسول اکرم کو | ۲ | لعین زلزلہ مین لائے عرش اعظم کو
ثبوت اچھی طرح سے ہوا ہی یہ ہم کو | نہ دیکے پیاس مین پانی امام عالم کو
سیاہ شام نے بھڑکا دیا جہنم کو

سخی کے نام کا وہ ورد کیون نہین کرتے | ۳ | وصی کے نام کا وہ ورد کیون نہین کرتے
ولی کے نام کا وہ ورد کیون نہین کرتے | علی کے نام کا وہ ورد کیون نہین کرتے
جو لوگ ڈھونڈھتے پھرتے ہین اسم اعظم کو

ہر ایک مرتے ہی دلسے ہمین بھلائینگے | ۴ | چراغ قبر پہ احباب کیا جلائینگے
عمل جو اپنے ہین بس وہ ہی کام آئینگے | عزیز کیا وہ بھلا فاتحہ دلائینگے
جنھون نے قبر مین مٹی تلک نہ دی ہم کو

محب ہین جو غم آل عبا کرین اے چشم | ۵ | حقوق شاہ شہیدان ادا کرین اے چشم
سوائے اِسکے طلب تجھسے کیا کرین اے چشم | غم حسین مین آنسو بہا کرین اے چشم

ہمیشہ چاہیے روغن چراغ ماتم کو

شرف یہ بخشا ہی حق نے علی کی الفت مین ۶ شمار ہوتا ہی اِس فعل کا عبادت مین
بسا ہی روز ازل سے یہ اپنی طینت مین کبھی نہ جائین بلائے کوئی جو جنت مین

ملے لحد کی جگہ کربلا مین گر ہم کو

جو کوئی پوچھتا زندانین آکے عابد سے ۷ مزاج کیسا ہی یا ابن مصطفے کہیے
تو اُس سے یون بہ صدائے نحیف کہتے تھے مثال نقش قدم آہ اُٹھ نہین سکتے

ملا یا خاک مین گردون نے اِسطرح ہم کو

بلا کشان محبت کو مثل شیر و شکر ۸ پسند رنج و بلا ہی اُنھین زیادہ تر
کبھی وہ کرتے نہین یانکی راحتون پہ نظر مذاق ورد ہی جنکو وہ دل کے زخمون پر

بنجر نمک کے لگاتے نہین ہین مرہم کو

محبت شہ مظلوم قلب مین گر ہی ۹ نہ خوف نزع ہی ہرگز نہ خوف محشر ہی
عقیدہ رکھتے ہین واثق وثوق اِسپر ہی چراغ داغ غم شہ سے دل منور ہی

نہین ہی ظلمت مرقد کا خوف کچھ ہم کو

زمین کرب و بلا کا ہی اِسقدر رتبہ ۱۰ کہ ارض خانۂ حق کو بھی جسپہ ہی غبطہ
علوِ جاہ پہ شاہد ہی اُسکے یہ بخدا رواقِ شاہ شہیدان کی مین زمین ہوتا

یہی ازل سے تمنا ہی عرش اعظم کو

جب آئے چھٹ کے حرم گھر پہ قید اعدا سے ۱۱ ہر ایک پوچھتا تھا حال بنت زہرا سے

وہ رو رو کہتی تھی اسطرح ہر اعزا سے | جگر کے ٹکڑے ہوں نفرت ہو دار دنیا سے
کوئی سنے جو ہمارے فسانۂ غم کو

جہان پہ ذکر امامِ غریب ہوتا ہی | ۱۲ | کوئی تو روتا ہی اور جان کوئی کھوتا ہی
منہ اپنا اشکوں سے ابر مطیر دھوتا ہی | غم حسین میں ہر شب کو چرخ روتا ہی
بہا کے دیدۂ انجم سے اشک شبنم کو

عبث امام زمان کو ستاتے ہیں اعدا | ۱۳ | غضب ہی کعبۂ ایمان کو ڈھاتے ہیں اعدا
چراغ فہرِ نبی کو بجھاتے ہیں اعدا | سوار دوشِ نبی کو گراتے ہیں اعدا
زمین کی تہ کل تزلزل ہی عرش اعظم کو

پکاری خیمہ سے یوں زینب حزیں ای شمر | ۱۴ | تو جانتا ہی کہ ہی یہ امام دین ای شمر
تو اُسکو مار کے بنتا ہی کیوں امین ای شمر | کہا حسین نے زندوں میں نہیں ای شمر
تو ذبح کرتا ہی بیکار کشتۂ غم کو

گرا جو گھوڑے سے زمین پہ سرورِ عادل | ۱۵ | سوار سینۂ شبیر پر ہوا جاہل
شریر کرتا تھا جس وقت آپکو بسمل | نظر تھی شاہ کی یوں سوئے خنجر قاتل
کہ دیکھتا ہو کوئی جیسے اپنے ہمدم کو

شرف حضوری شہ میں ہیں سیکڑوں ای افضل | ۱۶ | ہو در روضۂ شاہِ زماں سے کیوں ای افضل
ہی آرزو دل مداح کی بھی یوں ای افضل | رواق شاہ شہیدان میں دفن ہوں ای افضل
خدا ہلاک نہ اس ہند میں کرے ہم کو

مخمس دیگر بر سلام سید فضل رسول صاحب بر اورزادہ حضرت مداح

نہین ہی کچھ ہوس ساغر و سبو باقی ۱ نہ شوق حشمت و نیلے زر و رو باقی
مرے عقیدے سے واقف ہی خوب تو باقی تلاش زر ہی نہ دولت کی جستجو باقی
ہی پر زیارت سرور کی آرزو باقی

ثبات روح ہی جبتک کہ ہی لہو باقی ۲ فضاے سبزہ ہی جبتک ہی آب جو باقی
زبان ہی کام کی جبتک ہی گفتگو باقی مزا ہی زیست کا جبتک ہی آبرو باقی
بہار گل کی ہی ہمراہ رنگ و بو باقی

عزا نے فیض یہ بخشا ہی چشم پرنم کو ۳ کہ دھویا دفتر اعمال سے ہر اک دم کو
خدا گواہ ہی پڑھ پڑھ کے اجر ماتم کو نہین ہی ظلمت مرقد کا خوف کچھ ہم کو
چراغ داغ غم شاہ گر ہی تو باقی

خدا نے رتبہ وہ بخشا ہی داغ ماتم کو ۴ کہ جسکے آگے خجالت ہی مہر عالم کو
یقینی دیکھ کے اس فیض شاہ اکرم کو نہین ہی ظلمت مرقد کا خوف کچھ ہم کو
چراغ داغ غم شاہ گر ہی تو باقی

ستایا کونین نے ایسا شاہ ذیشان کو ۵ دیا نہ پانی جوان کو نہ پیر و ناداں کو
دلا جو چاہتا ہی رحم و لطف یزدان کو غم حسین مین یون چاک کر گریبان کو
کہ جیب پھر نہ رہے قابل رفو باقی

یہ غم سے شاہ کے زار و نزار ہوای چشم ۶ کہ سوز قلب و جگر آشکار ہوای چشم

یہ جوشِ رقتِ لیل و نہار ہوا ہی چشم | غمِ حسین مین یون اشکبار ہوا ہی چشم
رہے نہ جامۂ عصیان کی شست و شو باقی

ہوئے جو بیکس و بے یار زمین شاہِ ہدا | ۸ | ہوے امام پہ سب ملکے حملہ ور اعدا
زمین ہلتی تھی دشتِ بلا کی واویلا | گرے حسین جو گھوڑے سے یہ عمر نے کہا
ای ابن سعد ۱۲
ہماری فتح مین اب کیا ہی گفتگو باقی

شہِ انام کے مرنے مین شک بھلا کیا ہی | ۹ | زبان بند ہی ڈھلکا حزین کا منکا ہی
بجاؤ فتح کے نقارے دیر کیا ہی | پکارا شمرِ جفاکار کیا یہ کہتا ہی
ابھی ہی مرحلۂ خنجر و گلو باقی

عجیب کام زمانہ مین کر گئے پیاسے | ۱۰ | فدا ہو شاہ پہ خلق کے گھر گئے پیاسے
فرات تجھ سے نہ کچھ بہرہ ور گئے پیاسے | ترے کنارے پہ عباس مر گئے پیاسے
رہی فرات نہ کچھ تیری آبرو باقی

رفیقِ شہ کے چپ و راس مر گئے پیاسے | ۱۱ | عزیز کشتۂ الماس مر گئے پیاسے
پسر حسین کے بے آس مر گئے پیاسے | ترے کنارے پہ عباس مر گئے پیاسے
رہی فرات نہ کچھ تیری آبرو باقی

حرم جو نکلے کھلے سر خیامِ اکرم سے | ۱۲ | لے آئے لاشون پہ جلاد حکمِ اظلم سے
بہن لپٹ گئی جسمِ امامِ عالم سے | سوال تھا یہ سکینہ کا لاشۂ عم سے
پلا دو مشک مین گر ہوے آب جو باقی

جو ظلم شہ پہ ہوے بالیقین ہین حد سے سوا ۱۲ خیام جلنا گلا کٹنا پیارون کا چھٹنا
یہ کیا مصیبتین کم تھین مگر ہی حیف کی جا مرے پہ قطع کیے دستِ شاہ واویلا
یہ کب کا کینہ تھا جلاد کینہ جو باقی

برون زحصر ہین گو معجزات شاہ زمان ۱۳ ہر ایک معجزہ ظاہر ہی اُن پہ مین قربان
تمام زایر شبیر کرتے ہین یہ بیان حسین سو بھوکے تھے پیاس مین جو تشنہ جنان
ضریح پاک مین اب تک ہی اُسکی بو باقی

گیا جو رن کو شہید رسول رب قدیر ۱۴ ہزارون سینۂ اقدس پہ کھاکے نیزہ و تیر
ہوا جو راہی جنت وہ شہ کا ماہ منیر جوان پسر کی جدائی مین کہتے تھے شبیر
فقط ہی اب مجھے مرنے کی آرزو باقی

حسد ہی بغض ہی دنیا کا کیش اور آئین ۱۵ نہ اُنس خویشون سے ہی اور نہ پاس ملت و دین
بجا ہی راست ہی کہتے ہین یہ جو اہل یقین نگاہ غور سے دیکھو تو اک حسین نہین
یزید سے ہین ہزارون سیاہ رو باقی

سمجھتے ہین اسے دنیا کے عاقل و زیرک ۱۶ یقینی امر ہی لاریب کچھ نہین ہی شک
ہی جتنی خلق خدا لے سما سے تا بہ سمک زمین و عرش و مہ و آفتاب و جن و ملک
یہ سب فنا ہین ہمیشہ رہیگا تو باقی

رقم جو کرتے ہین ذکر امام لیل و نہار ۱۷ رہیگا تذکرہ اُنکا بھی تا بروز شمار
ہی میرا قول بھی مداح یہ بصد تکرار نشان و نام کی ای فضل فکر ہی بیکار

کلام تیسرا رہیگا یہ کوبکو باقی

مخمس بر سلام چودھری سید شریف الحسن صاحب مہابنی برادرزادۂ حضرت مداح

۱
بیچین روح حضرت خیر النسا کی ہی — لرزان ضریح پاک شہ لافتا کی ہی
جنبش مین قبر بھی حسنؑ مجتبیٰ کی ہی — مجرائی کیا جفا فلک کج ادا کی ہی
بندی مین آل حضرت خیر الورا کی ہی

۲
ارمان تخت و تاج نہ حاجت لوا کی ہی — پرواہی گر تو لطف شہ ہل انی کی ہی
دولت نصیب الفت آل عبا کی ہی — خواہش نہ زر کی ہی نہ ہوس کیمیا کی ہی
ہی آرزو تو مجرئی خاکِ شفا کی ہی

۳
سر در پہ رونیوالے گناہون سے ہین بری — شاخ عمل ہی اُنکی ہمیشہ ہری بھری
دُرِّ عدن کو آنسو پہ کیونکر ہو برتری — خود ہوگا روز حشر خدا جنکا مشتری
یہ قدر اشک دیدۂ اہل عزا کی ہی

۴
باندھے کمر جو اکبر ہمت اساس ہین — بیٹے کے ساتھ ساتھ شہ حق شناس ہین
حسرت سے بہنین گھیرے ہوے آس پاس ہین — مادر کو اضطراب ہی پھپھیان اُداس ہین
رخصت حرم سے اکبر گلگون قبا کی ہی

۵
نشو و نما جو سایۂ مشکلکشا مین پائے — ورثہ مین جسکو چادر تطہیر ہاتھ آئے
جسکے ادب سے مہر فلک اپنا منہ چھپائے — تابوت جسکی ماں کا اُٹھے شب کو ہائے ہائے

وہ سر برہنہ بلوہ مین قدرت خدا کی ہی

بیٹے سے شاہ نے کہا دادی کے گھر چلو ۶ یہ کہکے رنمین لائے اُسے شاہ نیک خو
سوکھی زبان دکھا کے سپاہِ یزید کو شہ کہتے تھے کہ ظالمو اصغر کو پانی دو

ہونٹون پہ جان پیاس سے اِس بے لقا کی ہی

سجاد کہتے تھے شہ لولاک دیکھیے ۷ گھر فاطمہ کا جل کے ہوا خاک دیکھیے
کیا کیا ہمین ستاتے ہین سفاک دیکھیے کہتے تھے لوگ گردشِ افلاک دیکھیے

محتاج بنت شیر خدا اک روا کی ہی

تنہا ہوے حسینؑ یہ چارو طرف تھی دھوم ۸ زہرا کے آفتاب پہ اعدا کا تھا ہجوم
چوگرد تھی ہمارے سعادت کے فوج بوم فرماتے تھے یہ شاہ کہ اے ابن سعد شوم

مین آج ہون شہید یہ مرضی خدا کی ہی

پامال میری لاش کرین خیمہ کو جلائین ۹ کچھ غم نہین شہیدون کے لاشے کفن نہ پائین
جسدرجہ چاہین فاطمہ کو قبر مین رُلائین سجاد کو اسیر کرین بیڑیان پنھائین

مرضی اگر یہی سپہ اشقیا کی ہی

اہلِ حرم کے غم کی کوئی انتہا نہین ۱۰ بعد از مرے غریبون کا کچھ آسرا نہین
کچھ کہنا مجھکو تجھ سے بس اسکے سوا نہین بیبیون سے میرے بعد تعرض روا نہین

بیٹی ہی کوئی کوئی بہو فاطمہ کی ہی

چلنے لگے جو رن کو شہنشاہ بیوطن ۱۱ ق شبیر نے لباس کیا صورت کفن

رونے لگی جو زینب مغموم و خستہ تن — کہتے تھے شاہ شکر ہی لازم کہ اے بہن
دنیا جگہ مصائب و رنج و بلا کی ہی

۱۲ تم دیکھتی ہو کیسی بلا مین پھنسا ہوئین — غرہ کے دن سے مورد رنج و بلا ہوئین
شاکر ہون اور تابع حکم خدا ہوئین — تم دربدر پھرو کہ شہید جفا ہوئین
راضی رہو اُسی پہ جو مرضی خدا کی ہی

۱۳ پہونچا جو ماریہ مین شہنشاہ دوسرا — گھوڑا امام دین کا رُکا واہ مصیبتا
نام مقام پوچھا کہا سب نے کربلا — صدمہ سے روے بنت علیؑ زرد ہو گیا
جسوقت یہ سُنا یہ زمین کربلا کی ہی

۱۴ لوٹا حرم کو اہل شقاوت نے جسطرح — آسکتے ہین زبان پہ مصائب وہ کسطرح
تھے ظالمون کے ظلم ہی سے متعبس طرح — شمر لعین ہر اک کو بناتا تھا اِسطرح
بنت علی یہ ہی وہ بہو فاطمہ کی ہی

۱۵ بلوہ مین قید ہو کے جو اہل حرم گئے — مجمع تھا مرد و زن کا تماشے کے واسطے
لکھتا ہی راوی رو رو کے اور سر کو پیٹ کے — کوفہ مین پوچھتی تھی سکینہ ہر ایک سے
تم مین خبر کسی کو ہمارے چچا کی ہی

۱۶ مداح نام جسکا ہی فہرست مین لکھا — بیشک وہ ہو گا زایر سلطان کربلا
ہی انتظار حکم طلب صبح اور مسا — دیکھین شریف ہوتی ہی تقدیر کب رسا
مدت سے آرزو سفر کربلا کی ہی

مخمس دیگر بر سلام چودھری سید شریف الحسن صاحب مہابنی

برادر زادۂ حضرت مداح

علی اول علی افضل علی بہتر سے بہتر ہی ۱ علی جرار ہی خیبر کشا ہی اور حیدر ہی
علی حاکم علی والی علی مختار محشر ہی علی مولا علی ہادی علی ساقی کوثر ہی
امام خلق ہی مشکلکشا ہی شیر داور ہی

علی مثل نبی لاریب ہی مخمسہ بنی آدم ۲ برابر فاطمہ کے رتبوں کے ہرگز نہیں مریم
یہ کہنا وصف میں دونوں کے بیشک ہوگیا الزم بتول و مرتضی نام خدا ہین زبدۂ عالم
نہ حوا اُنسے افضل ہی نہ آدم اُنسے بہتر ہی

گرفتار رسن ہین خاصۂ قیوم بلوہ مین ۳ چھپائے بالونسے چہرونکو ہین مغموم بلوہ مین
مجھو کون ہین یہ تمکو ہی معلوم بلوہ مین کھلے سر ہین جناب زینب و کلثوم بلوہ مین
نہ ہودج ہی نہ محمل ہی نہ مقنع ہی نہ چادر ہی

اسے ذی رتبہ اسکو صاحب توقیر کہتے ہین ۴ کہ حُر کو اپنا محسن حضرت شبیر کہتے ہین
وہی ہوتا ہی قسمت مین جو تحریر کہتے ہین کہان تھا حر کہان پہونچا اسے تقدیر کہتے ہین
رسائی ہی یہ قسمت کی یہ خوبی مقدر ہی

ہوے مدفون لاشے جب شہ بیکس کے لشکر کے ۵ لپٹتے تھے تمام اہل حرم اک ایک مرقد سے
قیامت خیز تھے یہ زینب ناشاد کے نالے تعجب ہی کہ کل جو گلبدن پھولونمین بستے تھے
اُنھین لوگونکی تربت ہی فلک محتاج چادر ہی

روایت

روایت کرتے ہین وہ لوگ مقتل مین بستے تھے ۶ ہوے مدفون وہ لاشے جو مدفن کو ترستے تھے
حرم تھے نوحہ خواں اسطرح اور آنسو برستے تھے تعجب ہی کہ کل جو گلبدن پھولون مین بستے تھے
اُنھین لوگون کی تربت ہی فلک محتاج چادر ہی

علی کے در کا ذرہ طعنہ زن ہی مہر تابان پر ۷ یہان کی خاک کو بھی فخر ہی جنت کے بستان پر
یہ مجھ ناچیز کو ہی ناز لطفِ شاہ مردان پر نہین رکھتا قدم مین عار سے تختِ سلیمان پر
گدائے شاہ ہونمین کو چہ حیدر مین بستر ہی

خداوندا ہی مجھکو فوج عصیان اسطرح گھیرے ۸ نہین کوئی بجز تیرے کرم جو اسکا منھ پھیرے
جو میرا حال ہی روشن ہی بالکل سامنے تیرے اُٹھین راہ عدم مین کسطرح یارب قدم میرے
کہ وحشت ناک رستہ ہی گنہ کا بوجھ سر پر ہی

نہ حب جاہ مین اسطرح سے سرشار ہو جاؤ ۹ کہ فکر عاقبت سے غافل و بیکار ہو جاؤ
نہ سوؤ خواب غفلت مین ذرا بیدار ہو جاؤ صدا دیتی ہی تربت غافلو ہوشیار ہو جاؤ
مین جائے تار ہون جسمین نہ تکیہ ہی نہ بستر ہی

بپا ماتم ہی اک سو خیمہ مین قاسم کی رحلت کا ۱۰ الم تازہ ہی عباس دلاور کی شہادت کا
عقب ہی سامنا ہی شاہ کو پھر اک مصیبت کا تلاطم ہی حرم مین اکبر مہرو کی رخصت کا
اِدھر بہنین تڑپتی ہین اُدھر بیتاب مادر ہی

ستم کی ہی شہ دین پر فراوانی کئی دن سے ۱۱ گھرا نرغہ مین ہی احمد کا وہ جانی کئی دن سے
ہی بحر ظلم کی مولا پہ طغیانی کئی دن سے غضب ہی شاہ دین پر بند ہی پانی کئی دن سے

ہر اک معصوم کا فرط عطش سے حال ابتر ہی

۱۲ یہ حالت دیکھکر تشویش ہی سلطان صابر کو
ترددہی بہت سرور کے ہر اک یار و ناصر کو
یہ فرط تشنگی ہی فی الحقیقت آل طاہر کو
برابر پیاس کی شدت سے غش آنے ہین باقر کو

بلکتی ہی سکینہ جان بلب جھولے مین اصغر ہی

۱۳ علی و فاطمہ میدان مین منھ اشکون سے دھوتے ہین
رسول کبریا بالین پر سرور کے روتے ہین
عدوے دین جاز آل احمد کو ڈبوتے ہین
حسین ابن علی اسطرح زمین ذبح ہوتے ہین

دعاے امت جد لب پہ گردن زیر خنجر ہی

۱۴ حرم بھیجے گئے جب خانۂ تاریک و ویران مین
عجب تشویش تھی کل اہلبیت شاہ مردان مین
یقین تھا ہو جدائی ڈر سے بچونکے تن و جان مین
سکینہ کہتی تھی گھٹ گھٹ کے مرجاونگی زندان مین

پھوپھی اماں یہ گھر تو قبر سے بھی خوار و بدتر ہی

۱۵ کیا جب کربلا مین شہ پہ نرغہ فوج اعدا نے
پیا پے تب پیام بیعت حاکم لگے آنے
لڑائی ٹھہری جسدم کر دیا انکار مولا نے
شب عاشور حضرت سے یہ پوچھا بنت زہرا نے

کہو کچھ صلح پر آمادہ بھائی لشکر شہ ہی

۱۶ عبث دشمن ہماری جانکی ساری خدائی ہی
نہ جب جاہ ہی نہ آرزوے بادشائی ہی
نکلنے کی بھی صورت اس بلا سے کوئی بھائی ہی
کہا حضرت نے کل تا عصر سب گھر کی صفائی ہی

یہ حلق خشک ہی اور شمر ذوالجوشن کا خنجر ہی

۱۷ حرم کو اسطرح کوفہ مین لائے ظالم بدخو
نہ اک رومال تک تھا پاس انکے منھ چھپانیکو

سر بازار اُسدم عجز سے اور شرم سے رو رو | کہا زینب نے بازار و نمین کیون ہمکو پھرائے ہو
لعینو سر پہ ہم بیوون کے متفع ہی نہ چادر ہی

حرم کو لوٹ کر جسوقت فارغ ہو چکے ناری | ۱۸ | گئے دفنانے اپنے کشتونکو وہ ظلم کے بانی
یہ حالت دیکھکر سر پیٹ کے زینب یہ کہتی تھی | غضب ہی دفن لاشین ہو رہی ہین فوج اعدا کی
اگر بے گور رن مین لاشہ سبط پیمبر ہی

عدو تاراج خیمہ کر چکے سبط نبی کے جب | ۱۹ | سر آل عبا سے چادرین تک لیگئے وہ سب
نظر آئی جو اُسکو نرغہ مین اس حال سے زینب | کیا سجاد نے اِس ظلم کا شاہد ہی تو یارب
مری آنکھون کے آگے دختر زہرا کھلے سر ہی

نہین کام آئیگا ہرگز ذخیرہ دولت و زر کا | ۲۰ | ہی یکسان بعد مردن حال درویش و تونگر کا
پتہ ہی جام جم کا اور نہ اُسکے تاج و افسر کا | ذرا عبرت سے دیکھو حال شاہان فلک فر کا
یہ قبر قیصر و دارا ہی وہ گور سکندر ہی

لگی مداح کی لو ہی امام عصر غائب سے | ۲۱ | بچائیگی ہمین دنیا کی وہ ہر اک نوائب سے
مین بالکل متفق ذاکر کے ہون اِس قول صائب سے | بچاؤ بہر احمد اپنے خادم کو مصائب سے
شریف دل حزین یا مرتضیٰ مغموم و مضطر ہی

تخمس بر سلام چودھری سید نظیر الحسن صاحب مہانبی برادر زادۂ حضرت مداح

ہند مین کیون رہے جسدم یہ خیال آتے ہین | ۱ | کربلا کیون نہ گئے سوچ کے پچھتاتے ہین

شرفِ مدفنِ شبیر یہ تبلاتے ہین | مجرئی حائرِ شہ مین جو جگہ پاتے ہین
بند آنکھین کیے جنت کو چلے جاتے ہین

۲ تینعین میدان مین سفاک جو چمکاتے ہین | یاور شاہ زمن غیظ سے تھراتے ہین
حکم لڑنے کا شہ دین سے نہین پاتے ہین | فوج مین لشکرِ اعدا سے جو تیر آتے ہین
رفقا شاہ کا مُنھ دیکھ کے رہجاتے ہین

۳ گل کہان اور کہان رخسارۂ ہمشکلِ نبی | انتہا اُنکی لطافت ہی فقط دو دن کی
مین نہین جانتا کس نے زرہ بے ادبی | رنگ روے علی اکبر سے جو نسبت دی تھی
پھول بھی دیکھیے اب سر پہ چڑھے جاتے ہین

۴ رعشہ ہی خوف سے ہر اہلِ ستم کے تن مین | ڈر سے شیرون نے ہین مُنھ اپنے چھپائے بن مین
رعب کے مارے ہی سکتہ سا صفِ دشمن مین | غُل ہی شمشیرِ علی آج کھنچیگی رن مین
شور ہی فوجِ عدو مین کہ حسین آتے ہین

۵ کام جب آچکے شبیر کے خویش و یاور | تیر بیداد سے بیجان ہوے رن مین اصغر
آئے رخصت کے لیے خیمہ مین جسدم سرور | کہا سجاد نے جنت کو گیا سب لشکر
پیچھے ہم قافلہ والون سے رہے جاتے ہین

۶ حال پر اہلِ زمانہ کی ہی مجھکو حیرت | دولت و زر کے لیے کرتے ہین یہ کیون محنت
جبکہ ثابت یہ ہر اک فرد پہ ہی بے وقعت | کام آتی نہین کچھ اہلِ دول کے دولت
مال و دنیا سے یہ تھوڑا سا کفن پاتے ہین

جب بڑھی خیمۂ عترت کیطرف فوج حریف ۷ لیکے انصار بڑھے روکنے کو ابن عفیف
شاہ یون کرنے لگے دوست کی اپنے تعریف گو حبیب ابن مظاہر ہین بہت پیر ضعیف
پر جوانون سے کچھ آگے ہی بڑھے جاتے ہین

قبد کر لائے جو لشکر مین حرم کو بدخو ۸ کچھ نہ باقی تھا بچھاتے جو صف ماتم کو
فرقت اصغر بے شیر مین اُسدم رو رو بانو کہتی تھی کہ مقتل مین چلا جانے دو
بی بیو اصغر نادان مجھے یاد آتے ہین

بعد مرنیکے جو مطلوب ہو تم کو راحت ۹ چاہیے ماتم شبیر مین ہر دم رقت
عمل خیر مین لازم نہین ہرگز غفلت چھوڑ جاؤ گے یہین دولت وجاہ وحشمت
منعمو قبر مین اعمال ہی کام آتے ہین

طنطنے دہر مین جن شاہونکی تھے شوکت کے ۱۰ نہین ملتے ہین نشان آنکی کہن تربت کے
چشم عبرت سے تو نظارہ کرو قدرت کے کاسۂ سر مین یہ شاہان فلک رفعت کے
راہ رو آج جنھین پاؤن سے ٹھکراتے ہین

قتل جب ہو چکے انصارِ امام خوش خو ۱۱ کوئی باقی نہ تھا جو شہ پہ فدا جا کر ہو
نوحہ کرتے تھے حرم پیٹ کے سر کو رو رو جاتے ہین خیمہ سے شاہِ شہدا مرنے کو
اِسے دیتے ہین تسلّی اُسے سمجھاتے ہین

جب گرا گھوڑ سے سرور کا ہر اول مخدوم ۱۲ غش پہ غش آتے تھے اِسدرجہ بہا جسم سے خون
غش مین بھی ورد زبان اُسکے یہی تھا مغموم نزع مین نورِ الٰہی کی زیارت کرون

ابھی اے روح ٹھہر جا کہ امام آتے ہین

عید کے روز بھی عابد کو جو پایا مغموم
وجہ کیا غم کی ہے تب بولا وہ رو کر مظلوم
عرض کی ایک صحابی نے نہین یہ معلوم
دلمین رہتا ہے جو میرے غم و ماتم کا ہجوم

عیش و راحت نہین رہنے کی جگہ پاتے ہین

دودھ اور پانی نہ دو روز جو اصغر کو ملا
کہتا ہے راوی پُر غم کہ مین یہ دیکھتا تھا
ہونٹھ پپڑا گئے اور خشک ہوا تھا گلا
لاکے میدان مین معصوم کو حضرت نے کہا

زرد یہ پھول سے رخسار ہوے جاتے ہین

تھے سمجھدار وہ پانی نہ دیا تھا جنکو
ظالمو رحم کرو دیکھ کے اِنکے سن کو
کوئی اِس درجہ ستاتا ہے بھلا محسن کو
پیاس سے مرتے ہین پانی کی طلب ہے اِنکو

خشک لب اصغر نادان تمھین دکھلاتے ہین

غُل تھا یہ ارض و سما مین کہ مبارک اے حُر
ذکر یہ تھا ر فقا مین کہ مبارک اے حُر
شور تھا فوج خدا مین کہ مبارک اے حُر
کھولنے ہاتھ ترے عقدہ کشا آتے ہین

سچ ہے مداح تو انگر ہو کوئی یا کہ فقیر
اُنس احباب سے محدود ہے تا وقت اخیر
آب زر سے لکھون یہ مقطع بے مثل و نظیر
زندگی تک ہے غریبون کی محبت ہے نظیر

چھوڑ کر قبر مین احباب چلے جاتے ہین

مخمس دیگر بر سلام چودھری سید نظیر الحسن صاحب مہابنی برادر زادۂ حضرت مداح

آل پیغمبر سدا رنج و محن دیکھا کیے
ظلم جو آنپر ہوے وہ خستہ تن دیکھا کیے
سب ترے جور و جفا چرخ کہن دیکھا کیے
پیاس کے صدمے غریب و بیوطن دیکھا کیے
پیاس سے سوے فلک شاہ زمن دیکھا کیے

۱

ہند آنکھیں بھیں مگر سبز چمن دیکھا کیے
صبح تک باغ جنان کو من و عن دیکھا کیے
رنگ نسرین و بہار نسترن دیکھا کیے
شب کو یہ فضل خدائے ذوالمنن دیکھا کیے
خواب مین ہم روضۂ شاہ زمن دیکھا کیے

۲

ہوتا ہی ثابت یہی اکثر روایت سے مجھے
بازوے اہل حرم یون دست بدعت سے کسے
اہلبیت مصطفے چھوٹے جو قید ظلم سے
مدتون تک ہاتھ مین داغ رسن دیکھا کیے

۳

ہو چکے جسوقت پورے سب مراسم بعد عقد
خیمون مین اپنے گئے سب آل ہاشم بعد عقد
تھے مہیا حسرت و غم کے لوازم بعد عقد
آکے بیٹھے پاس کبرا کے جو قاسم بعد عقد
کس نگاہ یاس سے دولھا دلھن دیکھا کیے

۴

گرم میدان مین ہوئی جب آتش جنگ و جدال
پہونچی جب نوبت عزیزونکی بصد رنج و ملال
کام آئے یا دران بادشاہ خوش خصال
ہر پسر سے کہتی تھی زینب گئے مسلم کے لال
سوے باغ خلد تم ای جان من دیکھا کیے

۵

آب بن کملا گئے سب فاطمہ زہرا کے پھول ۶ سیر سے گلزار کی کیا خاک فرحت ہو حصول
حال دل اپنا ہے مثل عندلیب دل ملول مثل گل سینہ مین ہین داغ غم سبط رسول
جب ذرا گردن جھکی سیر چمن دیکھا کیے

جو غم آل نبی سے اِن جانین ہین ملول ۷ سیر ہے باغ جہان کی سامنے اُسکے فضول
اِسطرح ہے لطف گلزار جنان اُنکو حصول مثل گل سینونمین ہین داغ غم سبط رسول
جب ذرا گردن جھکی سیر چمن دیکھا کیے

(ان کربلے مین جو ولاے آل احمد کو ملا)

پیاس سے بیتاب جھولے مین ہوا جسدم صغیر ۸ لیکے اُسکو رن مین آئے سرور گردون سریر
کہتے ہین یون راوی پُر غم باسناد کثیر جب لگایا حرملہ نے گردن اصغر پہ تیر
دیر تک مولا سے ناوک فگن دیکھا کیے

صابر و زمین سب سے افضل ہین امام انس و جان ۹ خلق مین پیدا ہوا ثانی نہ جنکا بیگمان
کیون نہو ایوب سے افزود اُنکی غرو شان ضبط دیکھو سر نہ پیٹا اور نہ کی آہ و فغان
قتل اکبر ہو گئے شاہ زمن دیکھا کیے

مشک لیکر آیا جب جنگاہ مین ابن علی ۱۰ ہو کے یکجا شامیون نے راہ روکی نہر کی
ایک ہی حملہ مین دریا پر جو پہونچا وہ جری کہتے تھے عباس کیون دیکھی ہماری صفدری
نہر پر ہم آگئے سب تیغزن دیکھا کیے

بولے یون اہل وطن سب کچھ تمھین تھا عذر تھے ۱۱ لب ہلاتے ہی یہ سب رنج و محن کافور تھے
کیا سبب تمھارا قدمین جو اسقدر مجبور تھے کہتے تھے سجاد حکم شاہ سے معذور تھے

شام مین کنبہ کو پابند رسن دیکھا کیے

قید سے چھٹ کر جو آیا کربلا مین قافلا ۱۲ دیکھکر بے سایہ لاش شہ کو زینب نے کہا
بیچ کہو ابن علی فخر سلیمان کیا نہ تھا دشت مین افسوس ہی اہی طایران کربلا

دھوپ مین تم لاشۂ شاہ زمن دیکھا کیے

جاتے ہین ہر روز سوے کربلا جم غفیر ۱۳ کسقدر مداح ہین ہم تابع نفس شریر
حیف ہی ضایع کیا یان ہند مین وقت کثیر روضۂ شبیر پر احباب جا پہونچے نظیر

ایک ہم ہی ہند مین رنج و محن دیکھا کیے

مخمس بر سلام جناب ذاکر آل نبی سید عباس علی صاحب فردا آبادی

ازل کے دن کیا ہی عہد ہمنے اپنے داور سے ۱ جدا ہونگے نہ روز حشر تک دامان حیدر سے
نمیر اپنا ہی بیشک طینت آل پیمبر سے سلامی کو نہ کیونکر ہو تولا میر کوثر سے

کرینگے حشر مین سیراب وہ کوثر کے ساغر سے

علی کا زور ہی عالم مین ظاہر فتح خیبر سے ۲ سخاوت اور عدالت ہی عیان قرآن داور سے
صداقت امیر کے دعوی کی ہی ثابت قول اکثر سے علی اعلیٰ سے اعلیٰ ہین علی برتر ہین برتر سے

نہین بہتر سلامی کوئی داماد پیمبر سے

یہ دن وہ ہی جدا جسدن ہوے شبیر اکبر سے ۳ یہ دن وہ ہی چھٹی جب زینب بیکس برادر سے
یہ دن وہ ہی گلا جسدن کٹا سر کا خنجر سے سلامی روز عاشورا نہ کیون اشکون کا منجر سے

اسی خون سے سیاہی جہانمین چرخ اخضر سے

۴ اعزا ہو چکے سر و کے جسد م رن مین قربانی
رضا لیکر جو پہونچا زمین آخر شاہ کا جانی
ہوئی سبط نبی پر رنج و آفت کی فراوانی
بنا رن وادی ایمن کہ آئے احمد ثانی

بسا ہی دشت سارا بوے گیسوے معنبر سے

۵ کیا اللہ نے ایسا سخی فرزند حیدر کو
محبوب دیکھو تو اس انقلاب چرخ اخضر کو
لٹا دیتے تھے راہ حق مین سارا مال کوزر کو
کیا تھا پیاس مین سیراب جس نے حر کے لشکر کو

غضب ہے اسکے بچے بوند پانی کے لیے ترسے

۶ لٹایا واسطے امت کے شہ نے اپنا سارا گھر
وفا کیں آپ نے مخصر کی شرطین پوری گن گن کر
نہ ہون سو جان سے ہم کیونکر فدا اے سبط پیغمبر
لیا تھا بخشش امت کا شہ نے بار جو سر پر

کٹا کر سر رہ حق مین اتارا بوجھ وہ سر سے

۷ گرے گھوڑے سے جب اپنے علمدار شہ والا
شہ بیکس نے کی اک آہ جس سے عرش تھرایا
پے رخصت علی اکبر ہوے فی الفور آمادہ
شبیہ خاص احمد ہو نہ جاؤ مرنے کو بیٹا

کہا زینب نے رو رو کر یہ ہمشکل پیمبر سے

۸ اکیلے رہ گئے سید انہین جسدم سید خوشخو
نہ تھا باقی کوئی جو شاہ دین پر جاکے صدقے ہو
حرم سر پیٹتے تھے خیمہ کے دروازے پر رو رو
کہا قاسم کے چھوٹے بھائی نے ماں سے نہ تم رو کو

چچا پر ہونیکو قربان نہین کم سن مین اصغر سے

۹ کیا پاس پیمبر بھی نہ کچھ گمراہ اعدا نے
پے دنیاے فانی چھوڑی سیدھی راہ اعدا نے

یہانتک دشمنی کی شاہ سے بدخواہ اعدا نے
کیا زخمی حسین ابن علی کو آہ اعدا نے
تبر سے تیر سے تلوار سے نیزہ سے خنجر سے

۱۰ سحر قتل حسین ابن علی کی جب ہوئی پیدا
عبادت کو اُٹھے خالق کے سب شبیر کے شیدا
تہیہ مین تیم کے تھا لشکر شاہ بیکس کا
اذان یہ آخری صبح شہادت کی ہی دو بیٹا
امام دین نے فرمایا یہ ہمشکل پیمبر سے

۱۱ ہوئی جب پیاس سے جھولے مین حالت غیر اصغر کی
پئے اتمام حجت زین پہ آئے شہ عالی
ابھی تقریر سرور پوری ہونے بھی نہ پائی تھی
جو جوڑا حرملہ نے تیر چلّا کر کمان بولی
خطا ہی کیون شقاوت کرتا ہی معصوم اصغر سے

۱۲ غضب ہی ہوگئے اعدائے دین یہ در پئے ایذا
کیا ہفتم سے پانی بند شہ پر آہ و اویلا
مگر روز دہم ہی راوی پر غم نے یون لکھا
قلم ایسا کیا تھا باغبون نے باغ زہرا کا
رہا باقی نہ کوئی ایک بھی سرو دصنوبر سے

۱۳ ذبیح راہ حق جب ہو چکے ہمشکل پیغمبر
شہ مظلوم زین رہ گئے بے یار و بے یاور
چلے مرنے کو تو نزدیک تر فرزند کے آکر
نہین چلتے ہو بیٹا صدقے ہونے اُمت جد پر
کہا رو کر یہ شہ نے جھولے مین معصوم اصغر سے

۱۴ حرم کا قافلہ لوٹا ہوا کوفہ مین جب پہونچا
تماشا دیکھنے والون کا ہر کوچہ مین مجمع تھا
تعجب ہی قیامت ہوگئی اُسدم نہ کیون برپا
برہنہ سر حرم تھے اسطرح بلوہ مین واویلا
چھپائے تھی ہر اک شہزادی مُنہ بانو کی چادر سے

گرا گھوڑے سے جسدم خاک پر فرزند پیغمبر ۱۵ چڑھا سینہ پہ شہ کے گرتے ہی جلاد بد اختر
نہین معلوم دل سفاک کا آہن تھا یا پتھر علی و فاطمہ روتے رہے بالین سرور پر
گلا کاٹا کیا شمر لعین بے آب خنجر سے

رضا جب بھانجون نے رن کی پائی شاہ والا سے ۱۶ قدم کو چوم کر رخصت ہوئے وہ بہت زہرا سے
ہوے مصروف جنگ آتے ہی وہ دو روز کے پیاسے اُدھر عون و محمد لڑ رہے تھے فوج اعدا سے
اِدھر زینب بحسرت دیکھتی تھی خیمہ کے در سے

فدا جب ہو چکے زینب کے بیٹے سر کو کٹوا کر ۱۷ کمر کو باندھکر ماں پاس آیا دبیر شبّر
سمجھکر قصد کو فرزند کے گو دل ہوا مضطر کہا ماں نے مین راضی ہون سدھارو صدقے ہو شہ پر
ہوے رخصت طلب جب قاسم اپنی مادر سے

بوقت شام عاشورا جو آئی صحن مین صغرا ۱۸ اُسے کوٹھے پہ خونین تر کبوتر اک نظر آیا
بچشم غور اُسکو دیکھکر اُسوقت وا ویلا کہا صغرا نے ہائے بابا اِس سے ہی پیدا
ٹپکتا ہی جو تازہ خون یہ بال کبوتر سے

محرم مین ہو عشرت کس طرح سے مومنو سوچو ۱۹ گرفتار بلا تھا اندنون مین سید خوشخو
یہ ہی شرط محبت آل احمد سے جو رکھتے ہو محبو رو و پیٹو خاک اُڑاؤ کھولدو سر کو
یہ ہی عاشور کا دن جو نہین کم روز محشر سے

بنایا اہلبیت مصطفے کو آہ جب قیدی ۲۰ مہار ساربانی عابد بیمار کو سونپی
اُٹھانیکو قدم جلدی سے جب کی شمر نے سختی کہا عابد نے کیسے چل سکون مین ظالمو جلدی

مرے تلوے نیمن کانٹے ہر قدم چبھتے ہین نشتر سے

عطا حق نے کیے تھے شاہِ دین کو مرتبے ایسے ۲۱ کہ جنکا حصر ہو سکتا نہین جن و ملائک سے
نہ تھے محتاج تھے مختار جو وہ چاہتے کرتے بھلا تو لاکھ کیا تھے سر قلم ہوتے کروڑون کے

اگر معذور تھے حضرت فقط تحریر محضر سے

شمارِ حُر غازی تھا نہم تک فوج اکفر مین ۲۲ یقینی جانتے تھے سب اسے فوج ستمگر مین
لکھا لایا تھا جو باغ جنان اپنے مقدر مین یکایک ملگیا حُر جبکہ جاکر شہ کے لشکر مین

یزیدی رہ گئے سکتے مین سب حیران و شدر سے

جگر پکڑے کھڑے تھے شاہ خوش انجام خیمہ مین ۲۳ تڑپتی خاک پر تھی زینب ناکام خیمہ مین
یقینی حشر کا تھا اُس گھڑی ہنگام خیمہ مین چلے مرنیکو جب اکبر یہ تھا کہرام خیمہ مین

نکلتا ہے جنازہ نوجوان کا جسطرح گھر سے

رفیق و اقربا جب کٹ گئے شبیر کے سارے ۲۴ نہ بھائی نہ بھتیجا تھا نہ کوئی گود کے پالے
ہوئے خود سامنے آکر کھڑے جب فوج اعدا کے کماندارونکو چلاتا تھا ابن سعد گوشے سے

مشبک سینۂ سرور ہوئین تیرون کی بوچھر سے

فدا شہ پر ہوئے جب حضرت عباس دریادل ۲۵ فقط سرور تھے باقی گھر مین یا ہمشکل پیغمبر
بصد منت شہ مظلوم سے رن کی رضا لیکر سدھارے رن کو جب اکبر ہوئی بیچین یان مادر

لگی کہنے یہ رو رو کر بحسرت شہ کی خواہر سے

غضب کا وقت ہے مان بہنونکی اسوقت جانون پر ۲۶ اثر کرتی ہے چشم بد سدا ابرو کمانون پر

بین سنتی آتی ہون اکثر ہی یہ سب کی زبانون پر | برس تمھارا حوان ہوتا ہی تمھاری نوجوانون پر
بہن زینب مجھے ڈر ہی شبابِ حسن اکبر سے

خیال ماتم شہ رہتا ہی مداح جس سر مین | ۲۷ | بلاشک ہی شمار اُسکا عزاداران سرور مین
پسند آیا ہمین یہ اک مقولہ نعم کے دفتر مین | مدد سے خامس آل عبا کی فرد محشر مین
قلمزد ہونگے بد اعمال تیرے سارے دفتر سے

تضمین بر شعر جناب مرزا اسد اللہ خان غالب مرحوم دہلوی

اے والیان الفت اولادِ مصطفےٰ | ۱ | وے عاشقان لخت دل اشرف النسا
شاہ شہید خاصۂ حق فدیۂ خدا | مزد شفاعت و صلۂ صبر و خون بہا
ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن

پہونچا وطن مین اہل حرم کا جو قافلہ | ۲ | زینب نے رو کے اہل وطن سے یہی کہا
ابن علی غریب و حزین کشتۂ جفا | مزد شفاعت و صلۂ صبر و خون بہا
ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن

یان تک تھے محو بخشش امت شہ ہدا | ۳ | خنجر کے نیچے ہر گھڑی امت کی تھی دعا
اِس پر بھی کیا غیور تھے شہ رو خا فدا | مزد شفاعت و صلۂ صبر و خون بہا
ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن

قربان جود و بخشش سلطان کربلا | ۴ | ہم عاصیون کے واسطے سب گھر لٹا دیا
اِس بخشش و عطا پہ یہ تھا شہ کا حوصلا | فرد شفاعت و صلۂ صبر و خون بہا

ہیچ از کسی نخواستہ الا گریستن

سو چو نوای مجبو ہی سر پیٹنے کی جا ۵ ماتم ہین اُسکے ہم نہ کرین نالہ و بکا
سر دیکے جس نے نذر بدرگاہ کبریا فرد شفاعت وصلۂ صبر و خون بہا

ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن

ثابت ہی یہ کہ اشک عزاے شہ ہدا ۶ مرہم ہی زخمہاے حسین غریب کا
اِسواسطے امام دو عالم نے بر بلا فرد شفاعت وصلۂ صبر و خون بہا

ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن

اچھا ہوا جو آنکھون سے خون جگر بہا ۷ مداح حق شاہ شہیدان کیا ادا
کس واسطے کہ سید بیکس نے مطلقا فرد شفاعت وصلۂ صبر و خون بہا

ہیچ از کسے نخواستہ الا گریستن

تضمین بر رباعی جناب خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمہ

رونق دہ مہر و نجم و ماہ است حسین ۱ در پیش خدا صاحب جاہ است حسین
ہادی زمان و قبلہ گاہ است حسین شاہ است حسین و بادشاہ است حسین

دین ست حسین و دین پناہ است حسین

چون حاکم شام گشت منحوس و پلید ۲ بیعت ز امام ہر دو عالم طلبید
شہ دید ازین بدین حق نقص شدید سر داد و نداد دست در دست یزید

با سر کہ بناے لا الٰہ است حسین

کہا شہ نے اسی فرقہ اشقیا ۲ مین ہون کون سمجھو تو مجکو ذرا
مراجد ہی بیشک حبیب خدا اک ادنی سی جس شہ کی ہی یہ ثنا

شفیع مطاع نبی کریم
قسیم جسیم نسیم وسیم

قطعات تاریخ از مصنف

یہ اک حقیر ترین بندون مین جو ہی مداح ازل کے دن سے وہ ہی عاشق شہ کونین
سلام خمسونمین اُسنے برائے کسب ثواب مصیبت شہ بیکس لکھی بہ شیون وشین
تھی فکر سال کی اُسکو کہا یہ ہاتف نے صحیح سال ہی۔ ہدیہ برائے نذر حسین ۱۳۱۵

ایضاً

نظم کردم چون بامید نجات آخرت از کتب ہای صحیحہ کربلا را واقعات
گفت ہاتف سال اتمامش زمن بیرو بخت ماند از مداح نیکو باقیات الصالحات ۱۳۱۰

ایضاً

جو ای مداح مدح شاہ عالیجاہ کہتے ہین اُنھین تحسین بیشک سب گداو شاہ کہتے ہین
لکھی تونے بھی ہی جو نظم ذکر سبط احمد مین علی تو صاد کرتے ہین پیمبر واہ کہتے ہین
لکھون تاریخ مین اتمام کے اِس نظم پر غم پر اعزا سب مصر ہین سب ترقی خواہ کہتے ہین
تقاضہ سُنکے سب کا عرض کی مین نے یہ ہاتف سے مجھے اس امر مین کیا آپ حق آگاہ کہتے ہین

زروے وجد مجھ سے ہاتف غیبی نے فرمایا	رہی تاریخ - خود آقا جزاک اللہ کہتے ہین
	۱۳۰۹ = ۶ + ۱۳۰۳
ایضاً	
مداح نوشتم چو سلام و خمسہ	در ذکر مصائب امام الثقلین
از روے قبول گفت سالش ہاتف	کاین مذکر حسین ست زاولاد حسین
	۱۸۹۷ء = ۱۷۹۷ء + ۱۰۰
ایضاً	
مداح خوش نوشتہ کتابے بزیب و زین	در ذکر سروری کہ بود مالک نجات
و اللہ از طفیل شہنشاہ کربلا	نامش بہ ہر ماند زاو بعد از ممات
جستم چو سال ختم بمن گفت ہاتفے	بے روے وہم سال بگو شربت حیات
	۱۳۰۶

تقریظ و تاریخ چکیدۂ قلم اعجاز رقم قدوۃ الفصحاء و زبدۃ البلغاء فضیلت و کمالات دستگاہ جناب مولوی سید ضامن علی صاحب رضوی المشہدی الپہرسری مدرس عربی و فارسی مہاراجہ اسکول ریاست بھرت پور

تعالی اللہ جل شانہ کہ نشان مقام علو شان کلام را بالاتر از علیا رمار اعلے برافراشتہ - و سمو مکان آن عالیشان را اعلی تر از عالم بالا گماشتہ - لامکان ادنی پایۂ کرسی رفعتش - و عرش اعظم کمترین زیر اندازِ عظمتش غرض از تجلی طور کہ در ازل تار و پود تافتۂ ظہور ہست و بود از ہمان نور بود جلوہ افروزی شاہد زیباے کلام ملک علام و تجمل حسناء گفت و شنود

رب ارنی دود بود۔ که در جلیه تجلی و حله نور رخ نمود نه رویت و رائت بصر مصرحه
استند عامد نظر که شهادت جواب لن ترانی بسوال رب ارنی شاهد عادل
وگواه صادق این مدعاست ابیات

خواست موسی به سوال ارنی کلمنی	لن ترانی بجواب ارنی دید و شنید
ارنی گفت باصرار جماهیر امم	صاعقه دید و بیفتاد و ز سر هوش پرید
خر موسی صعقاً هوش ربائے خرد ست	که چرا خواست روا و نتوانستش دید
فلهذا غرض محض کلام حق بود	که همان گوهر دُر در صدف گوش رسید

فرض عصمت پیمبران ست که طلب محال و انچه سزاوار جلالت شان ذوالجلال نباشد سوال ننمایند۔ و بپاے خود در مقام خجلت نپایند۔ سنجعل ضمیر خورشید نظیر دانایان حقیقت تخمیر تصویر پذیر این معنی خواهد بود که مقصود اصلی و تمناے دلی نبی معصوم مکالمت ربانی و استماع کلام ربانی بود۔ چنانکه در جواب ماهذا بشوق تمام بس طول کلام فرمود۔ کلام از صفات نبوتیه حق تعالی ست و به نتیجه صفات نه عین ذات از همگین مجردات افضل و اعلی ابیات

غیبت ذات حق تعالے	از جمله شانهاست بالا
جائیست که جاے دم زدن نیست	راهے که ره قدم زدن نیست
آن جا نه رسائی رسائی	نے جوهر عقل را روائی
این طور ورائے طور عقل ست	افزون ز حساب عقل و نقل ست

دلکترین مشک افشانی این ریحان جنان که قیلاً سلاماً سلاماً شگفته ترین
انوارش و اعبق ترین ازهارست قول اسلامیان ست بس روح پرور
و دل آرا اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ لَحِکْمَةً وَاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا ابیات
تحقیق شعر بعض حکمت ہے اور بیان بعض جادو ہے۔

صبحی پی تصدیق چنین دعوی صادق — بگشود ز ابواب سموات سرادق
صبحی که ز رشکش دل خورشید برآتش — بردست سوال ید بیضا ز برآتش
از روشنیش روی جهان جلوه گه طور — بر شاهق طورست ازان نور علی نور
زان لیلی شب هشت به پیرایه شب آسا — سُبْحَانَ قَدِیْرٍ جَعَلَ اللَّیْلَ لِبَاسًا
پاک ست ذی مقدورے که کرد شب را پوشش
از لمعه او روز کواکب شب تیره — از شعشعه او دیده انجم همه خیره
آن نور که هر صبح همی جست و نمی دید — در گردش خود شعله جوالهٔ خورشید
تا بانی تاب دل دل سوختگان کرد — زاب حسدش آتش آتشکده ها سرد
تا بید یکایک بدلم نور تباشیر — فرمود به بیماری دل کار طباشیر

سبحان الله زهی صباح عالم آرا که بنجوائے وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ سوگند
قسم صبح ہر گاہ کہ دم زند
نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ را مقسم به - و به تباشیر انوارش بر زبان
خدا تعالی کہ نور آسمان و زمین ست
سحر خیزان اطیار و صبح نفسان ذوی اذکار شور زهازه ابیات

علی الصباح که چشم خورا شک انجم ریخت — سیاه زنگ بخوف قشون روم گریخت
صباح نور که خورسوخت زاتش رشکش — غریق لجه شرم ست چشمش از اشکش
دل ست جلوه گه طور از تباشیرش — شفاء سوزش و سودائے قلب تاثیرش

خجل ز تاب رخش تاب آفتاب کند — صفاش آبروے آب آب کند

تنفسش ببرد آب و تاب آئنہ را — فروغ خیرہ کنہ دیدۂ معائنہ را

درین صباح سروشی بگوش ہوشم گفت — عجب لآلی متلالی نصیحت سفت

کہ غفلت از چو تو بیدار مغز و اعجباہ — ز ہوشیار چنین بیہوشی معاذ اللہ

بوجد آمدۂ ناز خویش بینی — بخواب رفتۂ خیز از تیقظ سحری

چرا ز معجزۂ بینی نباری یاد — کہ عقل کل پئی تصدیق آن گواہی داد

جناب خان بہادر مشیر قیصر ہند — کلید قفل در بند و بست کشور ہند

نوشت مرثیہاے حسین از غم و درد — کباب کرد جگرہا بہ آتش دم سرد

چنین کلام کہ آتش زند بقلب و جگر — فتد کلیم ز ہش زین کلام برق اثر

بہ قصہ باے غم اندوز و غصۂ خونریز — بنظم صبر گداز و کلام درد انگیز

جگر شگافت بالماس ریزہ ہاے بیان — کہ از غم حسن انداخت لخت لخت بر آن

رَثَی الْحُسَیْنَ وَقَتْلَ الطُّفُوْفَ مُکْتَئِبًا — وَدَمْعُ عَیْنِہٖ لَایَرْقَانُ مُنْسَکِبًا

وہ رویا امام حسین شہید کربلا کو بادل درد مند و اندوہگین — درحالیکہ اسکی آنکھ کے آنسو نہیں تھمتے تھے اور ریزاں تھے

رَثَی الْحُسَیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَرْثِیَۃً — اِذَا اَنْذَکَرَ عَزَّی الرَّسُوْلَ تَعْزِیَۃً

وہ رویا امام حسین علیہ السلام پر زار زار — جب کہ یاد کرتا تھا تعزیہ کرتا تھا رسول کی بہت بہت

ھُوَ الْحُسَیْنُ وَثَابِتٌ عَلِیٌّ لَہٗ اَصْلٌ — اِلَی الْاِمَامِ حُسَیْنِ الشَّھِیْدِ مُتَّصِلُ

اُنکا نام حسین ابن ثابت علی ہے — اُنکی نسل کا سلسلہ حضرت امام حسین شہید تک ملتا ہے

ھُوَ الْوَلِیْدُ لِثَابِتٍ عَلِیٍّ قَتِیْلُ الْحَیْفِ — ھُوَ السَّلِیْلُ لِسِبْطِ النَّبِیِّ ذَبِیْحِ السَّیْفِ

وہ بیٹے ہیں ثابت علی مظلوم رحم کے جو ظلم یا غیان سے شہید ہوے — وہ پوتے ہیں اُس نواسہ رسول کے جو تلوار سے شہید ہوے ہیں

اِذَا بَکَیْتُ عَلٰی سِبْطِ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ — یَسْتَحْیِیْ عَیْبُ الْبَحْرِ مِنْ دُمُوْعِ الْعَیْنِ

جب میں روتا ہوں سبط دارد و جہان کے نواسہ پر — تو شرمندہ ہو جاتے ہیں جو شہاے دریا آنکھ کے اشکوں سے

اَسِیْ مَصَائِبَ قَتْلَی الطُّفُوْفِ تَکْمُدُنِیْ — رَثَیْتُھُمْ وَیُنَاحُ الطَّیْرُ تُسْعِدُنِیْ

تشنہ کربلا کی مصیبتوں کا غم میرا دل دکھاتے دیتا ہے — میں انکو روتا ہوں اور پرندوں کی نوحے میری اعانت کرتے ہیں

نثرت من صدف العین لولوءً رطبا
من نے صدف چشم سے گوہر آبدار بکھیرے

قطعت وجهی من ظلم دهرفا قطعا
اور زمانہ کے ظلم سے میں نے اپنا منہ چین برجبین کر لیا

هربت نحو فلاة توحشا یوما
میں کسی روز اس وحشت سے جنگل کو بھاگ گیا تھا

الی الحدیقة یوما و رمنه دوما
اور کسی روز باغ کا قصد کرتا تھا

اذا سمعت حماما یرنم الاشعار
وہاں جا کر سنا میں نے ایک کبوتر کو کہ شعار درد ناک گا رہا تھا

فکان من نغمات یسکن الانهار
اور اپنے نغموں کی تاثیر سے آب جاری کو راکد کر رہا تھا

شدی لمرائی غما ینوح بالانشاد
اور مرثیہ پڑھ رہا تھا الوحوں کے ساتھ اور اشعار گا رہا تھا

غناؤه بنیاح یشقق الاکباد
اُسکے راگ رنگ نوحے جگر کے ٹکڑے کر رہے تھے

واذ سمعت ببلبال یلیل عرد
ناگاہ سنا میں نے ایک نوحہ گر بلبل کے درد ناک نالوں کو

اجبته و تلظی بناره کبدی
تب میں نے اُسکو جواب دیا درحالیکہ اسکی سوزش ہلاکت سے میرا جگر کباب ہوتا تھا

بیان بلبل اگر با منت سر یاری ست
کہ تا دو زار و نزاریم دکر ما زاری ست

بود کہ نالہ دل شکل بستہ برخیزد
کہ ہم نعال تو گردیدہ اشک خون ریزد

یکون ثالثنا عمنا و مولانا
ابو الفضائل فاق الانام ایمانا
اے بلبل تیرے اور میرے ہمارے چچا جان اور آقا ہونگے
جو ابو الفضائل ہیں اور دین و ایمان میں تمام مخلوقات پر فائق ہیں

زابر قطرہ بدریا دُر خوش آب شود
کہ تا بصبح بنا گوشش آفتاب شود

برنگ لعل دل کان شود بامیدے
کہ تا شود بکف اور سیدہ خورشیدے

کنیز دولت و اقبال نام نیک غلام
بنحد تمش شرف اندوز بار یاب سلام

معجز بیانے کہ تحدی کلام جان بخشش اناجیل انفاس عیسیٰ منسوخ و منکران اعجاز بیانش بہ بے بہرگی از عقل ہیولانی و انسانی معدود در زمرۂ مسوخ۔ مسیحائے کہ کلامش آیتے از آیات الٰہی۔ و اوصاف رفعت مقامش بزبان عرشیان کماہی۔ حلاوت بیان عذوبت البیانیش لبہائے مدحت سرایان از غایت عذوبت پیوستہ لبستہ۔ دریاجین مضامین رنگینش در دست تفرجیان طبع بہارنیش دستہ دستہ۔ عالی دماغیکہ اگر سامری جزو مشتے

از خاک زیر سم سمند فلک تا زخیالش بدہن گوسالہ صور خیالیہ مضامین عالیہ اندازد
بہ آہنگ ثنایش صد ساز آواز عجلاً جسداً لہ خوار نہ نواز د۔ بیت

ملائک را بہ تحسین کلامش بزبان دہ دہ	رسند افلاکیان بربام قصر مغنیش گہ گہ

بارنگینی تقریر صبغۃ اللہ تفسیرش آل لالہ را داغ بر جگر۔ و با بیاض بین السطور
تحریرش زہرۂ یاسمین عین سفیدی در بصر۔ بزم مشاعرہ اش را از ہفت
لاے چشم اولی الابصار زرابی منبوشہ۔ و بہ شوق سماع پاکیزہ کلامش
ارواح طیبۂ پاکان از بستر تحت الارض عدم مبعوثہ۔ عندلیب مریر قلمش
باطوطی سدرہ نشین ہمصفیر۔ و تحریر دلپذیرش با وحی جبرئیل امین ہم تقریر۔
سواد مدادش سرمۂ چشم حور العین۔ و مداد سوادش (سیاہی ۱۲) کحل الجواہر دیدۂ خوبان
(مسودہ ۱۲) ہیہات ہیہات ذرہ خاکسار متلاشی تاب و توانی از کجا آرد کہ خود را در زمرۂ
وصافان آفتاب عالم تاب شمارد۔ الحق زمین را بعرش برین چہ مناسبت
و کہین را با مہین چہ مساہمت مثنوی

کلامم سر چو بر قرطاس دادہ	قلم انگشت بر حرفم نہادہ
کہ ای بیتاب این تاب از کجایت	صفاتش برتر ست از فہم و رایت
برائے روشنش خورشید نامے	گریزان ست از نزدش غلامی
تو خاکی اوست از پاکان افلاک	چہ نسبت خاک را با عالم پاک
کہ ذرہ آفتابے کی نماید	وجودے را عدم لاشے نماید

به بتیابی زدم قط بر زبانش | زدم مهر خموشی بر دهانش
که اے نی اے تهی مغز و سیه روز | بر و از رشتهٔ ریشه دهن دوز
نه بینی ذره هم از جام خورشید | مئی نوشیده تا بید و در خشید
از آن می مست و مدهوش اوفتاده | لب از سرّ انا الشمس او کشاده

هر چند اظهار کمالات ذات آن مجمع الصفات از مقولهٔ مشکلات بل محالات است لیکن چنان که هوس زالی گمنام بشر ار یوسف علیه السلام مستبعد نیست مقصر از حصول سعادت تحریر تقریظ مغفور مستبعد نیست رباعی

احصاے فضائلش به تقریظ کتاب | بیرون ز کتابت ست و افزون ز حساب
از طاقت امکان بیقین ممکن نیست | گنجاندن دریا به تنک ظرف جباب

مجموعهٔ مرثیه اش شور ماتم در عالم بالا انداخته و منظومه مبکیه اش اعلام آه و الم تا مجمع معلاے ملا اعلی افراخته غلغله در صوامع ملکوت و زلزله در ارض ناسوت افگند و نخل اصطبار زمینیان و افلاکیان از بن برکند بنا نمونهٔ شور محشر و غوغاء قیامت اثر از نیاحش متصور مثنوی

همین کتاب همین و قبالهٔ جنت | بکف گرفته به جنت روند بے منت
که رهنماے بهشت و دلیل آخرت ست | چه خوب نام که زاد سبیل آخرت ست
بنام دیگر تاریخیش چو فال زده | نوشت خامهٔ ضامن علی فروغکده

۱۳۱۵

تقریظ نتیجهٔ افکار و ابکار جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول جناب

مستطاب مولانا مولوی سید اولاد حسن صاحب تقوی امروہوی المتخلص بہ سلیم مدظلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ خالق الارض والسمار والصلوۃ علے رسولہ محمد وآلہ النجبار الاتقیار

اما بعد میگوید احقر الزمن السید اولاد حسن بن المولوی السید محمد حسن

الامروہوی صانہما اللہ القوی عن شر کل غبی وغوی کہ درین اوان سعادت

اقتران برکت توامان مجموعۂ سلام در باعیات ومخمسات کہ اتصاف

او بخزینۂ مثوبات وگنجینۂ حسنات بر بالاے او خلعتی ست زیبا وتسمیہ اش

بقبالۂ جنۃ النعیم ودستاویز خوشنودی خداوند کریم برقامت با استقامت

او زیورے ست الیق واحری چکیدۂ خامۂ عنبر شمامۂ ینبوع الفضل والافضال

سحاب الخشمۃ والاجلال البحر الزاخر الغیث الماطر شیعۃ آل العبار محب الائمۃ

النجبار موالی الاوصیار الامناء اولہ علی حضرۃ سید الشہداء سلالۃ السادۃ

العظام نقاوۃ المومنین الکرام ذو الفکر النقاد والذہن الوقاد اوحد الکونین

السید اولاد حسین خان بہادر لازال ظلال جلالہم در افتہم علی رؤس المومنین

بالنبی وآلہ الغر المیامین بنظر احقر در رسید حقیقت کہ در رعایت فصاحت وبلاغت

کارے کردہ اند کہ اگر حسان درین زمان زندہ می بود بر حسن اسالیب خوبی

بندش وتراکیب زبان تحسین وآفرین میکشاد واگر سحبان درین اوان

بسحائب حیات فائزمی بود بر بطافت سخن وطراوت بیان وآراستگی نظام
وشستگی کلام داو مدح وثنا میداد چه عمل برضوابط فن معانی وبیان در هر
زبان بهر زمان که باشد تفاوتے ندارد ونفاذ اصول وقواعد عروض و
اجراے احکام شعروشاعری در هر لهجه از هر لهجۂ که ظاهر شود امتیازی نیارد
وفی الاصول المنفرزة والالسنة المتفاوتة فرق اظهر لایحتاج الی الفکر والنظر
وبعضے از اشعار آبدار که در سلامهاے آن بزرگوار ست درین محل بطور
مشتی نمونه از خروار وقطرۂ از دریاے زخار براے منصفان باخبر وقدرشناسان
هنر داهل هنر دامی نمایم وآن این ست ؎

طالب رخصت ہوے اکبر تو بولی رو کے ماں	تمکو کیا معلوم ہی ارمان جو میرے دل مین ہی
ماریہ مین رک گیا گھوڑا تو یون شہ نے کہا	تا قیامت اب مقام اپنا اسی منزل مین ہی
